علم نحو کے بنیادی قواعد پر مشتمل آسان ابتدائی کتاب

خُلاصَۃُ النَّحو

حصہ اول، دوم

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

Madina Academy Pakistan

Learn Islam Teachings by

Umar Shahzad Madani

Download Darse Nizami Books from

Website

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

MadinaAcademy.Pk

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

علم نحو کے بنیادی قواعد پر مشتمل آسان ابتدائی کتاب

خُلاصَۃُ النَّحو

(حصہ اوّل و دوم)

پیش کش

مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیۃ (دعوتِ اسلامی)

(شعبۂ درسی کتب)

ناشر

مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

www.dawateislami.net

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

نام کتاب : **خلاصة النحو** (حصہ اوّل ودوم)

مؤلف : ابن داود عبد الواحد حنفی عطاری سلّمہ الباری

پیش کش : مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیۃ (شعبہ درسی کتب)

کل صفحات : 214

پہلی بار : شوال المکرّم ۱۴۳۷ھ، جولائی 2016ء تعداد:6000(چھ ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مَدینہ محلّہ سوداگران
پرانی سبزی منڈی باب المدینہ کراچی

مکتبۃُ المدینہ کی شاخیں

- **کراچی** : شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی فون: 021-32203311
- **لاہور** : داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ فون: 042-37311679
- **سردار آباد** : (فیصل آباد) امین پور بازار فون: 041-2632625
- **کشمیر** : چوک شہیداں، میر پور فون: 058274-37212
- **حیدر آباد** : فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن فون: 022-2620122
- **ملتان** : نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ فون: 061-4511192
- **اوکاڑہ** : کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد، نزد تحصیل کونسل ہال فون: 044-2550767
- **راولپنڈی** : فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ فون: 051-5553765
- **خان پور** : دُرانی چوک، نہر کنارہ فون: 068-5571686
- **نواب شاہ** : چکرا بازار، نزد MCB فون: 0244-4362145
- **سکھر** : فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ فون: 071-5619195
- **گوجرانوالہ** : فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ فون: 055-4225653
- **پشاور** : فیضانِ مدینہ، گلبرگ نمبر1، النور اسٹریٹ، صدر

E.mail: ilmia@dawateislami.net

www.dawateislami.net

مدنی التجاء: کسی اور کو یہ کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

www.dawateislami.net

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فہرست (حصّہ اوّل)

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
پیش لفظ	3	اَسمائے ظُروف کا بیان	49
اِصطلاحات	4	منصرف اور غیر منصرف کا بیان	52
مُقدِّمہ (ابتدائی باتیں)	5	اسمِ مُعرَب اور اُس کا اِعراب	54
لفظ اور اُس کی اَقسام	7	نواصِب وجوازِمِ مضارع کا بیان	58
اِسْم، فِعْل، حَرْف اور اُن کی علامات کا بیان	9	فعلِ مضارع کا اِعراب	60
		حُروفِ مُشَبَّہہ بِالفعل کا بیان	62
معرِفہ اور نکرہ کا بیان	11	اِنَّ اور أَنَّ پڑھنے کے مقامات	64
مذکر اور مؤنث کا بیان	13	لائے نفیِ جنس کا بیان	66
واحِد تثنیہ اور جمع کا بیان	15	اَفعالِ ناقِصہ کا بیان	68
مرکبِ اضافی کا بیان	18	مَا اور لَا مُشابِہ بِلَیسَ کا بیان	71
مُرکَّبِ توصیفی کا بیان	20	مفعول مطلق کا بیان	73
جملۂ فعلیہ کا بیان	23	مفعول بہ کا بیان	75
جملہ اسمیہ کا بیان	25	مفعول فیہ کا بیان	77
جملہ خبریہ اور جملہ اِنشائیہ کا بیان	28	مفعول لہ اور مفعول معہ کا بیان	79
حُروفِ جارّہ کا بیان	30	حال کا بیان	81
مُعرَب اور مَبنی وغیرہ کا بیان	32	تمییز کا بیان	83
مُعرَب اور مَبنی کی اَقسام	35	مستثنیٰ کا بیان	85
ضمائر کا بیان	37	فعل کی اَقسام اور اُس کا عمل	88
اَسمائے اِشارہ کا بیان	40	مرفوعات، منصوبات، مجرورات	90
اَسمائے موصولہ کا بیان	43	الحواشي المتعلقة بالجزء الأوّل من "خلاصة النحو"	91
اَسمائے اِستفہام کا بیان	45		
اَسمائے شرط کا بیان	47	✳ ✳ ✳ ✳ ✳	✳ ✳

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فہرست (حصّہ دوم)

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
صفت کابَیان	97	اَنْ مقدّرہ کا بیان	149
تاکید کا بیان	99	شرط وجَزا کابَیان	152
معطوف اورعطفِ بیان	102	حروفِ نِداء اورمُنادیٰ کا بیان	155
بدل کابَیان	104	ترخیم، اِستِغاثہ کا بیان	157
اسمائے عدد کا بیان	106	قسم اورجوابِ قسم کا بیان	159
اسمائے کنایہ کا بیان	108	تنازُعِ فِعلَین	161
اسمائے افعال کا بیان	110	مبتدا کی قسم ثانی کا بیان	164
مصدر کا بیان	112	مبتداوخبراورفاعل ومفعول کی تقدیم وتاخیر	166
اسم فاعل کا بیان	114		
اسمِ مفعول کا بیان	117	اِغراء اورتحذیر کا بیان	169
صفتِ مُشبَّہہ کا بیان	120	نسبت کا بیان	171
اسمِ تفضیل کا بیان	122	تصغیر کا بیان	173
اِضافت کا بیان	125	صلات کا بیان	175
اَفعالِ قُلوب کا بیان	128	جملوں کا اعراب	177
اَفعالِ مَدْح وذَمّ کا بیان	131	قواعدِ ترکیب	180
اَفعالِ مُقارَبہ کا بیان	133	الحواشي المتعلقة بالجزء الثاني من "خلاصة النحو"	184
اَفعالِ تعجب کا بیان	136		
حُروف کا بیان	138	"کچھ" کتاب کے بارے میں	197
الف لام (اَلْ) کا بیان	141	طریقہ تدریس (ہدایات واہداف)	206
تنوین کا بیان	144	**مصادر ومراجع**	212
اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ اورلٰکِنَّ کی تخفیف	147	* * * * *	* *

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْد!

حق عَزَّوَجَلَّ نے انسان کوزبان اورزبان کوطاقتِ بیان دی جس کے ذریعہ وہ مافی الضمیر کا اظہار کرسکتا ہے اور یہ خالق کریم کی انسان پر وہ نعمت عظمی ہے جس کے سبب وہ حیوان سے ممتاز ہےاورنعمت تعلیم بیان کی عظمت کے لیےیہی کافی ہے کہ خلاق عالم نے اس کا ذکر صراحۃ فرمایاہے: ﴿خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ﴾ (پ۲۷،الرحمٰن:۳،۴)

دیگرفنون کی طرح عربیت کے بھی دوشعبے ہیں:علم اورعمل،علم اِس کا واجباتِ کفایہ سے ہےاِذْ بِهِ الْقُدْرَةُ عَلٰی فَهْمِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ،ائمہ مستنبطین اوردُعاۃ الی طریق الدین کو اس سے بلکہ اس میں مہارت تامہ سے چارہ نہیں فَاِنَّ اَمْرَ التَّكَلُّمِ فِي النُّصُوصِ لا يَتِمُّ اِلَّا بِهٰذَا الْخُصُوصِ۔" (الزمزمة القمريه بتصرف، ص:۷)

فن عربیت میں علم نحو کی اہمیت اہل علم سے مخفی نہیں،امیرالمؤمنین حضرت سیدنا عمرفاروق رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فرماتے ہیں: تَعَلَّمُوا النَّحْوَ كَمَا تَعَلَّمُوْنَ السُّنَنَ وَالْفَرَائِضَ (۱)

اورامام شافعی فرماتے ہیں: مَنْ تَبَحَّرَ فِي النَّحْوِ اِهْتَدٰى اِلٰى كُلِّ الْعُلُوْمِ (۲)۔

علم نحو کی اسی اہمیت کے پیش نظر دعوتِ اسلامی کی مجلس المدینۃ العلمیہ کے شعبہ درسی کتب نے مجلس جامعات المدینہ کی خواہش پر درجہ اولیٰ کے ابتدائی طلبہ کے لیےعلم نحو کی ایک مختصراورجامع کتاب بنام''خلاصۃ النحو''تالیف کی ہے۔

کتاب ہذاکے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیےعنوان''کچھ کتاب کے بارے میں'' صفحہ197 پرملاحظہ فرمائیے۔

(۱)......غرر الخصائص الواضحة، ص: ۲۲۱، دار الكتب العلمية، بيروت

(۲)......شذرات الذهب، ۱۶/۲، دار الكتب العلمية، بيروت

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اِصطلاحات

1. ایک زبر ایک زیر اور ایک پیش کو حرکت اور تینوں کو حرکاتِ ثلاثہ کہتے ہیں اور جس حرف پر کوئی حرکت ہو اُسے متحرک کہتے ہیں۔

2. دو زبر دو زیر اور دو پیش کو تنوین اور جس پر تنوین ہو اُسے مُنوَّن کہتے ہیں۔

3. ایک یا دو زبر کو فتحہ ایک یا دو زیر کو کسرہ اور ایک یا دو پیش کو ضمہ کہتے ہیں، جس حرف پر فتحہ ہو اُسے مفتوح، جس پر کسرہ ہو اُسے مکسور اور جس پر ضمہ ہو اُسے مضموم کہتے ہیں.

4. الف سے یاء تک تمام حروف کو حُروفِ تہجی اور حُروفِ ہجاء کہتے ہیں۔

5. ا، و اور ی کو حروفِ علت اور باقی حروف کو حروفِ صحیح کہتے ہیں۔

6. اِس علامت (ـْ) کو سُکون اور جس حرف پر سکون ہو اُسے ساکن کہتے ہیں۔

7. جس الف پر کوئی حرکت یا سکون آجائے اُسے ہمزہ کہتے ہیں۔

8. جو ہمزہ زائدہ وصل کی صورت میں گر جائے اُسے ہمزہ وصلیہ اور جو نہ گرے اُسے ہمزہ قطعیہ کہتے ہیں اور جو ہمزہ زائد نہ ہو اُسے ہمزہ اَصلیہ کہتے ہیں۔

9. الف لام (اَلْ) کو حرفِ تعریف اور تنوین کو حرفِ تنکیر کہتے ہیں۔

10. چودہ حروف (حق کا خوف عجب غم ہے) کو حروفِ قمریہ اور حروفِ قمریہ کے علاوہ باقی حروف ہجاء کو حروفِ شمسیہ کہتے ہیں۔

11. جب ایسے لفظ پر اَلْ داخل ہو جس کا پہلا حرف شمسی ہو تو اَلْ کے لام کو حرفِ شمسی میں مدغم کر کے پڑھیں گے یعنی لام کا تلفظ نہیں کریں گے: اَلشَّمْسُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

مُقدِّمہ (ابتدائی باتیں)

علمِ نَحو کی تعریف:

ایسے قَواعد کا عِلْم جن کے ذریعے اِسْم، فِعل اورحَرْف کے آخر کے اَحوال اور اُن کو آپس میں ملانے کا طریقہ معلوم ہو۔

علمِ نَحو کا موضوع:

علمِ نَحو کا موضوع کَلِمہ اور کَلام ہے۔

علمِ نَحو کی غرض:

قرآن وسنت کا فہم اورعَرَبی زَبان میں لفظی غَلَطی سے بچنا۔

تَسمیَہ اور وجہِ تَسْمیَہ:

1. نَحو کا ایک معنیٰ طریقہ اور مِثْل ہے، چونکہ اِس علم کو جاننے والا عرب کے طریقے پر اور اُن ہی کی مثل کلام کرتا ہے اس لیے اِسے علم النحو کہتے ہیں۔

2. اِس علم میں کلمہ کے اِعراب سے بحث کی جاتی ہے اس لیے اِسے علم الاعراب بھی کہتے ہیں۔

مرتبہ علمِ نَحو: (اِسے کب حاصل کرنا چاہیے)

علمِ نَحو علمِ صرْف کے بعد اور علمِ بلاغت وغیرہ سے پہلے حاصل کرنا چاہیے۔

علمِ نَحو کا حُکم:

علمِ نَحو حاصل کرنا واجب علَی الکِفایہ ہے۔ (رد، مطلب: البدعۃ خمسۃ اقسام، ۲/۳۵۶)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

مَا بِه الاِستِمداد: (وہ چیز جس سے نحو کے قواعد بنائے اور ثابت کیے جاتے ہیں)

نحو کے قواعد بنانے اور اُن کو ثابت کرنے کے لیے قرآن وحدیث اور خالص کلامِ عرب سے مدد لی جاتی ہے۔

علمِ نَحو کا واضع: (بنانے والا)

علمِ نحو کے واضع میں تین نام آتے ہیں: ١۔خلیفۂ ثانی سیدنا عمر بن خطاب ٢۔خلیفۂ رابع سیدنا علی بن ابی طالب ٣۔سیدنا ابوالاسود دُئلی۔

مشہور نُحاۃ: (اِس علم کے مشہور ائمہ اور ماہرین)

سيبويه، خليل، يونس، أخفش، قُطرُب، مازني، زَجّاج، ابن كيسان، سِيرافي، فارِسي، ابن جنّي (اِن کو بصریین کہا جاتا ہے) كسائي، مُبرِّد، فرّاء، ثعلب اور محمد أنباري (اِن کو کوفیین کہا جاتا ہے۔)

قرینہ

قرینہ وہ چیز کہلاتی ہے جو بغیر وضع کے کسی شئ پر دلالت کرے۔جیسے: أَكَلَ الْكُمَّثْرٰى يَحْيٰى. میں الْكُمَّثْرٰى کا ازقبیل ماکول اور يَحْيٰى کا ازقبیل اٰکل ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ يَحْيٰى فاعل ہے اور اَلْكُمَّثْرٰى مفعول ہے۔اسی طرح ضَرَبَتِ الْفَتٰى الْحُبْلٰى. میں فعل کا مؤنث ہونا اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ فاعل اَلْحُبْلٰى ہے اور مفعول اَلْفَتٰى ہے۔پہلی مثال میں قرینہ معنویہ ہے اور دوسری مثال میں قرینہ لفظیہ ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

خُلاصَۃُ النَّحو

(حصہ اول)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

www.dawateislami.net

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الأول

لفظ اور اُس کی اَقسام

انسان جو بات بولتا ہے اُسے لفظ کہتے ہیں، پھر جو لفظ بے معنی ہو اُسے مُہمَل کہتے ہیں: دَیْزٌ. اور جو لفظ بامعنی ہو اُسے موضوع یا مُستعمَل کہتے ہیں: قَلَمٌ.

موضوع کی اقسام:

موضوع لفظ کی دو قسمیں ہیں: ۱۔مفرد ۲۔مرکب۔

اکیلے موضوع لفظ کو مفرَد یا کلمہ کہتے ہیں: جَمَلٌ.

اور ایک سے زائد موضوع الفاظ کے مجموعہ کو مُرَکَّب کہتے ہیں: لَیْلَۃُ الْقَدْرِ، زَیْدٌ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ.

مرکب کی اَقسام:

مرکب کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ناقص ۲۔تام۔

جس مرکب میں بات مکمل نہ ہو اُسے مرکبِ ناقص یا مرکبِ غیر مفید کہتے ہیں: مَاءُ الْبَحْرِ، وَلَدٌ صَغِیْرٌ.

اور جس مرکب میں بات مکمل ہو جائے اُسے مرکبِ تام کہتے ہیں: اَللّٰہُ أَحَدٌ، لَا تَکْذِبْ. مرکبِ تام کو مرکبِ مفید، جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔

جملے کی اَقسام:

جس جملے کا پہلا جزء اسم ہو اُسے جملہ اِسمیَّہ کہتے ہیں: اَلْبُسْتَانُ جَمِیْلٌ. اور جس جملے کا پہلا جزء فعل ہو اُسے جملہ فعلیّہ کہتے ہیں: نَصَرَ رَجُلٌ.

اِسی طرح جس جملے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا ہو اُسے جملہ خبریّہ کہتے ہیں: أَنَا کَاتِبٌ.

اور جس جملے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکتا ہو اُسے جملہ اِنشائیَّہ کہتے ہیں: اُنْصُرْ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. لفظ کا معنیٰ اور اُس کی اَقسام بیان کیجیے۔س:2. موضوع لفظ کی اَقسام بیان کیجیے۔س:3. مرکب کی کونسی قسمیں ہیں؟س:4. جملے کی اَقسام بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. بے معنیٰ کلمہ کو مُہمل کہتے ہیں۔2. موضوع لفظ کو مُفرَد کہتے ہیں۔3. جس جملے کا پہلا جزء فعل ہواُسے جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔4. جس جملے کو سچا یا جھوٹا کہا جاسکتا ہواُسے جملہ اِنشائیہ کہتے ہیں۔

تمرین (3)

(الف) مفرد اور مرکب الگ الگ کیجیے۔

١۔اَلْحَيَاءُ. ٢۔رَسُوْلُنَا. ٣۔اَلرَّجَاءُ. ٤۔رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ. ٥۔اَلصِّدْقُ.
٦۔عَبْدٌ مُّؤْمِنٌ. ٧۔اَلْأَمَانَةُ. ٨۔نَاقَةُ اللّٰهِ. ٩۔اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ. ١٠۔اَلْاِيْمَانُ.
١١۔اَلصَّلَاةُ نُوْرُ الْمُؤْمِنِ. ١٢۔اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

(ب) مرکبِ ناقص اور مرکبِ تام الگ الگ کیجیے۔

١۔اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ. ٢۔اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ. ٣۔عُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ كَبِيْرَةٌ. ٤۔اَلْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ. ٥۔اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ. ٦۔سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ. ٧۔طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ. ٨۔اَلْبَرَكَةُ مَعَ أَكَابِرِكُمْ. ٩۔أَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ.
١٠۔لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ. ١١۔اَلْعِلْمُ النَّافِعُ. ١٢۔اَلزَّكَاةُ قَنْطَرَةُ الْاِسْلَامِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني

اِسْم، فِعْل، حَرْف اور اُن کی علامات کا بیان

کلمہ کی اقسام:

کلمہ کی تین قسمیں ہیں: ۱۔اسم ۲۔فعل ۳۔حرف۔

جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اور اُس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے اُسے اِسْم کہتے ہیں: قَلَمٌ.

جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اور اُس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے اُسے فِعل کہتے ہیں: سَارَ، يَسِيْرُ.

اور جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر نہ کرے اُسے حَرْف کہتے ہیں: مِنْ، اِلٰى.

فائدہ:

زمانے تین ہیں: ۱۔ماضی (گذشتہ زمانہ) ۲۔حال (موجودہ زمانہ) ۳۔مستقبل (آئندہ زمانہ)۔

اسم کی علامات:

۱۔الف لام (اَلْ) کا ہونا: اَلْقَلَمُ. ۲۔حرفِ جر کا ہونا: فِي دَارٍ. ۳۔جر کا ہونا: وَلَدُ زَيْدٍ. ۴۔تنوین کا ہونا: رَجُلٌ. ۵۔گول تاء (ة) کا ہونا: كُرَّاسَةٌ.

تنبیہ:

الف لام اور تنوین ایک اسم میں جمع نہیں ہو سکتے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فِعل کی عَلامات:

۱ تا ۳۔ قَدْ، سین یا سَوْفَ کا ہونا: قَدْ سَمِعَ، سَیَعْلَمُ، سَوْفَ یَعْلَمُوْنَ.

۴ تا ۷۔ ماضی، مضارع، اَمر یا نَہی ہونا: ذَھَبَ، یَذْھَبُ، اِذْھَبْ، لَا تَذْھَبْ.

حَرُف کی عَلامت:

اسم اور فعل کی کوئی علامت نہ ہونا حرف کی علامت ہے: مِنْ، فِيْ.

تمرین (1)

س:1. کلمہ کی اَقسام اور اُن کی تعریف بیان فرمایئے۔ س:2. اسم، فعل اور حرف کی علامتیں بیان کیجیے۔ س:3. کس اسم میں الف لام اور تنوین جمع ہو سکتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اُسے اسم کہتے ہیں۔ 2. اسم کے آخر میں تنوین اور اُس کے شروع میں الف لام جمع ہو سکتے ہیں۔ 3. قَدْ، سین اور تنوین فعل کی علامتیں ہیں۔ 4. حرف کی کوئی علامت نہیں ہے۔

تمرین (3)

اسم، فعل اور حرف الگ الگ کیجیے نیز اسم اور فعل کی علامتیں بھی واضح کیجیے۔

۱۔ سَیَجِيْءُ. ۲۔ کَافِرٌ. ۳۔ اَلنَّارُ. ۴۔ فِيْ. ۵۔ قَدْ سَرَقَ. ۶۔ أَخٌ.

۷۔ لَا تَکْذِبْ. ۸۔ عَلٰی. ۹۔ قَالَ. ۱۰۔ اَلْقَوْمُ. ۱۱۔ سَمِعَ. ۱۲۔ قَافِلَۃٌ.

۱۳۔ سَوْفَ تَعْلَمُ. ۱۴۔ جَنَّۃٌ. ۱۵۔ یَنْظُرُ. ۱۶۔ اَلصِّرَاطُ. ۱۷۔ اُنْصُرْ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث

معرِفہ اورنکرہ کا بَیان

جس اسْم سے معیَّن چیز سمجھی جائے اُسے **معرِفہ** کہتے ہیں: زَیْدٌ. اور جس اسم سے معیَّن چیز نہ سمجھی جائے اُسے **نَکِرہ** کہتے ہیں: حَجَرٌ.

معرِفہ کی اَقسام:

اسم معرِفہ کی سات قسمیں ہیں:

١۔ اِسمِ ضمیر: وہ اسم جو متکلم، مخاطب یا غائب پر دلالت کرے: أَنَا، أَنْتَ، هُوَ.
اِسم ضمیر کو **مُضْمَر** بھی کہتے ہیں۔

فائدہ:

اسمِ ضمیر کے علاوہ باقی ہر اسم کو **اسمِ ظاہر** یا **مُظْہَر** کہتے ہیں۔

٢۔ اسمِ علَم: وہ اسم جو کسی شخص یا کسی جگہ یا کسی چیز کا خاص نام ہو: بَكْرٌ، مَكَّةُ، اَلنَّحْوُ.

٣۔ اسمِ اِشارہ: وہ اسم جس سے کسی کی طرف اشارہ کیا جائے: هٰذَا، هٰذِهٖ، ذٰلِكَ، تِلْكَ وغیرہ.

٤۔ اسمِ مَوصُول: وہ اسم جو بعد والے جملے سے ملکر کسی جملے کا جزء بنتا ہے: اَلَّذِيْ، اَلَّتِيْ وغیرہ.

٥۔ مُعرَّف بِاللام: وہ اسم جس کے شروع میں الف لام ہو: اَلْكِتَابُ.

٦۔ مُعَرَّف بِالِاضافۃ: وہ اسم جو معرِفہ کی طرف مضاف ہو: قَلَمُ زَيْدٍ.

٧۔ مُعَرَّف بِالنِّداء: وہ اسم جس کے شروع میں حرفِ نِداء ہو: يَا رَجُلُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تنبیہ:

معرفہ کے علاوہ باقی اسماءنکرہ ہوتے ہیں: عَبْدٌ، مُؤْمِنٌ، طِفْلٌ، رَجُلٌ.

تمرین (1)

س:1. معرِفہ اورنکرہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. معرِفہ کی کتنی اورکون کونسی قسمیں ہیں؟ س:3. اِسمِ ضمیر اوراسم ظاہرکواورکیا کہتے ہیں؟ س:4. معرف بالاضافۃ کسے کہتے ہیں؟ س:5. علَم کسے کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جس اِسْم سے معیَّن چیز سمجھی جائے اُسے نکرہ کہتے ہیں۔ 2. جس اسم کے شروع میں لام ہواُسے معرف باللام کہتے ہیں۔ 3. جواسم مضاف ہواُسے معرف بالاضافۃ کہتے ہیں۔ 4. جس اسم کے شروع میں یاہوصرف وہی معرف بالنداء ہے۔

تمرین (3)

نکرہ اورمعرفہ الگ الگ کیجیے نیزمعرفہ کی قسم بھی متعین فرمایئے۔

۱۔جَامِعَةٌ. ۲۔اَلَّذِيْنَ. ۳۔هُمْ. ۴۔عُمَرُ. ۵۔أُسْتَاذٌ. ۶۔اَلدَّرْسُ.

۷۔اَلْجَنَّةُ. ۸۔نَحْنُ. ۹۔قَلَمُ وَلَدٍ. ۱۰۔ذٰلِکَ. ۱۱۔عُثْمَانُ. ۱۲۔بَابٌ.

۱۳۔بَيْتٌ. ۱۴۔غُلَامُ زَيْدٍ. ۱۵۔رُمَّانٌ. ۱۶۔حُلْوٌ. ۱۷۔هٰذَا. ۱۸۔عَلِيٌّ.

۱۹۔تِلْکَ. ۲۰۔ثَمَرٌ. ۲۱۔شَجَرٌ. ۲۲۔يَا نَبِيُّ. ۲۳۔كُتُبٌ. ۲۴۔أَنَا.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع

مذکر اور مؤنث کا بیان

جس اِسْم میں تانیث کی علامت نہ ہواُسے مُذَکَّر کہتے ہیں: غُلَامٌ. اور جس اِسْم میں تانیث کی علامت ہواُسے مؤَنَّث کہتے ہیں: اِمْرَأَةٌ، ظُلْمَةٌ.

تانیث کی عَلامات:

تانیث کی تین علامتیں ہیں: ١۔گول تاء: بَقَـرَةٌ. ٢۔الفِ مقصورہ: بُشْـرٰی. ٣۔الفِ ممدودہ: صَفْرَاءُ.

فائدہ:

اِسْم کے آخر میں جس الف کے بعد ہمزہ نہ ہواُسے الفِ مقصورہ اور جس الف کے بعد ہمزہ ہواُسے الفِ ممدودہ کہتے ہیں: صُغْرٰی، حَمْرَاءُ.

مؤنث کی اَقسام:

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ١۔مؤنث حقیقی ٢۔مؤنث لفظی (١)۔

جس مؤنث کے مقابل نر جاندار ہواُسے مؤنثِ حقیقی کہتے ہیں: مَرْأَةٌ. اور جس مؤنث کے مقابل نر جاندار نہ ہواُسے مؤنثِ لفظی کہتے ہیں: وَرَقَةٌ.

قواعد وفوائد:

1. جو اسماء مؤنث کے لیے استعمال ہوں وہ مؤنث ہوتے ہیں: أُمٌّ، أُخْـتٌ، بِنْتٌ، زَيْنَبُ، مَرْيَمُ وغیرہ۔

2. بعض اَسماء میں لفظاً تانیث کی علامت نہیں ہوتی مگر وہ مؤنث ہوتے ہیں: أَرْضٌ، شَمْسٌ، دَارٌ، نَارٌ وغیرہ۔(اس طرح کے اسماء کو مؤنث سَماعی کہتے ہیں)

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

3. بعض اَسماء مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتے ہیں: سَبِیْلٌ، طَرِیْقٌ، حَالٌ وغیرہ۔

4. جو اسم مذکر کا نام ہو یا صرف مذکر کے لیے بولا جاتا ہو وہ مذکر کہلائے گا اگرچہ اُس میں تاء ہو: طَلْحَةُ، خَلِیْفَةٌ

تمرین (1)

س:1. مذکر اور مؤنث کسے کہتے ہیں؟ س:2. تانیث کی کتنی اور کون کونسی علامات ہیں؟ س:3. الفِ مقصورہ اور الفِ ممدودہ کسے کہتے ہیں؟ س:4. مؤنثِ حقیقی اور مؤنثِ لفظی کسے کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

1. اسم کے آخر میں الف کے بعد ہمزہ ہو تو اُسے الفِ مقصورہ کہتے ہیں۔

2. مؤنث کے آخر میں ہمیشہ گول تاء (ۃ) ہوتی ہے۔

تمرین (3)

(الف) مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے۔

١۔اَلْقُرْآنُ. ٢۔اُسَامَةُ. ٣۔شَمْسٌ. ٤۔بَیْتٌ. ٥۔وَلَدٌ. ٦۔زَیْنَبُ.
٧۔دَارٌ. ٨۔اُمٌّ. ٩۔نَارٌ. ١٠۔خَلِیْفَةٌ. ١١۔رَجُلٌ. ١٢۔شَاةٌ.

(ب) درجِ ذیل اَسماء میں سے مؤنثِ حقیقی اور مؤنثِ لفظی الگ الگ کیجیے۔

١۔نَاقَةٌ. ٢۔رِجْلٌ. ٣۔صَحْرَاءُ. ٤۔بَقَرَةٌ. ٥۔دَارٌ. ٦۔مُرْضِعٌ.
٧۔اِمْرَأَةٌ. ٨۔عَیْنٌ. ٩۔اِبْنَةٌ. ١٠۔هِنْدٌ. ١١۔لُغَةٌ. ١٢۔فَاطِمَةُ.
١٣۔أَتَانٌ. ١٤۔صُغْرٰی. ١٥۔حَائِضٌ. ١٦۔خَمْرٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخامس

واحِد تثنیہ اورجمع کا بیان

تعداد کے لحاظ سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ۱۔واحد ۲۔تثنیہ ۳۔جمع۔

جس اِسْم سے ایک فَرْد سمجھا جائے اُسے واحِد یامُفرَد کہتے ہیں: مُسْلِمٌ. جس اسم سے دواَفراد سمجھے جائیں اُسے تثنیہ یامُثنّٰی کہتے ہیں: مُسْلِمَانِ. اور جس اسم سے دو سے زیادہ اَفراد سمجھے جائیں اُسے جمع یا مجموع کہتے ہیں: مُسْلِمُوْنَ.

جمع کی اَقسام:

جمع کی دو قسمیں ہیں: ۱۔جمع سالم ۲۔جمع مکسر۔

جس جمع میں واحد کا صیغہ سلامت ہو اُسے جمع سالم یا جمع تصحیح کہتے ہیں: زَيْدُوْنَ.

اور جس جمع میں واحد کا صیغہ سلامت نہ ہو اُسے جمع مُکَسَّر یا جمع تکسیر کہتے ہیں: أَنْهَارٌ.

جمع سالِم کی اَقسام:

جمع سالم کی بھی دو قسمیں ہیں: ۱۔جمع مذکر سالم ۲۔جمع مؤنث سالم۔

جو جمع واحد کے آخر میں واؤ اور نون یا یاء اور نون بڑھا کر بنائی گئی ہو اُسے جمع مذکر سالم کہتے ہیں: صَالِحُوْنَ، صَالِحِيْنَ.

اور جو جمع واحد کے آخر میں الف اور تاء بڑھا کر بنائی گئی ہو اُسے جمع مؤنث سالم کہتے ہیں: صَالِحَاتٌ، صَالِحَاتٍ.

افراد کے لحاظ سے جمع کی اقسام:

افراد کے لحاظ سے جمع کی دو قسمیں ہیں: ۱۔جمع قلت ۲۔جمع کثرت۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

جو جمع تین سے لیکر دس افراد تک کے لیے بنائی گئی ہو اُسے **جمع قلت** کہتے ہیں: أَقْلَامٌ.

اور جو جمع گیارہ سے لیکر لا تعداد افراد کے لیے بنائی گئی ہو اُسے **جمع کثرت** کہتے ہیں: کُتُبٌ، مَسَاجِدُ.

قواعد وفوائد:

1. واحد اسم کے آخر میں (ـَانِ یا ـَیْنِ) لگا دینے سے وہ تثنیہ بن جاتا ہے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمَانِ یا مُسْلِمَیْنِ.

2. واحد اسم کے آخر میں (ـُوْنَ یا ـِیْنَ) لگا دینے سے وہ جمع مذکر سالم بن جاتا ہے[۲]: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ یا مُسْلِمِیْنَ.

3. واحد اسم کے آخر میں (ـَاتٌ) لگا دینے سے وہ جمع مؤنث سالم بن جاتا ہے: مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ یا مُسْلِمَاتٍ.

4. جمع قلت کے درجِ ذیل چھ اوزان ہیں:

أَفْعَالٌ	فِعْلَةٌ	أَفْعُلٌ	أَفْعِلَةٌ	جمع مذکر سالم	جمع مؤنث سالم
أَقْلَامٌ	غِلْمَةٌ	أَنْفُسٌ	أَلْسِنَةٌ	مُسْلِمُوْنَ	مُسْلِمَاتٌ

اور جمع کثرت کے کئی اوزان ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں:

أَفْعِلَاءُ	فُعُلٌ	فِعَلٌ	فَعَلَةٌ	فُعُوْلٌ	فِعْلَانٌ	فَعْلٰی	فَعَالِلُ	مَفَاعِلُ
أَصْدِقَاءُ	مُدُنٌ	فِرَقٌ	بَرَرَةٌ	قُلُوْبٌ	جِیْرَانٌ	قَتْلٰی	دَرَاهِمُ	مَسَاجِدُ

5. جو اسم جمع نہ ہو مگر جمع کا معنی دے اُسے **اسمِ جمع** کہیں گے: رَهْطٌ، قَوْمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. تعداد کے لحاظ سے اسم کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:2. جمع سالم اور جمع مکسر کسے کہتے ہیں؟ س:3. جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم کسے کہتے ہیں؟ س:4. جمع قلت اور جمع کثرت کسے کہتے ہیں؟ س:5. اسمِ جمع کسے کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جس اسْم سے دو سے زائد افراد سمجھے جائیں اُسے جمع سالم کہتے ہیں۔
2. جو اسم، جمع کا معنی دے اُسے اسمِ جمع کہیں گے۔ 3. جس اسم کے آخر میں الف اور تاء ہو اسے جمع مؤنث سالم کہیں گے۔

تمرین (3)

(الف) واحد، تثنیہ، جمع اور اسمِ جمع الگ الگ کیجیے۔

۱۔أَلْسُنٌ. ۲۔جَنَّتَانِ. ۳۔جَيْشٌ. ۴۔أَرْغِفَةٌ. ۵۔قَلَمٌ. ۶۔قَوْمٌ.
۷۔فِيْرَانٌ. ۸۔مُسْلِمَةٌ. ۹۔ذَوَاتٌ. ۱۰۔قَافِلَةٌ. ۱۱۔دَوَاةٌ. ۱۲۔رَهْطٌ.
۱۳۔أَطْفَالٌ. ۱۴۔مَنَازِلُ. ۱۵۔نِيْرَانٌ. ۱۶۔أَبْوَابٌ. ۱۷۔مُؤْمِنُوْنَ.

(ب) جمع سالم اور جمع مکسر الگ الگ کیجیے۔

۱۔صُحُفٌ. ۲۔شَجَرَاتٌ. ۳۔مَرْضٰى. ۴۔قُلُوْبٌ. ۵۔صَادِقُوْنَ.
۶۔مَكَاتِبُ. ۷۔أَنْفُسٌ. ۸۔رَاجِعُوْنَ. ۹۔مَدَارِسُ. ۱۰۔جَهَلَةٌ.
۱۱۔سُجَّدٌ. ۱۲۔أَفْضَلُوْنَ. ۱۳۔مَسَاكِنُ. ۱۴۔أَقْوِلَةٌ. ۱۵۔مُسْلِمَاتٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس

مرکبِ اِضافی کا بیان

جس مرکبِ ناقص میں ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو اُسے مرکبِ اِضافی کہتے ہیں: رَسُوْلُ اللّٰهِ.

مرکبِ اِضافی میں پہلے اسم کو مُضاف اور دوسرے کو مُضاف اِلیہ کہتے ہیں۔

قواعد وفوائد:

1. مُضاف پر نہ تنوین آتی ہے نہ الف لام، مُضاف اِلیہ پر یہ دونوں چیزیں آسکتی ہیں لیکن ایک وقت میں ایک ہی چیز آئے گی: وَلَدُ رَجُلٍ، وَلَدُ الرَّجُلِ.

2. مُضاف اگر تثنیہ یا جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو تو اُس کے آخر سے نونِ تثنیہ اور نونِ جمع گر جاتا ہے: وَلَدَا رَجُلٍ، مُسْلِمُو الْمَدِيْنَةِ.

3. مُضاف کا اِعراب بدلتا رہتا ہے لیکن مضاف اِلیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے: جَاءَ غُلامُ زَيْدٍ، رَأَيْتُ غُلَامَ زَيْدٍ، نَظَرْتُ اِلٰى غُلَامِ زَيْدٍ.

4. ایک ترکیب میں ایک سے زائد بھی مُضاف اور مُضاف اِلیہ آسکتے ہیں: قَلَمُ وَلَدِ زَيْدٍ، فَرَسُ وَلَدِ وَزِيْرِ الْمَلِكِ.

5. جو نکرہ دوسرے نکرہ کی طرف مُضاف ہو وہ نکرہ مخصوصہ بن جاتا ہے: قَلَمُ وَلَدٍ. اور جو نکرہ معرفہ کی طرف مُضاف ہو وہ معرفہ بن جاتا ہے(۳): قَلَمُ زَيْدٍ.

6. اردو میں پہلے مضاف الیہ اور پھر مضاف آتا ہے جبکہ عربی میں پہلے مضاف پھر مضاف الیہ آتا ہے: مَاءُ النَّهْرِ (نہر کا پانی)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. مرکبِ اضافی کسے کہتے ہیں اور مضاف اور مضاف اِلیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. مُضاف پر کونسی چیز نہیں آسکتی؟ س:3. تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا نون کس صورت میں گر جاتا ہے؟ س:4. مُضاف اور مضاف اِلیہ کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. مرکب میں پہلے اسم کو مُضاف کہتے ہیں۔ 2. مُضاف اِلیہ پر نہ تنوین آتی ہے نہ الف لام۔ 3. مُضاف' تثنیہ یا جمع ہو تو اُس کے آخر سے نون گر جاتا ہے۔ 4. مُضاف ہمیشہ مرفوع اور مضاف الیہ مجرور ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں مضاف اور مضاف اِلیہ الگ الگ کیجیے۔

۱۔مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. ۲۔اَلْمُؤْمِنُ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ. ۳۔هٰذَا كِتَابُ الْوُضُوْءِ. ۴۔جَاءَ وَلَدَا زَيْدٍ. ۵۔اَللّٰهُ رَبُّ النَّاسِ. ۶۔آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ.

(ب) درج ذیل جملوں میں مرکبِ اِضافی میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔رَأَيْتُ غُلَامَ زَيْدٌ. ۲۔وَلَدَانِ خَالِدٍ حَضَرَا. ۳۔جَاءَ مُسْلِمُوْنَ الْهِنْدِ. ۴۔فُتِحَ بَابُ الدَّارَ. ۵۔هٰؤُلَاءِ جِيْرَانٌ زَيْدٍ. ۶۔قَالَ بَنُوْنَ بَكْرٍ.
۷۔هٰذَا قَلَمُ الْوَلَدِ. ۸۔اَلْبُسْتَانُ الدَّارِ وَاسِعٌ. ۹۔نَامَ مَسَاكِيْ بَلَدٍ.

(ج) قواعد کا خیال رکھتے ہوئے مذکورہ دو دو اَسماء سے مرکبِ اِضافی بنایئے۔

كِتَابٌ، اَللّٰهُ. اَلرَّبُّ، اَلْعَالَمُ. اَلْعُقُوْقُ، اَلْوَالِدُ. اَلْغُلَامَانِ، زَيْدٌ.
لَبَنٌ، شَاةٌ. اَلْمَاءُ، اَلْبَحْرُ. اَلْفِيْرَانُ، بَيْتٌ. اَللَّبَنُ، اَلْبَقَرُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net

الدرس السابع

مُرَکَّبِ توصیفی کا بیان

جس مرکبِ ناقص کا دوسرا جزء پہلے جزء کی صفت (اچھائی، بُرائی وغیرہ) بیان کرے اُسے مرکبِ توصیفی کہتے ہیں: رَجُلٌ صَالِحٌ، رَجُلٌ فَاسِقٌ، حَجَرٌ أَسْوَدُ.

مرکبِ توصیفی کے پہلے جزء کو موصوف اور دوسرے جزء کو صفت کہتے ہیں۔

قواعد وفوائد:

1. اردو میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں آتا ہے جبکہ عربی میں موصوف پہلے آتا ہے اور صفت بعد میں آتی ہے: طِفْلٌ جَمِيْلٌ (خوبصورت بچہ)

2. صفت کبھی مفرد ہوتی ہے اور کبھی جملہ ہوتی ہے، صفت اگر مفرد ہو تو دس چیزوں میں اُس کا موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے:

اِفراد، تثنیہ اور جمع میں: رَجُلٌ عَالِمٌ، رَجُلَانِ عَالِمَانِ، رِجَالٌ عُلَمَاءُ.

رفع، نصب اور جر میں: رَجُلٌ عَالِمٌ، رَجُلًا عَالِمًا، رَجُلٍ عَالِمٍ.

تذکیر اور تانیث میں: رَجُلٌ عَالِمٌ، اِمْرَأَةٌ عَالِمَةٌ.

اور تنکیر اور تعریف میں: رَجُلٌ عَالِمٌ، اَلرَّجُلُ الْعَالِمُ.

3. صفت اگر جملہ ہو تو اُس میں موصوف کے مطابق ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے: جَاءَ رَجُلٌ أَبُوْهُ عَالِمٌ، ذَهَبَتْ اِمْرَأَةٌ أَبُوْهَا عَالِمٌ.

4. موصوف اگر غیر عاقل کی یا مؤنث عاقل کی جمع مکسّر ہو تو اُس کی صفت واحد مؤنث یا جمع مؤنث آتی ہے: أَشْجَارٌ مُثْمِرَةٌ، نِسَاءٌ عَاقِلَاتٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

5. موصوف اگر مذکر عاقل کی جمع مکسر ہو تو صفت واحد مؤنث یا جمع مذکر آتی ہے: أَطْفَالٌ صَغِيرَةٌ، رِجَالٌ كِبَارٌ.

فائدہ:

مرکبِ ناقص کی دو قسمیں اور ہیں: ۱۔مرکبِ بنائی ۲۔مرکبِ مزجی۔

جس مرکبِ ناقص کو ملا کر ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اور اُس کا دوسرا جزء کسی حرف کو شامل ہو اُسے مرکبِ بنائی یا مرکبِ تعدادی کہتے ہیں: أَحَدَ عَشَرَ، تِسْعَةَ عَشَرَ (یہ اصل میں أَحَدٌ وَعَشَرٌ اور تِسْعَةٌ وَعَشَرٌ ہیں)۔

جس مرکبِ ناقص کو ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اور اُس کا دوسرا جزء کسی حرف کو شامل نہ ہو اُسے مرکبِ منع صرف یا مرکبِ مزجی کہتے ہیں: بَعْلَبَكُّ.

تمرین (1)

س:1. مرکبِ توصیفی، مرکبِ بنائی اور مرکبِ منع صرف کسے کہتے ہیں؟ س:2. موصوف اور صفت کسے کہتے ہیں؟ س:3. صفت اگر مفرد ہو تو اس کا کتنی اور کون کونسی چیزوں میں موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے؟ س:4. صفت اگر جملہ ہو تو اُس میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیں۔

1. ہر صفت دس چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے۔ 2. موصوف غیر عاقل کی جمع مکسَّر ہو تو صفت واحد مذکر یا جمع مذکر آتی ہے۔ 3. جس مرکب کو ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اُسے مرکبِ بنائی کہتے ہیں۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں موصوف اور صفت الگ الگ کیجیے۔

۱۔جَاءَ رَجُلٌ يَّخَافُ. ۲۔صَامَ وَلَدٌ صَالِحٌ. ۳۔هٰذِهِ نَاقَةٌ يَّعْمَلَةٌ. ۴۔هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ. ۵۔اَلْقُرْآنُ الْكَرِيْمُ كَلَامُ اللّٰهِ. ۶۔أَوْلَادٌ صِغَارٌ نَائِمُوْنَ. ۷۔تِلْكَ أَيَّامٌ مَّعْدُوْدَاتٌ. ۸۔رَأَيْتُ رِجَالًا كَثِيْرَةً. ۹۔اَلْقَنَاعَةُ مَالٌ لَا يَنْفُدُ. ۱۰۔النِّسَاءُ الْمُسْلِمَاتُ صَابِرَاتٌ.

(ب) درجِ ذیل جملوں کے مرکبِ توصیفی میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔نَامَ أَطْفَالٌ صَغِيْرٌ. ۲۔جَاءَ الرَّجُلُ صَالِحٌ. ۳۔رَأَيْتُ الْبَلَدَ الْكَرِيْمِ. ۴۔هٰذِهِ كُتُبٌ مُّفِيْدُوْنَ. ۵۔شَرِبْتُ مَاءً عَذْبٌ. ۶۔نَصَرَ زَيْدٌ عَالِمٌ.

(ج) قواعد کا خیال رکھتے ہوئے درجِ ذیل دو دو لفظوں سے مرکبِ توصیفی بنائیے۔

اَلآيَةُ، بَيِّنَةٌ. اَلْبِئْرُ، عَمِيْقَةٌ. اَلشَّمْسُ، طَالِعَةٌ. سَرِيْرٌ، مَرْفُوْعٌ. جَنَّةٌ، اَلعَالِيَةُ. اَلرُّسُلُ، كِرَامٌ. اَلنَّارُ، مُوْقَدَةٌ.

جمع مکسر کے اوزان

۱.أَفْعَالٌ: أَفْرَاسٌ، أَقْوَالٌ. ۹.فُعْلٌ: حُمْرٌ، فُلْكٌ. ۱۷.فِعَلٌ: فِرَقٌ، كِسَرٌ.
۲.أَفْعُلٌ: أَفْلُسٌ، أَنْفُسٌ. ۱۰.فُعَلٌ: لُجَجٌ، كُبَرٌ. ۱۸.فُعُوْلٌ: قُرُوْءٌ، قُرُوْنٌ.
۳.فِعْلَةٌ: غِلْمَةٌ، صِبْيَةٌ. ۱۱.فِعَالٌ: رِجَالٌ، هِجَانٌ. ۱۹.فَعَالِلُ: جَعَافِرُ، جَحَامِرُ.
۴.أَفْعِلَةٌ: أَرْغِفَةٌ، أَطْعِمَةٌ. ۱۲.فَعْلٰى: مَرْضٰى، قَتْلٰى. ۲۰.فَعَالِيْلُ: دَنَانِيْرُ، جَرَاثِيْمُ.
۵.فَعَلَةٌ: بَرَرَةٌ، كَفَرَةٌ. ۱۳.فُعَّلٌ: رُكَّعٌ، سُجَّدٌ. ۲۱.مَفَاعِلُ: مَفَاسِدُ، مَنَازِلُ.
۶.فُعَلَةٌ: نُحَاةٌ، قُضَاةٌ. ۱۴.فِعْلَانٌ: غِلْمَانٌ، نِيْرَانٌ. ۲۲.مَفَاعِيْلُ: مَصَابِيْحُ، مَكَاتِيْبُ.
۷.فُعَّالٌ: كُتَّابٌ، حُرَّاسٌ. ۱۵.فُعْلَانٌ: لُحْمَانٌ، فُرْسَانٌ. ۲۳.فَعَائِلُ: عَجَائِزُ، صَحَائِفُ.
۸.فُعَلَاءُ: عُلَمَاءُ، كُرَمَاءُ. ۱۶.أَفْعِلَاءُ: أَنْبِيَاءُ، أَوْلِيَاءُ. ۲۴.فَوَاعِلُ: نَوَاشِزُ، شَوَامِخُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن

جملۂ فعلیہ کا بیان

جس جملے کا پہلا جزء فعل ہو اُسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں: قَالَ اللّٰہُ، کُتِبَ صَوْمٌ.

قواعد وفوائد:

1. جس اسْم (ظاہر یا ضمیر) کی طرف فعلِ معروف کی اِسناد ہو اُسے فاعل کہتے ہیں: لَمَعَ الْبَرْقُ، اَلْبَرْقُ لَمَعَ.

اور جس اسم کی طرف فعل مجہول کی اِسناد ہو اُسے نائب فاعل کہتے ہیں: سُمِعَ الصَّوْتُ، اَلصَّوْتُ سُمِعَ.

2. فعل کے بعد اگر کوئی ایسا اسم ہو جو فاعل یا نائب فاعل بن سکتا ہو تو وہی فاعل یا نائب فاعل ہوگا: ضَرَبَ زَیْدٌ، ضُرِبَ زَیْدٌ. ورنہ فعل میں موجود ضمیر کو فاعل یا نائب فاعل بنائیں گے: زَیْدٌ نَصَرَ، زَیْدٌ نُصِرَ.

3. فاعل اور نائب فاعل دونوں ہمیشہ مرفوع ہوتے ہیں۔

4. فاعل یا نائب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ واحد آئے گا: قَامَ وَلَدٌ، قَامَ وَلَدَانِ، قَامَ أَوْلَادٌ.

اور اسم ضمیر ہو تو فعل اُس ضمیر کے مرجع کے مطابق آئے گا: اَلْوَلَدُ نَصَرَ، اَلْوَلَدَانِ نَصَرَا، اَلْأَوْلَادُ نَصَرُوْا.

5. فاعل یا نائب فاعل مؤنث لفظی ہو یا اسمِ جمع ہو یا جمع مکسّر ہو تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح لا سکتے ہیں: طَلَعَ شَمْسٌ، نَصَرَ قَوْمٌ، جَاءَ رِجَالٌ.

6. مفعول عموماً فعل اور فاعل کے بعد آتا ہے: اَکَلَ زَیْدٌ خُبْزًا. اور کبھی اِن

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

سے پہلے بھی آجاتا ہے: خُبْزًا اَکَلَ زَیْدٌ. لیکن فاعل کبھی فعل سے پہلے نہیں آسکتا۔

7. فاعل اور نائب فاعل کبھی مضاف یا موصوف بھی ہوتا ہے: ضَرَبَ وَلَدُ زَیْدٍ.

تمرین (1)

س:1. جملہ فعلیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. فاعل اور نائب فاعل کسے کہتے ہیں اور ان کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟ س:3. کن صورتوں میں فعل کو مذکر و مؤنث دونوں طرح لا سکتے ہیں؟ س:4. کیا فاعل اور مفعول فعل سے پہلے آسکتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیں۔

1. جس کی طرف فعل کی اِسناد ہوا سے فاعل کہتے ہیں۔ 2. فاعل منصوب ہوتا ہے۔ 3. فاعل یا نائب فاعل کبھی مرکبِ اضافی یا مرکب توصیفی بھی ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں فاعل اور نائب الفاعل الگ الگ کیجیے۔

۱۔قُرِءَ الْقُرْآنُ. ۲۔اَللّٰهُ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ. ۳۔کُتِبَ الصِّیَامُ. ۴۔خُلِقَتِ النَّارُ. ۵۔اَلصَّدَقَةُ تَدْفَعُ الْبَلَاءَ. ۶۔لُعِنَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ. ۷۔لَا یَغُلُّ مُؤْمِنٌ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔نَصَرَا رَجُلَانِ. ۲۔اَلسَّارِقَانِ فَرَّ. ۳۔جَلَسَ وَلَدٍ. ۴۔نُصِرَ ضَعِیْفًا. ۵۔صُمْنَ النِّسَاءُ. ۶۔اَلْمُسْلِمُوْنَ جَاءَ. ۷۔خُلِقَتِ الْمَلَائِکَةَ مِنْ نُوْرٍ.

(ج) درجِ ذیل اَسماء سے پہلے اور اِن کے بعد مناسب فعل لائیے۔

اَلْغُلَامُ. اَلْمُسْلِمَاتُ. اَلرِّجَالُ. اَلصَّدِیْقَانِ. اَلرَّهْطُ. اَلْأَنْهَارُ. اَلْخَمْرُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع

جملہ اسمیہ کا بیان

جس جملے کا پہلا جزء اسم ہو اُسے **جملہ اسمیہ** کہتے ہیں: اَللّٰهُ كَرِيمٌ.

قواعد وفوائد:

1. جملہ اسمیہ کے پہلے جزء کو **مبتدا** یا **مُسنَد اِلیہ**(۴) کہتے ہیں اور دوسرے جزء کو مبتدا کی **خبر** یا **مُسنَد** کہتے ہیں: اَللّٰهُ غَنِيٌّ.

2. مبتدا معرفہ یا نکرہ مخصوصہ ہوتا ہے اور خبر عُمومًا نکرہ ہوتی ہے: زَيْدٌ شَاعِرٌ، طِفْلٌ صَغِيرٌ جَالِسٌ.

3. خبر اگر معرف باللام ہو تو کبھی مبتدا اور خبر کے درمیان مبتدا کے مطابق ایک ضمیر بھی آتی ہے: اَللّٰهُ هُوَ الرَّزَّاقُ.

4. عُمومًا پہلے مبتدا آتا ہے پھر خبر آتی ہے: خَالِدٌ عَالِمٌ. لیکن کبھی خبر مبتدا سے پہلے بھی آجاتی ہے: قَاعِدٌ بَكْرٌ.

5. فاعل اور نائب فاعل کی طرح مبتدا اور خبر بھی ہمیشہ **مرفوع** ہوتے ہیں۔

6. خبر کبھی مفرد، کبھی جملہ اور کبھی جار مجرور ہوتی ہے، خبر اگر مفرد ہو تو مذکر، مؤنث، واحد، مثنّٰی اور مجموع ہونے میں اُس کا مبتدا کے مطابق ہونا ضروری ہے: بَكْرٌ عَالِمٌ، هِنْدٌ عَالِمَةٌ، اَلرَّجُلَانِ عَالِمَانِ، اَلْاِمْرَأَتَانِ عَالِمَتَانِ.

7. خبر اگر جملہ ہو تو عموماً اُس میں مبتدا کے مطابق ایک ضمیر ہوتی ہے: زَيْدٌ جَاءَ، هِنْدٌ ذَهَبَتْ، زَيْدٌ هُوَ ذَكِيٌّ، هِنْدٌ هِيَ ذَكِيَّةٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

8. اور خبر اگر جار مجرور ہو تو وہ ایسے فعل یا شبہ فعل محذوف کے متعلق ہوگی جو مذکر، مؤنث، واحد، مثنّٰی اور مجموع ہونے میں مبتدا کے مطابق ہو: زَیْدٌ فِي الدَّارِ. (یہاں جار مجرور ثَبَتَ یا ثَابِتٌ کے متعلق ہوں گے)

9. مبتدا اگر غیر عاقل کی یا مؤنث عاقل کی جمع مکسر ہو تو خبر واحد مؤنث یا جمع مؤنث آتی ہے: اَلْجِبَالُ شَامِخَةٌ یا شَامِخَاتٌ، اَلنِّسَاءُ عَاقِلَةٌ یا عَاقِلَاتٌ.

10. مبتدا اگر مذکر عاقل کی جمع مکسر ہو تو خبر واحد مؤنث یا جمع مذکر آتی ہے: اَلرِّجَالُ عَالِمَةٌ یا عُلَمَاءُ.

تمرین (1)

س:1. جملہ اسمیہ، مبتدا اور خبر کسے کہتے ہیں؟ س:2. مبتدا اور خبر کا اعراب کیا ہوتا ہے؟ س:3. خبر مفرد، جملہ یا جار مجرور ہو تو اس کے کیا احکام ہیں؟ س:4. مبتدا غیر عاقل کی یا مؤنث عاقل کی یا مذکر عاقل کی جمع مکسر ہو تو اُس کی خبر کس کس طرح آسکتی ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیں۔

1. مبتدا اور خبر منصوب ہوتے ہیں۔ 2. مبتدا ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے۔ 3. خبر ہمیشہ نکرہ ہوتی ہے۔ 4. خبر اگر معرفہ ہو تو مبتدا اور خبر کے درمیان ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے۔ 5. خبر ہمیشہ مبتدا کے مطابق ہوگی۔ 6. "اَلزَّیْدَانِ فِي الدَّارِ" میں "فِي الدَّارِ" ثَبَتَ یا ثَابِتٌ کے متعلق ہوں گے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں مبتدا اور خبر الگ الگ کیجیے۔

۱۔اَلرِّجَالُ قَائِمُوْنَ. ۲۔طِفْلٌ صَغِيْرٌ جَمِيْلٌ. ۳۔كُلُّ قَرْضٍ صَدَقَةٌ.

۴۔اَلنِّسَاءُ جَالِسَاتٌ. ۵۔اَلْأَقْلَامُ غَالِيَةٌ. ۶۔اَلْجَبَلَانِ شَامِخَانِ.

۷۔اَلْحَسَدُ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ. ۸۔ذِكْرُ اللّٰهِ شِفَاءُ الْقُلُوْبِ. ۹۔ضَارِبٌ زَيْدٌ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔اَلْكُتُبُ مُفِيْدُوْنَ. ۲۔اَلزَّيْدَانِ شَاعِرٌ. ۳۔خَالِدٌ قَائِمٍ. ۴۔اَلرِّجَالُ قَائِمٌ. ۵۔نَاصِرٌ مُّتَعَلِّمَةٌ. ۶۔اَلْمَرْأَةُ جَالِسٌ. ۷۔غُلَامٌ قَائِمٌ.

(ج) قواعد کا خیال رکھتے ہوئے درج ذیل دو دو الفاظ سے جملہ اسمیہ بنایئے۔

بِحَارٌ، مَالِحٌ. شَمْسٌ، طَالِعٌ. اَلرَّجُلُ، صَادِقَانِ. اَلْأَرْضُ، كُرَوِيٌّ.

هُمْ، مُعَلِّمٌ. أَشْجَارٌ، مُثْمِرٌ. اَلْمُسْلِمُ، مُفْلِحُوْنَ. جِيْرَانٌ، صَالِحَانِ.

مضمونِ جملہ

کسی جملے کے مسند کے مصدر کو مسند الیہ کی طرف مضاف کر دینے سے جو معنی حاصل ہوتا ہے اسے "مضمون جملہ" کہتے ہیں۔ جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ کا مضمون جملہ ہے قِيَامُ زَيْدٍ. اگر مسند اسم جامد ہو تو اس کا مصدر جعلی بنا کر اسے مسند الیہ کی طرف مضاف کر دیں گے۔ جیسے: زَيْدٌ سِرَاجٌ کا مضمون جملہ ہے: سِرَاجِيَّةُ زَيْدٍ (زید کا چراغ ہونا)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس العاشر

جملہ خبریہ اور جملہ اِنشائیہ کا بیان

جس جملے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا ہو اُسے **جملہ خبریہ** یا **خبر** کہتے ہیں: زَیْدٌ عَالِمٌ، جَاءَ بَکْرٌ. اور جس جملے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکتا ہو اُسے **جملہ اِنشائیہ** یا **اِنشاء** کہتے ہیں: مَنْ هُوَ؟، هَلْ ذَهَبَ خَالِدٌ؟.

جملہ اِنشائیّہ کی اَقسام:

جملہ اِنشائیہ کی کئی اقسام ہیں جن میں سے بعض قسمیں یہ ہیں:

1. امر: وہ جملہ جس میں کسی کام کا حکم دیا گیا ہو: اُنْصُرْ.
2. نہی: وہ جملہ جس میں کسی کام سے روکا گیا ہو: لَا تَكْفُرْ.
3. استفہام: وہ جملہ جس میں سوال کیا گیا ہو: أَجَاءَ زَيْدٌ؟
4. تمنّی: وہ جملہ جس میں کوئی آرزو کی گئی ہو: لَيْتَ زَيْدًا فَازَ.
5. ترجّی: وہ جملہ جس میں کوئی امید کی گئی ہو: لَعَلَّ زَيْدًا جَاءَ.
6. عُقود: وہ جملے جن سے کوئی عقد کیا جائے: بِعْتُ، نَكَحْتُ.
7. قسم: وہ جملہ جس میں قسم کھائی گئی ہو: أَحْلِفُ بِاللّٰهِ.
8. دعا: وہ جملہ جس میں دعا کی گئی ہو: يَرْحَمُنَا اللّٰهُ(۵).

نوٹ:

جملہ انشائیہ کے علاوہ ہر جملہ خبریہ ہوتا ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. جملۂ خبریہ اور جملۂ اِنشائیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. جملۂ اِنشائیہ کی کتنی اور کون کونسی اَقسام ہیں؟ س:3. جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کو اور کیا کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جن جملوں سے کسی عقد کے بارے میں خبر دی جائے انہیں عقود کہتے ہیں۔

2. جس جملے میں کوئی امید کی گئی ہو اسے تمنی کہتے ہیں۔

تمرین (3)

جملہ خبریہ اور جملہ اِنشائیہ الگ الگ کیجیے۔

١۔اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ. ٢۔لِيَنْصُرْ خَالِدٌ. ٣۔تُحفَةُ الْمُؤْمِنِ الْمَوْتُ. ٤۔اِشْتَرَيْتُ الْكِتَابَ. ٥۔هَلْ سَمِعْتَ صَوْتًا؟ ٦۔اُنْصُرِ الْفَقِيْرَ. ٧۔بِعْتُ الْقَلَمَ أَمْسِ. ٨۔لَيْتَ خَالِدًا جَاءَ. ٩۔أُقْسِمُ بِاللّٰهِ. ١٠۔رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا. ١١۔لَا تَظْلِمِ النَّاسَ. ١٢۔رَحِمَكَ اللّٰهُ.

......وہ اسماء جو بغیر علامتِ تانیث کے مؤنث استعمال ہوتے ہیں (مؤنثات معنویہ)......

حَرْبٌ (جنگ) كَأْسٌ (پیالہ) فَلَكٌ (آسمان) نَعْلٌ (جوتا) بِئْرٌ (کنواں) نَابٌ (نوکیلا دانت) أَرْنَبٌ (خرگوش) أَرْضٌ (زمین) شَمْسٌ (سورج) يَدٌ (ہاتھ) رِجْلٌ (ٹانگ) أُذُنٌ (کان) عَيْنٌ (آنکھ) خَمْرٌ (شراب) مَرْيَمُ، زَيْنَبُ، هِنْدٌ وغیرہ عورتوں کے نام۔ أُمٌّ، أُخْتٌ، بِنْتٌ، حَائِضٌ، حَامِلٌ، مُرْضِعٌ وغیرہ وہ اسماء جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔ سَعِيْرٌ، جَحِيْمٌ، سَقَرُ وغیرہ جہنم کے نام۔ صَبَا، قَبُوْلٌ، دَبُوْرٌ، جَنُوْبٌ، شَمَالٌ وغیرہ ہواؤں کے نام۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي عشر

حُروفِ جارّہ کا بیان

جوحُروف کسی اسْم پرداخل ہوکراُسے جرّ دیتے ہیں اُنہیں حُروفِ جارّہ یا حروفِ جر کہتے ہیں، یہ سترہ حروف ہیں:

بَا وتَا وکَاف ولَام ووَاو مُنْذُ ومُذْ خَلَا

رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِيْ عَنْ عَلٰى حَتّٰى اِلٰى

اِن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

مِنْ (سے): اَلْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ. حَتّٰى (تک): حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ. اِلٰى (تک،طرف): تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ. عَلٰى (پر): اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ. فِيْ (میں): عُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ. عَنْ (سے): اِجْتَنِبْ عَنِ الْمَعَاصِيْ. بِ (سے): بِسْمِ اللّٰهِ. كَ (طرح): زَيْدٌ كَالْأَسَدِ. لِ (لیے): اَلْمَالُ لِزَيْدٍ. خَلَا، عَدَا، حَاشَا (علاوہ،سوائے): نَامَ الْقَوْمُ حَاشَا زَيْدٍ. مُذْ، مُنْذُ (سے): مَارَأَيْتُهُ مُذْ سَنَةٍ. رُبَّ (کئی،کچھ): رُبَّ عَالِمٍ لَقِيْتُ. وَ، تَ (قسم کے لیے): وَالْعَصْرِ، تَاللّٰهِ.

تنبیہ:

1. حرفِ جراور اُس کے بعد والے اسم کو جار مجرور کہتے ہیں، جار مجرور ہمیشہ فعل یا شبہِ فعل (اسمِ فاعل، اسمِ مفعول، صفتِ مشبہہ، اسمِ تفضیل، مصدر) کے مُتعلِّق ہوتے ہیں اور جس کے متعلّق ہوتے ہیں اُسے مُتعلَّق کہتے ہیں۔

2. جار مجرور کا متعلَّق لفظوں میں موجود ہو تو جار مجرور کو ظرفِ لَغْو کہتے ہیں:

ضَرَبَ زَيْدٌ بِالْخَشَبَةِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اور اگر اِن کا متعلّق لفظوں میں موجود نہ ہو بلکہ محذوف ہوتو اِن کو ظرفِ مُستقَرّ کہتے ہیں: اَلْوَلَدُ فِي الدَّارِ. (اَلْوَلَدُ ثَبَتَ فِي الدَّارِ)

فائدہ:

1. کلام میں اگر کوئی ایسا فعل یا شبہ فعل موجود ہو جس کے متعلّق جار مجرور کو کیا جا سکتا ہو تو اِن کو اُسی کے متعلّق کر دیں گے: قَرَأْتُ الْقُرْآنَ فِي الْبَيْتِ.

2. اور اگر ایسا نہ ہو تو اُس لفظ کے مطابق فعل یا شبہ فعل محذوف مانیں گے جس کے ساتھ جار مجرور کا تعلّق ہے۔

مثلاً جار مجرور اگر خبر کی جگہ واقع ہوں تو فعل یا شبہ فعل مبتدا کے مطابق محذوف مانیں گے: اَلرَّجُلُ (ثَابِتٌ) فِي الدَّارِ، اَلْاِمْرَأَةُ (ثَابِتَةٌ) فِي الدَّارِ.

اور اگر صفت کی جگہ واقع ہوں تو فعل یا شبہ فعل موصوف کے مطابق محذوف مانیں گے: رَأَيْتُ هِلَالًا (ثَابِتًا) فِي السَّحَائِبِ.

تمرین

درج ذیل جملوں میں جار مجرور کا متعلّق پہچانیے۔

۱۔اَلرَّجُلَانِ فِي الدَّارِ. ۲۔اَلسَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِّنَ اللّٰهِ. ۳۔اَلطَّالِبَاتُ فِيْ الْغُرْفَةِ. ۴۔اَلرِّجَالُ فِي الْمَسْجِدِ. ۵۔أَنَا أَتَعَلَّمُ فِيْ جَامِعَةِ الْمَدِيْنَةِ. ۶۔اَلصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ. ۷۔اَلثِّمَارُ عَلَى الشَّجَرَةِ. ۸۔نَظَرْتُ اِلٰى قَمَرٍ فِي السَّحَائِبِ. ۹۔نُهِيَ عَنِ الْاِخْتِصَارِ فِي الصَّلَاةِ. ۱۰۔رَأَيْتُ زَيْدًا عَلَى الْفَرَسِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني عشر

مُعْرَب اور مَبْنِی وغیرہ کا بَیان

معرب اور مبنی:

جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے بدل جائے اُسے مُعْرَب یا اسمِ مُتَمَکِّن کہتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ، رَأَيْتُ زَيْدًا، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ، جَاءَ أَخُوْهُ، رَأَيْتُ أَخَاهُ، مَرَرْتُ بِأَخِيْهِ.

اور جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے نہ بدلے اُسے مبنی یا اسمِ غیر مُتَمَکِّن کہتے ہیں: جَاءَ هٰذَا، رَأَيْتُ هٰذَا، مَرَرْتُ بِهٰذَا.

عامل اور معمول:

جس چیز کی وجہ سے معرب میں فاعل، مفعول یا مُضاف اِلیہ ہونے کی صفَت پیدا ہو اُسے عامِل کہتے ہیں جیسے اوپر کی مثالوں میں جَاءَ، رَأَيْتُ اور باء.

اور جس معرب میں یہ صفت پیدا ہو اُسے معمول کہتے ہیں جیسے مذکورہ مثالوں میں زَيْدٌ اور أَخٌ.

اِعراب:

جس حرَکت یا حرْف سے معرب کا آخر بدلتا ہے اُسے اِعراب کہتے ہیں جیسے مذکورہ بالا مثالوں میں ـٌ ـً ـٍ، واو، الف اور یاء۔

اِعراب کی تقسیم (۱):

معرب کا اعراب کبھی حرکت کے ذریعہ آتا ہے اور کبھی حرف کے ذریعہ اس

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

لحاظ سے اعراب کی دو قسمیں ہیں: ۱۔اعراب بالحرکۃ ۲۔اعراب بالحرف۔

جو اِعراب ضمہ، فتحہ اور کسرہ کی صورت میں ہو اُسے **اِعراب بِالحَرَکۃ** کہتے ہیں لہذا پہلی تین مثالوں میں زَیْد کا اعراب بالحرکۃ ہے۔

اور جو اِعراب واؤ، الف اور یاء کی صورت میں ہو اُسے **اِعراب بِالحَرْف** کہتے ہیں لہذا دوسری تین مثالوں میں أَخ کا اعراب بالحرف ہے۔

اِعراب کی تقسیم (۲):

معرب کا اعراب کبھی پڑھنے میں آتا ہے اور کبھی نہیں آتا، اِس لحاظ سے بھی اعراب کی دو قسمیں ہیں: ۱۔اعراب لفظی ۲۔اعراب تقدیری۔

جو اِعراب پڑھنے میں آئے اُسے **اِعراب لفظی** کہتے ہیں لہذا پہلی تین مثالوں میں زَیْــد کا اعراب بالحرکۃ لفظی ہے اور دوسری تین مثالوں میں أَخٌ کا اعراب بالحرف لفظی ہے۔

اور جو اِعراب پڑھنے میں نہ آئے اُسے **اِعراب تقدیری** کہتے ہیں: جَاءَ فَتًى، رَأَيْتُ فَتًى، مَرَرْتُ بِفَتًى. جَاءَ أَبُو الْقَوْمِ، رَأَيْتُ أَبَا الْقَوْمِ، مَرَرْتُ بِأَبِي الْقَوْمِ.

(اِن میں پہلی تین مثالوں میں فَتًى کا اعراب بالحرکۃ تقدیری ہے اور دوسری تین مثالوں میں أَبٌ کا اعراب بالحرف تقدیری ہے)

عامل کی اَقسام:

جو عامل پڑھنے میں آئے اُسے **عامل لفظی** کہتے ہیں جیسے اوپر کی مثالوں میں اور جو عامل پڑھنے میں نہ آئے اُسے **عامل معنوی** کہتے ہیں جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ میں۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فائدہ:

صرف تین چیزوں کا عامل معنوی ہوتا ہے: ا۔مبتدا ۲۔مبتدا کی خبر ۳۔فعل مضارع مرفوع۔ اِن کے علاوہ باقی تمام معمولات کا عامل لفظی ہوتا ہے۔

تمرین (1)

س:1. معرب اور مبنی کسے کہتے ہیں؟ س:2. عامل اور معمول کسے کہتے ہیں؟ س:3. اِعراب بالحرکۃ اور اِعراب بالحرف کسے کہتے ہیں؟ س:4. اِعراب لفظی اور اِعراب تقدیری کسے کہتے ہیں؟ س:5. عامل لفظی اور عامل معنوی کسے کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. ضمہ، فتحہ اور کسرہ ہی کو اِعراب کہتے ہیں۔ 2. جو اِعراب نظر آئے اُسے اِعراب لفظی کہتے ہیں۔ 3. فعل مضارع کا عامل معنوی ہوتا ہے۔ 4. خبر کا عامل معنوی ہوتا ہے۔

تمرین (3)

درج ذیل جملوں میں ہر ہر اسم کے بارے میں بتایئے کہ اُس میں اِعراب بالحرکۃ ہے یا اِعراب بالحرف، نیز اس کا عامل لفظی ہے یا معنوی۔

ا۔اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ. ۲۔ذَهَبَ غُلَامٌ. ۳۔جَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ. ۴۔طَلَعَ وَلَدٌ جَبَلًا. ۵۔نَظَرَ زَيْدٌ اِلٰى فَقِيْرٍ. ۶۔شَرِبَ طِفْلٌ مَاءً بِكُوْبٍ. ۷۔جَلَسَ خَالِدٌ عَلَى الْحَصِيْرِ. ۸۔سَرٰى خَالِدٌ اِلَى الْمَدِيْنَةِ. ۹۔صَامَ رَجُلَانِ. ۱۰۔نَاصِرٌ عَالِمٌ. ۱۱۔كَتَبَ وَلَدٌ. ۱۲۔سَلَّمَ زَيْدٌ عَلٰى أَبِيْ خَالِدٍ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث عشر

مُعْرَب اور مَبْنی کی اَقسام

کل چھ قسم کے الفاظ مبنی ہوتے ہیں:

1. فعلِ ماضی: نَصَرَ، ذَهَبَ. 2. امر حاضر معروف: اُنْصُرْ، اِذْهَبْ.

3. تمام حروف: مِنْ، اِنَّ، لَا. 4. جملہ: بَكْرٌ قَائِمٌ، جَلَسَ خَالِدٌ.

5. اسمِ غیر متمکّن: هُوَ، هٰذَا. 6. وہ فعلِ مضارع جس کے آخر میں نونِ ضمیر یا نونِ تاکید ہو: يَضْرِبْنَ، لَيَضْرِبَنْ، لَيَضْرِبَنَّ. (پہلے تینوں مبنی کو مبنی الاصل کہتے ہیں اور اسمِ غیر متمکّن کو مشابہ مبنی الاصل کہتے ہیں)

اور صرف دو قسم کے الفاظ معرب ہوتے ہیں: 1. اسمِ متمکّن: زَيْدٌ، رَجُلٌ.

2. وہ فعلِ مضارع جو نونِ ضمیر اور نونِ تاکید سے خالی ہو: يَنْصُرُ، تَنْصُرِيْنَ.

اسم غیر متمکّن کی اَقسام:

اسمِ غیر متمکن (مشابہ مبنی الاصل) کی کئی اَقسام ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں:

1. اسمِ ضمیر: أَنَا، أَنْتَ، هُوَ. 2. اسمِ اِشارہ: هٰذَا، ذَالِكَ.

3. اسمِ موصول: اَلَّذِيْ، اَلَّتِيْ. 4. اسمِ استفہام: أَيْنَ، مَتٰى.

5. اسمِ شرط: مَنْ، مَا. 6. اسمِ ظرف: اِذْ، اِذَا.

7. اسمِ کنایہ: كَمْ، كَذَا. 8. اسمِ فعل: هَيْهَاتَ، حَيَّ (٢).

تنبیه:

اسمِ غیر متمکن کے علاوہ تمام اَسماء متمکن (معرب) ہوتے ہیں۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. کل کتنے اور کون کونسے الفاظ مبنی ہوتے ہیں؟ س:2. کل کتنے اور کون کونسے الفاظ معرب ہوتے ہیں؟ س:3. اسمِ غیر متمکن کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:4. اسمِ متمکن کسے کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. مبنی کل تین الفاظ ہوتے ہیں۔ 2. فعل ماضی اور اسم متمکن معرب ہوتے ہیں۔ 3. کچھ حروف معرب ہوتے ہیں۔ 4. جس مضارع کے آخر میں نون ہو وہ مبنی ہوتا ہے۔ 5. اسمِ غیر متمکن کی صرف آٹھ قسمیں ہیں۔

تمرین (3)

(الف) معرب اور مبنی الفاظ الگ الگ کیجیے۔

١۔نَصَرُوْا. ٢۔هُمْ. ٣۔اَلَّذِيْنَ. ٤۔مَسَاجِدُ. ٥۔كَذَا. ٦۔صَامَا.
٧۔رِجَالٌ. ٨۔اِمِيْنَ. ٩۔صَوْتٌ. ١٠۔ذَهَبْنَ. ١١۔لَيَسْمَعَنَّ. ١٢۔ظَبْيٌ،
١٣۔اِجْلِسْ. ١٤۔تَنْظُرْنَ. ١٥۔تَأْكُلِيْنَ. ١٦۔سَمِعَ. ١٧۔تَنْصُرُ.
١٨۔أُولٰئِكَ. ١٩۔تَفِرُّوْنَ. ٢٠۔هِيَ. ٢١۔قَلَمَانِ. ٢٢۔هٰذَانِ.

(ب) اسمِ متمکن اور اسمِ غیر متمکن میں تمیز کیجیے۔

١۔أَحْمَدُ. ٢۔هُمَا. ٣۔دَلْوٌ. ٤۔كُتُبٌ. ٥۔كَمْ. ٦۔مَصَابِيْحُ.
٧۔نِسَاءٌ. ٨۔هٰذَانِ. ٩۔رَجُلَانِ. ١٠۔اَلْقَاضِيْ. ١١۔مُؤْمِنُوْنَ.
١٢۔أَنْتُمَا. ١٣۔مُسْلِمَاتٌ. ١٤۔مُوْسٰى. ١٥۔غُلَامِيْ. ١٦۔رِجَالٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع عشر

ضمائر کا بیان

جو اسم متکلم، مخاطَب یا غائب پر دلالت کرے اُسے ضمیر کہتے ہیں۔ ضمیر کی پانچ قسمیں ہیں:

1. ضمیر مرفوع متصل:

یہ ضمیریں چودہ ہیں: نَصَرَ نَصَرَا نَصَرُوْا، نَصَرَتْ نَصَرَتَا نَصَرْنَ، نَصَرْتَ نَصَرْتُمَا نَصَرْتُمْ، نَصَرْتِ نَصَرْتُمَا نَصَرْتُنَّ، نَصَرْتُ نَصَرْنَا۔

2. ضمیر مرفوع منفصل:

یہ بھی چودہ ہیں: هُوَ هُمَا هُمْ، هِيَ هُمَا هُنَّ، أَنْتَ أَنْتُمَا أَنْتُمْ، أَنْتِ أَنْتُمَا أَنْتُنَّ، أَنَا نَحْنُ۔

3. ضمیر منصوب متصل:

یہ بھی چودہ ہیں، یہ کبھی فعل سے متصل ہوتی ہیں: نَصَرَهُ نَصَرَهُمَا نَصَرَهُمْ، نَصَرَهَا نَصَرَهُمَا نَصَرَهُنَّ، نَصَرَكَ نَصَرَكُمَا نَصَرَكُمْ، نَصَرَكِ نَصَرَكُمَا نَصَرَكُنَّ، نَصَرَنِي نَصَرَنَا۔

اور کبھی حرفِ مشبہ بالفعل سے: اِنَّهُ اِنَّهُمَا اِنَّهُمْ، اِنَّهَا اِنَّهُمَا اِنَّهُنَّ، اِنَّكَ اِنَّكُمَا اِنَّكُمْ، اِنَّكِ اِنَّكُمَا اِنَّكُنَّ، اِنَّنِي اِنَّنَا یا اِنِّيْ اِنَّا۔

4. ضمیر منصوب منفصل:

یہ بھی چودہ ہیں: اِيَّاهُ اِيَّاهُمَا اِيَّاهُمْ، اِيَّاهَا اِيَّاهُمَا اِيَّاهُنَّ، اِيَّاكَ اِيَّاكُمَا اِيَّاكُمْ، اِيَّاكِ اِيَّاكُمَا اِيَّاكُنَّ، اِيَّايَ اِيَّانَا۔

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

5.ضمیر مجرور متصل:

یہ بھی چودہ ہیں اور یہ کبھی اسْم سے متصل ہوتی ہیں: وَلَدُہٗ وَلَدُھُمَا وَلَدُھُمْ، وَلَدُھَا وَلَدُھُمَا وَلَدُھُنَّ، وَلَدُکَ وَلَدُکُمَا وَلَدُکُمْ، وَلَدُکِ وَلَدُکُمَا وَلَدُکُنَّ، وَلَدِيْ وَلَدُنَا.

اور کبھی حرفِ جر سے: لَہٗ لَھُمَا لَھُمْ، لَھَا لَھُمَا لَھُنَّ، لَکَ لَکُمَا لَکُمْ، لَکِ لَکُمَا لَکُنَّ، لِيْ لَنَا.

تنبیہ:

مضارع، امر اور نہی کے تین، تین صیغوں (واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم) میں ضمیر وجوبًا پوشیدہ ہوتی ہے (۷) نیز اِن تینوں فعلوں کے اور فعل ماضی کے دو، دو صیغوں (واحد مذکر غائب اور واحد مؤنث غائب) میں ضمیر جوازًا پوشیدہ ہوتی ہے اِن سب پوشیدہ ضمیروں کو ضمیر مرفوع مُتَّصِل مُستَتِر کہتے ہیں۔

مذکورہ تینوں فعلوں کے باقی نو، نو صیغوں اور فعل ماضی کے باقی بارہ صیغوں میں ضمیر ہمیشہ ظاہر ہوتی ہے اِن سب ضمیروں کو ضمیر مرفوع مُتَّصِل بارِز کہتے ہیں۔

تمرین (1)

س:1. ضمیر کی کتنی اور کون کونسی اَقسام ہیں؟ س:2. ضمیر منصوب متصل اور مجرور متصل کس کس چیز سے متصل ہوتی ہے؟ س:3. ضمیر کن کن صیغوں میں وجوباً پوشیدہ ہوتی ہے اور کن کن صیغوں میں جوازاً پوشیدہ ہوتی ہے؟ س:4. کن کن صیغوں میں ضمیر ہمیشہ ظاہر ہوتی ہے؟

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. ضمیر منصوب متصل کبھی اسم سے متصل ہوتی ہیں۔ 2. ضمیر مجرور متصل کبھی فعل سے متصل ہوتی ہے۔ 3. کل ضمیریں 65 ہیں۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل الفاظ میں ضمائر کی اَقسامِ خمسہ کی شناخت فرمایئے۔

۱۔اِنَّكُمْ. ۲۔عَلَيْهِ. ۳۔رَجَعْنَا. ۴۔اِلَيْكُمَا. ۵۔أَنْتُمْ. ۶۔اِنَّكَ.

۷۔اِيَّاكُمْ. ۸۔لَهُنَّ. ۹۔دَعَاكُمَا. ۱۰۔اِنَّهُ. ۱۱۔أَنْتُنَّ. ۱۲۔غَسَلَ.

۱۳۔بِيْ. ۱۴۔فِيْنَا. ۱۵۔اِنَّنِيْ. ۱۶۔رَأَيْتُمْ. ۱۷۔اِيَّانَا. ۱۸۔هُوَ.

۱۹۔دَارُهُمْ. ۲۰۔اِنَّا. ۲۱۔دَرْسِيْ. ۲۲۔ذَهَبْتُنَّ. ۲۳۔غُصْنُهَا. ۲۴۔اِيَّاهُ.

۲۵۔نَصَرَهُنَّ. ۲۶۔اِيَّاكَ. ۲۷۔جَاءَ. ۲۸۔فَتَحَهُ. ۲۹۔أَتَيْنَ. ۳۰۔هُنَّ.

(ب) درجِ ذیل الفاظ میں ضمیر بارِز اور مستتر کی شناخت فرمایئے نیز ضمیر مستتر کے بارے میں یہ بھی بتایئے کہ وُجوبًا مستتر ہے یا جوازًا۔

۱۔تَقْرَءُ. ۲۔كَرُمْنَ. ۳۔نَزَلَ. ۴۔سَئَلْتُمْ. ۵۔اِفْتَحْ. ۶۔أَسْمَعُ.

۷۔جَاءَتْ. ۸۔وَصَلُوْا. ۹۔سِرْتُ. ۱۰۔لِيَقْبَلُوْا. ۱۱۔نَحْفَظُ.

۱۲۔ذَهَبَا. ۱۳۔يَأْكُلْنَ. ۱۴۔لِأَذْهَبُ. ۱۵۔سَمِعْتُمَا. ۱۶۔تَدْرُسُ.

۱۷۔لِنَنْصُرْ. ۱۸۔قُلْتُنَّ. ۱۹۔يَحْسَبَانِ. ۲۰۔لَا تَكْذِبْ. ۲۱۔نَصَرَتَا.

۲۲۔حَفِظْتَ. ۲۳۔أَفْهَمُ. ۲۴۔اِقْبَلُوْا. ۲۵۔نَسِيْنَا. ۲۶۔تَنْظُرُوْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخامس عشر

اَسمائے اِشارہ کا بَیان

جو اِسْم مُبْصَر (نظر آنے والی) چیز کی طرف اِشارے کے لیے وضع کیا گیا ہو اُسے اسمِ اِشارہ کہتے ہیں: هٰذَا، ذٰلِکَ وغیرہ۔

اور جس چیز کی طرف اسمِ اشارہ سے اِشارہ کیا جائے اُسے مُشَارٌ اِلَیْہِ کہتے ہیں: هٰذَا الْقَلَمُ، ذٰلِکَ الْکِتَابُ.

اسم اِشارہ کی اقسام:

اسمِ اِشارہ کی دو قسمیں ہیں:

۱۔اسمِ اشارہ للقریب: یعنی وہ اسمِ اشارہ جسے مشار الیہ قریب کے لیے وضع کیا گیا ہے۔جیسے: هٰذَا، هٰذِهٖ وغیرہ۔

۲۔اسمِ اشارہ للبعید: یعنی وہ اسمِ اِشارہ جسے مشار الیہ بعید کے لیے وضع کیا گیا ہے۔جیسے: ذٰلِکَ، تِلْکَ وغیرہ۔

اسمائے اِشارہ للقریب درجِ ذیل ہیں، اِن کے ذریعہ مشار الیہ قریب کی طرف اِشارہ کیا جائے گا:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر:	ذَا، هٰذَا	ذَانِ، ذَیْنِ، هٰذَانِ، هٰذَیْنِ	أُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ
مؤنث:	تَا، هٰذِهٖ	تَانِ، تَیْنِ، هَاتَانِ، هَاتَیْنِ	أُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ

اسمائے اِشارہ للبعید درجِ ذیل ہیں، اِن کے ذریعہ مشار الیہ بعید کی طرف

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اِشارہ کیا جائے گا:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر:	ذَاکَ، ذَالِکَ	ذَانِکَ، ذَیْنِکَ	أُولٰئِکَ
مؤنث:	تَاکَ، تِلْکَ	تَانِکَ، تَیْنِکَ	أُولٰئِکَ

قواعد وفوائد:

1. اسمِ اِشارہ اورمشارٌ اِلیہ کا مذکر، مؤنث، واحد، مثنّٰی اور مجموع ہونے میں برابر ہونا ضروری ہے: ھٰذَا الْقَلَمُ، ھٰذِہِ الْکُرَّاسَۃُ.

2. غیر عاقل کی جمع کی طرف اِشارے کے لیے اسمِ اِشارہ واحد مؤنث لایا جاتا ہے: ھٰذِہِ الْعُلُوْمُ، تِلْکَ الْکُرَّاسَاتُ.

3. ھُنَا، ھٰھُنَا (یہاں) قریب جگہ کی طرف اِشارے کے لیے ہیں: ھُنَا خَزَائِنُ الْعِلْمِ (یہاں علم کے خزانے ہیں) ھٰھُنَا جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَۃِ (یہاں جامعۃ المدینہ ہے)

4. ثَمَّ، ھُنَاکَ، ھُنَالِکَ (وہاں) بعید جگہ کی طرف اِشارے کے لیے ہیں: ھُنَالِکَ الزَّلَازِلُ (وہاں زلزلے ہیں)، ثَمَّ شَيْءٌ (وہاں کوئی چیز ہے)

5. ذَالِکَ وغیرہ میں کاف حرفِ خطاب ہے لہٰذا یہ مخاطَب کے مطابق ہوگا مثلاً دور رکھی ہوئی کتاب کی طرف اشارہ کرنا ہو اور مخاطَب مذکر ہو تو کہا جائے گا: ذَالِکَ الْکِتَابُ. اور مخاطَب مؤنث ہو تو کہا جائے گا: ذَالِکِ الْکِتَابُ.

اسی طرح مخاطب تثنیہ ہو تو کہا جائے گا: ذَالِکُمَا الْکِتَابُ. اور جمع مذکر ہو تو کہا جائے گا: ذَالِکُمُ الْکِتَابُ اور جمع مؤنث ہو تو کہا جائے گا: ذٰلِکُنَّ الْکِتَابُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. اسمِ اِشارہ اور مشارٌ اِلیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. مشار اِلیہ قریب کی طرف اشارے کے لیے کون کونسے اَسماء ہیں؟ س:3. مشار اِلیہ بعید کے لیے کون کونسے اَسماء ہیں؟ س:4. قریب اور بعید جگہ کی طرف اِشارے کے لیے کون کونسے اَسماء ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جس کی طرف اِشارہ کیا جائے اُسے مشاراَلیہ کہتے ہیں۔ 2۔ ھُنَالِکَ اور ھٰھُنَا قریب جگہ کے لیے آتے ہیں۔ 3. اسم اِشارہ کے آخر میں آنے والا کاف ضمیر ہوتا ہے اور مخاطب کے مطابق ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) اسمِ اشارہ للقریب، اسمِ اشارہ للبعید اور اسمِ اشارہ للمکان الگ کیجیے۔

۱۔ذَالِکَ. ۲۔ھٰذِہٖ. ۳۔ھٰھُنَا. ۴۔اُولَاءِ. ۵۔ھُنَالِکَ. ۶۔ھٰٓؤُلَاءِ.

۷۔تِلْکَ. ۸۔ثَمَّ. ۹۔تَانِکَ. ۱۰۔اُولٰئِکَ. ۱۱۔ھَاتَانِ. ۱۲۔ھٰذَانِ.

(ب) درجِ ذیل اَسماء سے پہلے اسمِ اِشارہ للقریب اور للبعید دونوں لگایئے۔

۱۔رَجُلٌ. ۲۔بِنْتٌ. ۳۔کُتُبٌ. ۴۔قَلَمَانِ. ۵۔جَنَّتَانِ. ۶۔تُفَّاحٌ.

۷۔اَرْضُوْنَ. ۸۔دَارٌ. ۹۔مُسْلِمَاتٌ. ۱۰۔مُسْلِمُوْنَ. ۱۱۔وَرَقَاتٌ.

(ج) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔ھٰذَا نَارٌ. ۲۔تَاکَ خَلِیْفَةٌ. ۳۔ذَالِکَ ھِنْدٌ. ۴۔ذَانِکَ دَارَانِ.

۵۔ھٰذَانِ جِیْرَانٌ. ۶۔ھٰذَا اَنْھَارٌ. ۷۔تَا کِتَابٌ. ۸۔ھٰذِہٖ دِیْکٌ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس عشر

اَسمائے موصولہ کا بَیان

جو اِسم بعد والے جملے سے مل کر کلام کا جُزء بنے اُسے اسمِ موصول کہتے ہیں اور اسمِ موصول کے بعد والے جملے کو صِلَہ کہتے ہیں: جَاءَ الَّذِيْ نَصَرَ.

اَسمائے موصوله یه هیں:

	واحد	تثنیه	جمع
مذکر:	اَلَّذِيْ	اَللَّذَان، اَلَّذَيْنِ	اَلَّذِيْنَ، اَلْأُلٰى
مؤنث:	اَلَّتِيْ	اَللَّتَانِ ، اَللَّتَيْنِ	اَللاَّتِيْ، اَللَّوَاتِيْ

تنبیه:

مَنْ اور مَا بھی اسمِ موصول ہیں اور یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے ہیں: أَكْرَمْتُ مَنْ جَاءَهُ وَنِيْ، اِشْتَرَى زَيْدٌ مَا اشْتَرَاهُ بَكْرٌ.

اِسی طرح أَيٌّ اور أَيَّةٌ بھی اسمِ موصول ہیں لیکن أَيٌّ مذکر کے لیے اور أَيَّةٌ مؤنث کے لیے ہے: جَاءَ أَيُّهُمْ هُوَ عَالِمٌ، جَائَتْ أَيَّتُهُنَّ هِيَ عَالِمَةٌ.

قواعد وفوائد:

1. صِلہ ہمیشہ جملہ ہوتا ہے اور اُس میں موصول کے مطابق ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے جسے عائد کہتے ہیں، عائد اگر صِلہ کے شروع میں ہو تو اُسے صدرِ صلہ کہتے ہیں۔

2. أَيٌّ اور أَيَّةٌ معرب ہیں مگر جب یہ مضاف ہوں اور ان کا صدرِ صلہ محذوف ہو تو اِن کو مبنی بر ضم پڑھنا بھی جائز ہے: رَأَيْتُ أَيُّهُمْ عَالِمٌ، مَرَرْتُ بِأَيُّهُمْ عَالِمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

3. اسمِ موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، فاعل، نائب فاعل، مفعول، مبتدا، خبر اور مضاف اِلیہ وغیرہ بنتا ہے: فَازَ الْوَلَدُ الَّذِيْ اِجْتَهَدَ، جَائَتِ الَّتِيْ فَازَتْ، أُكْرِمَ الَّذِيْنَ جَاءُوْا، نَصَرْتُ الَّذِيْ هُوَ مَظْلُوْمٌ، الَّذِيْ هُوَ شَاعِرٌ خَالِدٌ.

تمرین (1)

س:1. اسْمِ موصول اور صلہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. اَسمائے موصولہ کون کونسے ہیں؟ س:3. صلہ میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. اسْمِ موصول صلہ سے مِلکر کلام بنتا ہے۔ 2. اسم کے بعد والے جملہ کو صِلَہ کہتے ہیں۔ 3. صلہ ہمیشہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے۔ 4. صِلہ کی ضمیر کو صدرِ صلہ کہتے ہیں۔

تمرین (3)

(الف) خالی جگہوں میں مناسب اسمِ موصول لگایئے۔

١۔فَازَ الطُّلَّابُ.......سَعَوْا. ٢۔نَصَرْتُ.....جَاءَ. ٣۔.....يَدْرُسُ عَالِمٌ. ٤۔ اَلابْنَةُ.......ذَهَبَتْ صَالِحَةٌ. ٥۔قَامَ........هُمْ صَائِمُوْنَ. ٦۔........يَأْتِيْنَ مُعَلِّمَاتٌ. ٧۔جَاءَ........حَفِظَا الْقُرْآنَ.

(ب) اسمِ موصول یا صلہ میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

١۔نَصَرْتُ الَّذِيْنَ فَقِيْرُوْنَ. ٢۔اَللَّذَانِ قَامَ حَافِظَانِ. ٣۔جَاءَ الَّذِيْ أَبُوْهَا عَالِمٌ. ٤۔نَجَحَتِ الَّتِيْ اجْتَهَدَ. ٥۔صَامَتِ اللَّوَاتِيْ مُتَعَلِّمَاتٌ. ٦۔اَلْبِنْتَانِ اللَّذَانِ ذَهَبَتَا أُخْتَايَ. ٧۔أَكْرَمْتُ الَّذِيْ جَاءَ غُلَامُهَا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السابع عشر

اَسمائے اِستفہام کا بیان

جس اسم کے ذریعہ کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے اُسے اسمِ استفہام کہتے ہیں: كَيۡفَ حَالُكَ؟ أَيۡنَ تَذۡهَبُ؟ اسمائے استفہام درج ذیل ہیں:

١۔ مَنۡ (کون): مَنۡ جَاءَ؟ ٢۔ مَا (کیا): مَا بِيَدِكَ؟

٣۔ أَيٌّ (کونسا): أَيُّ رَجُلٍ جَاءَ؟ ٤۔ أَيَّةٌ (کونسی): أَيَّةُ مَرۡأَةٍ قَامَتۡ؟

٥۔ مَاذَا (کیا): مَاذَا فِيۡ جَيۡبِكَ؟ ٦۔ كَمۡ (کتنی، کتنے): كَمۡ كِتَابًا لَهٗ؟

٧۔ كَيۡفَ (کیسا): كَيۡفَ أَنۡتَ؟ ٨۔ مَتٰى (کب): مَتٰى تَذۡهَبُ؟

٩۔ أَيۡنَ (کہاں): أَيۡنَ زَيۡدٌ؟ ١٠۔ أَيَّانَ (کب): أَيَّانَ يَوۡمُ الدِّيۡنِ؟

١١۔ أَنّٰى (کہاں، کیسے): أَنّٰى تَجۡلِسُ؟ أَنّٰى تَفُوۡزُ وَلَمۡ تَجۡتَهِدۡ!

قواعد وفوائد:

1. اسم استفہام کے بعد ایسا فعل ہو جو اُس میں عمل کر رہا ہو تو اسم استفہام محلًّا منصوب کہلائے گا: كَمۡ يَوۡمًا سِرۡتَ؟ كَمۡ سَارِقًا أَخَذۡتَ؟ مَاذَا رَأَيۡتَ؟

2. اسم استفہام سے پہلے حرفِ جر یا مضاف آ جائے تو اسم استفہام محلًّا مجرور کہلائے گا: بِمَنۡ مَرَرۡتَ؟ غُلَامَ مَنۡ نَصَرۡتَ؟

3. اگر مذکورہ دونوں صورتیں نہ ہوں تو اسم استفہام محلًّا مرفوع کہلائے گا: كَيۡفَ زَيۡدٌ؟ مَتٰى سَفَرُكَ؟ مَا رَأَيۡتَهٗ؟ مَنۡ نَصَرۡتَهٗ؟

4. خیال رہے کہ أَيٌّ اور أَيَّةٌ معرب ہیں لہذا اِن کا اعراب لفظًا آئے گا۔

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تنبیہ:

ہمزہ مفتوحہ (أَ) اور ھَلْ کے ذریعے بھی کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے: أَجَاءَ خَالِدٌ؟ أَبَكْرٌ عَالِمٌ؟ هَلْ حَفِظْتَ الدَّرْسَ؟ هَلِ الْوَلَدُ قَائِمٌ؟ مگر یہ دونوں حروف ہیں لہذا انہیں حروفِ استفہام کہتے ہیں۔

تمرین (1)

س:1. اسمِ استفہام کسے کہتے ہیں اور اسمائے استفہام کل کتنے اور کون کونسے ہیں؟ س:2. اسمِ استفہام کا اعراب کس صورت میں کیا ہوتا ہے۔ س:3. حروفِ استفہام کتنے اور کون کونسے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جس حرف سے سوال کیا جائے اُسے اسمِ استفہام کہتے ہیں۔ 2. اسمِ استفہام کے بعد فعل ہو تو اسمِ استفہام محلًّا منصوب کہلائے گا۔ 3. حروفِ استفہام تین ہیں۔

تمرین (3)

درج ذیل جملوں میں اسمائے استفہام کا اعراب بیان کیجیے۔

١۔مَاذَا قُلْتَ؟ ٢۔أَيْنَ قَلَمِيْ؟ ٣۔أَيَّانَ يَوْمُ السَّاعَةِ؟ ٤۔مَتٰى جَاءَ خَالِدٌ؟
٥۔كَيْفَ الْمَرِيْضُ؟ ٦۔أَيُّ وَلَدٍ فَازَ فِي الْاِمْتِحَانِ؟ ٧۔كَمْ عَالِمًا زُرْتَ؟
٨۔مَنْ ضَرَبْتَهُ بِالْعَصٰى؟ ٩۔أَيْنَ تَذْهَبُ مَاشِيًا؟ ١٠۔قَدَمُ أَيَّةِ ابْنَةٍ زَلَّتْ؟
١١۔أَنّٰى غَابَ التِّلْمِيْذُ؟ ١٢۔مَنْ ذَهَبَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ؟

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن عشر

اسمائے شرط کا بیان

جو اسم دو جملوں پر داخل ہو کر یہ ظاہر کرے کہ پہلا جملہ دوسرے کا سبب ہے اُسے اسمِ شرط کہتے ہیں۔ اسمائے شرط درجِ ذیل ہیں:

۱۔مَنْ (جو): مَنْ صَمَتَ فَقَدْ نَجا. ۲۔مَا (جو): مَا تَزْرَعْ تَحْصُدْ.

۳۔اَيٌّ(۸) (جو): أَيًّا تَضْرِبْ أَضْرِبْ. ۴۔مَتٰی، مَتٰی مَا (جب): مَتٰی تَقُمْ أَقُمْ.

۵۔اَيْنَ، أَيْنَمَا (جہاں): أَيْنَ تَقُمْ أَقُمْ. ۶۔اِذْمَا (جب): اِذْمَا تَمْشِ أَمْشِ.

۷۔اِذَا، اِذَامَا (جب): اِذَامَا تَقْرَءْ أَقْرَءْ. ۸۔كَيْفَمَا (جس طرح) كَيْفَمَا تَقُمْ أَقُمْ.

۹۔مَهْمَا (جب بھی): مَهْمَا تَأْتِنِي آتِكَ. ۱۰۔أَنّٰی (جہاں): أَنّٰی تَذْهَبْ أَذْهَبْ.

۱۱۔حَيْثُمَا (جہاں): حَيْثُمَا تَجْلِسْ أَجْلِسْ.

قواعد وفوائد:

1. اسم شرط کا اعراب بھی اسم استفہام کی طرح ہوتا ہے یعنی: اس کے بعد ایسا فعل ہو جو اس میں عامل ہو تو یہ محلًّا منصوب کہلائے گا: مَا تَفْعَلْ تُسْئَلْ عَنْهُ. اور اگر اس سے پہلے حرفِ جر یا مضاف ہو تو یہ محلًّا مجرور کہلائے گا: بِمَنْ تَمُرُّ أَمُرُّ. اور اگر یہ دونوں صورتیں نہ ہوں تو یہ محلًّا مرفوع کہلائے گا: مَنْ جَدَّ وَجَدَ.

2. حرفِ شرط اِنْ اور تمام اسمائے شرط، شرط و جزاء کو جزم دیتے ہیں البتہ اِذَا اور كَيْفَمَا کا اِن کو جزم دینا شاذ (قلیل) ہے۔

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تنبیہ:

اِنْ، لَوْ اوراَمَّا بھی شرط کے لیے آتے ہیں: اِنْ تَنْصُرْ أَنْصُرْ، لَوِ اجْتَهَدْتَّ لَفُزْتَ. مگر یہ تینوں حروف ہیں لہذا انہیں حروفِ شرط کہتے ہیں۔

تمرین (1)

س:1. اسمِ شرط کسے کہتے ہیں اور یہ کون کونسے ہیں؟ س:2. اسمِ شرط کا اعراب بیان کیجیے۔ س:3. حروفِ شرط کتنے اور کون کونسے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

1. جولفظ دو جملوں پر داخل ہو اُسے اسمِ شرط کہتے ہیں۔ 2. تمام اسمائے شرط شرط وجزاء کو جزم دیتے ہیں۔ 3. مَنْ، لَوْ، اِذَا، اِنْ وغیرہ اسمائے شرط ہیں۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں اسمائے شرط کا اعراب بیان کیجیے۔

١۔اِذَامَا تَجْتَهِدْ تَفُزْ. ٢۔أَيْنَمَا تَذْهَبْ أَذْهَبْ. ٣۔مَا تَصْنَعْ أَصْنَعْ.

٤۔حَيْثُمَا تَقْعُدْ أَقْعُدْ. ٥۔مَنْ نَصَرَ نُصِرَ. ٦۔مَهْمَا تَأْتِنِيْ آتِكَ.

٧۔مَنْ يُكْرِمْ يُكْرَمْ. ٨۔مَتٰى تَصُمْ أَصُمْ. ٩۔أَيَّ عِلْمٍ تَحْصُلْ أَحْصُلْ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

١۔مَهْمَا تَدْرُسْ أَدْرُسْ. ٢۔اِذَامَا تَسْعٰى تَنْجُ. ٣۔اِنْ تَقْرَئِيْنَ تَفُوْزِيْنَ.

٤۔اِذْمَا تَرْضٰى أَرْضٰى. ٥۔مَتٰى تُسْلِمُ تَنْجَحُ. ٦۔أَيَّ رَجُلٍ تَدْعُوْ أَدْعُوْ.

٧۔مَا تَسْمَعُ تَقُوْلُ. ٨۔مَنْ يَظْلِمُوْنَ يُظْلَمُوْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع عشر

اَسمائے ظُرُوف کا بیان

جواسْم وقت یا جگہ ظاہر کرے اُسے اسمِ ظرْف کہتے ہیں: مَتٰی، أَیْنَ.

اسمِ ظرف کی تقسیم (۱):

وقت یا جگہ ظاہر کرنے کے لحاظ سے اسمِ ظرف کی دو قسمیں ہیں: ا۔ظرفِ زمان ۲۔ظرفِ مکان۔

جواسمِ ظرف وقت ظاہر کرے اُسے ظرْفِ زمان کہتے ہیں: مَتٰی، بَعْدُ. اور جواسمِ ظرف جگہ ظاہر کرے اُسے ظرْفِ مکان کہتے ہیں: أَیْنَ، تَحْتُ.

اسمِ ظرف کی تقسیم (۲):

معرب اور مبنی ہونے کے لحاظ سے بھی اسمِ ظرف کی دو قسمیں ہیں: ا۔معرب ۲۔مبنی۔

ا۔جس اسمِ ظرف کا آخر بدلتا رہتا ہے اُسے معرب کہتے ہیں: لَیْلٌ، مَدِیْنَةٌ.

۲۔جس اسمِ ظرف کا آخر تبدیل نہیں ہوتا اُسے مبنی کہتے ہیں: متٰی، أَیْنَ.

ظروفِ مبنیّہ درجِ ذیل ہیں:

ا۔اِذْ(جب): اِذْ أَکْرَمْتُ خَالِدًا. ۲۔مُذْ(سے): مَارَأَیْتُهُ مُذْ أَمْسِ.

۳۔مُنْذُ(سے): مَارَأَیْتُهُ مُنْذُ سَنَةٍ. ۴۔لَدٰی(پاس): اَلْقَلَمُ لَدٰی زَیْدٍ.

۵۔لَدُنْ(پاس): اَلْقَلَمُ لَدُنْکَ. ۶۔أَمْسِ[9] (گزشتہ کل): جِئْتُ أَمْسِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

۷۔قَطُّ (کبھی ماضی): لَمْ أَرَهُ قَطُّ. ۸۔عَوْضُ (کبھی مستقبل): لَاأَرَاهُ عَوْضُ.

۹۔أَيَّانَ (کب): أَيَّانَ السَّاعَةُ؟ ۱۰۔إِذَا (جب): كُلْ إِذَا جُعْتَ.

۱۱۔كَيْفَ (کیسا): كَيْفَ زَيْدٌ؟ ۱۲۔مَتٰى (کب): مَتَى الذَّهَابُ؟

۱۳۔أَيْنَ (کہاں): أَيْنَ خَالِدٌ؟ ۱۴۔أَنّٰى (کہاں): أَنّٰى مَلِكٌ؟

۱۵۔حَيْثُ (جہاں): اِجْلِسْ حَيْثُ الْمَنْظَرُ جَمِيْلٌ.

ظروفِ معربہ:

ظروفِ معربہ کئی ہیں لیکن اُن میں سے قَبْلُ، بَعْدُ، تَحْتُ، فَوْقُ وغیرہ اگر مضاف ہوں اور ان کا مضاف اِلیہ مذکور نہ ہو تو یہ مبنی ہونگے: زَيْدٌ فَوْقُ.

اور اگر یہ مضاف نہ ہوں یا مضاف تو ہوں مگر ان کا مضاف اِلیہ بھی مذکور ہو تو یہ معرب ہوں گے: جِئْتُ قَبْلًا، جِئْتُ قَبْلَ خَالِدٍ.

قواعد وفوائد:

1. لَاغَيْرُ اور لَيْسَ غَيْرُ مبنی علی الضم ہوتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ لَاغَيْرُ يَا لَيْسَ غَيْرُ، اِسی طرح حَسْبُ بھی جبکہ یہ ان دونوں کے معنی میں ہو: جَاءَ بَكْرٌ فَحَسْبُ.

2. جو اسمِ ظرف معرب کسی جملے کی طرف یا لفظِ اِذْ کی طرف مضاف ہو اُسے مبنی علی الفتح پڑھنا جائز ہے: هٰذَا يَوْمَ يَفُوْزُ الْمُجْتَهِدُ، سُرِرْتُ فِيْ يَوْمَ إِذْ جِئْتَنِيْ.

3. مِثْلُ یا غَيْرُ کے بعد مَا، اَنْ یا أَنَّ ہو تو ان کو مبنی علی الفتح پڑھنا جائز ہے: قِيَامِيْ مِثْلَ مَا قُمْتَ، قِيَامِيْ مِثْلَ أَنْ تَقُوْمَ، هٰذَا حَقٌّ مِثْلَ أَنَّكَ تَنْطِقُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. اسمِ ظرف اور اس کی قسمیں بتائیں؟ س:2. ظروفِ مبنیہ کون کونسے ہیں؟ س:3. قَبْلُ، فَوْقُ معرب ہیں یا مبنی؟ س:4. لَاغَیْرُ معرب ہے یا مبنی؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جو فعل وقت یا جگہ ظاہر کرے اُسے اسمِ ظرف کہتے ہیں۔ 2. اِذَا اور فَوْقُ کبھی معرب اور کبھی مبنی ہوتے ہیں۔ 3. لَیْسَ غَیْرُ مبنی علی الفتح ہوتا ہے۔ 4. جو اسمِ ظرف مضاف ہو اُسے مبنی علی الفتح پڑھنا جائز ہے۔ 5. مِثْلُ یا غَیْرُ کے بعد مَا، أَنْ یا أَنَّ ہو تو یہ مبنی علی الفتح ہوتے ہیں۔

تمرین (3)

(الف) معنی پر غور کرتے ہوئے ظرفِ زمان اور ظرفِ مکان الگ الگ کیجیے۔

۱۔فَوْقُ. ۲۔مَتٰی. ۳۔تَحْتُ. ۴۔أَیَّانَ. ۵۔عَوْضُ. ۶۔اِذْ.

۷۔سَنَةٌ. ۸۔أَیْنَ. ۹۔قَبْلُ. ۱۰۔اِذَا. ۱۱۔اَنّٰی. ۱۲۔حَیْثُ.

(ب) معنی کا خیال رکھتے ہوئے خالی جگہوں کو مناسب اسمِ ظرف سے پر کیجیے۔

۱۔رَأَیْتُ الْهِلَالَ.....بَکْرٍ. ۲۔.....یَوْمُ الدِّیْنِ. ۳۔اَلْعِلْمُ..... حَکِیْمٍ.

۴۔مَالَقِیْتُهُ.....یَوْمَیْنِ. ۵۔......هُوَ. ۶۔سَمِعْتُ ...... قُلْتَ.

۷۔لَاأَکْذِبُ....... ۸۔مَاضَرَبْتُهُ...... ۹۔اَلْحُکْمُ.......الْأَدَبِ.

۱۰۔.......جِئْتَ. ۱۱۔رَأَیْتُ الْفِیْلَ........ ۱۲۔ ...... کِتَابُکَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس العشرون

منصرف اور غیر منصرف کا بیان

اسمِ معرب کی دو قسمیں ہیں: ۱۔منصرف ۲۔غیر منصرف۔

جس اسمِ معرب کے آخر میں تنوین اور کسرہ آتے ہیں اُسے **منصرف** کہتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ، نَظَرْتُ اِلٰى زَيْدٍ. اور جس اسمِ معرب کے آخر میں تنوین اور کسرہ نہیں آتے اُسے **غیر منصرف** کہتے ہیں: جَاءَ أَحْمَدُ، نَظَرْتُ اِلٰى أَحْمَدَ.

درجِ ذیل اَسماء غیر منصرف ہوتے ہیں:

1. وہ جمع جو منتہی الجموع کے صیغے (۱۰) پر ہو اور اُس کے آخر میں ۃ نہ ہو: مَسَاجِدُ.
2. وہ اسم جس کے آخر میں الفِ مقصورہ یا الفِ ممدودہ ہو: صُغْرٰى، حَمْرَاءُ.
3. وہ اسمِ عدد جو فُعَالُ یا مَفْعَلُ کے وزن پر ہو: أُحَادُ، مَعْشَرُ.
4. وہ عَلَم جو دو اسموں کو (بغیر اضافت و اسناد کے) ملا کر بنایا گیا ہو یا فُعَلُ یا أَفْعَلُ کے وزن پر ہو: بَعْلَبَكُّ، عُمَرُ، أَحْمَدُ.
5. وہ عَلَم جس کے آخر میں ۃ یا الف نون زائد ہوں: طَلْحَةُ، عَائِشَةُ، عُثْمَانُ.
6. وہ مؤنث عَلَم یا عجمی عَلَم جو تین حروف سے زائد ہو: زَيْنَبُ، اِسْحٰقُ. یا تین حروف سے زائد تو نہ ہو مگر اُس کا درمیانی حرف متحرک ہو: سَقَرُ، شَتَرُ.
7. وہ صفت کا صیغہ جو أَفْعَلُ یا فَعْلَانُ کے وزن پر ہو: أَحْمَرُ، أَنْصَرُ، غَضْبَانُ.

تنبیہ:

غیر منصرف پر الف لام آ جائے یا اُسے مضاف کر دیا جائے تو اِن دونوں صورتوں میں اُس پر کسرہ آ سکتا ہے: مَرَرْتُ بِالْمَسَاجِدِ یا مَرَرْتُ بِمَسَاجِدِكُمْ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. معرب کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:2. منصرف اور غیر منصرف کسے کہتے ہیں؟ س:3. کس کس طرح کے اَسماء غیر منصرف ہوتے ہیں؟ س:4. کن صورتوں میں غیر منصرف پر کسرہ آ سکتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جمع کا صیغہ غیر منصرف ہوتا ہے۔ 2. جس اسم کے آخر میں الف نون ہو وہ غیر منصرف ہوگا۔ 3. اسمِ عدد غیر منصرف ہوتا ہے۔ 4. جس اسم کے آخر میں ۃ ہو وہ غیر منصرف ہوتا ہے۔ 5. جو علم تین حروف سے زائد ہو وہ غیر منصرف ہوگا۔ 6. غیر منصرف مضاف اِلیہ ہو تو اُس پر کسرہ آ جائے گا۔

تمرین (3)

منصرف اور غیر منصرف اَسماء الگ الگ کیجیے۔

۱۔رِجَال. ۲۔دَرَاهِم. ۳۔عُلَمَاء. ۴۔ضَارِبَة. ۵۔خَضْرَاء.
۶۔أَسَاتِذَة. ۷۔عَشَرَة. ۸۔ثُلاث. ۹۔فَاطِمَة. ۱۰۔مُحَمَّد. ۱۱۔زُفَر.
۱۲۔نَاصِر. ۱۳۔عِمْرَان. ۱۴۔جِيْرَان. ۱۵۔عَطْشَان. ۱۶۔رُبَاع.
۱۷۔جَعْفَر. ۱۸۔مَسَاكِيْن. ۱۹۔يُوْسُف. ۲۰۔اِبْرَاهِيْم.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي والعشرون

اسمِ مُعرَب اور اُس کا اِعراب

اسم معرب کے اِعراب تین ہوتے ہیں: ۱۔رفع ۲۔نصب ۳۔جرّ.

یہ اِعراب کبھی حرکات کے ذریعہ ہوتے ہیں اور کبھی حروف کے ذریعہ، کبھی لفظی ہوتے ہیں اور کبھی تقدیری، اِس لحاظ سے اسمِ معرب کی 12 قسمیں ہیں:

۱،۲،۳۔مفرد منصرف صحیح، قائم مقام صحیح، جمع مکسّر منصرف:

اِن کی حالتِ رفعی ضمّہ سے حالتِ نصْبی فتحہ سے اور حالتِ جرّی کسرہ سے آتی ہے:

	حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
مفرد منصرف صحیح:	جَاءَ رَجُلٌ	رَأَيْتُ رَجُلًا	نَظَرْتُ اِلٰى رَجُلٍ
قائم مقام صحیح:	جَـاءَ ظَـبْـيٌ	رَأَيْتُ ظَـبْـيًـا	نَظَـرْتُ اِلٰى ظَـبْـيٍ
جمع مکسر منصرف:	جَاءَ رِجَالٌ	رَأَيْتُ رِجَالًا	نَظَرْتُ اِلٰى رِجَالٍ

۴۔جمع مؤنث سالم:

اِس کی حالتِ رفعی ضمہ سے اور حالتِ نصبی وجرّی کسرہ سے آتی ہے:

حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
هٰذِهٖ كُرَّاسَاتٌ	رَأَيْتُ كُرَّاسَاتٍ	نَظَرْتُ اِلٰى كُرَّاسَاتٍ

۵۔غیر منصرف:

اِس کی حالتِ رفعی ضمہ سے اور حالت نصبی وجری فتحہ سے آتی ہے:

حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
جَاءَ عُمَرُ	رَأَيْتُ عُمَرَ	نَظَرْتُ اِلٰى عُمَرَ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

۶۔ **اسمِ منقوص**[(۱۱)]:

اِس کی حالتِ رفعی ضمہ سے، حالتِ نصبی فتحہ سے اور حالتِ جرّی کسرہ سے آتی ہے۔(اِس میں ضمہ اور کسرہ تقدیری ہوتے ہیں اور فتحہ لفظی ہوتا ہے):

حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
جَاءَ الْقَاضِيْ	رَأَيْتُ الْقَاضِيَ	مَرَرْتُ بِالْقَاضِيْ

۸،۷۔ **اسمِ مقصور، مُضاف اِلَى الْيَاء** (علاوہ جمع مذکر سالم):

اِن کی حالتِ رفعی ضمہ سے، حالتِ نصبی فتحہ سے اور حالتِ جرّی کسرہ سے آتی ہے۔(اِن دونوں میں یہ تینوں اعراب تقدیری ہوتے ہیں):

	حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
اسمِ مقصور :	جَاءَ الفَتٰی	رَأَيْتُ الفَتٰی	نَظَرْتُ اِلَى الفَتٰی
مضاف الی الیاء:	جَاءَ غُلامِي	رَأَيْتُ غُلامِي	نَظَرْتُ اِلَى غُلامِي

۹۔ **اَسمائے ستّہ** (أَبٌ، أَخٌ، فَمٌ، حَمٌ، هَنٌ اور ذُوْ):

اِن کی حالتِ رفعی واؤ سے، حالتِ نصبی الف سے اور حالتِ جرّی یاء سے آتی ہے:

حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
جَاءَ أَبُوْ زَيْدٍ	رَأَيْتُ أَبَا زَيْدٍ	نَظَرْتُ اِلَى أَبِي زَيْدٍ

۱۰۔ **تثنیہ** اور كِلَا، كِلْتَا، اِثْنَانِ، اِثْنَتَانِ:

اِن کی حالتِ رفعی الف سے اور حالتِ نصبی وجرّی یاءِ ساکن ماقبل مفتوح سے آتی ہے:

حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
جَاءَ رَجُلَانِ	رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ	نَظَرْتُ اِلَى رَجُلَيْنِ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

۱۱۔ **جمع مذکر سالم**، اُولُوا اور عِشْرُوْنَ سے تِسْعُوْنَ تک دہائیاں:

اِن کی حالتِ رفعی واؤ ساکن ماقبل مضموم سے اور حالتِ نصبی وجرّی یاء ساکن ماقبل مکسور سے آتی ہے:

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالت جری
جَاءَ مُسْلِمُوْنَ	رَأَيْتُ مُسْلِمِيْنَ	نَظَرْتُ اِلٰى مُسْلِمِيْنَ

۱۲۔ **جمع مذکر سالم** (جو یائے متکلم کی طرف مضاف ہو):

اِس کی حالتِ رفعی واؤ سے اور حالتِ نصبی وجرّی یاء سے آتی ہے۔(اس میں واو تقدیری ہوتا ہے اور یاء لفظی ہوتی ہے):

حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جری
جَاءَ مُسْلِمِيَّ	رَأَيْتُ مُسْلِمِيَّ	مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيَّ

تنبیہ 1:

اَسمائے ستہ، جمع مذکر سالم، تثنیہ اور اِن کے ملحقات کا اِعراب بالحرف ہوتا ہے اور باقی تمام اَسماء کا اِعراب بالحرکۃ ہوتا ہے۔

تنبیہ 2:

اسم مقصور اور مضاف الی الیاء کا تینوں حالتوں میں، اسمِ منقوص کا حالتِ رفعی اور جری میں اور جمع مذکر سالم (مضاف الی الیاء) کا حالتِ رفعی میں اِعراب تقدیری ہوتا ہے جبکہ اسمِ منقوص کا حالتِ نصبی میں اور جمع مذکر سالم (مضاف الی الیاء) کا حالتِ نصبی وجری میں اور باقی تمام اَسماء کا تینوں حالتوں میں اِعراب لفظی ہوتا ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. اسم کے اِعراب کتنے ہیں اور کون کونسے ہیں؟ س:2. اسمِ معرب کی اَقسام اور ہر ایک کا اِعراب مع اَمثلہ بیان کیجیے۔ س:3. کن کن اَسماء میں اعراب بالحرکۃ ہوتا ہے؟ س:4. کن کن اسماء میں اعراب بالحرف ہوتا ہے؟ س:5. کن کن اَسماء میں اِعراب لفظی ہوتا ہے؟ س:6. کن کن اسماء میں اعراب تقدیری ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. اِعراب ہمیشہ ضمہ، فتحہ اور کسرہ سے آتا ہے۔ 2. اِعراب ہمیشہ لفظی ہوتا ہے۔ 3. اسمِ منقوص کا اِعراب تقدیری ہوتا ہے۔ 4. جمع مذکر سالم کا اعراب تقدیری ہوتا ہے۔ 5. جمع مؤنث سالم کا اِعراب حالتِ نصبی میں تقدیری ہوتا ہے۔ 6. غیر منصرف کا اِعراب حالتِ جری میں تقدیری ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) مذکورہ اَسماء کا اِعراب بتائیں اور اِن کو تینوں حالتوں میں استعمال کیجیے۔

۱۔كِتَابٌ. ۲۔اَلرَّاشِيْ. ۳۔أَوْلَادٌ. ۴۔مُؤْمِنَاتٌ. ۵۔تَلامِيْذُ.
۶۔أَخُوْكَ. ۷۔غُلامَانِ. ۸۔مُؤْمِنُوْنَ. ۹۔اَلْعَصٰى. ۱۰۔وَلَدِيْ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں اِعراب کی غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔بِعْتُ كُرَّاسَاتً. ۲۔ذَهَبَ الطُّلَّابِ. ۳۔رَأَيْتُ وَلَدَانِ. ۴۔نَظَرْتُ اِلٰى اِسْمٰعِيْلٍ. ۵۔اَلْقَاضِيُ مُنْصِفٌ. ۶۔خَابَ الْكَافِرِيْنَ. ۷۔رَأَيْتُ مُسْلِمُوْنَ. ۸۔قَالَ أَبَا هُرَيْرَةَ. ۹۔اَلْمُسْلِمُ اَخِي الْمُسْلِمِ. ۱۰۔دَوَاءُ الذُّنُوْبِ الْاِسْتِغْفَارَ. ۱۱۔زَكَاةُ الْجَسَدَ اَلصَّوْمِ. ۱۲۔شَرِبْتُ مَاءُ زَمْزَمِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني والعشرون

نواصِب وجوازِم مضارع کا بیان

1. نواصبِ مضارع:

چار حروف (أَنْ، لَـنْ، كَيْ، اِذَنْ) کونواصبِ مضارع کہتے ہیں، یہ چاروں حروف مضارع کونصب دیتے ہیں۔ یعنی مضارع کے پانچ مضموم صیغوں کوفتحہ دیتے ہیں اور سات صیغوں سے نونِ اعرابی کوگرادیتے ہیں: لَنْ أَذْهَبَ.

اِن کی تفصیل یہ ہے:

۱۔أَنْ (کہ): أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ. اِسےأَنْ نَاصِبَه اورأَنْ مَصْدَرِيَّه بھی کہتے ہیں۔

۲۔لَنْ (ہرگزنہیں): لَنْ يَّضْرِبَ. ۳۔كَيْ (تاکہ): أَدْرُسُ كَيْ أَفْهَمَ الْقُرْآنَ.

۴۔اِذَنْ (تب): أَسْلِمْ اِذَنْ تَنْجُوَ.

2. جوازمِ مضارع:

پانچ حروف (لَـمْ، لَمَّا ،لامِ امر، لائے نہی اوراِنْ شرطیّہ) کوجوازِمِ مضارع کہتے ہیں، یہ پانچوں حروف مضارع کوجزم دیتے ہیں۔ یعنی مضارع کے پانچ مضموم صیغوں سے ضمّہ کوگرادیتے ہیں جبکہ ان کے آخر میں حرفِ علت نہ ہوورنہ حرفِ علت کوگرا دیتے ہیں اورسات صیغوں سے نونِ اعرابی کوگرادیتے ہیں۔

اِن کی تفصیل یہ ہے:

۱۔لَمْ (نہیں): لَمْ يَأْكُلْ، لَمْ يَدْعُ. ۲۔لَمَّا (ابھی تک نہیں): لَمَّا يَقُلْ، لَمَّا يَرِمْ.

۳۔لِ (چاہیے کہ): لِيَنْصُرْ، لِيَرِمْ. ۴۔لَا (نہ،نہیں): لَا تَشْرَبْ، لَا تَنْسَ.

۵۔اِنْ (اگر): اِنْ تَجْتَهِدْ تَنْجَحْ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تنبیه:

جس مضارع پر کوئی ناصب یا جازم نہ ہو وہ مرفوع ہوتا ہے یعنی اُس کے پانچ صیغوں میں ضمہ اور سات صیغوں میں نونِ اِعرابی آتا ہے۔

جمع مؤنث کے صیغے چونکہ مبنی ہوتے ہیں اس لیے لفظی طور پر اُن میں کسی ناصب یا جازم کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

تمرین (1)

س:1. نواصبِ مضارع کتنے اور کون کونسے ہیں اور یہ کیا عمل کرتے ہیں؟

س:2. جوازمِ مضارع کتنے اور کون کونسے ہیں اور یہ کیا عمل کرتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. ناصب و جازم دونوں مضارع کے آخر سے نون کو گرا دیتے ہیں۔ 2. جس مضارع پر ناصب یا جازم نہ ہو وہ منصوب ہوتا ہے۔

تمرین (3)

درجِ ذیل اَفعال کے شروع میں ناصب اور جازم داخل کر کے اُن کو عمل دیجیے۔

۱۔تَذْبَحُوْنَ. ۲۔يَهْدِيْ. ۳۔يَغْفِرُ. ۴۔تَنْجُوْ. ۵۔تَصُوْمَانِ.

۶۔يَأْكُلُ. ۷۔يَأْتِيْ. ۸۔تَنْظُرِيْنَ. ۹۔تَنَالُوْنَ. ۱۰۔يَنْهٰى.

۱۱۔أَبْرَحُ. ۱۲۔نُؤْمِنُ. ۱۳۔يُعْطِيْ. ۱۴۔يَجْعَلُوْنَ. ۱۵۔يُكْرِمُ.

۱۶۔تَنْصُرِيْنَ. ۱۷۔يَرٰى. ۱۸۔يَتْلُوْ. ۱۹۔يَضْرِبْنَ. ۲۰۔يُصَلِّيْ.

۲۱۔تَمْشِيْ. ۲۲۔أَنْظُرُ. ۲۳۔تَكْتُبِيْنَ. ۲۴۔نَقُوْلُ. ۲۵۔يَرْضٰى.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث والعشرون

فعلِ مضارع کا اِعراب

فعلِ مضارع کے اِعراب بھی تین ہیں: ۱۔رفع ۲۔نصب ۳۔جزم، یہ اعراب بھی مختلف طریقوں سے آتے ہیں اِس لحاظ سے مضارع معرب کی چار قسمیں ہیں:

1. **صحیح:** (وہ مضارع جس کے آخر میں حرفِ علت اورنونِ اعرابی نہ ہو)

اِس کی حالتِ رفعی ضمہ سے، حالتِ نصبی فتحہ سے اورحالتِ جزمی سکون سے آتی ہے:

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
يَنْصُرُ	لَنْ يَنْصُرَ	لَمْ يَنْصُرْ

2. **ناقصِ واوی یا یائی:** (وہ مضارع جس کے آخر میں واؤیایاءہواورنونِ اعرابی نہ ہو)

اِس کی حالتِ رفعی ضمہ تقدیری سے، حالتِ نصبی فتحہ لفظی سے اور حالتِ جزمی حذفِ آخر سے آتی ہے:

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
يَدْعُوْ، يَرْمِيْ	لَنْ يَدْعُوَ، لَنْ يَرْمِيَ	لَمْ يَدْعُ، لَمْ يَرْمِ

3. **ناقصِ الفی:** (وہ مضارع جس کے آخر میں الف ہواورنونِ اعرابی نہ ہو)

اِس کی حالتِ رفعی ضمہ تقدیری سے، حالتِ نصبی فتحہ تقدیری سے اور حالتِ جزمی حذفِ آخر سے آتی ہے:

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
يَرْضٰى	لَنْ يَرْضٰى	لَمْ يَرْضَ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

4. **مضارع بانونِ اِعرابی**: (وہ مضارع جس کے آخر میں نونِ اِعرابی ہو)

اِس کی حالتِ رفعی ثبوتِ نون سے اور حالتِ نصبی و جزمی حذفِ نون سے آتی ہے:

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
يَنْصُرَانِ، يَنْصُرُوْنَ	لَنْ يَنْصُرَا، لَنْ يَنْصُرُوْا	لَمْ يَنْصُرَا، لَمْ يَنْصُرُوْا

تمرین (1)

س:1. فعلِ مضارع کے اِعراب کتنے اور کون کونسے ہیں؟ س:2. اعراب کے اعتبار سے فعلِ مضارع کی قسمیں اور ہر ایک کا اِعراب مع اَمثلہ بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. صحیح وہ مضارع ہے جس کے آخر میں نونِ اِعرابی نہ ہو۔ 2. جس فعل مضارع کے آخر میں نون ہو اُسے بانونِ اِعرابی کہتے ہیں۔

تمرین (3)

(الف) مذکورہ اَفعال کا اِعراب بتائیں نیز ان پر ناصب اور جازم لا کر اُن کو عمل دیں۔

١۔تَعْقِلُوْنَ. ٢۔يَرْمِيْ. ٣۔يَظْهَرُ. ٤۔تَعْفُوْ. ٥۔تَقُوْلَانِ. ٦۔يَعْنِيْ.
٧۔تَفْرَحِيْنَ. ٨۔يُدْعٰى. ٩۔تَبْلَعِيْنَ. ١٠۔تَرْضٰى. ١١۔تَدْعُوْ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

١۔لَمَّا يَقْضِيْ. ٢۔لَنْ يَجْرِيْ. ٣۔لَمْ يَتَعَلَّمُ. ٤۔لَمْ يَتَجَلّٰى. ٥۔لَمَّا يَجْلِسَانِ. ٦۔لَنْ أَسْمَعُ. ٧۔اِذَنْ يَقُوْلُوْنَ. ٨۔لَمْ تَصُوْمِيْنَ. ٩۔لَمْ يَعْفُوْ.
١٠۔كَيْ يَفْهَمَانِ. ١١۔لَنْ تَلُوْمِيْنَ. ١٢۔لَنْ يَرْمِيْ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع والعشرون

حُروفِ مُشَبَّہہ بالفعل کا بیان

چھ حُروف کو حروف مشبہہ بالفعل کہتے ہیں: ١۔اِنَّ (بیشک) ٢۔اَنَّ (کہ) ٣۔کَاَنَّ (گویا کہ) ٤۔لٰکِنَّ (لیکن) ٥۔لَیتَ (کاش) ٦۔لَعَلَّ (شاید).

قواعد وفوائد:

1. یہ حُروف جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، مبتدا کو اِن کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں: اِنَّ زَيْدًا عَالِمٌ.

2. حروفِ مشبّہہ بالفعل کی خبر اگر مفرد ہو یعنی جملہ نہ ہو تو اُس کا واحد، تثنیہ یا جمع ہونے میں اور مذکر یا مؤنث ہونے میں اِن کے اسم کے مطابق ہونا ضروری ہے: اِنَّ بَكْرًا شَاعِرٌ، اِنَّ هِنْدًا شَاعِرَةٌ، اِنَّ الْوَلَدَيْنِ لَاعِبَانِ، اِنَّ الْبِنْتَيْنِ نَائِمَتَانِ.

3. اِن کی خبر اگر جملہ ہو تو اُس میں اسم کے مطابق ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ، اِنَّ الْبُسْتَانَ أَزْهَارُهُ جَمِيلَةٌ.

4. اِن کی خبر اگر جار مجرور ہو تو اُسے ایسے فعل یا شبہ فعل محذوف کے متعلّق کریں گے جو واحد تثنیہ، جمع اور تذکیر وتانیث میں اِن کے اسم کے مطابق ہو: اِنَّ زَيْدًا (ثَابِتٌ) فِي الدَّارِ، اِنَّ هِنْدًا (ثَابِتَةٌ) فِي الدَّارِ.

5. اِن کا اسم اور خبر موصوف یا مضاف بھی ہوتا ہے: اِنَّ الْوَلَدَ الصَّغِيرَ نَائِمٌ، اِنَّ غُلَامَ زَيْدٍ عَالِمٌ، اِنَّ زَيْدًا رَجُلٌ صَالِحٌ، اِنَّ بَكْرًا غُلَامُ خَالِدٍ.

6. کبھی اِن حروف کے ساتھ لفظ مَا آجاتا ہے جو اِن کو عمل سے روک دیتا ہے اور اِس صورت میں یہ فعل پر بھی آسکتے ہیں: اِنَّمَا جَاءَ خَالِدٌ. اِسے مَا كَافَّة کہتے ہیں۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. حروفِ مشبہ بالفعل کتنے اور کونسے ہیں اور یہ کیا عمل کرتے ہیں؟

س:2. اِن حروف کی خبر مفرد ہو یا جملہ ہو تو کیا حکم ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. حُروفِ مشبہ بالفعل اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔2. اِن حُروف کی خبر ہمیشہ اِن کے اسم کے مطابق ہوتی ہے۔3. حروفِ مشبّہ بالفعل کسی بھی صورت میں فعل پر نہیں آسکتے۔4. اِن حروف کی خبر اگر جار مجرور ہو تو اُسے ثَابِتٌ محذوف کے متعلق کریں گے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں پر مناسب حرفِ مشبہ بالفعل لگا کر اُسے عمل دیجیے۔

١۔اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ. ٢۔اَللّٰهُ قَدِيْرٌ. ٣۔لِلْبِئْرِ دَلْوٌ. ٤۔زَيْدٌ أَسَدٌ.

٥۔اَلْمُسْلِمُوْنَ جَالِسُوْنَ. ٦۔اَلْأُسْتَاذُ أَبٌ. ٧۔فِي الْجَامِعَةِ مُعَلِّمُوْنَ.

٨۔اَلْمُفْتِيْ مَوْجُوْدٌ. ٩۔اَلْوَلَدَانِ مُتَعَلِّمَانِ. ١٠۔اَلْمُسْلِمَاتُ قَانِتَاتٌ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

١۔اِنَّ أَخُوْ زَيْدٍ عَالِمٌ. ٢۔اِنَّ زَيْدًا أَبَاهُ عَالِمٌ. ٣۔اِنَّ فِي الدَّارِ رَجُلٌ.

٤۔اِنَّ الرَّجُلَيْنِ مَوْجُوْدٌ. ٥۔اِنَّ الْمِيْزَانُ حَقٌّ. ٦۔اِنَّمَا زَيْدًا صَالِحٌ.

٧۔اِنَّ الْخَمْرُ حَرَامٌ. ٨۔أُعْلِنَ أَنَّ الْمُسْلِمُوْنَ فَائِزِيْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخامس والعشرون

اِنَّ اور أَنَّ پڑھنے کے مقامات

اِنَّ اور أَنَّ کے مقامات مختلف ہیں کہیں اِنَّ اور کہیں أَنَّ پڑھا جاتا ہے۔

درجِ ذیل مقامات پر اِنَّ (بکسر الھمزۃ) پڑھا جائے گا:

(الف) جملے کے شروع میں: اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.

(ب) قول یا اِس سے مشتق لفظ کے بعد: یَقُوْلُ اِنَّھَا بَقَرَۃٌ.

(ج) اسم موصول کے بعد: مَا جَاءَ الَّذِيْ إِنَّهٗ ذَهَبَ.

(د) عَلِمَ، شَهِدَ یا اِن سے مشتق لفظ کے بعد جبکہ خبر پر لام ہو: أَعْلَمُ اِنَّهٗ لَعَالِمٌ.

(ہ) جوابِ قسم کے شروع میں: وَاللّٰهِ إِنَّکَ جَوَادٌ.

(و) حرفِ تنبیہ اور حَیْثُ کے بعد: أَلَا اِنَّ زَیْدًا عَالِمٌ، جَلَسْتُ حَیْثُ إِنَّ الْعَالِمَ جَالِسٌ.

درجِ ذیل مقامات پر أَنَّ (بالفتح) پڑھا جائے گا:

(الف) جب یہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر فاعل، نائب فاعل، مفعول، مبتدا یا مضاف الیہ بنے: بَلَغَنِيْ أَنَّ زَيْدًا عَالِمٌ، أُعْلِنَ أَنَّ خَالِدًا نَاجِحٌ، كَرِهْتُ أَنَّهٗ جَاهِلٌ، عِنْدِيْ أَنَّهٗ عَالِمٌ، عَجِبْتُ مِنْ طُوْلِ أَنَّکَ قَائِمٌ.

(ب) عَلِمَ، شَهِدَ اور اِن سے مشتق لفظ کے بعد جبکہ خبر پر لام نہ ہو: أَشْهَدُ أَنَّ بَكْرًا عَالِمٌ.

(ج) حرفِ جر کے بعد: أَكْرَمْتُهٗ لِأَنَّهٗ عَالِمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net

تمرین (1)

س:1. کہاں کہاں پراِنَّ پڑھا جائے گا؟ س:2. کون کونسی جگہوں میں أَنَّ پڑھا جائے گا؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جملے کے شروع میں أَنَّ آتا ہے۔2. عَلِمَ، شَهِدَ کے بعد ہمیشہ اِنَّ آتا ہے۔
3. حرفِ تنبیہ اور جر کے بعد اِنَّ آتا ہے۔4. جوابِ قسم کے شروع میں أَنَّ آتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) خالی جگہوں کو اِنَّ اور اَنَّ سے پر کیجیے۔

١۔۔۔۔۔۔۔اللّٰهَ رَحِيمٌ. ٢۔يَقُوْلُ۔۔۔۔۔۔هَا بَقَرَةٌ. ٣۔كَرِهْتُ۔۔۔۔۔۔۔ہٗ جَاهِلٌ.
٤۔أَعْلَمُ۔۔۔۔۔۔كَ عَالِمٌ. ٥۔عِنْدِيْ۔۔۔۔۔۔ہٗ عَالِمٌ. ٦۔قَامَ الْوَلَدُ حَيْثُ۔۔۔۔۔۔۔۔ الْوَالِدَ قَائِمٌ. ٧۔وَاللّٰهِ۔۔۔۔۔۔مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ. ٨۔بَلَغَنِيْ۔۔۔۔۔۔۔زَيْدًا عَالِمٌ. ٩۔أُعْلِنَ۔۔۔۔۔۔۔خَالِدًا نَاجِحٌ. ١٠۔مَا رَأَيْتُ الَّذِيْ ۔۔۔۔۔۔۔ہٗ فِي الْمَسْجِدِ. ١١۔أَلاَ۔۔۔۔۔۔۔زَيْدًا عَالِمٌ. ١٢۔أَعْلَمُ۔۔۔۔۔۔۔زيدًا لَشَاعِرٌ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں اِنَّ اور اَنَّ کی غلطی ہوتو اُس کی وجہ بیان کیجیے۔

١۔أَنَّ الْاِحْسَانَ يَقْطَعُ اللِسَانَ. ٢۔أَكْرَمَنِي الَّذِيْ أَنَّهُ عَالِمٌ. ٣۔سَرَّنِيْ اِنَّ زَيْدًا مُعَلِّمٌ. ٤۔قَالَ اَنَّ الصِدْقَ يُنْجِيْ. ٥۔عَلِمْتُ اِنَّ الْغِيْبَةَ حَرَامٌ.
٦۔وَاللّٰهِ أَنَّ يَوْمَ الدِّيْنِ لَوَاقِعٌ. ٧۔عَجِبْتُ مِنْ اِنَّ زَيْدًا شَاعِرٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس والعشرون

لائے نفیِ جِنْس کا بَیان

جو لَا کسی چیز کے تمام اَفراد سے حُکْم کی نفی کرے اُسے لائے نفیِ جِنْس کہتے ہیں: لَا سُرُوْرَ دَائِمٌ، لَا رَجُلَ قَائِمٌ.

قواعد وفوائد:

1. لائے نفیِ جنس جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے، اِس کے داخل ہونے کے بعد مبتدا کو اِس کا اسم اور خبر کو اِس کی خبر کہتے ہیں۔

2. لائے نفیِ جنس کی خبر ہمیشہ مرفوع ہوتی ہے۔اور اس کے اسم کی تین صورتیں ہیں:

۱۔مضاف ہو۔ ۲۔مشابہ مضاف ہو۔(۱۲) ۳۔مفرد نکرہ ہو۔

پہلی دونوں صورتوں میں یہ منصوب ہوتا ہے: لَا غُلَامَ رَجُلٍ قَائِمٌ، لَا طَالِعًا جَبَلًا قَائِمٌ. اور تیسری صورت میں یہ مبنی علی الفتح ہوتا ہے: لَا رَجُلَ قَائِمٌ.

3. لائے نفیِ جنس کی خبر مفرد ہو تو مذکر، مؤنث، واحد، تثنیہ اور جمع ہونے میں اُس کا اسم کے مطابق ہونا ضروری ہے: لَارَجُلَ مَوْجُوْدٌ، لَاامْرَأَةَ قَائِمَةٌ.

4. لائے نفیِ جنس کی خبر جملہ ہو تو اُس میں اسم کے مطابق ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے: لَا اِنْسَانَ يَمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ، لَا وَلِيَّ هُوَ أَفْضَلُ مِنْ نَبِيٍّ.

5. لائے نفیِ جنس کی خبر جار مجرور بھی ہوتی ہے: لَا رَيْبَ فِيْهِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. لائے نفی جنس اور اِس کا اسم اور خبر کسے کہتے ہیں؟ س:2. لائے نفی جنس کا اسم کب منصوب اور کب مبنی ہوتا ہے؟ س:3. لائے نفی جنس کی خبر کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟ س:4. لائے نفی جنس کی خبر مفرد ہو تو کن چیزوں میں اُس کا اسم کے مطابق ہونا ضروری ہے؟ اور جملہ ہو تو اُس میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو لَا کسی چیز کے تمام اَفراد کی نفی کرے اُسے لائے نفیِ جنْس کہتے ہیں۔
2. لائے نفی جنس کا اسم ہمیشہ منصوب اور اُس کی خبر ہمیشہ مرفوع ہوتی ہے۔
3. لائے نفی جنس کا اسم مفرد نکرہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ 4. لائے نفی جنس کی خبر جملہ ہو تو اُس کا اسم کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل مرکبات پر لائے نفی جنس داخل کر کے اُسے عمل دیجیے۔

۱۔سُرُوْرٌ دَائِمٌ. ۲۔سَارِقٌ مَالًا مَوْجُوْدٌ. ۳۔لَهْوٌ مُفِيْدٌ. ۴۔طَالِعٌ جَبَلًا مَوْجُوْدٌ. ۵۔غُلَامُ رَجُلٍ شَاعِرٌ. ۶۔شَجَرٌ مُثْمِرٌ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔لَا رَجُلٌ جَالِسٌ. ۲۔لَا حَسَنٌ وَجْهًا مَوْجُوْدٌ. ۳۔لَا طِفْلٌ نَائِمٌ. ۴۔لَا حَكِيْمًا اِلَّا ذُوْ تَجْرِبَةٍ. ۵۔لَا غُلَامُ رَجُلٍ قَائِمًا. ۶۔لَا ضَرَرًا فِي الْاِسْلَامِ. ۷۔لَا طَالِبًا مَالًا شَبْعَانَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السابع والعشرون

اَفعالِ ناقِصہ کا بَیان

درجِ ذیل سترہ اَفعال کو اَفعالِ ناقِصہ کہتے ہیں:

كَانَ، صَارَ، ظَلَّ، بَاتَ، أَصْبَحَ، أَضْحٰى، أَمْسٰى، عَادَ، اٰضَ، غَدَا، رَاحَ، مَازَالَ، مَاانْفَكَّ، مَابَرِحَ، مَافَتِئَ، مَادَامَ، لَيْسَ.

قواعد وفوائد:

1. اَفعالِ ناقصہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، مبتدا کو اِن کا اسم اور خبر کو اِن کی خبر کہتے ہیں: كَانَ النَّبِيُّ رَحِيْمًا.

2. اَفعالِ ناقصہ کے اسم اور خبر کا حکم واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر وتانیث میں وہی ہے جو مبتدا اور خبر کا ہے: صَارَ بَكْرٌ عَالِمًا، لَيْسَتِ الْحَيَاةُ دَائِمَةً، كَانَ زَيْدٌ يُعِيْنُ الضُّعَفَاءَ، كَانَ نَاصِرٌ أَبُوْهُ عَالِمٌ، لَيْسَ خَالِدٌ فِي الدَّارِ.

3. اَفعالِ ناقصہ کی خبر اِن کے اسم سے پہلے آسکتی ہے: مَازَالَ قَائِمًا زَيْدٌ. اور اگر فعلِ ناقص کے شروع میں مَا نہ ہوتو خبر فعلِ ناقص سے پہلے بھی آسکتی ہے: قَائِمًا كَانَ زَيْدٌ.

4. فعلِ ناقص کے بعد ایسا اسم ہو جو اُس کا اسم بن سکتا ہو تو وہی اُس کا اسم بنے گا ورنہ فعل میں موجود ضمیر اُس کا اسم بنے گا: صَارَ زَيْدٌ غَنِيًّا وَكَانَ فَقِيْرًا.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

افعالِ ناقصہ کا استِعمال:

كَانَ (تھا، ہے، ہوگیا): كَانَ الشَّجَرُ مُثْمِرًا.

صَارَ (ہوگیا): صَارَ الْمَاءُ بَارِدًا.

ظَلَّ (ہوگیا، دن کے وقت ہوا): ظَلَّ الْعَالِمُ مُسَافِرًا.

بَاتَ (ہوگیا، رات کے وقت ہوا): بَاتَ الْحَزِيْنُ فَرِحًا.

أَصْبَحَ (ہوگیا، صبح کے وقت ہوا): أَصْبَحَ الْمَاءُ بَارِدًا.

أَضْحٰى (ہوگیا، چاشت کے وقت ہوا): أَضْحَى الْمَاءُ حَارًّا.

أَمْسٰى (ہوگیا، شام کے وقت ہوا): أَمْسَى بَكْرٌ مُقِيْمًا.

عَادَ تا رَاحَ (ہوگیا): عَادَ زَيْدٌ غَنِيًّا.

مَازَالَ تا مَافَتِئَ (استمرار کے لیے): مَازَالَ الْمَرِيْضُ بَاكِيًا.

مَادَامَ (جب تک): أَطِعْ أَبَاكَ مَادَامَ حَيًّا.

لَيْسَ (نہیں ہے): لَيْسَ الْمُتَكَبِّرُ نَاجِحًا.

تنبیہ:

لَيْسَ کی خبر پر باء آجائے تو خبر لفظاً مجرور ہوجائے گی: لَيْسَ زَيْدٌ بِعَالِمٍ.

تمرین (1)

س:1. افعالِ ناقصہ کتنے اور کون کونسے ہیں اور اِن کا اسم اور خبر کسے کہتے ہیں؟ س:2. فعلِ ناقص کی خبر فعلِ ناقص سے پہلے یا اُس کے اسم سے پہلے آسکتی ہے یا نہیں؟ س:3. کس صورت میں لَيْسَ کی خبر لفظاً مجرور ہوجاتی ہے؟

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

1. فعلِ ناقص اپنے اسم کو نصب اور اپنی خبر کو رفع دیتا ہے۔ 2. افعالِ ناقصہ کی خبر افعالِ ناقصہ سے پہلے بھی آسکتی ہے۔ 3. افعالِ ناقصہ کی خبر پر باء آسکتی ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں پر مناسب فعلِ ناقص لگا کر اُسے عمل دیجیے۔

۱۔اَلْبَقَرَةُ صَفْرَاءُ. ۲۔اَلطِّفْلَانِ نَائِمَانِ فِي الْمَهْدِ. ۳۔أَخُوْكَ صَدِيْقِي.

۴۔عَدُوِّيْ صَدِيْقِي. ۵۔اَلْمُعَلِّمَاتُ جَالِسَاتٌ. ۶۔اَلْمُسْلِمُوْنَ قَائِمُوْنَ.

۷۔اَللَّبَنُ حَارٌّ. ۸۔اَلْأَشْجَارُ مُثْمِرَةٌ. ۹۔وَجْهُهُ مُسْوَدٌّ. ۱۰۔هٰذَا زَاهِدٌ.

۱۱۔اَلنِّسَاءُ صَالِحَاتٌ. ۱۲۔دَاوٗدُ أَعْبَدُ الْبَشَرِ. ۱۳۔زَيْدٌ أَبُوْكَ.

(الف) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔كَانَ الْوَلَدُ ذَكِيٌّ. ۲۔يَكُوْنُ الْكَسْلَانَ مَحْرُوْمٌ. ۳۔صَارَ الْقَاضِيَ فَرِحًا. ۴۔كَانَتِ الْبَنَاتُ عَالِمَاتً. ۵۔سَوْفَ يَصِيْرُ الطَّلَبَةَ عَالِمُوْنَ.

۶۔فَقِيْرًا كَانَ زَيْدًا. ۷۔حَرِيْصًا مَازَالَ الْفَقِيْرُ. ۸۔كَانَ بَكْرٌ بِغَنِيٍّ.

۹۔مَاانْفَكَّ الْوَلَدَيْنِ مُتَعَلِّمَانِ. ۱۰۔كَانَ الْمُؤْمِنِيْنَ مُفْلِحُوْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن والعشرون

مَا اور لَا مُشابِہ بِلَیْسَ کا بیان

یہ دو حروف (مَا اور لَا) جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، مبتدا کو مَا یا لَا کا اسم اور خبر کو مَا یا لَا کی خبر کہتے ہیں: مَا زَیْدٌ جَاهِلًا، لَا حَجَرٌ لَیِّنًا.

قواعد وفوائد:

1. مَا اور لَا کے اسم اور خبر کا وہی حکم ہے جو مبتدا اور خبر کا ہے: مَاخَالِدٌ غَبِیًّا، لَا اِبْنَةٌ قَائِمَةً، مَا الْکَسْلَانُ هُوَ فَائِزٌ، لَا مَرْأَةٌ تَحْکُمُ عَلَى الْمُسْلِمِیْنَ.

2. لَا صرف نکرہ میں عمل کرتا ہے معرفہ میں نہیں کرتا اور مَا نکرہ اور معرفہ دونوں میں عمل کرتا ہے: لَا شَجَرٌ مُثْمِرًا، مَا خَالِدٌ شَاعِرًا، مَا رَجُلٌ قَائِمًا.

3. لَیْسَ کی خبر کی طرح مَا کی خبر پر بھی باء آجاتی ہے: مَا أَحَدٌ بِغَائِبٍ. لَا کی خبر پر باء نہیں آسکتی۔

4. اِنْ بھی مَا کی طرح استعمال ہوتا ہے: اِنْ زَیْدٌ قَائِمًا.

5. درج ذیل صورتوں میں مَا اور لَا کوئی عمل نہیں کرتے لہذا مبتدا اور خبر دونوں اپنی حالت پر مرفوع رہتے ہیں:

۱۔ خبر، اسم سے پہلے آجائے: مَا قَائِمٌ زَیْدٌ.

۲۔ خبر سے پہلے اِلَّا آجائے: مَا بَکْرٌ اِلَّا شَاعِرٌ.

۳۔ مَا کے بعد اِنْ آجائے: مَا اِنْ خَالِدٌ عَالِمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. مَا اور لَا مشابہ بِلَیْسَ کیا عمل کرتے ہیں؟ س:2. مَا اور لَا کے اسم اور خبر کا کیا حکم ہے؟ س:3. کن صورتوں میں مَا اور لَا عمل نہیں کرتے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. مَا اور لَا اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔ 2. مَا اور لَا کے اسم اور خبر کا وہی حکم ہے جو فعل اور فاعل کا ہے۔ 3. اِن کا اسم اِن کی خبر سے پہلے آجائے تو یہ کوئی عمل نہیں کریں گے۔ 4. مَا صرف معرفہ میں عمل کرتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل مرکبات پر مَا، لَا یا اِنْ داخل کرکے اُن کو عمل دیجیے۔

١۔اَلْقَلَمُ جَيِّدٌ. ٢۔وَلَدَانِ جَالِسَانِ. ٣۔أَشْجَارٌ طَوِيْلَةٌ. ٤۔رَجُلَانِ شَاعِرَانِ. ٥۔أَنَا أَخُوْهُ. ٦۔مُؤْمِنَاتٌ قَائِمَاتٌ. ٧۔خَالِدٌ صَدِيْقِي. ٨۔هٰذَا بَشَرٌ. ٩۔اَلْقَاضِيُ حَاضِرٌ. ١٠۔اَلرِجَالُ قَائِمُوْنَ. ١١۔اَلْمَسْجِدُ فَسِيْحٌ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

١۔مَا خَالِدٌ شَاعِرٌ. ٢۔لَا زَيْدٌ عَالِمًا. ٣۔مَا الْمُفْتِيُ بِحَاضِرٍ الْيَوْمَ.
٤۔اِنْ أَنْتُمْ اِلَّا كَاذِبِيْنَ. ٥۔لَا رَجُلَانِ قَائِمًا. ٦۔مَا اِنْ صَادِقٌ نَادِمًا.
٧۔مَا الْكَافِرُوْنَ نَاجِحُوْنَ. ٨۔مَا هُمْ بِمُؤْمِنُوْنَ. ٩۔مَا لَهٗ نَصِيْرًا.
١٠۔مَا الْحَيَاةُ اِلَّا فَانِيَةً. ١١۔اِنْ فَاطِمَةُ جَالِسًا. ١٢۔مَا بَكْرٌ أَبُوْكَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع والعشرون

مفعول مطلق کا بیان

فعل کے اپنے یا اُس کے ہم معنی مصدر کو مفعول مطلق کہتے ہیں: ضَرَبْتُ ضَرْبًا، قَعَدْتُ جُلُوْسًا.

مفعول مطلق کی اقسام:

مفعول مطلق کی تین قسمیں ہیں: ۱۔تاکیدی ۲۔نوعی ۳۔عددی۔

جو مفعول مطلق فِعْلَةٌ کے وزن پر ہو یا مضاف ہو یا موصوف ہو وہ مفعول مطلق نوعی ہوتا ہے: جَلَسَ جِلْسَةً، ضَرَبْتُ ضَرْبَ زَيْدٍ، ضَرَبْتُ ضَرْبًا شَدِيْدًا.

جو مفعول مطلق فَعْلَةٌ کے وزن پر ہو یا اِس کا تثنیہ ہو یا ایسا اسم عدد ہو جو مصدر کی طرف یا مَرّات کی طرف مضاف ہو وہ مفعول مطلق عددی ہوتا ہے: أَكَلْتُ أَكْلَةً، أَكَلْتُ أَكْلَتَيْنِ، أَكَلْتُ ثَلاثَ أَكَلاتٍ، جَاءَ زَيْدٌ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ.

اور جو مفعول مطلق اِن کے علاوہ ہو وہ مفعول مطلق تاکیدی ہوگا: نَصَرْتُ نَصْرًا.

قواعد وفوائد:

1. مفعول مطلق ہمیشہ منصوب ہوتا ہے جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔
2. کبھی مفعول مطلق محذوف ہوتا ہے اور اُس کی صفت ذکر کر دی جاتی ہے: اُذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا یعنی ذِكْرًا كَثِيْرًا.
3. بعض مفعول مطلق کے افعال ہمیشہ محذوف ہوتے ہیں: سَقْيًا یعنی سَقَاكَ اللّٰهُ سَقْيًا، حَمْدًا یعنی حَمِدْتُ اللّٰهَ حَمْدًا، شُكْرًا یعنی شَكَرْتُ شُكْرًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. مفعول مطلق کسے کہتے ہیں اور مفعول مطلق کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟

س:2. مفعول مطلق کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:3. مفعول مطلق نوعی کب ہوتا ہے؟ س:4. مفعول مطلق عددی کب ہوتا ہے؟ س:5. مفعول مطلق تاکیدی کب ہوتا ہے؟ س:6. وہ کونسے مفعول مطلق ہیں جن کا فعل ہمیشہ محذوف ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. مفعول مطلق ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔ 2. جو مفعول مطلق موصوف ہو وہ مفعول مطلق عددی ہوتا ہے۔ 3. جو مفعول مطلق ایسا اسمِ عدد ہو جو مصدر کی طرف مضاف ہو وہ مفعول مطلق نوعی ہوتا ہے۔ 4. مفعول مطلق کا فعل ہمیشہ محذوف ہوتا ہے۔

تمرین (3)

درجِ ذیل جملوں میں مفعول مطلق اور اُس کی قسم متعین کیجیے۔

١۔ تَدُوْرُ الشَّمْسُ دَوْرَةً فِيْ يَوْمٍ. ٢۔ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا.

٣۔ وَثَبَ خَالِدٌ وُثُوْبَ الْأَسَدِ. ٤۔ ضَرَبْتُ الْحَيَّةَ ضَرْبَةً. ٥۔ جَلَسَ زَيْدٌ جِلْسَةَ الْأَمِيْرِ. ٦۔ أَدَّبَ الْأُسْتَاذُ التِلْمِيْذَ تَأْدِيْبًا. ٧۔ قَاتَلَ زَيْدٌ قِتَالًا.

٨۔ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا. ٩۔ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا. ١٠۔ أَنْبَتَ اللّٰهُ نَبَاتًا.

١١۔ قَرَأْتُ الْقُرْآنَ سَبْعَ قِرَاءَاتٍ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثلاثون

مفعول بہ کا بیان

جس اسم پر کوئی فعل واقع ہو اُسے مفعول بہ کہتے ہیں، مفعول بہ بھی ہمیشہ منصوب ہوتا ہے: نَصَرْتُ ضَعِيفًا، أَعْطَيْتُ الْفَقِيرَ دِرْهَمًا.

قواعد وفوائد:

1. ایک فعل کے دو یا تین مفعول بہ بھی ہوتے ہیں: أَعْطَيْتُ زَيْدًا قَلَمًا، أَعْلَمْتُ زَيْدًا بَكْرًا فَاضِلًا.

ایسا فعل مجہول ہو تو اس کا پہلا مفعول نائب فاعل اور باقی مفعول بہ ہونگے: أُعْطِيَ زَيْدٌ قَلَمًا، أُعْلِمَ زَيْدٌ بَكْرًا فَاضِلًا.

2. عام طور پر مفعول بہ فعل اور فاعل کے بعد آتا ہے: نَصَرَ زَيْدٌ عَمْرًا اور کبھی ان سے پہلے بھی آجاتا ہے: نَصَرَ عَمْرًا زَيْدٌ، عَمْرًا نَصَرَ زَيْدٌ.

3. مفعول بہ موصوف یا مضاف بھی ہوتا ہے: سَلُوا اللّٰهَ عِلْمًا نَافِعًا، رَأَيْتُ غُلَامَ زَيْدٍ.

4. قرینہ ہو تو مفعول بہ کے فعل کو حذف کرنا جائز ہے جیسے کوئی پوچھے: مَنْ رَأَيْتَ؟ اور جواب میں کہا جائے: زَيْدًا تو مطلب ہوگا: رَأَيْتُ زَيْدًا.

تمرین (1)

س:1. مفعول بہ کسے کہتے ہیں اور اس کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟ س:2. ایک فعل کے کتنے مفعول بہ ہو سکتے ہیں؟ س:3. کیا مفعول بہ فاعل یا فعل سے پہلے آتا ہے؟

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

1. مفعول بہ مرفوع ہوتا ہے۔ 2. ایک فعل کے تین یا چار مفعول بہ بھی ہو سکتے ہیں۔ 3. مفعول بہ ہمیشہ فعل اور فاعل کے بعد آتا ہے۔

تمرین (3)

درجِ ذیل جملوں میں مفعول بہ کی پہچان کیجیے۔

۱۔ إِيَّاكَ نَعْبُدُ. ۲۔ رَزَقَنَا اللّٰهُ عِلْمًا نَافِعًا. ۳۔ رُمَّانًا أَكَلَ بَكْرٌ.

۴۔ أَنَا أَحْتَرِمُ الْمُسْلِمِيْنَ. ۵۔ رَاٰى فِيْلًا وَلَدٌ. ۶۔ دَعَا أَبِيْ أَخِيْ.

۷۔ أَكَلَ الْكُمَّثْرٰى مُوْسٰى. ۸۔ اِتَّقُوا اللّٰهَ. ۹۔ أَعْطٰى زَيْدٌ فَقِيْرًا رُوْبِيَةً.

۱۰۔ لَقِيْنَا الْأُسْتَاذَ. ۱۱۔ أَكْرَمْتُ أَخَا زَيْدٍ. ۱۲۔ رَأَيْتُ نَهْرَيْنِ فِي الْحَدِيْقَةِ.

۱۳۔ أُحِبُّ رَبِّيْ. ۱۴۔ اِشْتَرَيْتُ كُرَّاسَاتٍ. ۱۵۔ اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ.

۱۶۔ اِجْتَنِبُوا الْخَمْرَ.

……اسمائے افعال……

هَيْهَاتَ (دور ہوا) سَرْعَانَ (جلدی کی) شَتَّانَ (جدا ہوا) نَزَالِ (اتر) رُوَيْدَ (مہلت دے) بَلْهَ (چھوڑ) حَيَّهَلَ، هَلُمَّ، هَيْتَ لَكَ (آ) هَيَّا (جلدی کر) عَلَيْكَ (لازم پکڑ) أَمَامَكَ (آگے بڑھ) وَرَاءَكَ (پیچھے ہو) اِلَيْكَ (ہٹ) اِلَيْكَ عَنِّيْ (مجھ سے دور ہو جا) اِلَيْكَ الْكِتَابَ (کتاب پکڑ) دُوْنَكَ (پکڑ) عَلَيَّ بِهٖ (اُسے لا) قَطْ (رک جا) هَاتِ (لا) صَهْ (ابھی چپ رہ) صَهٍ (کبھی چپ رہ) مَهْ (ابھی چھوڑ) مَهٍ (کبھی چھوڑ) هَا (پکڑ) أُوْه، آهْ (اظہار تکلیف کیلئے) وَاهُ، وَاهًا، وَيْ (اظہار تعجب کیلئے) بَخْ (اظہار پسندیدگی کیلئے) أُفِّ (اظہار بیزاری کیلئے) اٰمِيْنَ (قبول کر)۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي والثلاثون

مفعول فیہ کا بیان

جس جگہ یا وقت میں فعل واقع ہواُسے مفعول فیہ کہتے ہیں: دَخَلْتُ فِي الْمَدِيْنَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ. مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

تنبیہ:

ظرف سے پہلے حرفِ جر فِيْ لفظاً موجود ہوتو ظرف مجرور ہوگا اوراس کو مفعول فیہ نہیں کہتے اور حرفِ جر محذوف ہوتو ظرف منصوب ہوگا اور مفعول فیہ کہلائے گا۔

ظرف کی اقسام:

ظرف کی دوقسمیں ہیں: ۱۔ظرفِ زمان: وہ وقت جس میں فعل واقع ہو: أَذْهَبُ غَدًا. ۲۔ظرفِ مکان: وہ جگہ جس میں فعل واقع ہو: صَلَّيْتُ خَلْفَ الْإِمَامِ.

پھر جوظرفِ زمان ایسا زمانہ ظاہر کرے جس کی حد نہ ہواُسے ظرفِ زمان غیر محدود یا ظرفِ زمان مبہم کہتے ہیں: صُمْتُ دَهْرًا. اور جوظرفِ زمان ایسا زمانہ ظاہر کرے جس کی حد ہواُسے ظرفِ زمان محدود کہتے ہیں: صُمْتُ شَهْرًا.

یوں ہی جوظرفِ مکان ایسی جگہ ظاہر کرے جس کی حد نہ ہواُسے ظرفِ مکان غیرمحدود یا ظرفِ مکان مبہم کہتے ہیں: جَلَسْتُ أَمَامَ الْأَمِيْرِ. اور جوظرفِ مکان ایسی جگہ ظاہر کرے جس کی حد ہواُسے ظرفِ مکان محدود کہتے ہیں: دَخَلْتُ دَارًا.

قواعد وفوائد:

1. ظرفِ مبہم (زمان ہو یا مکان) سے پہلے فِيْ لانا جائز نہیں: قُمْتُ أَمَامَهُ دَهْرًا.

2. ظرفِ مکان محدود سے پہلے فِيْ لانا واجب ہے(۱۳): قُمْتُ فِي الدَّارِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

3. ظرفِ زمان محدود سے پہلے فِيْ لانا جائز ہے: قَامَ فِيْ لَيْلٍ، قَامَ لَيْلًا.

4. قرینہ ہو تو مفعول فیہ کے فعل کو حذف کرنا جائز ہے۔ جیسے کوئی پوچھے: مَتٰی تَصُوْمُ؟ اور جواب میں کہا جائے: غَدًا تو اِس کا معنی ہوگا: أَصُوْمُ غَدًا.

تمرین (1)

س:1. مفعول فیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. ظرفِ زمان مبہم اور ظرفِ زمان محدود کسے کہتے ہیں؟ س:3. کس ظرف سے پہلے فِيْ لانا جائز، ناجائز یا واجب ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. مفعول فیہ کو ظرفِ زمان کہتے ہیں۔ 2. جس ظرف کی حد ہو اُسے ظرفِ مبہم کہتے ہیں۔ 3. ظرفِ زمان سے پہلے فِيْ لانا واجب ہے۔

تمرین (3)

(الف) مفعول فیہ الگ کیجیے نیز بتائیں کہ اِس سے پہلے فِيْ آسکتا ہے یا نہیں۔

۱۔وُلِدَ نَبِيُّنَا ﷺ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ. ۲۔خَتَمْتُ الْقُرْآنَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ. ۳۔صَلَّيْتُ خَلْفَ الْإِمَامِ. ۴۔أَسْتَيْقِظُ وَقْتَ التَهَجُّدِ. ۵۔أَتْلُو الْقُرْآنَ كُلَّ يَوْمٍ صَبَاحًا. ۶۔أُطِيْعُ الْوَالِدَيْنِ دَائِمًا. ۷۔أَصُوْمُ شَهْرَ رَمَضَانَ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی اور اُس کی وجہ کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔أُصَلِّي مَسْجِدًا. ۲۔أَرْجِعُ فِيْ غَدًا. ۳۔أَحْفَظُ الدَّرْسَ دَارًا. ۴۔اَلْحُكْمُ فَوْقَ الْأَدَبِ. ۵۔دَرَسْتُ سِنُوْنَ. ۶۔لَاأَقْرَءُ فِي خَلْفِ الْإِمَامِ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني والثلاثون

مفعول لہ اور مفعول معہ کا بیان

مفعول لہ کی تعریف:

جس مفعول کے سبب فعل واقع ہوا اُسے مفعول لہ یا مفعول لِاَجْلِہ کہتے ہیں:

قُمْتُ اِكْرَامًا، سَئَلْتُ جَهْلًا.

1. مفعول لہ منصوب ہوتا ہے لیکن اگر اُس سے پہلے حرفِ جر آجائے تو وہ مجرور ہوجائے گا اور اس صورت میں یہ مفعول لہ نہیں کہلائے گا: قُمْتُ لِلْأُسْتَاذِ، وَقَفْتُ مِنَ الْمَطَرِ، اُخِذَتْ امْرَأَةٌ فِيْ هِرَّةٍ.

2. مفعول لہ مصدر نہ ہو تو اُس سے پہلے حرفِ جر لانا واجب ہے، مصدر ہو تو حرف جر لانا یا نہ لانا دونوں جائز ہیں (۱۴): جِئْتُ لِلْمَاءِ، قُمْتُ اِكْرَامًا يا لِلْاِكْرَامِ.

مفعول معہ کی تعریف:

جو مفعول واؤ بمعنی مَـــعَ کے بعد آئے اُسے مفعول معہ کہتے ہیں۔ مفعول معہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے: جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ.

1. عطف جائز ہو تو واؤ کو عاطفہ لینا یا مَـــعَ کے معنی لینا دونوں جائز ہیں (۱۵) عاطفہ لیں گے تو بعد والا اسم اِعراب میں ماقبل کے مطابق ہوگا اور مَـعَ کے معنی میں لیں گے تو بعد والا اسم منصوب ہوگا: جَاءَ خَالِدٌ وَزَيْدٌ، جَاءَ خَالِدٌ وَزَيْدًا.

2. اگر عطف جائز نہ ہو تو واؤ کو بمعنی مَعَ لینا ضروری ہے: جَاءَ وَزَيْدًا (۱۶).

3. جو اسم مَعَ کے بعد آئے وہ مفعول معہ نہیں کہلائے گا: ذَهَبْتُ مَعَ زَيْدٍ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. مفعول لہ اور مفعول معہ کسے کہتے ہیں اور اِن کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟

س:2. مفعول لہ سے پہلے حرفِ جر لانا کب ضروری ہے؟ س:3. کب واؤ کو عاطفہ لینا اور مَعَ کے معنی میں لینا دونوں جائز ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

1. جس کے سبب فعل واقع ہوا سے مفعول لہ کہتے ہیں۔ 2. مفعول لہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ 3. مفعول لہ مصدر نہ ہو تو اُس سے پہلے لام لانا ضروری ہے۔

4. جو اسم واؤ کے بعد آئے اُسے مفعول معہ کہتے ہیں۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں مفعول لہ اور مفعول معہ الگ الگ کیجیے۔

۱۔اِحْمَرَّ وَجْهُهُ غَضَبًا. ۲۔أَكَلْتُ وَزَيْدًا. ۳۔سَافَرْتُ طَلَبًا لِلْعِلْمِ.

۴۔قُمْتُ اِكْرَامًا لِلْأُسْتَاذِ. ۵۔سِرْتُ وَالنِّيلَ. ۶۔آصَفُ ذَهَبَ وَزَاهِدًا.

۷۔تَرَكْتُ الْحَرَامَ حَيَاءً مِنَ اللّٰهِ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔نَصَرَ الرَّجُلُ وَنَاصِرٍ. ۲۔جِئْتُ كِتَابًا. ۳۔سَمِعْتُ وَخَالِدٍ.

۴۔دَخَلْتُ الدَّارَ مَطَرًا. ۵۔صَلَّيْتُ وَالْمُسْلِمُوْنَ. ۶۔نَجَحَ رَجُلٌ كَلْبًا.

۷۔زَلَّتْ رِجْلُ وَلَدٍ وَحَلًا.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث والثلاثون

حال کا بیان

جولفظ فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے اُسے حال اوراُس فاعل یا مفعول کوذوالحال کہتے ہیں: ضَرَبْتُ زَيْدًا قَائِمًا، لَقِيتُ زَيْدًا رَاكِبَيْنِ.

قواعد وفوائد:

1. حال ہمیشہ منصوب اورنکرہ ہوتاہے اورذوالحال عامل کے مطابق اوراکثر معرفہ ہوتاہے: جَاءَ زَيْدٌ رَاكِبًا، رَأَيْتُ زَيْدًا رَاكِبًا.

2. حال' ذوالحال کے بعدآتاہے مگرذوالحال اگرنکرہ ہواورمجرورنہ ہوتوحال کواُس سے پہلے لاناضروری ہے: جَاءَ رَاكِبًا رَجُلٌ، رَأَيْتُ رَاكِبًا رَجُلًا.

3. حال مُفرَد ہوتواُس کاواحد،تثنیہ،جمع اورمذکرومؤنث ہونے میں ذوالحال کےمطابق ہوناضروری ہے: جَاءَ الرَّجُلُ رَاكِبًا، جَاءَتِ الْمَرْأَةُ رَاكِبَةً، جَاءَ الرَّجُلَانِ رَاكِبَيْنِ، جَاءَتِ الْمَرْأَتَانِ رَاكِبَتَيْنِ، جَاءَ الرِّجَالُ رَاكِبِيْنَ.

4. حال جملہ اسمیہ ہوتواُس میں واؤاورضمیر یااِن میں سےایک کاہوناضروری ہے: اُدْعُ اللّٰهَ وَأَنْتَ مُوْقِنٌ، لَا تَأْكُلْ وَالطَّعَامُ حَارٌّ، رَجَعَ الْقَائِدُ هُوَ فَاتِحٌ.

5. حال جملہ فعلیہ ہواورفعلِ ماضی سےشروع ہوتواُس سے پہلے قَدْ کاہوناضروری ہے: جَاءَ زَيْدٌ قَدْ قُمْتُ.

اورفعلِ مضارع سےشروع ہوتواُس میں ذوالحال کےمطابق ایک ضمیرکاہوناضروری ہے: جَاءَ يَرْكَبُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. حال اور ذوالحال کسے کہتے ہیں اور اِن دونوں کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟ س:2. حال کو ذوالحال سے پہلے لانا کب ضروری ہے؟ س:3. حال مفرد ہو تو کن چیزوں میں اُس کا ذوالحال کے مطابق ہونا ضروری ہے؟ س:4. حال جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ ہو تو اُس میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو اسم' فاعل یا مفعول کی حالت بتائے اُسے حال کہتے ہیں۔ 2. حال اور ذوالحال منصوب ہوتے ہیں۔ 3. ذوالحال ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے۔ 4. ذوالحال نکرہ ہو تو حال کو اس سے پہلے لانا ضروری ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں حال اور ذوالحال کی تعیین کیجیے۔

۱۔ذَهَبَ الْحَاجُّ مَاشِيًا. ۲۔لَا تَشْرَبِ الْمَاءَ كَدِرًا. ۳۔نَزَلَ الْمَطَرُ غَزِيْرًا. ۴۔لَا تَحْكُمْ غَضْبَانَ. ۵۔لَا تَقْرَءْ وَالنُّوْرُ ضَئِيْلٌ. ۶۔فَرَّ السَارِقُ يَرْكَبُ. ۷۔اِجْتَهِدْ صَغِيْرًا. ۸۔كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔جَاءَ الرِجَالُ رَاكِبُوْنَ. ۲۔لَا تَشْرَبِيْ قَائِمًا. ۳۔مَرَرْتُ قَائِمًا بِرَجُلٍ.
۴۔أُخِذَ الرَّجُلَانِ فَارَّانِ. ۵۔جَاءَتِ النِّسَاءُ رَاكِبَاتٌ. ۶۔ذَهَبَ وَلَدٌ رَاجِلًا.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع والثلاثون

تمییز کا بیان

جواسمِ نکرہ کسی چیز سے اِبہام (پوشیدگی) کو دور کردے اُسے تمییز یا مُمَیِّز کہتے ہیں اور تمییز جس چیز سے اِبہام کو دور کرے اُسے مُمَیَّز کہتے ہیں: عِشْرُوْنَ قَلَمًا.

تمییز کی اَقسام:

تمییز کی دو قسمیں ہیں: ۱۔تمییز عن الذات ۲۔تمییز عن النسبۃ.

۱۔تمییز عن الذات: وہ تمییز جو کسی مُبہَم ذات سے اِبہام کو دور کرے، یہ مُبہَم ذات عموماً مقدار (عدد، وزن، کیل یاناپ وغیرہ) ہوتی ہے: لِزَیْدٍ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا، عِنْدِيْ رِطْلٌ زَيْتًا، هٰذَا صَاعٌ بُرًّا، عِنْدَ خَالِدٍ شِبْرٌ أَرْضًا. اور کبھی یہ مبہم ذات مقدار کے علاوہ بھی ہوتی ہے: خَاتَمٌ ذَهَبًا.

۲۔تمییز عن النسبۃ: وہ تمییز جو کسی مُبہَم نسبت سے اِبہام کو دور کرے، یہ مُبہَم نسبت یا تو جملہ فعلیہ میں ہوتی ہے: حَسُنَ زَيْدٌ خُلُقًا. یا شبہ جملہ میں ہوتی ہے: أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا. یا اِضافت میں ہوتی ہے: أَعْجَبَنِيْ شَرَافَةُ زَيْدٍ نَفْسًا.

قواعد وفوائد:

1. تمییز ہمیشہ نکرہ ہوتی ہے جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔
2. تمییز منصوب ہوتی ہے لیکن اگر مُمَیَّز کو اُس کی طرف مضاف کردیا جائے تو وہ مجرور ہو جائے گی: عِنْدِيْ شِبْرُ أَرْضٍ، بِعْتُ صَاعَ بُرٍّ، هٰذَا عِقْدُ فِضَّةٍ.
3. مُمَیَّز اگر ذات ہو تو اُسے تمییز کی طرف مضاف کرنا جائز ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. تمییز اور ممیَّز کسے کہتے ہیں؟ س:2. تمییز عن الذات اور تمییز عن النسبۃ کسے کہتے ہیں؟ س:3. مبہم ذات کیا ہوتی ہے؟ س:4. مبہم نسبت کن چیزوں میں ہوتی ہے؟ س:5. تمییز کا اعراب کیا ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جو اسمِ معرفہ کسی چیز سے اِبہام کو دور کردے اُسے تمییز کہتے ہیں۔ 2. جس چیز سے اِبہام کو دور کیا جائے اُسے مُمیَّز کہتے ہیں۔ 3. مبہم ذات عموماً عدد ہوتی ہے۔ 4. مبہم نسبت صرف جملہ اسمیہ میں ہوتی ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں تمییز کی پہچان کیجیے۔

۱۔بِعْتُ مَنًّا بُرًّا بِمِائَةِ رُوْبِيَةٍ. ۲۔فِي الْبَيْتِ صَاعٌ تَمْرًا. ۳۔رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا. ۴۔فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا. ۵۔اَلدَّارُ طَيِّبَةٌ فَسَاحَةً. ۶۔لِيْ خَاتَمٌ فِضَّةً. ۷۔اَلسَّنَةُ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا. ۸۔أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ تَجْرِبَةً. ۹۔عِنْدِيْ رِطْلٌ سَمْنًا. ۱۰۔عِنْدَهُ ذِرَاعٌ حَرِيْرًا. ۱۱۔مَلَئْتُ الْكَأْسَ لَبَنًا. ۱۲۔مَا عِنْدِيْ شِبْرٌ أَرْضًا. ۱۳۔رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔أَخَذْتُ عِشْرِيْنَ الدِّرْهَمَ. ۲۔عِنْدَهَا سِوَارٌ ذَهَبٌ. ۳۔عِنْدَهُ رِطْلُ زَيْتًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخامس والثلاثون

مستثنٰی کا بیان

جس اسم کو بذریعہ کلمہ اِستِثناء کسی اسم کے حکم سے نکال دیا جائے اُسے **مستثنٰی** اور جس اسم کے حکم سے مستثنٰی کو نکالا گیا ہو اُسے **مستثنٰی منہ** کہتے ہیں: قَامَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا.

کلماتِ اِستِثناء:

کلماتِ اِستِثناء گیارہ ہیں: اِلَّا، غَیْرَ، سِوٰی، سِوَاءَ، حَاشَا، خَلَا، مَاخَلَا، عَدَا، مَاعَدَا، لَیْسَ اورلَا یَکُوْنُ.

مُستَثنٰی کی اَقسام:

مستثنٰی کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مستثنٰی متَّصِل ۲۔ مستثنٰی منقطع۔

جو مستثنٰی اِستِثناء سے پہلے مستثنٰی منہ میں داخل ہو اُسے **مستثنٰی مُتَّصِل** کہتے ہیں: جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا.

اور جو مستثنٰی اِستِثناء سے پہلے مستثنٰی منہ میں داخل نہ ہو اُسے **مستثنٰی مُنقَطِع** کہتے ہیں: جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا.

تنبیہ:

جس کلام میں نفی، نہی یا اِستِفہام نہ ہو اُسے **کلامِ مُوجَب** کہتے ہیں: جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا.

اور جس کلام میں نفی، نہی یا استفہام ہو اُسے **کلامِ غیر مُوجَب** کہتے ہیں: مَاجَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا، لَاتُکْرِمِ الْقَوْمَ اِلَّا بَکْرًا، أَ قَامَ أَحَدٌ اِلَّا بَکْرًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

مُستثنیٰ کا اِعراب:

1. مستثنیٰ مفرّ غ (وہ مستثنیٰ جس کا مستثنیٰ منہ محذوف ہو) کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے: لَا یَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ، مَا لَقِیتُ اِلَّا بَکْرًا.

2. غَیْرُ، سِوٰی، سِوَاءَ کے بعد ہمیشہ اور حَاشَا کے بعد عموماً مستثنیٰ مجرور ہوتا ہے:
جَاءَ الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ، مَا جَاءَ الْقَوْمُ سِوٰی خَالِدٍ، ضَرَبَ الْقَوْمُ حَاشَا بَکْرٍ.

3. مستثنیٰ غیر مفرّ غ' کلام غیر موجب میں اِلَّا کے بعد ہو تو منصوب اور عامل کے مطابق دونوں طرح آ سکتا ہے: مَا جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا خَالِدًا یا اِلَّا خَالِدٌ.

4. درجِ ذیل چار صورتوں میں مستثنیٰ منصوب ہوتا ہے:
۱۔مَاخَلَا، مَاعَدَا، لَیْسَ، لَایَکُوْنُ کے بعد ہمیشہ اور خَلَا اور عَدَا کے بعد عموماً:
جَاءَ الْقَوْمُ مَاخَلَا بَکْرًا، نَصَرَ الْقَوْمُ خَلَا زَیْدًا.
۲۔جب مستثنیٰ منقطع ہو: جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا فَرَسًا.
۳۔جب مستثنیٰ مستثنیٰ منہ سے پہلے آجائے: جَاءَ اِلَّا زَیْدًا قَوْمٌ.
۴۔جب مستثنیٰ کلام موجب میں اِلَّا کے بعد آئے: جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا.

تنبیہ: غَیْرُ کو اِستِثناء میں وہی اِعراب دیں گے جو اِلَّا کے بعد مستثنیٰ کا ہوتا ہے:
۱۔مَا جَاءَ غَیْرُ بَکْرٍ، مَا لَقِیتُ غَیْرَ خَالِدٍ. (مستثنیٰ مفرغ ہے)
۲۔مَا جَاءَ الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ یا غَیْرُ زَیْدٍ (مستثنیٰ غیر مفرغ کلام غیر موجب میں ہے)
۳۔جَاءَ الْقَوْمُ غَیْرَ فَرَسٍ. (مستثنیٰ منقطع ہے)
۴۔جَاءَ غَیْرَ زَیْدٍ الْقَوْمُ. (مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ سے پہلے ہے)
۵۔جَاءَ الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ. (مستثنیٰ کلام موجب میں ہے)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net

تمرین (1)

س:1. مستثنٰی اور مستثنٰی منہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. مستثنٰی کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ س:3. مستثنٰی کا اعراب بیان کیجیے۔ س:4. کلامِ موجب اور کلام غیر موجب کسے کہتے ہیں؟ س:5. مستثنٰی مفرغ اور مستثنٰی غیر مفرغ کسے کہتے ہیں؟ س:6. استثناء میں لفظ غَیر کا اعراب بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جس اسم کوکسی دوسرے اسم سے نکال دیا جائے اُسے مستثنٰی کہتے ہیں۔
2. مستثنٰی مفرَّغ ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔ 3. غَیرُ کے بعد مستثنٰی منصوب ہوگا۔

تمرین (3)

(الف) مستثنٰی اور مستثنٰی منہ پہچانیں نیز مستثنٰی اور غَیر کا اِعراب بتایئے۔

۱۔قَامَ التَلامِیذُ اِلَّا هِرَّة. ۲۔نَامَ الْأُسْرَةُ غَیر بَکْر. ۳۔مَاکَذَبَ سِوٰی امْرَأَة أَحَدٌ. ۴۔ذَهَبَ الْقَوْمُ خَلَا زَیْد. ۵۔لَا یَمَسُّ الْقُرْآنَ اِلَّا طَاهِر. ۶۔حَفِظَ الطُّلَّابُ غَیر وَاحِد. ۷۔نَصَرَ الْقَوْمُ لَا یَکُوْنُ زَیْدًا.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی شناخت فرمایئے۔

۱۔نَبَحَ الْکِلَابُ اِلَّا قِطٌّ. ۲۔فَازَ الْأَوْلَادُ غَیرُ وَلَدٍ. ۳۔مَا قَامَ اِلَّا ابْنَةٌ أَحَدٌ. ۴۔مَا فَرَّ غَیرَ بَکْرٍ. ۵۔کَرَّ الْجُنْدُ مَا عَدَا عِمْرَانُ. ۶۔مَا أَکْرَمَ اِلَّا زَیْدًا. ۷۔مَا ضَرَبْتُ غَیرُ بَکْرٍ. ۸۔لَا یَزِیْدُ فِي الْعُمرِ اِلَّا الْبِرّ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس والثلاثون

فعل کی اَقسام اور اُس کا عمل

فعلِ معروف اور فعل مجہول:

جس فعل کی اِسناد فاعل کی طرف ہو اُسے فعلِ معروف کہتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ.
اور جس فعل کی اِسناد مفعول کی طرف ہو اُسے فعلِ مجہول کہتے ہیں: سُرِقَ مَتَاعٌ.

فعلِ لازم اور فعل متعدی:

جس فعل کا مفعول بہ نہ آ سکتا ہو اُسے فعلِ لازِم کہتے ہیں: جَلَسَ زَيْدٌ. اور جس فعل کا مفعول بہ آ سکتا ہو اُسے فعلِ مُتَعَدّی کہتے ہیں: نَصَرَ زَيْدٌ ضَعِيفًا.

فعلِ متعدّی کی اَقسام:

فعلِ متعدی کی تین قسمیں ہیں:

1. وہ فعلِ متعدّی جس کا ایک مفعول بہ ہو: أَكْرَمْتُ زَيْدًا.
2. وہ فعلِ متعدّی جس کے دو مفعول بہ ہوں: أَعْطَيْتُ زَيْدًا قَلَمًا.
3. وہ فعلِ متعدّی جس کے تین مفعول بہ ہوں: أَخْبَرْتُ زَيْدًا بَكْرًا عَالِمًا.

فعل کا عمل:

فعلِ معروف فاعل کو اور فعلِ مجہول نائب الفاعل کو رفع دیتا ہے اِس کے علاوہ یہ دونوں فعل درجِ ذیل چھ اَسماء کو نصب بھی دیتے ہیں:

1. مفعول مطلق: قَامَ زَيْدٌ قِيَامًا، نَصَرَ زَيْدٌ نَصْرًا.
2. مفعول فیہ: صَامَ بَكْرٌ يَوْمًا، أُخِذَ سَارِقٌ لَيْلًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

3. مفعول معہ: جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ، رُأَيِ الْأَسَدُ وَالشَّاةَ.

4. مفعول لہ: قَامَ زَيْدٌ اِكْرَامًا، ضُرِبَ خَالِدٌ تَادِيْبًا.

5. حال: جَاءَ زَيْدٌ رَاكِبًا، نُصِرَ زَيْدٌ فَقِيْرًا.

6. تمییز: طَابَ زَيْدٌ نَفْسًا، زِيْدَ زَيْدٌ عِلْمًا.

اور فعلِ متعدی مفعول بہ کو بھی نصْب دیتا ہے: نَصَرَ زَيْدٌ عَمْرًا.

تمرین (1)

س:1. فعل معروف اور فعل مجہول کسے کہتے ہیں؟ س:2. فعل لازم اور متعدی کسے کہتے ہیں اور یہ کیا عمل کرتے ہیں؟ س:3. متعدی کی کتنی قسمیں ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. جس فعل کی اِسناد فاعل کی طرف ہو اُسے فعلِ مجہول کہتے ہیں۔ 2. جس فعل کا مفعول بہ آتا ہو اُسے فعلِ لازم کہتے ہیں۔ 3. ہر فعل فاعل کو اور چھ اَسماء کو رفع دیتا ہے۔ 4. فعل کے چار مفعول بہ بھی ہوتے ہیں۔

تمرین (3)

درجِ ذیل جملوں میں فعل کا عمل بیان کیجیے۔

۱۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ. ۲۔سَافَرَ الْأَخَوَانِ رَاجِلَيْنِ. ۳۔يَحُجُّ الْمُسْلِمُوْنَ بَيْتَ اللّٰهِ. ۴۔ذَهَبَتْ سُعَادُ صَبَاحًا. ۵۔شُرِبَ لَبَنٌ شَرْبَةً. ۶۔أُعْطِيَ الْفَقِيْرُ دِيْنَارًا. ۷۔شَرِبْتُ مَاءَ زَمْزَمَ قَائِمًا. ۸۔قَضَى الْقَاضِيُ قَضِيَّةً. ۹۔جَاءَ أَخُوْكَ مَسْرُوْرًا. ۱۰۔اِمْتَلَأَ الْإِنَاءُ مَاءً.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السابع والثلاثون

مرفوعات، منصوبات، مجرورات

درجِ ذیل آٹھ قسم کے اَسماء مرفوع ہوتے ہیں:

۱۔فاعل ۲۔نائب الفاعل ۳۔مبتدا ۴۔خبر ۵۔افعال ناقصہ کا اسم
۶۔مَا اور لَا کا اسم ۷۔حروف مشبہہ بالفعل کی خبر ۸۔لائے نفی جنس کی خبر.

بارہ قسم کے اَسماء منصوب ہوتے ہیں:

۱۔مفعول بہ ۲۔مفعول مطلق ۳۔مفعول لہ ۴۔مفعول فیہ ۵۔مفعول معہ
۶۔حال ۷۔تمیز ۸۔مستثنٰی ۹۔افعال ناقصہ کی خبر ۱۰۔مَا اور لَا کی خبر
۱۱۔حروف مشبہہ بالفعل کا اسم ۱۲۔لائے نفی جنس کا اسم۔

اور دو قسم کے اسماء مجرور ہوتے ہیں:

۱۔مضاف اِلیہ ۲۔حرف جر کا مدخول۔

تنبیہ:

کسی بھی مرفوع کا تابع' مرفوع ،منصوب کا تابع' منصوب اور مجرور کا تابع' مجرور ہوگا۔نیز فعل مضارع بھی مرفوع ،منصوب اور مجزوم ہوتا ہے۔

توابع کا بیان خلاصۃ النحو حصہ دوم میں آئے گا اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ باقی مذکورہ بالا تمام چیزوں کا بیان ماقبل دروس میں گذر چکا ہے۔

بحمد اللّٰہ تعالی وکرمہ قد تمّ الجزء الأوّل من"خلاصة النحو".

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الحواشي المتعلقة بالجزء الأوّل من "خلاصة النحو"

(۱)......مؤنث لفظی کے دو معنی ہیں:

اول وہ اسم جس میں علامت تانیث لفظا ہو خواہ اس کے مقابل حیوان مذکر ہو یا نہ ہو۔(اس معنی میں امرأة، ناقة، طلحة، خليفة، ظلمة، قوّة وغیرہ بھی مؤنث لفظی ہیں)

دوم وہ اسم جس کے مقابل حیوان مذکر نہ ہو۔(اس معنی میں ناقة جیسے اسماء مؤنث لفظی نہیں ہیں)(البشیر ،ص:۸۸)

(۲)......اگر واحد کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو تو جمع میں یاء حذف ہو جائے گی: اَلْقَاضِيُ سے اَلْقَاضُوْنَ .اور اگر واحد کے آخر میں الف مقصورہ ہو تو جمع میں یہ الف حذف ہو جائے گا اور ماقبل مفتوح رہے گا:اَلْمُصْطَفٰی سے اَلْمُصْطَفَوْنَ.

خیال رہے کہ ہر واحد سے جمع مذکر سالم نہیں بنا سکتے یہ جمع صرف مذکر ذی عقل کے عَلَم یا مذکر ذی عقل کی صفت سے بنائی جا سکتی ہے اور مذکر ذی عقل کے علم سے یہ جمع بنانے میں یہ بھی شرط ہے کہ اُس کے آخر میں تاء(ۃ) نہ ہو۔

لہٰذا هِنْدٌ، قَلَمٌ، غُلَامٌ، ضَارِبَةٌ، مُرٌّ اور طَلْحَةُ سے جمع مذکر سالم نہیں بنا سکتے کیونکہ هِنْدٌ مذکر نہیں قَلَمٌ ذی عقل نہیں غُلَامٌ علم نہیں ضَارِبَةٌ مذکر کی صفت نہیں اور مُرٌّ مذکر ذی عقل کی صفت نہیں بلکہ غیر ذی عقل کی صفت ہے اور طَلْحَةُ کے آخر میں تاء(ۃ) موجود ہے۔

اور مذکر ذی عقل کی صفت سے جمع بنانے میں یہ شرط ہے کہ اُس کی مؤنث میں تاء(ۃ) آتی ہو اور وہ مذکر و مؤنث میں مشترک نہ ہو لہٰذا أَحْمَرُ، سَكْرَانُ،

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

جَــرِيْـحٌ، صَبُـوْرٌ اور عَلَّامَةٌ سے جمع مذکر سالم نہیں بنا سکتے کیونکہ أَحْـمَـرُ اور سَكْرَانُ کی مؤنث میں ۃ نہیں آتی اس لیے کہ ان کی مؤنث حَمْرَاءُ اور سَكْرٰى ہے اور جَرِيْحٌ، صَبُوْرٌ اور عَلَّامَةٌ مذکر ومؤنث دونوں میں مشترک ہیں۔

ہاں! اسم تفضیل اِس سے مستثنٰی ہے کہ اِس کی مؤنث میں اگرچہ تاء نہیں آتی مگر اِس کے باوجود اِس کی جمع مذکر سالم بن سکتی ہے۔ جیسے: أَكْرَمُ سے أَكْرَمُوْنَ.

تنبیہ:

أَرْضٌ، سَنَةٌ، ثُبَةٌ اور قُلَةٌ وغیرہ کی جمع أَرَضُوْنَ، سِنُوْنَ، ثُبُوْنَ اور قِلُوْنَ شاذّ (خلاف قیاس) ہیں۔

اسی طرح واحد سے جمع مؤنث سالم بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر وہ صفت کا صیغہ ہو اور اس کا مذکر بھی ہو تو اس مذکر کی جمع واؤ اور نون سے آتی ہو۔ جیسے: ضَارِبَةٌ سے ضَارِبَاتٌ.

اور اگر اس کا مذکر نہ ہو تو شرط یہ ہے کہ اس کے آخر میں تاء ہو۔ جیسے: حَـائِضَةٌ سے حَـائِضَاتٌ اور اگر وہ صفت کا صیغہ نہ ہو تو شرط یہ ہے کہ وہ یا تو مؤنث حقیقی ہو یا اس کے آخر میں لفظًا تاء موجود ہو۔ جیسے: هِـنْـدٌ اور كُـرَّاسَـةٌ سے هِـنْـدَاتٌ اور كُرَّاسَاتٌ.

اور اگر وہ مؤنث غیر حقیقی ہو اور تاء تقدیرا ہو تو اس کی جمع مؤنث سالم بنانا سماع پر موقوف ہے لہٰذا نَارٌ اور شَمْسٌ کی جمع نَارَاتٌ اور شَمْسَاتٌ نہیں بنا سکتے۔

(۳)......البتہ لفظ نَـحْوُ، مِثْلُ، غَيْرُ وغیرہ مضاف ہونے کے باوجود معرفہ یا

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

نکرہ مخصوصہ نہیں بنتے بلکہ نکرہ غیر مخصوصہ ہی رہتے ہیں اِس طرح کے اَسماء کواسمائے مُتوَغِّلة فِي الْاِبْهَام کہتے ہیں یعنی ابہام اور پوشیدگی میں غلو کیے ہوئے۔

(۴)......کسی لفظ کی دوسرے کلمے کی طرف اِس طرح نسبت کرنا کہ سننے والے کو پورا فائدہ حاصل ہو اِسناد کہلاتا ہے اور جس کلمے کی طرف اِسناد کی جائے اُسے مسند الیہ اور جس کلمے کی اِسناد کی جائے اُسے مسند کہتے ہیں۔ جیسے: زَيْدٌ كَاتِبٌ میں کَاتِبٌ کی جو نسبت زَيْدٌ کی طرف ہے اُسے اِسناد، کَاتِبٌ کو مسند اور زَيْدٌ کو مسند اِلیہ کہیں گے۔

(۵)......جملہ انشائیہ کی مزید اقسام یہ ہیں:

۱۔ نداء: وہ جملہ جس میں نداء دی گئی ہو: يَا اَللّٰهُ، يَانَبِيُّ.

۲۔ عرض: وہ جملہ جس میں نرمی کے ساتھ کسی سے کوئی گذارش کی گئی ہو: أَلَا تُقِيْمُ عِنْدَنَا.

۳۔ تعجب: وہ جملہ جس میں کسی بات پر تعجب کا اظہار کیا گیا ہو: مَا أَحْسَنَکَ!

۴۔ حمد و مدح: وہ جملہ جس میں حمد و تعریف کی گئی ہو: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

۵۔ ذم و ہجو: وہ جملہ جس میں کسی کی مذمت و برائی کی گئی ہو: بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ.

(۶)......اسم غیر متمکن کی مزید اقسام یہ ہیں:

۱۔ مرکب بنائی: أَحَدَ عَشَرَ.

۲۔ منادی مفرد معرفہ: يَا زَيْدُ، يَا رَجُلُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

۳۔مرکب منع صرف کا جزءاول: بَعْلَبَکُّ.

۴۔لائے نفی جنس کا اسم جو نہ معرفہ ہو نہ مضاف نہ مشابہ مضاف: لَا رَجُلَ هُنَا.

۵۔مضاف الی الجملۃ: يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ.

(۷)......ضمیر کے وجوبا پوشیدہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان صیغوں کا فاعل یا نائب الفاعل اسم ظاہر نہیں آسکتا بلکہ ان کا فاعل یا نائب الفاعل ہمیشہ ضمیر مستتر ہی ہوگا، اور جوازا پوشیدہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان صیغوں کا فاعل یا نائب الفاعل اسم ظاہر بھی آسکتا ہےاوراس صورت میں ان میں ضمیر مستتر نہیں ہوگی۔

(۸)......أَيٌّ چونکہ لازم الاضافۃ الی المفرد ہےاس لیے یہ معرب ہےاوراس کا اعراب حرکات ثلاث سے آتا ہے: أَيُّ وَلَدٍ يَجْتَهِدُ يَفُزْ، أَيَّ كِتَابٍ تَقْرَأْ أَقْرَأْ، بِأَيِّ قَلَمٍ تَكْتُبُ أَكْتُبُ.

کبھی اس کے مضاف الیہ کو حذف کرکے اس کے عوض تنوین لے آتے ہیں، نیز کبھی اس کے ساتھ مَا زائدہ بھی لاحق ہوتا ہے:

اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى. اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ.

(۹)......اگر اِس پر الف لام نہ ہو تو یہ مبنی بر کسر ہوتا ہےاور اِس سے مراد خاص طور پر گذشتہ کل ہوتا ہےاورالف لام ہو تو یہ معرب ہوتا ہےاور اِس سے مراد کوئی بھی گذشتہ دن ہوتا ہے۔

(۱۰)......جس صیغے کا پہلا حرف مفتوح اور تیسرا حرف الف ہو اور اُس کے

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

بعد مشدد حرف ہو یا دو حروف ہوں جن میں پہلا مکسور ہو یا تین حروف ہوں جن میں پہلا مکسور اور درمیانی حرف ساکن ہو اُسے منتھی الجموع کا صیغہ کہتے ہیں۔

(۱۱)......اسم منقوص وہ اسم ہے جس کے آخر میں یاء ہو اور اس کا ماقبل مکسور ہو۔ جیسے: اَلنَّاجِيْ، اَلدَّاعِيْ، اَلرَّامِيْ وغیرہ۔ اور اسمِ مقصور وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو۔ جیسے: اَلْمُوْسٰی، اَلْعَصٰی.

(۱۲)......مشابہ مضاف وہ اسم ہے جو مضاف تو نہ ہو لیکن مضاف کی طرح مابعد سے مل کر اپنا معنی مکمل کرتا ہو اس کی چار صورتیں ہیں:

۱۔ مابعد اس کا معمول ہو: لَا حَافِظًا دَرْسًا قَائِمٌ.

۲۔ ما بعد معطوف ہو اور معطوف اور معطوف علیہ کا مجموعہ ایک ہی شئی سے عبارت ہو: لَا ثَلَاثَةً وَثَلَاثِيْنَ طَلَبَةً فِي الدَرَجَةِ.

۳۔ مابعد ایسی صفت ہو جو جملہ یا ظرف ہو: لَا رَجُلًا يَعْقِلُ فِي الدَّارِ، لَاشَجَرَةً مِنْ أَرَاكٍ فِي الْبُسْتَانِ.

۴۔ مابعد صفت مفرد ہو: لَا رَجُلًا عَالِمًا فِي الدَّارِ. لیکن اس آخری صورت میں موصوف کو مشابہ مضاف قرار دینا جائز ہے ضروری نہیں۔

(۱۳)......لیکن اگر ظرفِ مکان محدود دُخول، نزول، سکنی یا ان کے مشتقات کا مفعول فیہ ہو تو اس سے پہلے حرفِ جر فِي کو حذف کرنا جائز ہے: دَخَلْتُ الدَّارَ، نَزَلْتُ الْبَلَدَ، سَكَنْتُ الْمَدِيْنَةَ.

(۱۴)......مگر اِس جواز کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ دونوں کا فاعل ایک ہو

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اور مفعول لہٗ فعل معلل بہ سے مقارن ہو یعنی دونوں کا زمانہ ایک ہو یا دونوں میں سے ایک کے وجود کا زمانہ دوسرے کا بعض ہو، ورنہ مفعول لہ سے پہلے حرف جر لانا ضروری ہوگا اگرچہ وہ مصدر ہو۔ جیسے: اَكْـرَمْتُكَ الْيَـوْمَ لِوَعْـدِيْ بِـذٰلِكَ أَمْـسِ (میں نے آج آپ کی عزت کی کیونکہ کل میں نے اس کا وعدہ کیا تھا) أَكْـرَمْتُـهُ لِاَكْرَامِهٖ أَخِيْ (میں نے اُس کی عزت کی اِس لیے کہ اُس نے میرے بھائی کی تعظیم کی)

چونکہ پہلی مثال میں دونوں کا زمانہ جدا جدا ہے اور دوسری مثال میں دونوں کا فاعل الگ الگ ہے اِس لیے وجوباً دونوں میں لام لایا گیا ہے۔

(۱۵)...... یہاں جواز امرین کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ عبارت میں فعل لفظاً موجود ہو جیسا کہ مثال سے واضح ہے لہٰذا اگر فعل عبارت میں معنیً موجود ہو تو جوازِ عطف کی صورت میں عطف ہی متعین ہوگا: مَا لِزَيْدٍ وَبَكْرٍ.

(۱۶)...... یہاں جَـاءَ کی ضمیر پر زیـد کا عطف جائز نہیں کیونکہ یہ ضمیر مرفوع متصل ہے اور ضمیر مرفوع متصل پر عطف کے جائز ہونے کے لیے ضمیر منفصل سے تاکید لانا یا معطوف علیہ اور معطوف کے مابین فصل ہونا ضروری ہے عـلـى ما في الـكـافية، ولا يـخـفـى أنّ التـأكـيـدَ بـالـمـنفصل أو الفصلَ في الصورة الـمـذكورة هو أولى عند البصريين وليس بواجب فانهم يجوزونه لكن على قبح، والكوفيون يجوزون ذلك بلا قبح.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

علمِ نحو سیکھنے والے کی فضیلت

منقول ہے کہ ایک مرتبہ امام ابوالعباس ثعلب نحوی نے ابوبکر ابن مجاہد مقری سے اپنے دلی جذبات کا اظہار کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے قرآن کریم کی خدمت کی کہ اس کی تفاسیر لکھیں، اور کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے احادیث کی خدمت کی کہ ان کو روایت کر کے دوسروں تک پہنچایا اور ان کی شروحات لکھیں اور کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے فقہ کی خدمت کی، یہ سب کے سب فائز المرام ہوئے، اور میں علم نحو میں مشغول ہو کر (زید وعمرو) کرتا رہا۔ میرا آخرت میں کیا حال ہوگا؟'' حضرت ابوبکر ابن مجاہد مقری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی فرماتے ہیں کہ میں اسی رات اپنے گھر آیا تو خواب میں سید عالم نور مجسم شاہ بنی آدم صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زیارت سے مشرف ہوا آپ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حکم فرمایا کہ ''جاؤ اور ابوالعباس سے ہمارا سلام کہنا اور ان سے کہنا ''أنت صاحبُ العلمِ المستطیل یعنی تم وسیع علم والے ہو'' کہ قرآن وحدیث کا فہم علم نحو پر موقوف ہے۔ (بغیة الوعاة للسیوطی، ۱/۳۹۷، المکتبة العصریة، لبنان)

اِمام سیبویہ کا مقام

حکایت ہے کہ امام سیبویہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی عَلَیْہِ کو کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا: مَا فَعَلَ اللّٰہُ بِکَ یعنی اللہ تعالٰی نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ انہوں نے جواب دیا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے کثیر بھلائی عطا فرمائی کیونکہ میں نے اسکے نام پاک کو ''اَعْرَفُ الْمَعَارِف'' (خاص الخاص) قرار دیا تھا۔ (اللباب فی علوم الکتاب ۱/۱۳۸، دار الکتب العلمیة بیروت)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

خُلاصَةُ النَّحو

(حصہ دوم)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

www.dawateislami.net

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن والثلاثون

صفت کا بیان

جس دوسرے لفظ کو پہلے لفظ کا اِعراب دیا گیا ہو اُسے **تابع** اور اُس پہلے لفظ کو **متبوع** کہتے ہیں: جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ، اِشْتَرَيْتُ دَوَاةً وَقَلَمًا.

تابع کی پانچ قسمیں ہیں: **صفت**، **بدَل**، **تاکید**، **معطوف** اور **عطْفِ بیان**۔

صفَت کا بیان:

جو تابع اپنے متبوع یا اُس کے متعلّق کا وصْف (اچھائی، برائی وغیرہ) بَیان کرے اُسے **صفَت** اور صفت کے متبوع کو **موصوف** کہتے ہیں: وَلَدٌ صَغِيْرٌ، رَجُلٌ عَالِمٌ اِبْنُهُ.

صفَت کی اَقسام:

صفت کی دو قسمیں ہیں: ۱۔صفَتِ حقیقی ۲۔صفَتِ سببی۔

جو صفَت موصوف کا وصْف بیان کرے اُسے **صفَتِ حقیقی** کہتے ہیں اور جو صفَت موصوف کے متعلّق کا وصْف بیان کرے اُسے **صفَتِ سببی** کہتے ہیں۔

قواعد وفوائد:

1. صفَتِ حقیقی درج ذیل دس چیزوں میں اور صفَتِ سببی اِن میں سے پہلی پانچ چیزوں میں موصوف کے مُطابق ہوتی ہے: ۱۔رفع ۲۔نصب ۳۔جر ۴۔تعریف ۵۔تنکیر ۶۔اِفراد ۷۔تثنیہ ۸۔جمع ۹۔تذکیر ۱۰۔تانیث۔

2. صفَتِ سببی ہمیشہ مفرد ہوگی اور تذکیر و تانیث میں اس کا وہی حکم ہے جو فعل کا اسم ظاہر کے ساتھ ہوتا ہے: جَاءَتْ مَرْأَةٌ عَالِمٌ أَخُوْهَا، جَاءَ رَجُلٌ عَالِمَةٌ أُمُّهٗ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. تابع اور متبوع کسے کہتے ہیں؟ س:2. تابع کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ س:3. صفت، موصوف، صفتِ حقیقی اور صفتِ سببی کسے کہتے ہیں؟
س:4. صفتِ حقیقی و سببی کن چیزوں میں موصوف کے مُطابق ہوتی ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جس دوسرے لفظ کو پہلے لفظ کا اِعراب دیا گیا ہو اسے متبوع کہتے ہیں۔
2. جو صفت موصوف کا وصف بیان کرے اُسے صفتِ سببی کہتے ہیں۔ 3. صفتِ سببی تذکیر وتانیث میں موصوف کے مُطابق ہوتی ہے۔

تمرین (3)

(الف) موصوف اور صفت نیز صفتِ حقیقی اور صفتِ سببی الگ الگ کیجیے۔

۱۔نَصَرَهُ رِجَالٌ صَالِحُوْنَ. ۲۔هٰذِهٖ قَرْيَةٌ ظَالِمٌ أَهْلُهَا. ۳۔اِنَّهٗ مَلَكٌ كَرِيْمٌ. ۴۔ظَبْيًا جَمِيْلًا رَأَيْتُ. ۵۔جَاءَ الرَّجُلُ الْقَارِيْ. ۶۔اَلنِّسَاءُ الْمُسْلِمَاتُ صَائِمَاتٌ. ۷۔نَظَرْتُ اِلٰى بُسْتَانٍ جَارِيَةٍ أَنْهَارُهٗ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔هُوَ وَلَدٌ ذَكِيًّا. ۲۔أَكْرَمْتُ رِجَالًا عَالِمُوْنَ. ۳۔قَامَ وَلَدٌ عَالِمٌ أُخْتُهٗ. ۴۔جَلَسَ خَلِيْفَةٌ عَادِلَةٌ. ۵۔هٰذِهٖ دَارٌ كَرِيْمَةٌ صَاحِبُهَا. ۶۔جَاءَ تْ بِنْتٌ فَطِيْنٌ. ۷۔تَعَلَّمَ الْوَلَدَانِ عَالِمَانِ أَبُوْهُمَا. ۸۔أَعَانَنِيْ عَبْدٌ قَوِيٌّ. ۹۔اِشْتَرَيْتُ كُرَّاسَاتٍ غَالِيَةٍ. ۱۰۔نَظَرْتُ اِلٰى اَحْمَدَ الْكَرِيْمِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع والثلاثون

تاکید کا بیان

جو تابع متبوع کی طرف حکم کی نسبت کو پختہ کر دے یا یہ ظاہر کرے کہ حکم متبوع کے تمام اَفراد کو شامل ہے اُسے **تاکید** کہتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ زَيْدٌ، جَاءَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ.

تاکید کی اَقسام:

جو تاکید لفظ کے تکرار سے حاصل ہو اُسے **تاکیدِ لفظی** اور جو تاکید مخصوص اَلفاظ سے حاصل ہو اُسے **تاکیدِ معنوی** کہتے ہیں۔

تاکیدِ معنوی کے مخصوص اَلفاظ یہ ہیں:

نَفْسٌ، عَيْنٌ:

یہ دونوں واحد، تثنیہ اور جمع (مذکر و مؤنث) سب کی تاکید کے لیے ہیں، اِن کے ساتھ مؤکَّد کے مطابق ایک ضمیر ہوتی ہے، مؤکَّد تثنیہ یا جمع ہو تو یہ بھی جمع ہوتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ نَفْسُهُ، جَاءَتْ هِنْدٌ عَيْنُهَا، جَاءَ الزَّيْدَانِ أَنْفُسُهُمَا.

كِلَا، كِلْتَا:

یہ دونوں صرف تثنیہ (مذکر و مؤنث) کی تاکید کے لیے ہیں، اِن کے ساتھ تثنیہ کی ضمیر ہوتی ہے: جَاءَ الْوَلَدَانِ كِلَاهُمَا، جَاءَتِ الْبِنْتَانِ كِلْتَاهُمَا.

كُلٌّ، أَجْمَعُ، أَكْتَعُ، أَبْتَعُ اور أَبْصَعُ:

یہ الفاظ واحد اور جمع (مذکر و مؤنث) کی تاکید کے لیے ہیں، کُلٌّ کے ساتھ مؤکَّد کے مطابق ضمیر ہوتی ہے اور باقی صیغے خود مؤکَّد کے مطابق ہوتے ہیں: تَلَوْتُ الْقُرْآنَ كُلَّهُ، بِعْتُ الْغُلَامَ أَجْمَعَ، نَصَرَ الْقَوْمُ أَجْمَعُوْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

قواعد وفوائد:

1. تاکید کے متبوع کو مؤکَّد کہتے ہیں، تاکید کا اِعراب ہمیشہ مؤکَّد کے مطابق ہوتا ہے جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

2. ضمیر متصل (مرفوع، منصوب یا مجرور) کی تاکیدِ لفظی ضمیر مرفوع منفصل سے آتی ہے: قُمْتُ أَنَا، مَارَاکَ أَنْتَ أَحَدٌ، سَلَّمْتُ عَلَيْهِ هُوَ، أَنْصَحُ أَنَا زَيْدًا.

3. ضمیر مرفوع متصل کی تاکیدِ معنوی سے پہلے ضمیر مرفوع منفصل سے اُس کی تاکیدِ لفظی لائی جاتی ہے: قُمْتُ أَنَا نَفْسِيْ، جَاءَ هُوَ عَيْنُهُ.

4. ضمیر منصوب یا ضمیر مجرور متصل کی تاکیدِ معنوی اُس کی تاکیدِ لفظی کے بغیر آسکتی ہے: ضَرَبْتُهُمْ أَنْفُسَهُمْ، مَرَرْتُ بِهٖ نَفْسِهٖ.

5. أَكْتَعُ، أَبْتَعُ اور أَبْصَعُ 'أَجْمَعُ' کے تابع ہیں یعنی یہ صیغے نہ أَجْمَعُ کے بغیر آتے ہیں اور نہ اس سے پہلے آتے ہیں۔

تمرین (1)

س:1. تاکید اور مؤکَّد کسے کہتے ہیں۔ س:2. تاکید کی اَقسام اور ان کی تعریف مع امثلہ بیان کیجیے۔ س:3. تاکیدِ معنوی کے الفاظ تفصیلاً بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

1. نَفْسٌ اور عَيْنٌ صرف واحد مذکر کی تاکید کے لیے ہیں۔ 2. ضمیر متصل کی تاکیدِ معنوی ضمیر مرفوع منفصل سے آتی ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (3)

(الف) مؤکَّد اور تاکید کی تعیین کیجیے اور تاکید کی قسم متعین فرمائیے۔

۱۔جَاءَ الْأَمِيْرُ نَفْسُهٗ. ۲۔رَأَيْتُ أَسَدًا أَسَدًا. ۳۔فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ. ۴۔سَمِعْتُهٗ أَنَا نَفْسِي. ۵۔اَلرَّاشِي وَالْمُرْتَشِي كِلَاهُمَا فِي النَّارِ. ۶۔نَصَرَ الْقَوْمُ أَجْمَعُوْنَ. ۷۔قَرَأْتُ الْقُرْآنَ كُلَّهٗ. ۸۔رَأَيْتُ زَيْدًا وَبَكْرًا كِلَيْهِمَا. ۹۔فَعَلَ هٰذَا خَالِدٌ وَنَاصِرٌ أَعْيُنُهُمَا.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔اَلْخَلِيْفَةُ قَضٰى نَفْسُهٗ. ۲۔أُخِذَ السَّارِقَانِ عَيْنُهٗ. ۳۔مَا ضَرَبْتُهٗ إِيَّاهٗ. ۴۔قَرَأْتُ الْقُرْآنَ كُلَّهَا. ۵۔جَاءَ الْقَوْمُ أَجْمَعُ. ۶۔اِشْتَرَيْتُ الْغُلَامَيْنِ أَجْمَعَ. ۷۔جَاءَ الْمُلُوْكُ نَفْسُهُمْ. ۸۔أَكْرَهُ نَفْسِي النَّمِيْمَةَ.

اسمائے منسوبہ (خلافِ قیاس)

۱۔صَنْعَاءُ سے صَنْعَانِيٌّ	۷۔حَضْرَ مَوْتُ سے حَضْرَمِيٌّ	۱۳۔بَادِيَةٌ سے بَدَوِيٌّ
۲۔رَامَهُرْمُزْ سے رَامِيٌّ	۸۔سُلَيْمَةُ الْأَزْدِ سے سُلَيْمِيٌّ	۱۴۔رَبٌّ سے رَبَّانِيٌّ
۳۔طَبِيْعَةٌ سے طَبِيْعِيٌّ	۹۔شَعْرٌ كَثِيْرٌ سے شَعْرَانِيٌّ	۱۵۔أُمَيَّةُ سے أُمَوِيٌّ
۴۔رُوْحٌ سے رُوْحَانِيٌّ	۱۰۔حَرُوْرَاءُ سے حَرُوْرِيٌّ	۱۶۔دَارِيَا سے دَارَانِيٌّ
۵۔حَرَمَيْنِ سے حَرَمِيٌّ	۱۱۔نَاصِرَةٌ سے نَصْرَانِيٌّ	۱۷۔طَيْءٌ سے طَائِيٌّ
۶۔عَبْدُ اللّٰهِ سے عَبْدَلِيٌّ	۱۲۔نُوْرٌ سے نُوْرَانِيٌّ	۱۸۔يَمَنٌ سے يَمَانٍ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الأربعون

مَعطوف اور عَطفِ بَیان

معطوف کا بیان:

جو تابع حرفِ عَطف کے بعد واقع ہوتا ہے اُسے معطوف کہتے ہیں اور معطوف کے متبوع کو معطوف علیہ کہتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ وَبَكْرٌ.

حُروفِ عَطف دس ہیں:

وَ (اور): جَاءَ زَيْدٌ وَبَكْرٌ. فَ (پھر فوراً): جَاءَ زَيْدٌ فَبَكْرٌ.

ثُمَّ (پھر): جَاءَ زَيْدٌ ثُمَّ بَكْرٌ. أَوْ (یا): جَاءَ زَيْدٌ أَوْ بَكْرٌ.

أَمْ (یا): أَزَيْدٌ جَاءَ أَمْ بَكْرٌ. إِمَّا (یا تو): جَاءَ إِمَّا زَيْدٌ وَإِمَّا بَكْرٌ.

بَلْ (بلکہ): جَاءَ زَيْدٌ بَلْ بَكْرٌ. لٰكِنْ (لیکن): زَيْدٌ حَاضِرٌ لٰكِنْ نَائِمٌ.

لَا (نہیں): جَاءَ زَيْدٌ لَا بَكْرٌ. حَتّٰى (یہاں تک کہ): جَاءَ رَاكِبٌ حَتّٰى رَاجِلٌ.

عطفِ بیان کا بیان:

جو تابع صفت نہ ہو اور متبوع کی وضاحت کرے اُسے عطفِ بیان کہتے ہیں اور عطفِ بیان کے متبوع کو مُبَیَّن کہتے ہیں: جَاءَ التَّاجِرُ بَكْرٌ.

قواعد وفوائد:

1. ضمیر مرفوع متصل پر عطف کے لیے معطوف علیہ اور معطوف میں فصل ضروری ہے: صَامَ هُوَ وَبَكْرٌ. ضمیر منصوب پر بلا فصل عطف جائز ہے: زُرْتُهُ وَزَيْدًا.

2. مفرد کا عطف مفرد پر اور جملے کا جملے پر ہوتا ہے: جَاءَ زَيْدٌ وَذَهَبَ أَخُوهُ.

3. معطوف اور عطفِ بیان کا اِعراب معطوف علیہ اور مُبَیَّن کے مطابق ہوتا ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net

تمرین (1)

س:1. معطوف اور معطوف علیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. حُروفِ عَطْف کتنے اور کون کونسے ہیں؟ س:3. عطفِ بیان اور مُبیَّن کسے کہتے ہیں؟ س:4. معطوف اور عطفِ بیان کا اِعراب کیا ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. ضمیر پر عطف کے لیے معطوف علیہ اور معطوف میں ضمیر منفصل کا ہونا ضروری ہے۔ 2. مفرد کا عطْف جملہ پر ہوسکتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) معطوف علیہ اور معطوف نیز مبیَّن اور عطْفِ بیان کی شناخت کیجیے۔

۱۔أُكِلَ السَّمَكَةُ حَتّٰى رَأْسُهَا. ۲۔غَسَلْتُ الْوَجهَ فَالْيَدَ. ۳۔جَاءَ مُحَمَّدٌ أَخِيْ. ۴۔خَالِدٌ ضَرَبَ وَأَكْرَمَ. ۵۔قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ أَبُو هُرَيْرَةَ. ۶۔بَكْرٌ غَائِبٌ لٰكِنْ أَخُوْهُ مَوْجُوْدٌ. ۷۔قَضٰى أَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔جَلَسَ الْقَاضِيْ فَالْأَمِيْرَ. ۲۔لَقِيْتُ عَتِيْقًا أَبُوْ بَكْرٍ. ۳۔جَاءَ نِيْ الْمُسْلِمُوْنَ حَتَّى الْعُلَمَاءَ. ۴۔أَكْرَمْتُ ذَا النُّوْرَيْنِ عُثْمَانُ. ۵۔قَامَ أَسَدُ اللّٰهِ عَلِيًّا. ۶۔ذَهَبْتُ اِلٰى صَدِيْقِيْ بَلْ أَخَاهُ. ۷۔مَرَرْتُ بِأَحْمَدَ وَالصَّالِحَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي والأربعون

بَدَل کا بَیان

جو تابع نسبت میں مقصود ہو اور متبوع صرف تمہیداً لایا گیا ہو اُسے **بَدَل** کہتے ہیں اور بدل کے متبوع کو **مُبدَل مِنْہ** کہتے ہیں: قَامَ الْعَالِمُ بَكْرٌ، قَرَأْتُ الْقُرْآنَ نِصْفَهُ.

بَدَل کی اَقسام:

بدل کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ بدل کل ۲۔ بدل بعض ۳۔ بدل اشتمال ۴۔ بدل غلط

جو بَدَل مُبدَل مِنْہ کا کُل ہو اُسے **بدَلِ کُل** کہتے ہیں: جَاءَ اِبْنِي زَيْدٌ.

جو بَدَل مُبدَل مِنْہ کا جز ہو اُسے **بدَلِ بعض** کہتے ہیں: أُكِلَ الرُّمَّانُ ثُلُثُهُ.

جو بَدَل مُبدَل مِنْہ کا متعلّق ہو اُسے **بدَلِ اِشتمال** کہتے ہیں: شَهِرَ عُمَرُ عَدْلُهُ.

اور جو بَدَل غلطی کے اِزالہ کے لیے لایا گیا ہو اُسے **بدلِ غلَط** کہتے ہیں: جَاءَ زَيْدٌ بَكْرٌ.

قواعد وفوائد:

1. مبدل منہ معرفہ اور بدل نکرہ ہو تو بدل کی صفت لانا ضروری ہے: جَاءَ زَيْدٌ رَجُلٌ عَدْلٌ.

2. بدلِ بعض اور بدلِ اِشتمال میں ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے جو مبدل منہ کے مطابق ہو: ضُرِبَ زَيْدٌ رَأْسُهُ، سُرِقَتْ هِنْدٌ عِقْدُهَا.

3. اسمِ ظاہر، ضمیرِ غائب کا بدل بن سکتا ہے، ضمیرِ مخاطب یا ضمیرِ متکلم کا بدل نہیں بن سکتا: زُرْتُهُ زَيْدًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1۔ بدل، مُبدَل منہ اور بدل کی قسمیں مع اَمثِلہ بیان کیجیے۔ س:2۔ کیا معرفہ کا بدل نکرہ ہوسکتا ہے؟ س:3۔ بدلِ بعض اور اشتمال میں کیا ضروری ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1۔ جس تابع کی طرف نسبت مقصود ہو اُسے بدل کہتے ہیں۔ 2۔ نکرہ کا بدل معرفہ ہو تو اُس کی صفت لانا ضروری ہے۔ 3۔ بدلِ بعض اور بدلِ کل میں ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے۔ 4۔ اسمِ ظاہر ضمیر کا بدل بن سکتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) بدل اور مبدل منہ پہچانیے اور بدل کی قسم متعین فرمایئے۔

١۔قَالَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ. ٢۔أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ أَوَّلُ خَلِيْفَةٍ. ٣۔اِشْتَهَرَ عُمَرُ عَدْلُهُ. ٤۔عَجِبْتُ مِنْ عُثْمَانَ حَيَائِهِ. ٥۔أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةُ أَفْقَهُ النِّسَاءِ. ٦۔قَرَأْتُ الْقُرْآنَ نِصْفَهُ. ٧۔بَهَرَنِيْ عَلِيٌّ شَجَاعَتُهُ.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

١۔رَأَيْتُ بُسْتَانًا أَشْجَارُهَا. ٢۔أَكْرَمْتَنِيْ خَالِدًا. ٣۔نَظَرْتُ اِلٰى زَيْدٍ رَجُلٍ. ٤۔نَظَرْتُ اِلٰى فَتًى زَيْدًا. ٥۔سُرِقَ خَالِدٌ مَتَاعَهُ. ٦۔قُطِفَ الْأَشْجَارُ ثِمَارٌ. ٧۔أعْجَبَنِى غُلامِىْ عِلْمِهُ. ٨۔أَكَلْتُ التُّفَّاحَ نِصْفًا. ٩۔لَقِيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ أَمِيْرُهُمْ. ١٠۔نَظَرْتُ اِلٰى أَحْمَدَ غُلَامَهُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني والأربعون

اَسمائے عدد کا بیان

جس اِسْم سے کسی چیز کے اَفراد شُمار کیے جائیں اُسے اسمِ عدد کہتے ہیں اور جسے شمار کیا جائے اُسے معدود یا تمیز کہتے ہیں: ثَلاثَةُ رِجَالٍ، أَرْبَعُ نِسَاءٍ.

اسمِ عدد اور معدود کا استعمال:

1. وَاحِدٌ اور اِثْنَانِ معدود کی صفت بن کر اور قیاس کے مطابق (مذکر کے لیے تاء کے بغیر اور مؤنث کے لیے تاء کے ساتھ) آتے ہیں: رَجُلٌ وَاحِدٌ، اِمْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ.

2. ثَلاثَةٌ سے عَشَرَةٌ تک اسمِ عدد قیاس کے خلاف آتا ہے (مذکر کے لیے تاء کے ساتھ اور مؤنث کے لیے بغیر تاء کے)[1]: ثَلاثَةُ رِجَالٍ، أَرْبَعُ نِسْوَةٍ.

3. أَحَدَ عَشَرَ اور اِثْنَا عَشَرَ کے دونوں جزء (اِکائی اور دہائی) قیاس کے مطابق ہوتے ہیں: أَحَدَ عَشَرَ مَرْءً، إِحْدٰى عَشَرَةَ مَرْأَةً.

4. ثَلاثَةَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک کا پہلا جز (اِکائی) خلاف قیاس اور دوسرا جز (دہائی) مطابق قیاس ہوتا ہے: ثَلاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا، ثَلاثَ عَشَرَةَ اِمْرَأَةً.

5. أَحَدٌ وَعِشْرُوْنَ سے تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ تک اسمِ عدد میں ایک اور دو کی اِکائی مطابق قیاس اور تین سے نو تک کی اِکائی خلافِ قیاس ہوگی اور دہائیاں ایک ہی حال پر رہیں گی: أَحَدٌ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا، ثَلاثٌ وَتِسْعُوْنَ اِمْرَأَةً.

6. مِاَةٌ، أَلْفٌ اور اِن کا تثنیہ وجمع معدود کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتے ہیں: مِئَةُ كِتَابٍ، مِئَتَا كِتَابٍ، مِئَاتُ كِتَابٍ، أَلْفُ شَهْرٍ، أُلُوْفُ شَهْرٍ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تنبیہ 1: ثَلاثَةٌ سے عَشَرَةٌ تک کا معدود جمع اور مجرور ہوتا ہے، أَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ تک کا معدود مفرد اور منصوب ہوتا ہے اور مِاَةٌ، أَلْفٌ اور اِن کے تثنیہ وجمع کا معدود مفرد اور مجرور ہوتا ہے جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

تنبیہ 2: أَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک اسم عدد کے دونوں جزء مبنی علی الفتح ہوتے ہیں سوائے اِثْنَا عَشَرَ کے پہلے جزء کے، اِثْنَا عَشَرَ کا پہلا جزء اور باقی تمام اَسمائے عدد معرب ہوتے ہیں جن کا اعراب عامل کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔

تمرین (1)

س:1. اسمِ عدد اور معدود کسے کہتے ہیں؟ س:2. اَسمائے عدد اور معدود کے استعمال کا مکمل طریقہ بیان فرمایئے۔ س:3. معرب اور مبنی اسمائے عدد بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

1. معدود ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ 2. گیارہ سے ننانوے تک تمام اسمائے عدد مبنی ہوتے ہیں۔ 3. اسمِ عدد ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔

تمرین (3)

درج ذیل جملوں میں اَغلاط کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔بِعْتُ ثَلاثُ كِتَابٍ. ۲۔فِي الْجَامِعَةِ عِشْرِيْنَ طَلَبَةٌ. ۳۔اِشْتَرَيْتُ اِثْنَا عَشَرَ شَاةٌ. ۴۔كَانَ فِي الْبُسْتَانِ عِشْرِيْنَ شَجَرَةٍ. ۵۔اِنَّ فِي الْقِطَارِ أَحَدٌ وَتِسْعُوْنَ نَمْلَةٌ. ۶۔فِي الدَّارِ تِسْعَةَ غُرُفَةً. ۷۔هٰذِهٖ أَرْبَعٌ وَسِتُّوْنَ أَحَادِيْثُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث والأربعون

اسمائے کنایہ کا بیان

جو اسم کسی مبہم عدد یا مبہم بات پر دلالت کرے اسے اسم کنایہ کہتے ہیں: کَمْ أَخًا لَکَ؟ (تمہارے کتنے بھائی ہیں) قُلْتُ کَیْتَ وَکَیْتَ (میں نے ایسا ایسا کہا)

مبہم عدد پر دلالت کرنے والے اسماء تین ہیں: کَمْ، کَذَا اور کَأَیِّنْ. اور مبہم بات پر دلالت کرنے والے اسماء دو ہیں: کَیْتَ اور ذَیْتَ.

قواعد وفوائد:

1. کَمْ سے کسی چیز کی تعداد کے متعلق سوال کیا جائے تو اسے کَمْ اِستِفہامِیّہ اور تعداد کے متعلق خبر دی جائے تو اسے کَمْ خَبَرِیّہ کہیں گے: کَمْ کُتُبٍ عِنْدِيْ.

2. کَمْ سے جس چیز کی تعداد کے متعلق سوال کیا جائے یا خبر دی جائے وہ کَمْ کے بعد آتی ہے اور کَمْ کی تمییز کہلاتی ہے۔

3. کَمْ اِستِفہامِیّہ کی تمییز مفرد منصوب ہوتی ہے اور اگر کَمْ سے پہلے مضاف یا حرفِ جر ہو تو اسے جر دینا بھی جائز ہے: غُلامَ کَمْ رَجُلٍ لَقِیْتَ، بِکَمْ دِرْھَمٍ اشْتَرَیْتَ الْقَلَمَ.

4. کَمْ خَبَرِیّہ کی تمییز مِنْ کی وجہ سے یا کَمْ کا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتی ہے اور یہ مفرد اور جمع دونوں طرح آسکتی ہے: کَمْ مِنْ بَلَدٍ رَأَیْتُ. اور تمییز سے پہلے فعل متعدی ہو تو تمییز پر مِنْ لانا واجب ہے: کَمْ اَھْلَکْنَا مِنْ قَرْیَۃٍ.

5. کَذَا سے کسی چیز کی قلیل یا کثیر تعداد کے متعلق خبر دی جاتی ہے اور اس کی تمییز مفرد منصوب ہوتی ہے: جَاءَ کَذَا عَالِمًا. یہ تکرار کے ساتھ بھی آتا ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

6. كَأَيِّنْ (۲) سے عدد کثیر کے متعلق خبر دی جاتی ہے، اس کی تمیز مفرد اور مِنْ کی وجہ سے مجرور ہوتی ہے: كَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا.

7. كَيْتَ، ذَيْتَ یہ دونوں تکرار کے ساتھ آتے ہیں ان کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے: قُلْتُ كَيْتَ وَ كَيْتَ حَدِيثًا.

تمرین (1)

س:1. اسم کنایہ کسے کہتے ہیں اور یہ کتنے اور کونسے ہیں؟ س:2. کَمْ استفہامیہ اور خبریہ کسے کہتے ہیں؟ س:3. كَذَا، كَأَيِّنْ، كَيْتَ اور ذَيْتَ کی تمیز کس طرح آتی ہے؟ س:4. کَمْ استفہامیہ اور کَمْ خبریہ کی تمیز کس طرح آتی ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. کَمْ اِستِفہامِیّہ کی تمیز ہمیشہ مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔ 2. کَمْ خَبَرِیّہ کی تمیز ہمیشہ جمع اور مجرور ہوتی ہے۔

تمرین (3)

اسمائے کنایہ پہچانیں اور (اِفراد، جمع اور اعراب کے لحاظ سے) تمیز کا حکم بتائیے۔

۱۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. ۲۔ عِنْدِي كَذَا وَكَذَا كِتَابًا.

۳۔ رَأْيَ كَمْ رَجُلٍ أَخَذْتَ؟ ۴۔ كَمْ مِيلًا سِرْتَ؟ ۵۔ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍ بَيِّنَةٍ.

۶۔ اَلْمُسَافِرُوْنَ كَذَا رَجُلًا. ۷۔ كَمْ عَالِمًا زُرْتَ؟ ۸۔ قُلْتُ كَيْتَ وَكَيْتَ حَدِيثًا.

۹۔ دِيْوَانَ كَمْ شَاعِرٍ قَرَأْتَ؟. ۱۰۔ خُطْبَةَ كَمْ خَطِيبٍ سَمِعْتُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع والأربعون

اسمائے افعال کا بیان

جواسم، فعل کا معنی دے اسے اسمِ فعل کہتے ہیں: شَتَّانَ (جداہوا) ھَا (پکڑ)۔

اسم فعل کی اقسام:

اسمِ فعل کی دو قسمیں ہیں:

۱۔اسمِ فعل بمعنی ماضی: هَيْهَاتَ خَالِدٌ.

۲۔اسمِ فعل بمعنی امرحاضر: رُوَيْدَ زَيْدًا، عَلَيْكَ الْعَفْوَ، آمِيْنَ.

قواعد وفوائد:

1. اسم فعل اپنے فاعل (مضمر یا مظہر) کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔

2. اسم فعل کا صیغہ واحد ہی رہتا ہے ہاں! اگر اس کے آخر میں کاف خطاب ہو تو وہ مخاطَب کے مطابق ہوتا ہے: عَلَيْكِ نَفْسَكِ، عَلَيْكُمَا أَنْفُسَكُمَا.

3. اسم فعل ھَاءَ(لو) کو صیغہ واحد پر رکھنا اور مخاطَب کے مطابق لانا دونوں جائز ہے: هَاءَ، هَاءِ، هَاءُمَا، هَاءُمْ، هَاؤُنَّ.

4. جو اسم فعل ظرف، جار مجرور، مصدر یا تنبیہ سے بنایا گیا ہو اُسے منقول کہتے ہیں: أَمَامَكَ، عَلَيْكَ، بَلْهَ، هَا.

جو اسمِ فعل، فعل کے صیغے سے پھیر کر بنایا گیا ہو اُسے معدول کہتے ہیں: نَزَالِ (اتر)، ضَرَابِ (مار) یہ دونوں اِنْزِلْ اور اِضْرِبْ سے بنائے گئے ہیں۔

اور جو اسم فعل اِن کے علاوہ ہو اُسے مرتجل کہتے ہیں: أُفٍّ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

5. اسمِ فعل مرتجل اور منقول، سَماعی ہیں جبکہ اسمِ فعل معدول قیاسی ہے یعنی ثلاثی مجرد فعل سے فَعَالِ کے وزن پر بنا سکتے ہیں: قَتَالِ، سَمَاعِ وغیرہ۔

تمرین (1)

س:1. اسمِ فعل کسے کہتے ہیں اور یہ کیا عمل کرتا ہے؟ س:2. اسمِ فعل سماعی ہے یا قیاسی؟ س:3. اسمِ فعل منقول، معدول اور مرتجل کسے کہتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. اسمِ فعل کو واحد یا مخاطب کے مطابق دونوں طرح لانا جائز ہے۔ 2. تمام اسمائے افعال سماعی ہوتے ہیں۔

تمرین (3)

معنی پر غور کرتے ہوئے اسمِ فعل کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔هَيْهَاتَ الْيَأْسُ. ۲۔هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ. ۳۔عليك الرفق.

۴۔فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ. ۵۔حَيَّ عَلَى الْفَلاحِ. ۶۔شَتَّانَ بَكْرٌ وَخَالِدٌ.

۷۔وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ. ۸۔قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ. ۹۔سَرْعَانَ الْبَاصُّ.

۱۰۔قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ. ۱۱۔صَهْ يَا وَلَدُ. ۱۲۔رُوَيْدَ زَيْدًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخامس والأربعون

مَصْدَر کا بَیان

جو اسم فقط حَدَث (معنی) پر دلالت کرتا ہو اور اُس سے دوسرے صیغے (فعل، اسمِ فاعل، اسمِ مفعول وغیرہ) بنتے ہوں اُسے مَصْدَر کہتے ہیں: نَصْرٌ، جُلُوْسٌ۔

قواعد وفوائد:

1. مصدر تین طرح سے استعمال ہوتا ہے:

۱۔ اِضافت کے ساتھ: حَسُنَ قِيَامُ زَيْدٍ. ۲۔ تنوین کے ساتھ: حَسُنَ قِيَامٌ زَيْدٌ. ۳۔ الف لام کے ساتھ: حَسُنَ الْقِيَامُ زَيْدٌ.

2. فعل لازم کا مصدر فعلِ لازم کی طرح اور فعل متعدی کا مصدر فعلِ متعدی کی طرح عمل کرتا ہے: حَسُنَ ذَهَابٌ زَيْدٌ، حَسُنَ تَعْلِيْمٌ زَيْدٌ بَكْرًا.

3. مصدر فاعل یا مفعول کی طرف مضاف ہو تو فاعل یا مفعول لفظاً مجرور ہو جائے گا: حَسُنَ إِكْرَامُ زَيْدٍ بَكْرًا، حَسُنَ إِكْرَامُ بَكْرٍ زَيْدٌ.

4. مصدر کا فاعل یا مفعول بہ کبھی محذوف ہوتا ہے: أَكْلُ رُمَّانٍ، أَكْلُ زَيْدٍ.

5. مصدر کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ مصدر صریح: وہ جو صراحۃً مصدر ہو: فَتْحٌ، إِكْرَامٌ، تَعْلِيْمٌ وغیرہ۔

۲۔ مصدر مؤول: وہ جو صراحۃً تو مصدر نہ ہو لیکن مصدر کی تاویل (معنی) میں ہو: يَسُرُّنِي أَنَّ زَيْدًا مُخْلِصٌ (یہاں أَنَّ زَيْدًا مُخْلِصٌ إِخْلَاصُ زَيْدٍ کے معنی میں ہے)

6. مصدر مؤول حرف مصدر (أَنَّ، أَنْ اور مَا) اور مابعد سے مرکب ہوتا ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net

تمرین (1)

س:1. مصدر کسے کہتے ہیں اور یہ کتنے طریقوں سے آتا ہے؟ س:2. مصدر کیا عمل کرتا ہے؟ س:3. حروف مصدر اور مصدر کی اقسام بیان فرمائیے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو اسم معنی پر دلالت کرے اُسے مصدر کہتے ہیں۔ 2. ہر مصدر فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیتا ہے۔ 3. مصدر دو طرح سے استعمال ہوتا ہے۔ 4. حرف مصدر کا مابعد مصدر مؤول کہلاتا ہے۔

تمرین (3)

مصدرِ صریح اور مصدرِ مؤول کی شناخت کیجیے۔

۱۔حَاوَلْتُ كِتَابَةَ رِسَالَةٍ. ۲۔سَرَّنِيْ أَنَّهُ عَالِمٌ. ۳۔اَلْغِيْبَةُ ذِكْرُكَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ. ۴۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا أَنْعَمَ. ۵۔أَعْجَبَنِيْ أَنْ عَفَوْتَ. ۶۔وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ. ۷۔مِنَ الْبِرِّ أَنْ تَكُفَّ لِسَانَكَ.

......افعال عاملہ، اسمائے عاملہ اور حروف عاملہ......

چھ قسم کے افعال عامل ہوتے ہیں: (۱) فعل معروف (۲) فعل مجہول (۳) افعال ناقصہ (۴) افعال مقاربہ (۵) افعال مدح وذم (۶) تعجب کے دونوں فعل۔ دس قسم کے اسماء عامل ہوتے ہیں: (۱) اسمائے شرط (۲) اسمائے افعال (۳) اسمائے کنایہ (۴) اسم فاعل (۵) اسم مفعول (۶) صفت مشبہہ (۷) اسم تفضیل (۸) اسم مصدر (۹) اسم مضاف (۱۰) اسم تام۔ اور سات قسم کے حروف عامل ہوتے ہیں: (۱) حروف ناصبہ (۲) حروف جازمہ (۳) حروف جارہ (۴) حروف مشبہہ بالفعل (۵) ما اور لا مشابہ بلیس (۶) لائے نفی جنس (۷) حروف نداء۔ (نحو میر)

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس والأربعون

اسمِ فاعل کا بیان

جو اسمِ مشتق ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل قائم ہو اُسے اسمِ فاعل کہتے ہیں: آکِلٌ، مُکْرِمٌ، مُعَلِّمٌ.

اسم فاعل کا عمل:

اسمِ فاعل فعل معروف کی طرح عمل کرتا ہے یعنی اپنے فاعل کو رفع اور چھ اَسماء کو نصب دیتا ہے:

1. مفعول مطلق: مَا قَائِمٌ زَیْدٌ قِیَامًا. 2. مفعول فیہ: هَلْ صَائِمٌ زَیْدٌ غَدًا.

3. مفعول معہ: أَ جاءٍ بَرْدٌ وَالْجُبَّةَ. 4. مفعول لہ: هَلْ قَائِمٌ بَکْرٌ اِکْرَامًا.

5. حال: هَلْ ذَاهِبٌ زَیْدٌ رَاکِبًا. 6. تمیز: أَ مُنْفَجِرَةٌ أَرْضٌ عُیُوْنًا.

اور فعل متعدی کا اسمِ فاعل مفعول بہ کو بھی نَصب دیتا ہے: أَ نَاصِرٌ زَیْدٌ عَمْرًا.

اسم فاعل کے عمل کی شرطیں:

اسمِ فاعل پر الْ نہ ہو تو اس کے عمل کے لیے شرط یہ ہے کہ یہ حال یا مستقبل کے معنی میں ہو اور اس سے پہلے مبتدا، موصوف، ذوالحال، نفی یا استفہام ہو: زَیْدٌ قَائِمٌ أَبُوْهُ، جاءَ وَلَدٌ قَائِمٌ أَخُوْهُ، جاءَ زَیْدٌ رَاکِبًا غُلامُهُ، مَا ذَاهِبٌ أَحَدٌ، أَ ذَاهِبٌ أَحَدٌ. اور اگر اُس پر الْ ہو تو اُس کے عمل کے لیے کوئی شرط نہیں: رَأَیْتُ النَّاصِرَ عَمْرًا أَمْسِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

قواعد وفوائد:

1. ثلاثی مجرد سے اسم فاعل 'فَاعِلٌ'(۳) کے وزن پر آتا ہے: فَاتِحٌ. اور غیر ثلاثی مجرد سے مضارع کے وزن پر آتا ہے لیکن اس میں علامت مضارع کی جگہ میم مضموم آتی ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے: مُكْرِمٌ، مُتَرْجِمٌ، مُتَدَحْرِجٌ.

2. اسم فاعل کے بعد ایسا اسم ہو جو فاعل بن سکتا ہو تو وہی اُس کا فاعل بنے گا: أَضَارِبٌ زَيْدٌ. ورنہ اُس میں موجود ضمیر فاعل بنے گی: أَزَيْدٌ مُكْرِمٌ بَكْرًا.

3. فاعل' اسم ظاہر ہو تو اسم فاعل واحد ہی آئے گا: أَقَائِمٌ وَلَدَانِ. اور فاعل' اسم ضمیر ہو تو اسم فاعل ضمیر کے مرجع کے مطابق آئے گا: اَلرِّجَالُ نَاصِرُوْنَ.

4. اسم فاعل تذکیر وتانیث میں اپنے فاعل کے مطابق آتا ہے: هٰذَا وَلَدٌ عَالِمٌ أَبُوْهُ، هٰذَا وَلَدٌ عَالِمَةٌ أُمُّهُ.

5. فاعل اگر مؤنث لفظی، اسمِ جمع یا جمع مکسّر ہو تو اسم فاعل مذکر اور مؤنث دونوں طرح آسکتا ہے: أَطَالِعٌ شَمْسٌ، مَا نَاصِرٌ قَوْمٌ، أَذَاهِبٌ رِجَالٌ.

اسمِ مبالَغہ:

1. جو اسمِ مشتق مُبالَغہ پر دلالت کرے اُسے اسم مبالغہ کہتے ہیں: أَكَّالٌ، ظَلُوْمٌ.

2. اسم مبالغہ مختلف اوزان پر آتا ہے: فَعَّالٌ، فَعُوْلٌ، فَعَّالَةٌ، فَعِلٌ، فَعْلٌ وغیرہ لیکن یہ سب سَماعی ہیں۔

3. اسم مبالغہ بھی ذکر کردہ شرائط کے ساتھ اسم فاعل کی طرح عمل کرتا ہے: زَيْدٌ فَطِنٌ ابْنُهُ، جَاءَ التِّلْمِيْذُ الْمَدَّاحُ أُسْتَاذَهُ إِيَّاهُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. اسمِ فاعل اور اسمِ مبالغہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. اسمِ فاعل کیا عمل کرتا ہے؟ س:3. اسمِ فاعل کے عمل کے لیے کیا شرط ہے؟ س:4. اسمِ فاعل کس وزن پر آتا ہے؟ س:5. اسمِ فاعل مذکر آتا ہے یا مؤنث یا دونوں طرح آسکتا ہے؟ س:6. اسمِ فاعل ہمیشہ واحد آئے گا یا تثنیہ اور جمع بھی آسکتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جس اسم کے ساتھ فعل قائم ہو وہ اسم فاعل ہے۔ 2. اسم فاعل کے عمل کی چھ شرطیں ہیں۔ 3. ہر اسم فاعل، فاعل کو رفع اور چھ اسماء کو نصب دیتا ہے۔ 4. اسم مبالغہ فَعَّالٌ یا فَعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں اسم فاعل اور اسم مبالغہ کے عمل کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔أَ مُكْرِمٌ بَكْرٌ ضَيْفَهٗ؟ ۲۔جَاءَ الْقَائِمُ أَخُوْهُ؟ ۳۔قَامَ الرَّجُلُ الْمُعْطِي الْمَسَاكِيْنَ. ۴۔خَالِدٌ ذَاهِبٌ صَدِيْقُهٗ. ۵۔هَلْ غَفَّارٌ أَبُوْهُ الْإِسَاءَةَ. ۶۔هٰذَا رَجُلٌ فَطِنٌ أَبْنَاؤُهٗ. ۷۔يَخْطُبُ الْقَائِدُ رَافِعًا صَوْتَهٗ. ۸۔بَكْرٌ عَلَّامَةٌ أَبَوَاهُ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔خَالِدٌ نَاصِرٌ أَخَاهُ أَمْسِ. ۲۔جَلَسَ الْقَاضِي الْعَالِمُ بِنْتُهٗ. ۳۔ذَهَبَ خَلِيْفَةٌ عَالِمَةٌ وَلَدُهٗ. ۴۔جَاءَ وَلَدَانِ لَاعِبَانِ أُخْتُهُمَا. ۵۔هٰذَا طَلْحَةُ الشَّاعِرُ أُمُّهٗ. ۶۔فَازَتْ بِنْتَانِ مُجْتَهِدَتَانِ مُعَلِّمَتُهُمَا. ۷۔ضَارِبٌ رَجُلٌ وَلَدًا. ۸۔قَامَ رِجَالٌ مُؤْمِنٌ. ۹۔نَاصِرٌ زَيْدٌ فَقِيْرًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net

الدرس السابع والأربعون

اسمِ مفعول کا بیان

جو اسم مشتق ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا اُسے اسمِ مفعول کہتے ہیں: مَضْرُوْبٌ، مُکْرَمٌ.

اسمِ مفعول کا عمل:

اسم مفعول فعلِ مجہول کی طرح عمل کرتا ہے یعنی اپنے نائب فاعل کو رفع اور چھ اَسماء کو نصب دیتا ہے:

1. مفعولِ مطلق: أَ مَنْصُوْرٌ زَیْدٌ نَصْرًا. 2. مفعول فیہ: أَ مَقْتُوْلٌ بَکْرٌ لَیْلًا.

3. مفعول معہ: أَ مُکْرَمٌ خَالِدٌ وَبَکْرًا. 4. مفعول لہ: أَ مَزُوْرٌ عَالِمٌ أَدَبًا.

5. حال: هَلْ مُبَشَّرٌ أَحَدٌ کَسْلَانَ. 6. تمیز: أَ مَحْبُوْبٌ زَیْدٌ نَفْسًا.

جس فعل کے دو یا تین مفعول ہوں اس کا اسمِ مفعول پہلے مفعول کو رفع اور باقیوں کو نصب دیتا ہے: بَکْرٌ مُعْطًی غُلامُهُ دِرْهَمًا، خَالِدٌ مُخْبَرٌ اِبْنُهُ عَمْرًا فَاضِلًا.

اسمِ مفعول کے عمل کی شرطیں:

اسمِ مفعول پر الْ نہ ہو تو اُس کے عمل کے لیے شرط یہ ہے کہ اسمِ مفعول حال یا مستقبل کے معنی میں ہو اور اُس سے پہلے مبتدا، موصوف، ذوالحال، نفی یا اِستفہام ہو: زَیْدٌ مَبِیْعٌ قَلَمُهُ، جَاءَ وَلَدٌ مَنْصُوْرٌ أَبُوْهُ، جَاءَ زَیْدٌ مَرْکُوْبًا فَرَسُهُ.

اور اگر اس پر الْ ہو تو اُس کے عمل کے لیے کوئی شرط نہیں: جَاءَ خَالِدٌ الْمَنْصُوْرُ جَیْشُهُ أَمْسِ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

قواعد وفوائد:

1. ثلاثی مجرد سے اسم مفعول مَفْعُوْلٌ (۴) کے وزن پر آتا ہے: مَنْصُوْرٌ. اور غیر ثلاثی مجرد سے مضارع کے وزن پر آتا ہے لیکن اس میں علامت مضارع کی جگہ میم مضموم آتی ہے اور ماقبل آخر مفتوح ہوتا ہے: مُکْرَمٌ، مُتَرْجَمٌ.

2. اسم مفعول کے بعد ایسا اسم ہو جو نائب فاعل بن سکتا ہو تو وہی نائب فاعل بنے گا: أَ مَنْصُوْرٌ زَيْدٌ. ورنہ اُس میں موجود ضمیر نائب فاعل بنے گی: زَيْدٌ مَنْصُوْرٌ.

3. نائب فاعل' اسم ظاہر ہو تو اسم مفعول واحد ہی آئے گا: أَ مَشْغُوْلٌ وَلَدَانِ. اور نائب فاعل اسم ضمیر ہو تو اسم مفعول اُس ضمیر کے مرجع کے مطابق آئے گا: اَلرَّجُلُ مَنْصُوْرٌ، اَلرَّجُلَانِ مَنْصُوْرَانِ، اَلرِّجَالُ مَنْصُوْرُوْنَ.

4. اسم مفعول تذکیر و تانیث میں اپنے نائب فاعل کے مطابق آتا ہے: هٰذَا وَلَدٌ مَنْصُوْرٌ أَبُوْهُ، هٰذَا وَلَدٌ مَنْصُوْرَةٌ أُمُّهُ.

5. نائب فاعل اگر مؤنث لفظی، اسمِ جمع یا جمع مکسّر ہو تو اسم مفعول مذکر اور مؤنث دونوں طرح آسکتا ہے: أَ مَرْئِيٌّ شَمْسٌ، مَا مَنْصُوْرٌ قَوْمٌ، هل مَفْتُوْحٌ بِلَادٌ.

تمرین (1)

س:1. اسمِ مفعول کسے کہتے ہیں؟ س:2. اسم مفعول کیا عمل کرتا ہے؟

س:3. اسمِ مفعول کے عمل کی کیا شرطیں ہیں؟ س:4. ثلاثی مجرد اور غیر ثلاثی مجرد سے اسمِ مفعول کس وزن پر آتا ہے؟

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جس اسم پر فعل واقع ہوا سے اسم مفعول کہتے ہیں۔ 2. اسم مفعول کے عمل کی پانچ شرطیں ہیں۔ 3. اسم مفعول فاعل کو رفع اور چھ اسماء کو نصب دیتا ہے۔ 4. اسم مفعول صرف مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں اسم مفعول کے عمل کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔ أَ مُكْرَمٌ جَعْفَرٌ عِلْمًا؟ ۲۔ جَاءَ الْمَشْدُوْدُ يَدُهُ؟ ۳۔ قَامَ الْمُعْطٰى وَلَدُهُ عِلْمًا. ۴۔ عَلِيٌّ مُطَهَّرَةٌ ثِيَابُهُ. ۵۔ هَلْ مَغْفُوْرٌ ذَنْبُهُ. ۶۔ هٰذَا رَجُلٌ مَحْمُوْدٌ أَفْعَالُهُ. ۷۔ فَرِيْدٌ مَبِيْعَةٌ غِلْمَانُهُ. ۸۔ خَالِدٌ مَشْهُوْرٌ شَجَاعَتُهُ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔ خَالِدٌ مَنْصُوْرٌ أَخُوْهُ أَمْسِ. ۲۔ هِنْدٌ مَفْقُوْدَةٌ عِقْدُهَا. ۳۔ جَاءَ رِجَالٌ مَحْمُوْدٌ. ۴۔ هٰذِهِ دَارٌ مَفْتُوْحَةٌ بَابُهَا. ۵۔ جَاءَ وَلَدَانِ مَسْرُوْرَانِ أُمُّهُمَا. ۶۔ رَأَيْتُ شَجَرَةً مَمْدُوْدًا. ۷۔ مُعْطًى فَقِيْرٌ دِرْهَمًا. ۸۔ قَامَ رِجَالٌ مَهْزُوْمٌ. ۹۔ مَسْمُوْعٌ صُرَاخُ طِفْلٍ. ۱۰۔ هَاتَانِ بِنْتَانِ مَعْرُوْفَتَانِ ذَكَاوَتُهُمَا.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن والأربعون

صفتِ مُشبَّہ کا بیان

جو اِسمِ مشتق ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی ثبوتی طور پر ہو(۵) اُسے صفتِ مشبّہ کہتے ہیں: کَرِیْمٌ (سخی) صَعْبٌ (سخت، مشکل).

صفت مشبّھہ کا عمل:

صفتِ مشبّہ اپنے فاعل کو رفع دیتا ہے، اور اس کا مفعول بہ نہیں ہوتا: أَ حَسَنٌ زَیْدٌ؟

صفت مشبّھہ کے عمل کی شرط:

صیغۂ صفتِ مشبَّہ کے عمل کے لیے شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے مبتدا، موصوف، ذوالحال، نفی یا اِستفہام ہو: اَلطِّفْلُ حَسَنٌ وَجْهُهُ، جَاءَ رَجُلٌ كَرِيْمٌ أَبُوْهُ، جَاءَ زَيْدٌ كَرِيْمًا أَبُوْهُ، مَا كَرِيْمٌ خَالِدٌ، هَلْ شَرِيْفٌ بَكْرٌ.

قواعد وفوائد:

1. صفتِ مشبَّہ کے کثیر اوزان ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں:

أَفْعَلُ	فَعْلَانُ	فَعُلٌ	فَعِيْلٌ	فَعَلٌ	فَعَّالٌ
أَسْوَدُ	عَطْشَانُ	صَعْبٌ	كَرِيْمٌ	حَسَنٌ	خَبَّازٌ

2. جو فعل رنگ، عیب یا حُلیہ ظاہر کرے اُس سے صفتِ مشبَّہ کا صیغہ أَفْعَلُ اور فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے: أَحْمَرُ حَمْرَاءُ، أَخْرَسُ خَرْسَاءُ، أَعْيَنُ عَيْنَاءُ.

3. صفت مشبہ کے بعد ایسا اسم ہو جو فاعل بن سکتا ہو تو وہی اُس کا فاعل بنے گا: أَكَرِيْمٌ زَيْدٌ. ورنہ اُس میں موجود ضمیر فاعل بنے گی: زَيْدٌ حَلِيْمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

4. فاعل، اسم ظاہر ہو تو صیغۂ صفت ہمیشہ واحد آئے گا: أَ حَسَنٌ أَوْلَادٌ؟ اور اسم ضمیر ہو تو صیغۂ صفت ضمیر کے مرجع کے مطابق آئے گا: اَلرِّجَالُ حَسَنُوْنَ.

5. فاعل مؤنث لفظی، اسمِ جمع یا جمع مکسّر ہو تو صیغۂ صفت مذکر اور مؤنث دونوں طرح آ سکتا ہے: أَ أَحْمَرُ شَمْسٌ، مَا لَئِيْمٌ قَوْمٌ، أَ كَرِيْمٌ رِجَالٌ.

تمرین (1)

س:1. صفت مشبہ کسے کہتے ہیں اور یہ کیا عمل کرتا ہے؟ س:2. صفت مشبہ کے عمل کی کیا شرط ہے؟ س:3. صفت مشبہ کس کس وزن پر آتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو اسم ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی ہو اُسے صفتِ مشبّہ کہتے ہیں۔ 2. صفتِ مشبّہ کے عمل کی پانچ شرطیں ہیں۔

تمرین (3)

(الف) صفت مشبہ اور اس کے عمل کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔اَللّٰهُ كَرِيْمٌ. ۲۔زَيْدٌ حَسَنٌ غُلَامُه. ۳۔أَنَا عَطْشَانُ. ۴۔أَ حَسَنٌ زَيْدٌ؟ ۵۔جَاءَ رِجَالٌ حَسَنُوْنَ وَجْهًا. ۶۔هٰذِهٖ طِفْلَةٌ حَسَنَةٌ. ۷۔شَاةٌ أَبْيَضُ رَأْسُهَا.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔كَرِيْمٌ اِبْنَا خَالِدٍ. ۲۔اَلرَّجُلَانِ حَسَنَانِ غُلَامُهُمَا. ۳۔زَيْدٌ عَطْشَانُ بِنْتُهٗ. ۴۔لَئِيْقٌ وَلَدَانِ. ۵۔جَاءَ الرِّجَالُ الْحَسَنُوْنَ أَخْلَاقُهُمْ. ۶۔هٰذَا رَجُلٌ ذَكِيٌّ بِنْتُهٗ. ۷۔رَأَيْتُ أَوْلَادًا فَطِيْنًا. ۸۔هٰذِهٖ بَقَرَةٌ بَيْضَاءُ رَأْسُهَا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع والأربعون

اسمِ تفضیل کا بیان

جو اسمِ مشتق ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں کسی کے مقابلے میں مصدری معنی کی زیادتی ہو اُسے اسمِ تفضیل کہتے ہیں: اَلْعِلْمُ أَنْفَعُ مِنَ الْمَالِ (۶).

جس ذات میں معنی کی زیادتی ہو اُسے مُفَضَّل اور جس کے مقابلے میں زیادتی ہو اُسے مُفَضَّل عَلَيْهِ کہتے ہیں لہذا مذکورہ بالا مثال میں ''علم'' مفضَّل اور ''مال'' مفضَّل علیہ ہے۔

اسمِ تفضیل کا استِعمال:

اسمِ تفضیل کا استعمال تین طریقوں میں سے کسی بھی ایک طریقے سے ہوتا ہے:

1. أَلْ کے ساتھ: جَاءَ زَيْدٌ الْأَفْضَلُ.
2. مِنْ کے ساتھ: زَيْدٌ أَفْضَلُ مِنْ خَالِدٍ.
3. اضافت کے ساتھ: اَلنَّبِيُّ أَفْضَلُ الْخَلْقِ.

قواعد وفوائد:

1. جو اسمِ تفضیل أَلْ کے ساتھ استعمال ہو اُس کا مذکر اور مؤنث ہونے میں اور واحد، تثنیہ اور جمع ہونے میں موصوف (ماقبل) کے مطابق ہونا ضروری ہے: جَاءَ زَيْدٌ الْأَفْضَلُ، جَاءَ الزَّيْدَانِ الْأَفْضَلَانِ، جَاءَ الزَّيْدُوْنَ الْأَفْضَلُوْنَ، جَاءَتْ فَاطِمَةُ الْفُضْلٰى، جَاءَتِ الْفَاطِمَتَانِ الْفُضْلَيَانِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

2. جو اسمِ تفضیل مِنْ کے ساتھ استعمال ہو وہ ہر حال میں واحد مذکر ہی آئے گا:
اَلزَّيْدَانِ أَطْوَلُ مِنْ خَالِدٍ، سَلْمٰى أَجْدَرُ مِنْ هِنْدٍ (سلمی ہند سے زیادہ لائق ہے).

3. جو اسمِ تفضیل اضافت کے ساتھ استعمال ہو وہ واحد مذکر اور موصوف کے مطابق دونوں طرح آسکتا ہے: اَلْأَنْبِيَاءُ أَفْضَلُ الْخَلْقِ یا أَفْضَلُو الْخَلْقِ.

4. ثلاثی مجرد فعل سے اسمِ تفضیل مذکر کے لیے أَفْعَلُ اور مؤنث کے لیے فُعْلٰى کے وزن پر آتا ہے جبکہ اُس میں رنگ، حُلیہ یا ظاہری عیب والا معنی نہ ہو: زَيْدٌ أَبْلَدُ مِنْ خَالِدٍ (زید خالد سے زیادہ کند ذہن ہے) هِنْدٌ بُلْدٰى مِنْ فَاطِمَةَ.

5. غیر ثلاثی مجرد فعل یا وہ ثلاثی مجرد فعل جس میں رنگ، حلیہ اور عیب کا معنی ہو اس سے اسمِ تفضیل أَفْعَلُ یا فُعْلٰى کے وزن پر نہیں بن سکتا۔
لہذا اس طرح کے فعل سے اسمِ تفضیل بنانے کے لیے أَشَدُّ، أَكْثَرُ وغیرہ لاتے ہیں پھر اُس فعل کا مصدر بطورِ تمییز منصوب ذکر کرتے ہیں: خَالِدٌ أَكْثَرُ اِكْرَامًا یا حُمْرَةً یا عَرَجًا.

6. خَيْرٌ، شَرٌّ اور حَبٌّ اسمِ تفضیل ہیں کیونکہ یہ اصل میں أَخْيَرُ، أَشَرُّ اور أَحَبُّ ہیں۔

7. اگر مفضَّل علیہ معلوم ہو تو اسے حذف کر دینا بھی جائز ہے: اَللّٰهُ أَكْبَرُ یہ اصل میں "اَللّٰهُ أَكْبَرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" ہے۔

تمرین (1)

س:1. اسمِ تفضیل، مفضل اور مفضل علیہ کسے کہتے ہیں؟ س:2. اسمِ تفضیل کون

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

کونسے طریقے سے استعمال ہوتا ہے؟ س:3. اسم تفضیل أَلْ یا مِنْ یا اضافت کے ساتھ استعمال ہو تو کس طرح آتا ہے؟ س:4. اسم تفضیل کس وزن پر آتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو اسم ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں معنی کی زیادتی ہو اُسے اسم تفضیل کہتے ہیں۔ 2. جس ذات کے مقابلے میں معنی کی زیادتی ہو اُسے مُفَضَّل کہتے ہیں۔ 3. اسم تفضیل ہمیشہ موصوف کے مطابق آتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) اسم تفضیل، مفضل اور مفضل علیہ الگ الگ کیجیے۔

۱۔اَلْعِلْمُ أَنْفَعُ مِنَ الْمَالِ. ۲۔اَلنَّبِيُّ أَفْضَلُ مِنَ الْوَلِيِّ. ۳۔اَلْعَمَلُ خَيْرٌ مِنَ الْبَطَالَةِ. ۴۔ اَلْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ. ۵۔اَللّٰهُ أَكْبَرُ. ۶۔اَلْهِنْدَاتُ فُضْلَيَاتُ الْبَنَاتِ. ۷۔ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى. ۸۔اَلْكُفَّارُ أَحْرَصُ النَّاسِ. ۹۔اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا. ۱۰۔زَيْدٌ أَشَدُّ اِكْرَامًا مِنْ خَالِدٍ. ۱۱۔اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

۱۔ذَهَبَ الرَّجُلُ الْأَكْرَمُ مِنْ بَكْرٍ. ۲۔سَافَرَتْ عَائِشَةُ الْأَفْضَلُ.
۳۔اَلثَّوْبُ أَخْضَرُ مِنَ الْوَرَقَةِ. ۴۔اَلرِّجَالُ أَفْضَلُوْنَ مِنَ النِّسَاءِ. ۵۔اَلْهِنْدَانِ كُرْمٰى النِّسَاءِ. ۶۔اَلشَّجَاعَةُ عُظْمٰى مِنَ الْجُبْنِ. ۷۔زَيْدٌ أَعْوَرُ مِنْ خَالِدٍ.
۸۔مَرَّ الرَّجُلَانِ الْأَعْلَمُ. ۹۔هٰذِهِ الْبَقَرَةُ أَصْفَرُ مِنْ تِلْكَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخمسون

اِضافت کا بیان

اِضافت کی تعریف:

کسی اسم کی دوسرے اسم کی طرف نسبت کرنا اِضافت کہلاتا ہے: بَکْرٌ غُلَامُ زَیْدٍ، اَلْوَلَدُ حَسَنُ الْوَجْهِ.

اِضافت کی اقسام:

اِضافت کی دو قسمیں ہیں: ۱۔اِضافتِ لفظیہ ۲۔اِضافتِ معنویہ۔

جس اِضافت میں صفت کا صیغہ (اسم فاعل، اسم مفعول، صفتِ مشبّہہ، اسم تفضیل) اپنے معمول (فاعل یا مفعول بہ) کی طرف مضاف ہو اُسے اِضافتِ لفظیہ یا اِضافتِ مجازیہ کہتے ہیں: زَیْدٌ حَسَنُ الْوَجْهِ، خَالِدٌ ضَارِبُ عَمْرٍو.

اور جس اِضافت میں صفت کا صیغہ معمول کی طرف مضاف نہ ہو اُسے اِضافتِ معنویہ یا اِضافتِ حقیقیہ کہتے ہیں: خَالِدٌ غُلَامُ زَیْدٍ، بَکْرٌ کَاتِبُ الْقَاضِيْ.

اضافت معنویہ کی اقسام:

اضافتِ معنویہ کی تین قسمیں ہیں(۷):

1. اِضافت بمعنی فِيْ: وہ اِضافت جس میں مضاف اِلیہ مضاف کے لیے ظرف ہو: صَلٰوۃُ اللَّیْلِ. (اِس میں مضاف اِلیہ سے پہلے حرفِ جر فِيْ پوشیدہ ہوتا ہے)

2. اِضافت بمعنی مِنْ: وہ اِضافت جس میں مضاف اِلیہ مضاف کی جنس ہو: خَاتَمُ فِضَّةٍ. (اِس میں مضاف اِلیہ سے پہلے حرفِ جر مِنْ پوشیدہ ہوتا ہے)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

3. اِضافت بمعنی لام: وہ اِضافت جس میں مضاف اِلیہ مضاف کے لیے نہ ظرف ہو نہ جنس: غُلَامُ زَيْدٍ. (اِس میں مضاف اِلیہ سے پہلے حرفِ جر لام پوشیدہ ہوتا ہے)

قواعد وفوائد:

1. اِضافتِ لفظیہ میں مضاف، تثنیہ یا جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو یا مضاف اِلیہ معرَّف باللام ہو تو مضاف پر اَلْ آ سکتا ہے: جَاءَ الضَّارِبَا وَلَدٍ، جَاءَ الضَّارِبُوْا وَلَدٍ، جَاءَ الضَّارِبُ الْوَلَد.

2. اضافت لفظیہ کی وجہ سے مضاف معرفہ یا نکرہ مخصوصہ نہیں بنتا(۸)۔

3. مفرد صحیح یا قائم مقام صحیح یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو تو ي پر سُکون اور فتحہ دونوں پڑھ سکتے ہیں: كِتَابِيْ، دَلْوِيْ، اور کبھی اس کے آخر میں ہائے وقف بھی بڑھا دی جاتی ہے: كِتَابِيَه.

4. اسم مقصور، اسمِ منقوص، تثنیہ یا جمع مذکر سالم، یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو تو یاء کو فتحہ دینا واجب ہے: عَصَايَ، قَاضِيَّ، مُسْلِمِيَّ.

تمرین (1)

س:1. اضافت کسے کہتے ہیں اور اضافت کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

س:2. اضافت معنویہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:3. کیا مضاف پر الف لام آ سکتا ہے؟ س:4. کس صورت میں یاءِ متکلم پر فتحہ اور سکون دونوں پڑھنا جائز ہیں اور کس صورت میں اس کو فتحہ دینا واجب ہے؟

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جس اضافت میں مضاف صفت کا صیغہ ہو اسے اضافت لفظیہ کہتے ہیں۔
2. اضافت کی تین قسمیں ہیں۔ 3. اضافت لفظیہ میں مضاف پر الف لام آ سکتا ہے۔ 4 اضافت کی وجہ سے مضاف ہمیشہ معرفہ یا نکرہ مخصوصہ ہو جاتا ہے۔

تمرین (3)

درج ذیل جملوں میں اضافت لفظیہ اور اضافتِ معنویہ الگ الگ کیجیے اور اِضافت معنویہ ہو تو اُس کی قسم بھی بیان فرمائیے۔

۱۔ظُلْمَةُ الْقَبْرِ شَدِيْدَةٌ. ۲۔أَكْرَمْتُ مُكْرِمَ الْعُلَمَاءِ. ۳۔اُشْتُرِيَ خَاتَمُ الْفِضَّةِ. ۴۔لَقِيْتُ جَمِيْلَ الشِّيَمِ. ۵۔هٰذَا مُعَلِّمُ خَالِدٍ. ۶۔نَبِيُّنَا الْعَالِي الْقَدْرِ وَالْعَظِيْمُ الْجَاهِ. ۷۔فَازَ وَلَدُ عِرْفَانَ. ۸۔جَاءَ كَرِيْمُ الْبَلَدِ. ۹۔اَلْحَافِظُ الْقُرْآنِ سَعِيْدٌ. ۱۰۔زُرْتُ زَائِرَ الْمَدِيْنَةِ. ۱۱۔وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ.

وہ طریقے جن سے نکرہ محضہ نکرہ مخصوصہ بن جاتا ہے: ۱۔توصیف یعنی کسی نکرہ کی صفت ذکر کر دینا: رَجُلٌ عَالِمٌ جَالِسٌ، هٰذَا بُسْتَانٌ أَزْهَارُهُ جَمِيْلَةٌ، أَ رَجُلٌ فِي الدَّارِ أَمِ امْرَأَةٌ، شَرٌّ أَهَرَّ ذَا نَابٍ. ۲۔اضافت یعنی کسی نکرہ کو کسی اور نکرہ کی طرف مضاف کر دینا: قَلَمُ وَلَدٍ ضَالٌّ. ۳۔تعمیم یعنی کسی نکرہ کو عام کر دینا: مَا أَحَدٌ خَيْرًا مِنْكَ، تَمْرَةٌ خَيْرٌ مِنْ جَرَادَةٍ. ۴۔تقدیم یعنی نکرہ کی خبر کو مقدم کر دینا: فِي الدَّارِ رَجُلٌ. ۵۔نسبت الی المتکلم یعنی کسی نکرہ کی نسبت متکلم کی طرف ہونا: سَلَامٌ عَلَيْكَ.

(کافیہ مع شرح فوائد ضیائیہ وحاشیہ الفرح النامی: ۱۵۴ تا ۱۵۷)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي والخمسون

اَفعالِ قُلوب کا بیان

جو اَفعال مبتدا اور خبر پر داخل ہوکر اُن دونوں کو مفعول ہونے کی وجہ سے نصب دیتے ہیں اُنہیں اَفعالِ قلوب کہتے ہیں: عَلِمْتُ زَيْدًا شَاعِرًا.

افعالِ قلوب کی تعداد:

افعالِ قلوب سات ہیں: عَلِمَ، رَاٰى، وَجَدَ، ظَنَّ، حَسِبَ، خَالَ، زَعَمَ(۹).

اِن میں سے پہلے تین اَفعال یقین ظاہر کرتے ہیں: عَلِمْتُ الْعِلْمَ نَافِعًا (میں نے علم کو نفع دینے والا یقین کیا) رَأَيْتُ الْجَبَلَ عَالِيًا، وَجَدْتُ الرَّجُلَ شَاكِرًا.

بعد کے تین اَفعال ظن پر دلالت کرتے ہیں: ظَنَنْتُ زَيْدًا شَاعِرًا (میں نے زید کو شاعر گمان کیا) حَسِبْتُ خَالِدًا عَالِمًا، ظَنَنْتُ بَكْرًا مُعَلِّمًا.

اور زَعَمَ کبھی یقین اور کبھی ظن ظاہر کرتا ہے: زَعَمْتُ بَكْرًا مُحْسِنًا (میں نے بکر کو احسان کرنے والا یقین کیا) زَعَمْتُ خَالِدًا أُسْتَاذًا (میں نے خالد کو استاد گمان کیا)

قواعد وفوائد:

1. یہ افعال جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا اور خبر دونوں کو مفعولیت کی بنا پر نصب دیتے ہیں جیسے مذکورہ بالا مثالوں سے واضح ہے۔

2. چونکہ افعال قلوب کے دونوں مفعول اصل میں مبتدا اور خبر ہوتے ہیں اس لیے ان دونوں کے وہی اَحکام ہیں جو مبتدا اور خبر کے ہیں، یعنی اِن دونوں کا واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث ہونے میں برابر ہونا ضروری ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

3. افعال قلوب مبتدا اور خبر کے درمیان یا اِن دونوں کے بعد آئیں تو ان کو عمل دینا اور نہ دینا دونوں جائز ہیں: فَاطِمَةُ عَلِمْتُ عَالِمَةٌ، فَاطِمَةُ عَالِمَةٌ عَلِمْتُ.

4. افعال قلوب کا خاصہ ہے کہ ان میں ایک شخص کی دو ضمیریں فاعل اور مفعول ہوسکتی ہیں: رَأَيْتُنِي مُتَعَلِّمًا. جبکہ دیگر افعال میں ایسا نہیں ہوسکتا۔

5. اگر ظَنَّ وہم کرنے، عَلِمَ پہچاننے، رَای دیکھنے اور وَجدَ پانے کے معنی میں ہو تو اِن افعال کا ایک ہی مفعول آئے گا اور اس صورت میں اِن کو افعالِ قلوب نہیں کہیں گے: ظَنَنْتُ زَيْدًا (میں نے زید پر وہم کیا) عَلِمْتُ خَالِدًا (میں نے خالد کو پہچان لیا) رَأَيْتُ فِيْلًا (میں نے ہاتھی کو دیکھا) وَجَدْتُ الضَّالَّةَ (میں نے گم شدہ چیز پالی)

تمرین (1)

س:1. افعال قلوب کن افعال کو کہتے ہیں؟ س:2. افعال قلوب کتنے اور کون کونسے ہیں؟ س:3. افعال قلوب کس پر داخل ہوتے ہیں اور کیا عمل کرتے ہیں؟ س:4. کن صورتوں میں افعال قلوب کو عمل دینا یا نہ دینا دونوں جائز ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو افعال شک اور یقین ظاہر کریں انہیں افعال قلوب کہتے ہیں۔ 2. افعال قلوب جملہ فعلیہ پر داخل ہوتے ہیں۔ 3. کبھی افعال قلوب کا مفعول بہ صرف ایک ہی ہوتا ہے۔ 4. کسی بھی فعل میں ایک شخص کی دو ضمیریں فاعل اور مفعول بن سکتی ہیں۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net

تمرین (3)

(الف) افعال قلوب اور اُن کے عمل کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا. ۲۔ وَجَدْتُ زَیْدًا شَاكِرًا. ۳۔ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا. ۴۔ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ. ۵۔ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا. ۶۔ خِلْتُ الْاِخْلَاصَ مُخْلِصًا. ۷۔ رَأَيْتُ الصِّدْقَ نَجَاةً. ۸۔ زَعَمْتُكَ عَالِمًا.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔ وَجَدْتُ مَاءً بَارِدًا. ۲۔ زَعَمْتُ الْحَيَاةُ دَائِمَةٌ. ۳۔ حَسِبْتَهُمْ عَالِمًا. ۴۔ عَلِمْتُ الْأَرْضَ سَاكِنًا. ۵۔ رَأَيْتُ الْاِخْلَاصَ سَبِيْلُ النَّجَاةِ. ۶۔ آتَيْتُنِيْ مَاءً. ۷۔ خِلْتُ الْخَلِيْفَةَ عَادِلَةً. ۸۔ ظَنَنْتُ الْوَلَدَيْنِ صَالِحًا. ۹۔ حَسِبْتُ الْمُؤْمِنَاتَ صَابِرَاتٌ. ۱۰۔ وَجَدْتُ الْمُسْلِمُوْنَ فَائِزُوْنَ. ۱۱۔ عَلِمْتُ الْقَاضِيْ عَالِمًا.

اسم کی علامتیں

۱۔ الف لام کا داخل ہونا۔ ۲۔ تنوین کا داخل ہونا۔ ۳۔ حرفِ جر کا داخل ہونا۔ ۴۔ جر کا داخل ہونا۔ ۵۔ آخر میں تانیث کی تاء متحرکہ کا ہونا۔ ۶۔ آخر میں یائے نسبت کا ہونا۔ ۷۔ مثنی ہونا۔ ۸۔ مجموع ہونا۔ ۹۔ منادی ہونا۔ ۱۰۔ مذکر ہونا۔ ۱۱۔ مؤنث ہونا۔ ۱۲۔ معرفہ ہونا۔ ۱۳۔ نکرہ ہونا۔ ۱۴۔ مضاف ہونا۔ ۱۵۔ مضاف الیہ ہونا۔ ۱۶۔ موصوف ہونا۔ ۱۷۔ مصغر ہونا۔ ۱۸۔ مکبر ہونا۔ ۱۹۔ منصرف ہونا۔ ۲۰۔ غیر منصرف ہونا۔ ۲۱۔ مسندالیہ ہونا۔ (فاعل، نائب فاعل، مبتدأ، حرف مشبہ بالفعل کا اسم، فعل ناقص کا اسم، ما اور لا مشابہ بلیس کا اسم یا لائے نفی جنس کا اسم ہونا) ۲۲۔ مفعول ہونا۔ (مفعول مطلق، مفعول بہ، مفعول فیہ، مفعول لہ یا مفعول معہ ہونا) ۲۳۔ ذوالحال ہونا۔ ۲۴۔ تمییز ہونا۔ ۲۵۔ مستثنیٰ ہونا۔ ۲۶۔ مستثنیٰ منہ ہونا۔ ۲۷۔ بلا تاویل مرجع ضمیر ہونا۔ ۲۸۔ اسم صریح کا اس سے بدل واقع ہونا۔

(حاشیہ عبدالحکیم بر حاشیہ عبدالغفور وغیرہ)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني والخمسون

اَفعالِ مَدْح وذَمّ کا بیان

جو اَفعال تعریف یا مذمت کے لیے وضع کیے گئے ہیں اُنہیں اَفعالِ مدْ ح وذمّ کہتے ہیں: نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ، بِئْسَ الْمَرْأَةُ هِنْدٌ.

قواعد وفوائد:

1. نِعْمَ اور حَبَّذَا افعالِ مدح ہیں اور بِئْسَ اور سَاءَ افعالِ ذم ہیں، اور حَبَّذَا سے پہلے لَا ہو تو یہ بھی ذم کے لیے ہوتا ہے۔

2. ایک اسم اِن افعال کا فاعل اور ایک اسم مخصوص بالمدْ ح یا مخصوص بالذمّ ہوتا ہے جو ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے (۱۰): نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ، بِئْسَ الشَّرَابُ الْخَمْرُ.

3. اَفعالِ مدح وذم کا فاعل معرف باللام یا معرف باللام کی طرف مضاف ہوتا ہے: نِعْمَ الطَّالِبُ بَكْرٌ، سَاءَ طَالِبُ الْجَامِعَةِ الْكَسُوْلُ.

4. کبھی اِن کا فاعل ضمیر مستتر ہوتا ہے، اِس صورت میں فعل کے بعد مَا (بمعنی شَيْئًا) یا کوئی نکرہ اسم آتا ہے (جو مخصوص کے مطابق ہوتا ہے) اور یہ دونوں اُس ضمیر کی تمیز بنتے ہیں: نِعْمَ مَا التَّقْوٰى، بِئْسَ خُلُقًا الْكَذِبُ.

5. مخصوص معرفہ یا نکرہ موصوفہ ہوتا ہے اور واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث ہونے میں فاعل کے مطابق ہوتا ہے: نِعْمَ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ، نِعْمَ الْعَالِمُ عَالِمٌ عَامِلٌ.

6. مخصوص عموماً فاعل کے بعد آتا ہے: نِعْمَ الْوَصْفُ الصَّبْرُ اور کبھی فعل سے پہلے بھی آجاتا ہے بشرطیکہ حَبَّذَا کا مخصوص نہ ہو: اَلصَّبْرُ نِعْمَ الْوَصْفُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

7. حَبَّذَا میں حَبَّ فعلِ مدح اور ذَا اسم اِشارہ اِس کا فاعل ہے اور یہ بدلتا نہیں اگر چہ اِس کا مخصوص بدلتا رہے: حَبَّذَا الْعُلَمَاءُ، لَاحَبَّذَا النَّمَّامُ.

تمرین (1)

س:1. افعال مدح وذم کن افعال کو کہتے ہیں؟ س:2. اِن افعال کا فاعل کس کس طرح آ سکتا ہے؟ س:3. مخصوص کس طرح کا اسم ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جن افعال سے تعریف یا مذمت کی جائے انہیں افعال مدح وذم کہتے ہیں۔
2. لَاحَبَّذَا فعل مدح ہے۔ 3. افعالِ مدح وذم کا فاعل ہمیشہ معرف باللام ہوتا ہے۔
4. مخصوص ہمیشہ فاعل کے مطابق اور منصوب ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) افعال مدح وذم اور اُن کے فاعل اور مخصوص کی شناخت فرمایئے۔

۱۔لَاحَبَّذَا الْعَدَاوَةُ. ۲۔نِعْمَ الرَّجُلُ رَجُلٌ يُحَاسِبُ نَفْسَهٗ. ۳۔اَلتَّقْوٰى نِعْمَ الزَّادُ. ۴۔بِئْسَ رِجَالًا الْكَاذِبُوْنَ. ۵۔حَبَّذَا الصَّبْرُ. ۶۔بِئْسَ طَالِبُ الْمَجْدِ الْكَسُوْلُ. ۷۔نِعْمَ سَلَاحًا الدُّعَاءُ. ۸۔سَاءَ مَا الْغِيْبَةُ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔نِعْمَ الْعَالِمُ. ۲۔سَاءَ رَجُلٌ الْبَخِيْلُ. ۳۔نِعْمَ رَجُلًا الصَّادِقَانِ. ۴۔نِعْمَ الْوَصْفُ حِلْمٌ. ۵۔بِئْسَ الْخُلُقَانِ الْكِذْبُ. ۶۔لَاحَبَّذَا سَارِقٌ. ۷۔نِعْمَ الْعَالِمُ هِنْدٌ. ۸۔حَبَّذَانِ زَيْدٌ وَبَكْرٌ. ۹۔اَلْمُجْتَهِدُ حَبَّذَا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث والخمسون

اَفعالِ مُقارَبہ کا بیان

اَفعالِ مقاربہ کی تعریف:

جو افعال خبر کا قریب ہونا یا خبر کی امید یا خبر کا شروع ہونا ظاہر کریں انہیں افعالِ مقاربہ کہتے ہیں: کَادَ زَیْدٌ یَجِيْءُ (قریب ہے کہ زید آجائے) عَسٰی بَکْرٌ أَنْ یَّفُوْزَ (امید ہے کہ بکر کامیاب ہوجائے) أَخَذَ الْمَطَرُ یَنْزِلُ (بارش شروع ہوگئی)

اَفعالِ مقاربہ کی اقسام:

افعالِ مقاربہ کی درجِ ذیل تین قسمیں ہیں: ۱۔افعالِ مقاربہ ۲۔افعالِ رَجاء ۳۔افعالِ شروع۔

اَفعالِ مقاربہ:

وہ افعال جو یہ ظاہر کریں کہ خبر کا حصول قریب ہے: کَرَبَ الشِّتَاءُ یَنْقَضِيْ (قریب ہے کہ سردی ختم ہوجائے) یہ تین افعال ہیں: کَادَ، کَرَبَ اور أَوْشَکَ.

اَفعالِ رَجاء:

وہ افعال جو یہ ظاہر کریں کہ خبر کے حصول کی امید ہے: حَرٰی زَیْدٌ أَنْ یَجِيْءَ (امید ہے کہ زید آجائے) یہ بھی تین افعال ہیں: عَسٰی، حَرٰی اور اِخْلَوْلَقَ.

اَفعالِ شُروع:

وہ اَفعال جو یہ ظاہر کریں کہ خبر کی ابتدا ہوچکی ہے: جَعَلَ الْمَطَرُ یَنْزِلُ (بارش برسنے لگی) اَفعالِ شروع یہ ہیں: أَخَذَ، جَعَلَ، اَنْشَأَ، طَفِقَ وغیرہ۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

قواعد وفوائد:

1. یہ تمام اَفعال' اَفعالِ ناقصہ کی طرح عمل کرتے ہیں یعنی اسم کو رفع اور خَبَر کو نصْب دیتے ہیں مگر اِن کی خبر ہمیشہ جملہ فعلیہ مضارعیہ ہوتی ہے،لہذا یہ محلاً منصوب ہوگی جیسا کہ مذکورہ بالا مثالوں سے واضح ہے۔

2. حَریٰ اور اِخْلَوْلَقَ کی خبر پر أَنْ لانا واجب ہے اور اَفعالِ شروع کی خبر پر اَنْ لانا ناجائز ہے۔

3. کَادَ، کَرَبَ، أَوْشَکَ اور عَسیٰ کی خبر پر أَنْ لانا یا نہ لانا دونوں جائز ہیں: کَادَ اللَّیْلُ یَزُوْلُ یا أَنْ یَّزُوْلَ (قریب ہے کہ رات ختم ہوجائے)، أَوْشَکَ الصُّبْحُ یَنْجَلِيْ یا أَنْ یَّنْجَلِيَ (قریب ہے کہ صبح روشن ہوجائے).

4. فعلِ رجاء کے بعد اَنْ اور مضارع آجائے تو یہی اُس کا فاعل بنتا ہے اور اُس کی خبر نہیں ہوتی: عَسیٰ أَنْ یَّصُوْمَ زَیْدٌ (امید ہے کہ زید روزہ رکھ لے)

5. کَادَ اور أَوْشَکَ سے مضارع کے صیغے بھی آتے ہیں: یَکَادُ الْقِطَارُ یَصِلُ، یُوْشِکُ الْمَطَرُ أَنْ یَّنْزِلَ.

باقی افعال سے صرف ماضی کے صیغے آتے ہیں۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. افعال مقاربہ ورجاء وشروع کن افعال کو کہتے ہیں؟ اور یہ کتنے کتنے اور کون کونسے ہیں۔ س:2. یہ تمام افعال کیا عمل کرتے ہیں؟ س:3. کن افعال کی خبر پر أَنْ لانا جائز یا واجب یا ناجائز ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. تمام افعال مقاربہ سے ماضی اور مضارع کے صیغے آتے ہیں۔ 2. ان افعال کی خبر ہمیشہ فعل مضارع ہوتی ہے۔ 3. افعال شروع پانچ ہیں۔ 4. کَادَ، عَسٰی، حَرٰی اور أَخَذَ کی خبر پر أَنْ لانا جائز ہے۔

تمرین (3)

(الف) افعال مقاربہ ورجاء وشروع الگ الگ کیجیے۔

۱۔عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ. ۲۔أَوْشَكَ الْمَطَرُ أَنْ يَنْقَطِعَ. ۳۔يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ. ۴۔أَخَذَ الطِّفْلُ يَبْكِيْ. ۵۔كَادَ الْفَقْرُ أَنْ يَّكُوْنَ كُفْرًا. ۶۔عَسٰی الضَّيْقُ أَنْ يَّنْفَرِجَ. ۷۔اِخْلَوْلَقَ أَنْ يُّثْمِرَ الشَّجَرُ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔كَادَ الْمُعَلِّمُ يُشَرِّحَ. ۲۔جَعَلَ الشَّجَرُ أَنْ يُّوَرِّقَ. ۳۔حَرٰی الْغَائِبُ يَجِيْءُ. ۴۔كَرَبَ زَيْدٌ مُعَلِّمًا. ۵۔يَطْفَقُ الْوَلَدُ يَلْعَبُ. ۶۔أَنْشَأَ الْبَحْرُ أَنْ يَّمُوْجَ. ۷۔اِخْلَوْلَقَ الْوَلَدُ يَنْجَحُ. ۸۔أَخَذَ الْكَسْلَانُ أَنْ يَّجْتَهِدَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع والخمسون

اَفعال تعجب کا بیان

جوافعال اِظہارِ تعجُّب کے لیے وضع کیے گئے ہیں اُنہیں افعالِ تعجب کہتے ہیں:

مَا أَحْسَنَ زَيْدًا (زید کتنا حسین ہے!) أَكْرِمْ بِخَالِدٍ (خالد کیسا سخی ہے!)

قواعد وفوائد:

1. جس چیز پر تعجب کیا جائے اُسے مُتَعَجَّب مِنْه کہتے ہیں اور یہ ہمیشہ معرفہ یا نکرہ مخصوصہ ہوتا ہے: مَا أَحْسَنَ زَيْدًا! أَحْسِنْ بِرَجُلٍ تَهَجَّدَ!

2. ثلاثی مجرد فعل سے فعلِ تعجب دو وزن پر آتا ہے جبکہ اُس میں رنگ، عیب یا حلیہ کا معنی نہ ہو: مَا أَفْعَلَ اور أَفْعِلْ. (پہلے صیغے کے ساتھ متعجب منہ منصوب ہوتا ہے اور دوسرے صیغے کے ساتھ حرفِ جر باء کی وجہ سے لفظاً مجرور ہوتا ہے)

3. غیر ثلاثی مجرد فعل یا وہ فعل جس میں رنگ، حلیہ یا عیب کا معنی ہو اُس سے فعل تعجب مَا أَفْعَلَ یا أَفْعِلْ کے وزن پر نہیں بنتا، لہذا اس سے فعل تعجب بنانے کے لیے مَا أَشَدَّ یا أَشْدِدْ وغیرہ کے بعد فعل کا مصدر لے آتے ہیں: مَا أَشَدَّ اِكْرَامًا یا حُمْرَةً یا عَرَجًا، أَشْدِدْ بِاِكْرَامِهِ یا بِحُمْرَتِهِ یا بِعَرَجِهِ.

4. متعجب منہ اور فعل تعجب کے درمیان سوائے ظرف یا جار مجرور کے اور کوئی چیز نہیں آسکتی: مَا أَحْسَنَ الْيَوْمَ زَيْدًا! (آج زید کتنا حسین ہے!) مَا أَنْعَمَ فِي الْمَدِيْنَةِ الْحَيَاةَ! (مدینے میں زندگی کتنی عمدہ ہے)

5. کبھی فَعُلَ [11] سے بھی تعجب کا اظہار کیا جاتا ہے: حَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. افعال تعجب کسے کہتے ہیں؟ س:2. فعل تعجب کتنے اور کون کونسے وزن پرآتا ہے۔ س:3. متعجب منہ کسے کہتے ہیں یہ کس طرح آتا ہے اور اس کا اعراب کیا ہوتا ہے؟ س:4. کیا فعل تعجب اور متعجب منہ کے درمیان کوئی چیز آسکتی ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جن الفاظ کے ذریعے تعجب کا اظہار کیا جائے انہیں افعال تعجب کہتے ہیں۔
2. فعل تعجب تین اوزان پرآتا ہے۔ 3. فعل تعجب اور متعجب منہ کے درمیان کوئی چیز نہیں آسکتی۔ 4. متعجب منہ ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) افعال تعجب اور متعجب منہ الگ الگ فرمائیے۔

۱۔مَا أَجْمَلَکَ. ۲۔مَا أَشْجَعَ خَالِدًا. ۳۔أَلْطِفْ بِزَيْدٍ. ۴۔أَشْدِدْ بِعَرَجِهٖ. ۵۔مَا أَجْوَدَ عُثْمَانَ. ۶۔مَا أَكْذَبَ النَّفْسَ. ۷۔أَعْظِمْ بِنُصْرَتِهٖ. ۸۔مَا أَشَدَّ تَرْکَ الصَّلٰوةِ. ۹۔أَقْبِحْ بِشُرْبِ الْخَمْرِ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔مَا أَخْضَرَ الْقُبَّةَ. ۲۔أَقْبِحُ الْكُفْرَ. ۳۔مَا أَصْغَرَ الطِّفْلُ. ۴۔مَا أَحْسَنَ وَلَدًا. ۵۔مَا أَعْظَمَ شَأْنُ الْأَنْبِيَاءِ. ۶۔أَصْفِرْ بِالْبَقَرَةِ. ۷۔مَا أَشَدَّ تَكَلُّمٌ. ۸۔مَا أَعْوَرَ الدَّجَّالَ. ۹۔أَشْدِدْ بِحُمْرَةَ الْوَجْهِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الخامس والخمسون

حُروف کا بیان

ترکیبِ کلمات کے لیے موضوع حُروف کو حروفِ مَبانی، حروفِ تہجی یا حروفِ ھجاء کہتے ہیں: ا، ب، ت وغیرہ۔

اور معنی کے لیے موضوع حروف کو حروف مَعانی کہتے ہیں: اِنَّ، فِيْ، لَا وغیرہ۔

حروف معانی کی اَقسام:

حروفِ معانی کی بعض قسموں کا ذکر ہو چکا ہے مزید اقسام درجِ ذیل ہیں:

1. حروفِ استقبال:

یہ دو ہیں: سین اور سَوْف: سَیَقُوْلُ، سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. (سین اور سَوْف کبھی تاکید کے لیے بھی آتے ہیں)

2. حروفِ تاکید:

یہ بھی دو ہیں: نونِ تاکید اور لامِ ابتدائیہ، نونِ تاکید صرف فعل پر آتا ہے اور لامِ ابتدائیہ فعل اور اسم دونوں پر آتا ہے: لَأَنْصُرَنَّ، لَزَيْدٌ عَالِمٌ.

3. حروفِ تفسیر:

یہ بھی دو ہیں: أَيْ اور أَنْ: رَأَيْتُ لَيْثًا أَيْ أَسَدًا، اِنْقَطَعَ رِزْقُهُ أَيْ مَاتَ، وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰاِبْرٰهِيْمُ، أَمَرْتُهُ أَنْ أَكْرِمِ الْعُلَمَاءَ.

4. حروفِ تحضیض:

یہ چار ہیں: هَلَّا، أَلَّا، لَوْلَا اور لَوْمَا: هَلَّا أَدَّبْتَهُ، لَوْلَا تَتْلُو الْقُرْآنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

5.حروفِ مصدر:

یہ تین ہیں: مَا، أَنْ، أَنَّ: أَحْمَدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا أَنْعَمَ، يُمْكِنُ أَنْ تَفُوْزَ.

6.حرفِ رَدع:

یہ صرف كَلَّا ہے جیسے کوئی کہے: فُلَانٌ يَبْغُضُكَ اور اُس کے جواب میں کہا جائے: كَلَّا (ہرگز نہیں) یہ جملے کی تاکید کے لیے بھی آتا ہے: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ.

7.حرفِ توقّع:

یہ صرف قَدْ ہے: قَدْ رَكِبَ. یہ مضارع کے ساتھ اکثر تقلیل کا اور کبھی تحقیق کا معنی دیتا ہے: اِنَّ الْكَذُوْبَ قَدْ يَصْدُقُ، قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ.

8.حروفِ جواب:

یہ چھ ہیں: نَعَمْ، بَلٰى، اِيْ، جَيْرِ، أَجَلْ اور اِنَّ.

نَعَمْ اور بَلٰى سوال کے جواب میں آتے ہیں۔

اِيْ قسم سے پہلے آتا ہے: قُلْ اِيْ وَرَبِّيْ اِنَّهٗ لَحَقٌّ.

جَيْرِ، أَجَلْ اور اِنَّ خبر کی تصدیق کے لیے آتے ہیں جیسے جَاءَ زَيْدٌ کے جواب میں جَيْرِ، أَجَلْ یا اِنَّ کہا جائے تو معنی ہوگا: جی ہاں زید آیا ہے۔

9.حروفِ تنبیہ:

یہ تین ہیں: أَلَا، أَمَا اور هَا: أَلَا لَا تَغْفَلْ، أَمَا لَا تَكْذِبْ.

10.حروفِ زیادت:

یہ آٹھ ہیں: اِنْ، أَنْ، مَا، لَا، مِنْ، كَاف، بَاء، لَام: مَا اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

11. حرفِ تعریف:

یہ الف لام ہے: اَلرَّجُلُ، اَلْحَسَنُ.

تمرین (1)

س:1. حروف مبانی اورحروفِ معانی کسے کہتے ہیں؟ س:2. حروف معانی کی کون کونسی اقسام ہیں؟ س:3. حرف توقع فعل مضارع کے ساتھ کیا معنی دیتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. حروفِ معانی کی گیارہ قسمیں ہیں۔ 2. حروفِ جواب کسی سوال ہی کے جواب میں آتے ہیں۔ 3. حروفِ زیادت جہاں بھی ہوں گے زائد ہوں گے۔

تمرین (3)

حروف معانی کی قسم متعین کیجیے۔

١۔وَاللّٰهِ لَأَتعَلَّمَنَّ الْقُرآنَ وَالسُّنَّةَ. ٢۔اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ. ٣۔اَللّٰهَ دَعَوْتُ أنِ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي. ٤۔اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ. ٥۔لِلّٰهِ الْحَمْدُ عَلٰى مَا عَلَّمَ. ٦۔اِشْتَرَيْتُ وَرَقًا أَيْ فِضَّةً. ٧۔هَلَّا أَدَّبْتَ أَوْلَادَكَ. ٨۔ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ فَكَذَّبْنَا. ٩۔طَارَ بِهِ الْعَنْقَاءُ أَيْ طَالَتْ غَيْبَتُهُ. ١٠۔سَالَ بِهِ الْوَادِي أَيْ هَلَكَ. ١١۔وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس والخمسون

الف لام (اَلْ) کا بیان

الف لام کی اقسام:

الف لام کی دو قسمیں ہیں: ۱۔الف لام اسمی ۲۔الف لام حرفی۔

جو الف لام اسم فاعل یا اسم مفعول حدوثی پر آئے اُسے **الف لام اسمی** کہتے ہیں: جَاءَ النَّاصِرُ خَالِدًا، جَاءَ الْمَنْصُوْرُ جَیْشُهٗ. (یہ الف لام اسم موصول اَلَّذِيْ، اَلَّتِيْ وغیرہ کے معنی میں ہوتا ہے)

اور جو الف لام اِس کے علاوہ ہو اُسے **الف لام حرفی** کہتے ہیں: اَلْحَسَنُ، اَلْوَلَدُ.

الف لام حرفی کی اقسام:

الف لام حرفی کی دو قسمیں ہیں: ۱۔غیر زائدہ ۲۔زائدہ۔

جو الف لام حرفی اپنے مدخول میں کوئی معنی پیدا کرے اُسے **غیر زائدہ** کہتے ہیں: اَلْوَلَدُ. اور جو الف لام حرفی اپنے مدخول میں کوئی معنی پیدا نہ کرے اُسے **زائدہ** کہتے ہیں: اَلْعَبَّاسُ، اَلْحَارِثُ.

الف لام زائدہ کی اقسام:

الف لام زائدہ کی بھی دو قسمیں ہیں: ۱۔لازمی ۲۔عارضی۔

جو الف لام زائدہ اپنے مدخول سے جدا نہ ہوتا ہو[12] اُسے **لازمی** کہتے ہیں: اَللّٰهُ.

اور جو الف لام زائدہ اپنے مدخول سے جدا ہوتا ہو اُسے **عارضی** کہتے ہیں: اَلْحَارِثُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الف لام غیر زائدہ کی اقسام:

الف لام غیر زائدہ کی پانچ قسمیں ہیں:

1. الف لام عہدِ خارجی:

وہ الف لام جس سے فردِ معلوم کی طرف اِشارہ ہو: فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ.

2. الف لام جنسی:

وہ الف لام جس سے جنس کی طرف اِشارہ ہو: اَلرَّجُلُ خَیْرٌ مِنَ الْمَرْأَۃِ.

3. الف لام استغراقی:

وہ الف لام جس سے تمام اَفراد کی طرف اِشارہ ہو: اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ.

4. الف لام عہدِ ذہنی:

وہ الف لام جس سے غیر معین فرد کی طرف اِشارہ ہو: اَخَافُ اَنْ یَّاْکُلَهُ الذِّئْبُ.

5. الف لام عہدِ حضوری:

وہ الف لام جس سے فردِ موجود وحاضر کی طرف اِشارہ ہو: اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ.

"ذہبت ریحہ" اس کا لفظی ترجمہ ہے: اس کی ہوا چلی گئی، لیکن اس کا مجازی معنی ہے: اس کا اثر ونفوذ ختم ہوگیا، یا اس کی طاقت کم ہوگئی، اس معنی کی تعبیر کے لئے اردو میں یہ محاورہ استعمال ہوتا ہے: اس کی ہوا اکھڑ گئی، قرآنِ کریم میں یہ محاورہ اسی مجازی معنی میں وارد ہوا ہے: "وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُکُمْ" ترجمہ: آپس میں جھگڑا مت کرو (اگر ایسا کرو گے تو) تم بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی / تمہاری طاقت وقوت جاتی رہے گی۔ (عربی محاورات، ص ۳۸)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. الف لام کی اقسام بیان کیجیے؟ س:2. الف لام حرفی کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:3. الف لام زائدہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:4. الف لام غیر زائدہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. اسم فاعل اور اسم مفعول کا الف لام اسمی ہوتا ہے۔ 2. جو الف لام مدخول میں کوئی معنی پیدا کرے وہ زائد ہوتا ہے۔ 3. اَلزَّیْدَانِ میں الف لام زائدہ ہے۔

تمرین (3)

الف لام کے بارے میں بتائیں کہ اسمی ہے یا حرفی، حرفی ہے تو زائدہ ہے یا غیر زائدہ، زائدہ ہے تو اس کی کونسی قسم ہے اور غیر زائدہ ہے تو اس کی کونسی قسم ہے۔

۱۔ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا. ۲۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. ۳۔ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى. ۴۔ وَلَقَدْ أَمُرُّ عَلَى اللَّئِيمِ يَسُبُّنِي. ۵۔ اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ. ۶۔ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ. ۷۔ زُرْتُ الْمُكْرِمَ أُسْتَاذَهُ. ۸۔ نَحْنُ مُقَلِّدُوا النُّعْمَانَ بْنِ الثَّابِتِ. ۹۔ جَمَعَ الْأَمِيرُ الصَّاغَةَ. ۱۰۔ اُدْخُلِ السُّوقَ. ۱۱۔ أَكْرِمِ الْمَعْلُوْمَ فَضْلُهُ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السابع والخمسون

تنوین کا بیان

جو نون کلمے کی آخری حرکت کے تابع ہو اور تاکید کے لیے نہ ہو اُسے تنوین کہتے ہیں: قَلَمٌ (قَلَمُنْ)، دَوَاةً (دَوَاتَنْ)، کِتَابٍ (کِتَابِنْ).

تنوین کی اَقسام:

تنوین کی پانچ قسمیں ہیں:

1. **تنوینِ تمکُّن:**

وہ تنوین جو مدخول کے منصرف ہونے پر دلالت کرے: رَجُلٌ.

2. **تنوینِ تنکیر:**

وہ تنوین جو مدخول کے غیر معین ہونے پر دلالت کرے: صَهٍ.

3. **تنوینِ عِوَض:**

وہ تنوین جو مضاف الیہ کے بدلے میں آتی ہے: يَوْمَئِذٍ، مَرَرْتُ بِكُلٍّ (بِكُلِّ وَاحِدٍ)

4. **تنوینِ مقابَلہ:**

وہ تنوین جو جمع مؤنث سالم میں آتی ہے: مُسْلِمَاتٌ.

5. **تنوینِ ترنُّم:**

وہ تنوین جو مصرعوں کے آخر میں سُر پیدا کرنے کے لیے لائی جاتی ہے:

أَقِلِّي اللَّوْمَ عَاذِلُ وَالْعِتَابَنْ ☆ وَقُوْلِي اِنْ أَصَبْتُ لَقَدْ أَصَابَنْ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

یعنی اے ملامت کرنے والی! ملامت اور عتاب ذرا کم کر اور اگر میں کوئی صحیح کام کر جاؤں تو یہ بھی بول کہ اس نے درست کیا۔(اس شعر میں ایک اسم "عِتَــابٌ" پر الف لام اور تنوین ترنم دونوں آرہے ہیں اور ایک فعل "أَصَابَ" پر تنوین ترنم آرہی ہے)

قواعد وفوائد:

1. تنوین کی پہلی چار قسمیں اسم کے ساتھ خاص ہیں جبکہ تنوین ترنم، اسم، فعل اور حرف سب پر آسکتی ہے اور یہ الف لام کے ساتھ بھی آجاتی ہے۔

2. اگر کوئی مانع تنوین پایا جائے تو اسم پر تنوین نہیں آئے گی ورنہ آئے گی۔

3. موانع تنوین پانچ ہیں:

۱۔الف لام کا ہونا: اَلرَّجُلُ.	۲۔مضاف ہونا: قَلَمُ زَيْدٍ.

۳۔غیر منصرف ہونا: أَحْمَدُ.	۴۔مبنی ہونا(۱۳): هُوَ.

۵۔علم کا ایسے اِبْـن یا اِبْـنَةٌ سے موصوف ہونا جو ایک اور علم کی طرف مضاف ہو: جَاءَ زَيْدُ بْنُ بَكْرٍ، ذَهَبَتْ هِنْدُ ابْنَةُ خَالِدٍ.

تمرین (1)

س:1. تنوین کی تعریف بیان کیجیے نیز بتائیں کہ اس کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ س:2. کون کونسی تنوینات اسم کے ساتھ خاص ہیں اور کونسی تنوین اسم، فعل اور حرف سب پر آسکتی ہے؟ س:3. موانع تنوین کتنے اور کون کونسے ہیں؟

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جونون کلمے کی آخری حرکت کے تابع ہو اسے تنوین کہتے ہیں۔ 2. تنوین ہر اسم پر آتی ہے۔ 3. موانع تنوین چار ہیں۔ 4. جو علم اِبن یا اِبنة سے موصوف ہو اُس پر تنوین نہیں آئے گی۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں اسم پر تنوین آنے یا نہ آنے کی وجہ بتایئے اور اسم پر تنوین ہے تو اُس کی قسم بھی بیان کیجیے۔

١۔ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ. ٢۔ مَرَرْتُ بِزَيْدِ الْعَالِمِ. ٣۔ رَأَيْتُ خَالِدَ بْنَ بَكْرٍ. ٤۔ قُلْتُ لِوَلَدٍ صَهٍ. ٥۔ فِي الْجَامِعَةِ طَالِبَاتٌ. ٦۔ هٰذَا عُمَرُ. ٧۔ زُرْتُ كُلًّا مِّنَ الْقَوْمِ. ٨۔ هِنْدُ اِبْنَةُ اِبْرَاهِيمَ. ٩۔ جَاءَ خَالِدٌ ابْنُ الشَّاعِرِ. ١٠۔ آدَمُ علیه السلام أَبُو الْبَشَرِ. ١١۔ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا.

(ب) درجِ ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

١۔ غُلَامٌ أَحْمَدِ رَجُلُ صَالِحُ. ٢۔ نَظَرْتُ إِلٰى بُسْتَانٍ جَمِيلِ. ٣۔ اَلْوَلَدٌ الْمُجْتَهِدٌ يَحْفَظُ دَرْسَهُ. ٤۔ خَالِدٌ بْنُ مَاجِدِ عَالِمٌ جَيِّدُ. ٥۔ اَلْيَقِيْنٌ لَا يَزُوْلُ بِالشَّكِّ. ٦۔ زَيْدُ ابْنُ بَكْرٍ. ٧۔ رَأَيْتُ وَلَدَ ابْنَ زَيْنَبٍ. ٨۔ فَازَتْ هِنْدُ ابْنَةُ الفَلَّاحِ. ٩۔ سَيِّدَتُنَا عَائِشَةٌ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن والخمسون

اِنَّ، أَنَّ، کَأَنَّ اور لٰکِنَّ کی تخفیف

اِن حروف کی **تخفیف** (اِن کے نونِ مفتوح کو حذف کر دینا) جائز ہے، اِن میں سے جس حرف میں تخفیف کر دی جائے اُسے **مُخَفَّفَہ** کہتے ہیں۔

تخفیف کے بعد اِن کی صورت اِس طرح ہوتی ہے: اِنْ، أَنْ، کَأَنْ اور لٰکِنْ.

قواعد وفوائد:

1. اِنْ مُخَفَّفَہ کو عمل دینا قلیل اور نہ دینا غالب ہے(۱۴) اور عمل نہ دینے کی صورت میں اِسے لام مفتوح لازم ہے: اِنْ زَیْدًا عَالِمٌ، اِنْ بَکْرٌ لَصَادِقٌ.

2. اَنْ مُخَفَّفَہ عمل کرتا ہے مگر اس کا اسم (ضمیر شان) ہمیشہ محذوف ہوتا ہے اور اس کی خبر جملہ فعلیہ یا جملہ اسمیہ ہوتی ہے: رَأَیْتُ أَنْ زَیْدٌ عَالِمٌ، أَعْلَمُ أَنْ قَدْ نِلْتَ الْجَائِزَۃَ.

3. اَنْ مُخَفَّفَہ کی خبر جملہ فعلیہ مثبتہ ہو تو اُس کے شروع میں قَدْ، کلمۂ شرط یا حرفِ استقبال (سَ یا سَوْفَ) آتا ہے: عَلِمْتُ أَنْ سَیَجِیْءُ الْغَائِبُ.

4. کَــأَنْ مُخَفَّفَہ بھی عمل کرتا ہے، اس کا اسم ظاہر بھی ہوتا ہے اور ضمیرِ شان بھی: کَأَنْ هِنْدًا قَمَرٌ، کَأَنْ زَیْدٌ أَسَدٌ (کَأَنَّهٗ زَیْدٌ أَسَدٌ).

5. کَأَنْ مُخَفَّفَہ کی خبر جملہ فعلیہ ہو تو اُس میں لَمْ یا قَدْ کا ہونا ضروری ہے: کَأَنْ لَّمْ تَرَ زَیْدًا، کَأَنْ قَدْ زَالَ الظِّلُّ.

6. لٰکِنْ مُخَفَّفَہ عمل نہیں کرتا: زَیْدٌ عَالِمٌ وَلٰکِنْ أَخُوْهُ جَاهِلٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. تخفیف کسے کہتے ہیں، یہ کن حروف میں کی جاتی ہے؟ س:2. جس حرف میں تخفیف کی گئی ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟ س:3. تخفیف کے بعد کونسے حروف عمل کرتے ہیں اور کونسے نہیں کرتے؟ س:4. کس حرف کو تخفیف کے بعد عمل دینا اور نہ دینا دونوں جائز ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. اِنْ مُخَفَّفہ کو عمل دینے کی صورت میں اُسے لامِ مفتوح لازم ہے۔ 2. أَنْ مُخَفَّفہ کی خبر جملہ ہو تو اُس میں قَدْ یا لَوْ کا ہونا ضروری ہے۔ 3. لٰکِنْ مُخَفَّفہ عمل کرتا ہے۔ 4. کَأَنْ مُخَفَّفہ کی خبر جملہ ہو تو اس میں قَدْ کا ہونا ضروری ہے۔

تمرین (3)

حروف مشبہ بالفعل مخففہ پہچانیے۔

۱۔ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ. ۲۔ کَأَنْ هِنْدًا ظَبْيٌ. ۳۔ وَ اِنْ وَّجَدْنَاۤ اَ كْثَرَهُمْ لَفٰسِقِیْنَ. ۴۔ کَأَنْ خَالِدٌ شَمْسُ الضُّحٰی. ۵۔ وَ اِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ. ۶۔ لِیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا. ۷۔ اِعْلَمْ أَنْ سَوْفَ يَأْتِيْ كُلُّ مَا قُدِّرَ. ۸۔ اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ. ۹۔ بَكْرٌ حَضَرَ وَلٰكِنْ أَبُوْهُ غَابَ. ۱۰۔ عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰی. ۱۱۔ كَأَنْ خَالِدًا كَرِيْمٌ. ۱۲۔ وَ اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع والخمسون

أَنْ مقدَّرہ کا بیان

درجِ ذیل حروف کے بعد أَنْ مقدر ہوتا ہے جو مابعد مضارع کو نصب دیتا ہے:

۱۔لامِ جحود: مَا كُنْتُ لِأَكْذِبَ. ۲۔لامِ كَيْ: جِئْتُ لِأُكْرِمَكَ.

۳۔حتّٰی: أَطِعِ اللّٰهَ حَتّٰى تَفُوْزَ. ۴۔أَوْ: لَأَلْزَمَنَّكَ أَوْ تُعْطِيَنِي حَقِّي.

۵۔فاء: زُرْنِي فَأُكْرِمَكَ. ۶۔واو: لَا تَأْكُلِ السَّمَكَ وَتَشْرَبَ اللَّبَنَ.

قواعد وفوائد:

1. لامِ جحود وہ لام جارہ ہے جو کَانَ منفی کی خبر پر آتا ہے: مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُظْلِمَهُمْ.

2. لامِ كَيْ وہ ہے جو كَيْ کے معنی میں ہوتا ہے: أَسْلَمْتُ لِأَدْخُلَ الْجَنَّةَ.

3. حتّٰی کے بعد أَنْ تب مقدَّر رہوتا ہے جبکہ یہ كَيْ یا إِلٰی کے معنی میں ہو اور اِس کا مابعد اِس کے ماقبل کے اعتبار سے مستقبل ہو: أَسْلَمْتُ حَتّٰى أَدْخُلَ الْجَنَّةَ.

4. أَوْ کے بعد أَنْ تب مقدَّر رہوتا ہے جبکہ یہ إِلٰی یا إِلَّا کے معنی میں ہو: لَأَلْزِمَنَّكَ أَوْ تُعْطِيَ حَقِّيْ. یہ اِس معنی میں ہے: لَأَلْزَمَنَّكَ إِلٰى أَنْ یا إِلَّا أَنْ تُعْطِيَ حَقِّيْ.

5. فاء کے بعد أَنْ کا مقدَّر رہونا تب صحیح ہے جبکہ اِس سے پہلے امر، نہی، دعا، استفہام، نفی، تحضیض، تمنی یا عرض ہو اور اِس کا ماقبل اِس کے مابعد کا سبب ہو: رَبِّي اغْفِرْ لِيْ فَأَفُوْزَ، هَلْ عِنْدَكَ مَاءٌ فَأَشْرَبَهُ، مَا تَأْتِيْنَا فَنُكْرِمَكَ.

6. واو کے بعد أَنْ کا مقدَّر رہونا تب صحیح ہے جبکہ اِس سے پہلے مذکورہ بالا آٹھ چیزوں میں سے کوئی چیز ہو: لَوْلَا اجْتَهَدْتَّ وَتَفُوْزَ، لَيْتَ لِيْ عِلْمًا وَأُنْفِقَهُ،

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اَلا تَنْزِلُ بِنَا وَتُصِيْبَ خَيْرًا.

7. حتّٰی اگر حرفِ ابتداء ہوتو اِس کے بعد اَنْ مقدر نہیں ہوگا: مَرِضَ زَيْدٌ حَتّٰى لَا أَرْجُوْهُ (زید ایسا بیمار ہے کہ اب مجھے اُس کی زندگی کی کوئی امید نہیں ہے)

8. حتّٰی کے حرفِ ابتداء ہونے کا معنی یہ ہے کہ یہ جس مضارع پر داخل ہو اُس سے زمانہ حال مقصود ہو، اِس صورت میں ضروری ہے کہ اِس کا ماقبل مابعد کا سبب ہو۔

9. جو اَنْ "عِلْمٌ" یا "رُؤْيَةٌ" وغیرہ کے بعد آتا ہے وہ مُخَفَّفَہ ہوتا ہے لہذا وہ مضارع کو نصب نہیں دیگا: عَلِمْتُ أَنْ سَيَرْجِعُ بَكْرٌ، رَأَيْتُ أَنْ لَايَفُوْزُ خَالِدٌ.

10. جو اَنْ "ظَنٌّ" یا "حِسْبَانٌ" وغیرہ کے بعد آتا ہے اس کا مصدریہ ہونا اور مخفّفہ ہونا دونوں جائز ہیں: ظَنَنْتُ أَنْ لَا يَجِيْءَ زَيْدٌ يا أَنْ لَا يَجِيْءُ زَيْدٌ.

تمرین (1)

س:1. کون کونسے حروف کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے؟ س:2. کونسا اَنْ فعل مضارع کو نصب نہیں دیتا؟ س:3. حَتّٰی کے حرفِ ابتداء ہونے کا کیا معنی ہے؟ س:4. حَتّٰی، أَوْ، فاء اور واو کے بعد اَنْ کا مقدر ہونا کب صحیح ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. اَنْ ہمیشہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ 2. لام جحود وہ لام جارہ ہے جو كَانَ کی خبر پر آتا ہے۔ 3. فاء اور واؤ کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے جبکہ اِن سے پہلے آٹھ چیزوں میں سے کوئی ہو۔ 4. حَتّٰی اور أَوْ کے بعد ہمیشہ اَنْ مقدر ہوتا ہے۔

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں بتائیں کہ کہاں کہاں أنْ مقدر ہے۔

۱۔أَسِيرُ أَوْ أَصِلَ الْمَدِينَةَ. ۲۔لَمْ يَكُنْ خَالِدٌ لِيَكْذِبَ. ۳۔لَا تُضِعِ الْأَوْقَاتِ فَتَنْدَمَ. ۴۔صُمْ حَتّٰى تَغِيبَ الشَّمْسُ. ۵۔أُعَاقِبُكَ أَوْ تَتُوبَ. ۶۔اِسْتَغْفِرِ اللّٰهَ فَيَغْفِرَ لَكَ. ۷۔لَيْتَ لِي مَالًا فَأُنْفِقَهُ. ۸۔أَلَا تَدْنُوْ فَتُبْصِرَ. ۹۔رَبِّ وَفِّقْنِي وَأَسْلُكَ سَنَنَ الْخَيْرِ. ۱۰۔هَلَّا حَفِظْتَ الدَّرْسَ فَتَفُوْزَ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔لَمْ يَكُنْ زَيْدٌ لِيَكْذِبُ. ۲۔أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فَيَغْفِرَ لِيْ. ۳۔أَعْلَمُ أَنْ سَيَأْتِي زَيْدٌ. ۴۔جِئْتُ لِأَتَعَلَّمْ. ۵۔يَجْتَهِدُ خَالِدٌ فَيَفُوْزَ. ۶۔أَرٰى أَنْ لَا يَرْجِعَ الْغَائِبُ.

الفاظ معمولہ

وہ الفاظ جو کلام میں کسی عامل کے معمول واقع ہوتے ہیں: ۱۔فاعل (عام فعل کا فاعل، فعل تعجب کا فاعل، اسم فعل کا فاعل، فعل مدح کا فاعل، شبہ فعل یعنی اسم فاعل، صفتِ مشبہہ، اسم تفضیل اور مصدر کا فاعل) ۲۔نائب الفاعل (فعل مجہول کا نائب الفاعل اور اسم مفعول کا نائب الفاعل) ۳۔مبتدا۔ ۴۔خبر (مبتدا کی خبر، فعل ناقص کی خبر، فعل مقاربہ کی خبر، ماولا مشابہ بلیس کی خبر، لائے نفی جنس کی خبر اور حرف مشبہ بالفعل کی خبر) ۵۔اسم (فعل ناقص کا اسم، فعل مقاربہ کا اسم، ماولا مشابہ بلیس کا اسم، حرف مشبہ بالفعل کا اسم اور لائے نفی جنس کا اسم) ۶۔مفعول بہ (فعل معروف ومجہول، فعل تعجب، اسم فعل اور شبہ فعل یعنی اسم فاعل، اسم مفعول اور مصدر کا مفعول، اور منصوب بحرف النداء یعنی منادی نکرہ، منادی مضاف اور منادی مشابہ مضاف) ۷۔مفعول مطلق۔ ۸۔مفعول فیہ۔ ۹۔مفعول لہ۔ ۱۰۔مفعول معہ۔ ۱۱۔حال۔ ۱۲۔تمییز (تمییز عن المفرد اور تمییز عن النسبۃ) ۱۳۔مستثنٰی۔ ۱۴۔مضاف الیہ (عام اسم کا مضاف الیہ، صفت کا مضاف الیہ، کم خبریہ کا مضاف الیہ) ۱۵۔مجرور بحرف جر۔ ۱۶۔فعل مضارع۔ ۱۷۔الفاظ مذکورہ بالا میں سے کسی بھی لفظ کا تابع (صفت، معطوف، تاکید، بدل اور عطف بیان)

(نحو میر، شرح مائۃ عامل ملخصا)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الستون

شرط وجزاء کا بیان

کلمہ شرط جن دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اُن میں سے پہلے کو **شرط** اور دوسرے کو **جزاء** کہتے ہیں، شرط ہمیشہ جملہ فعلیہ ہوتی ہے اور جزاء کبھی جملہ فعلیہ اور کبھی جملہ اسمیہ ہوتی ہے: مَنْ يَّضْحَكْ يُضْحَكْ، اِنْ أَسْلَمْتَ فَأَنْتَ فَائِزٌ.

شرط وجزاء کے اَحکام:

1. شرط وجزاء دونوں مُضارِع ہوں تو دونوں پر جزم واجب ہے[۱۵]: اِنْ تُكْرِمْ تُكْرَمْ.

2. شرط وجزاء دونوں ماضی ہوں تو اُن میں لفظاً کوئی تبدیلی نہیں ہوگی: مَنْ جَدَّ وَجَدَ.

3. صرف شرط مضارع ہو تو شرط پر جزم واجب ہے: اِنْ تَصْبِرْ أُجِرْتَ.

4. صرف جزاء مضارع ہو تو جزاء پر جزم اور رفع دونوں جائز ہیں: اِنْ جِئْتَ تُكْرَمُ.

5. چار صورتوں میں[۱۶] جزاء پر **فاء** لانا واجب ہے:

۱۔ جزاء جملہ اسمیہ ہو: اِنْ أَسْلَمْتَ فَأَنْتَ مُفْلِحٌ.

۲۔ جزاء جملہ انشائیہ ہو: اِذَا لَقِيْتَ عَالِمًا فَأَكْرِمْهُ.

۳۔ جزاء فعل ماضی قَدْ کے ساتھ ہو: مَنْ أَسْلَمَ فَقَدْ فَازَ.

۴۔ جزاء فعل مضارع لَنْ، سین یا سَوْفَ کے ساتھ ہو: مَنْ يَّكْفُرْ فَلَنْ يَّنْجُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

6. دوصورتوں میں جزاء پرفاء لانا جائز نہیں:

ا۔ جزاء ماضی بغیر قَدْ کے ہو: اِنْ صُمْتَ نَجَحْتَ.

۲۔ جزاء کے شروع میں لَمْ ہو: مَنْ یَّکْذِبْ لَمْ یَنْجَحْ.

7. دوصورتوں میں جزاء پرفاء لانا یانہ لانا دونوں جائز ہیں:

ا۔ جزاء فعل مضارع مثبت ہو: اِنْ یَّضْرِبْ فَأَضْرِبُ یاأَضْرِبْ.

۲۔ جزاء فعل مضارع منفی بلاَ ہو: اِنْ یَّضْرِبْ فَلاَ أَضْرِبُ یا لَاأَضْرِبْ.

تمرین (1)

س:1. شرط وجزاء جملہ اسمیہ ہوتے ہیں یا جملہ فعلیہ؟ س:2. شرط وجزاء دونوں ماضی یا دونوں مضارع ہوں تو کیا حکم ہے؟ س:3. صرف شرط یا صرف جزاءٔ مضارع ہوتو کیا حکم ہے؟ س:4. کون کونسی صورتوں میں جزاء پر فاء کا لانا واجب ہے؟ س:5. کون کونسی صورتوں میں جزاء پر فاء کا لانا جائز یا ناجائز ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. شرط کبھی جملہ اسمیہ ہوتی ہے اور کبھی جملہ فعلیہ۔ 2. شرط اور جزاء میں سے جو مضارع ہو اُسے جزم دینا واجب ہے۔ 3. جزاء فعل نہی ہوتو اُس پر فاء لانا ناجائز ہے۔ 4. جزاء مضارع منفی ہوتو اس پر فاء لانا جائز ہے۔

تمرین (3)

(الف) درجِ ذیل جملوں میں شرط وجزاء میں کہاں کہاں جزم واجب ہے نیز

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

جزاء پر فاء لانے کا کیا حکم ہے؟

۱۔ اِذْمَا تَدْرُسْ تَنْجَحْ. ۲۔ مَنْ يَّرْحَمْ لَمْ يُحْرَمْ. ۳۔ فَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ. ۴۔ مَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ. ۵۔ مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ. ۶۔ مَنْ اِسْتَشَارَ لَا يَنْدَمْ. ۷۔ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ. ۸۔ مَا قُدِّرَ فَسَوْفَ يَأْتِيْ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔ اِنْ تَحْفَظُ الدَّرْسَ أَنْتَ نَاجِحٌ. ۲۔ اِذَا تَصْبِرْ سَتُؤْجَرُ. ۳۔ اِنْ تَكْسِلُوْنَ فَلَمْ تَفُوْزُوْا. ۴۔ اِذَا عَزَمْتَ تَوَكَّلُ عَلَى اللّٰهِ. ۵۔ مَا تَزْرَعُوْنَ فَحَصَدْتُمْ. ۶۔ مَنْ تُحْسِنُ اِلَيْهِ يُحْسِنُ اِلَيْکَ. ۷۔ اِنْ أَحْسَنْتَ لَا تَمُنْنْ.

واو کی قسمیں

۱۔ واوِ عاطفہ: وہ واو جس کا مابعد مفرد یا جملہ ماقبل پر معطوف ہو: جَاءَ زَيْدٌ وَخَالِدٌ، جَاءَ بَكْرٌ وَجَلَسَ فِي الصَّفِّ. ۲۔ واوِ استئنافیہ: وہ واو جس کے مابعد جملے کا ماقبل سے ترکیبی تعلق نہ ہو: وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ. ۳۔ واوِ اعتراضیہ: وہ واو جو جملہ معترضہ کے شروع میں ہو: إِنَّنِي وَاللّٰهُ يَعْلَمُ حَرِيْصٌ عَلَى صَدَاقَتِکَ. ۴۔ واوِ حالیہ: وہ واو جو جملہ حالیہ کے شروع میں ہو: سَارَ خَالِدٌ وَيَدَاهُ فِيْ جَيْبِهٖ، جَاءَ بَكْرٌ وَقَدْ ظَهَرَ بَشَاشَةٌ عَلَيْهِ. ۵۔ واوِ معیت: وہ واو جو مفعول معہ کے شروع میں ہو، اسی طرح وہ واو جس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے: سِرْتُ وَالْجَبَلَ، لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهٗ. ۶۔ واوِ قسم: وہ واو جو مقسم بہ کے شروع میں ہو: وَاللّٰهِ لَأُكْرِمَنَّکَ. ۷۔ واوِ رُبَّ: وہ واو جو رُبَّ کے معنیٰ میں ہو (یہ شبیہ بالزائد ہوتا ہے جو اسم کو صرف لفظاً جر دیتا ہے اور اس کا مُتعلَّق بھی نہیں ہوتا): وَلَيْلٍ كَالْقِيَامَةِ يَمُرُّ بِالْعَاشِقِ. ۸۔ واوِ جماعت: وہ واو جو فعل ماضی، مضارع، امر اور نہی میں جمع مذکر کی ضمیر مرفوع متصل ہوتی ہے: ذَهَبُوْا، يَذْهَبُوْنَ، اِذْهَبُوْا، لَا تَذْهَبُوْا. ۹۔ واوِ علامت رفع: وہ واو جو جمع مذکر سالم اور اسمائے ستہ پر حالت رفعی میں آتا ہے: جَاءَ الْمُعَلِّمُوْنَ وَأَخُوْکَ. (المنہاج فی القواعد والاعراب: ۳۴۰ تا ۳۴۴ بتصرف)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي والستون

حروفِ نداء اور مُنادیٰ کا بیان

جن حروف سے کسی کو پکارا جاتا ہے اُنہیں حروفِ نداء کہتے ہیں اور جسے حرفِ نداء سے پکارا جائے(۱۷) اُسے مُنادیٰ کہتے ہیں: یَا نَبِيُّ.

قواعد وفوائد:

1. حروفِ نِداء پانچ ہیں: یَا، أَیَا، هَیَا، أَيْ، أَ. أَيْ اور أَ مُنادیٰ قریب کے لیے، أَیَا اور هَیَا منادیٰ بعید کے لیے اور یَا قریب وبعید دونوں کے لیے آتا ہے۔

2. منادیٰ مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ ہو تو منصوب ہوتا ہے: یَا سَیِّدَ الْبَشَرِ، یَا طَالِعًا جَبَلًا، یَا رَجُلًا خُذْ یَدِيْ (اے کوئی مرد! میرا ہاتھ پکڑ)

3. منادیٰ مفرد معرفہ اگر واحد یا جمع مکسر ہو تو ضمّہ پر، تثنیہ ہو تو الف پر اور جمع مذکر سالم ہو تو واؤ پر مبنی ہوتا ہے: یَا زَیْدُ، یَا رِجَالُ، یَا رَجُلَانِ، یَا مُسْلِمُوْنَ.

4. منادیٰ اگر معرف باللام ہو تو حرفِ نداء اور منادیٰ کے درمیان اَیُّهَا، هٰذَا یا أَیُّهٰذَا کا اِضافہ کرتے ہیں: یَا أَیُّهَا الْاِنْسَانُ، یَا هٰذَا الرَّجُلُ.

5. کبھی حرفِ نداء کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ أَیُّهَا النَّبِيُّ. یہ اصل میں یَا اَللّٰهُ اور یَا أَیُّهَا النَّبِيُّ ہیں۔

6. منادیٰ لفظ غُلَامٌ، رَبٌّ وغیرہ ہو اور یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو تو اُسے چار طریقوں سے پڑھ سکتے ہیں: یَا رَبِّيْ، یَا رَبِّيَ، یَا رَبِّ، یَا رَبَّا.

7. منادیٰ علَم ہو اور اُس کی صفت لفظِ اِبْنٌ یا اِبْنَةٌ ہو جو ایک اور علَم کی طرف

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

مضاف ہوتو منادیٰ کو مفتوح اور مضموم دونوں طرح پڑھنا جائز ہے جبکہ اِبنٌ یا اِبنَةٌ صرف منصوب پڑھا جائے گا: یَا زَیْدَ بْنَ خَالِدٍ، یَا ھِنْدُ ابْنَةَ زَیْدٍ.

تمرین (1)

س:1. حروف نداء اور منادیٰ کسے کہتے ہیں؟ س:2. منادیٰ مضاف، مشابہ مضاف، نکرہ یا مفرد معرفہ ہو تو کس طرح آتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. یَا صرف منادیٰ قریب کے لیے ہے۔ 2. حرفِ نداء اور منادیٰ معرفہ کے درمیان ھٰذَا بڑھاتے ہیں۔ 3. منادیٰ مفرد معرفہ مبنی علی الضم ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) منادیٰ، اس کی قسم اور اعراب اور بناء کے اعتبار سے اس کا حکم بیان کیجیے۔

١۔ یَا اَللّٰہ. ٢۔ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ. ٣۔ یَاۤ اَیَّتُھَا النَّفْسُ. ٤۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا. ٥۔ ھَیَا ظَالِمًا نَفْسًا. ٦۔ أَیَا وَلَدَانِ. ٧۔ أَ سَعْدُ أَکْرِمْ أُسْتَاذَکَ. ٨۔ ھَیَا نَاصِرَ بْنَ یَاسِرٍ. ٩۔ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ. ١٠۔ یَا طَالِعِیْنَ جَبَلًا.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

١۔ یَا زَیْدًا. ٢۔ أَیَا عَبْدُ اللّٰہِ. ٣۔ أَ طَالِبُ یَخَافُ اللّٰہَ تَفُوْزُ. ٤۔ ھَیَا عِرْفَانُ بْنُ دَاوُدَ. ٥۔ یَا رَحْمَةٌ لِلْعٰلَمِیْنَ. ٦۔ یَا مُسْلِمِیْنَ سَارِعُوْا اِلَی الْخَیْرِ. ٧۔ یَا الْوَلَدُ اِحْفَظْ دَرْسَکَ. ٨۔ یَا ھِنْدًا ابْنَةَ زَیْدٍ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني والستون

ترخیم اور اِستغاثہ کا بیان

ترخیم کی تعریف:

مُنادیٰ کے آخر سے ایک یا دو حروف یا ایک جزء کو تخفیفاً حذف کر دینا ترخیم کہلاتا ہے: یَا مَالِکُ سے یَا مَالُ، یَا مَنْصُوْرُ سے یَا مَنْصُ، یَا بَعْلَبَکُّ سے یَا بَعْلُ.

قواعد وفوائد:

1. منادیٰ میں ترخیم تب جائز ہے جبکہ وہ عَلَم ہو، تین حروف سے زائد ہو اور مبنی علی الضمّ ہو یا منادیٰ کے آخر میں تاء ہو: یَا خَالِدُ سے یَا خَالِ، یَا شَاۃُ سے یَا شَا.

2. ترخیم میں ایک حرف گرتا ہے، لیکن اگر منادیٰ کا آخر حرفِ صحیح ہو اور اس سے پہلے مدہ زائدہ ہو تو دو حروف گریں گے: یَا اِفْتِخَ (افتخار). اور منادیٰ مرکب (مزجی یا عددی) ہو تو آخری اسم گر جائے گا: یَا خَمْسُ (خَمْسَ عَشَرَۃَ).

3. منادیٰ مرخّم (جس میں ترخیم کی گئی ہو) کو ضمّہ کے ساتھ اور اُس کی اپنی آخری حرکت کے ساتھ دونوں طرح پڑھنا جائز ہے: یَا حَارِثُ سے یَا حَارُ یا یَا حَارِ.

اِستِغاثہ کی تعریف:

کسی کو مدد کے لیے پکارنا اِستغاثہ کہلاتا ہے، جسے مدد کے لیے پکارا گیا ہو اُسے مُستَغاث یا مُستَغاث بِہٖ کہتے ہیں اور جس کی مدد کے لیے پکارا گیا ہو اُسے مُستَغاث لَہٗ یا مُستَغاث لِاَجْلِہٖ کہتے ہیں: یَا لَلْقَوِيِّ لِلضَّعِیْفِ.

قواعد وفوائد:

1. مستغاث بہ اور مستغاث لہ دونوں پر لام ہوتا ہے جو مستغاث بہ میں مفتوح

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اورمستغاث لہ میں مکسور ہوتا ہے: يَا لَزَيْدٍ لِلْفَقِيْرِ.

2. کبھی مستغاث بہ کے آخر میں الف لایا جاتا ہے: يَا حُسَيْنَا لِلْأَسِيْرِ.

3. مستغاث کے شروع میں لام استغاثہ ہو تو یہ مجرور ہوتا ہے اور اگر اس کے آخر میں الف استغاثہ ہو تو یہ مبنی علی الفتح ہوتا ہے جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

تمرين (1)

س:1. ترخیم کسے کہتے ہیں اور یہ کب جائز ہوتی ہے؟ س:2. ترخیم میں کتنے حروف حذف ہوتے ہیں؟ س:3. مستغاث اور مستغاث لہ کسے کہتے ہیں؟

تمرين (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. منادیٰ سے ایک حرف کو حذف کر دینا ترخیم ہے۔ 2. منادیٰ مبنی میں ترخیم ہو سکتی ہے۔ 3. منادیٰ مرخم کو مرفوع اور مجرور دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

تمرين (3)

(الف) منادیٰ، منادیٰ مرخم، مستغاث اور مستغاث لہ کی شناخت فرمایئے۔

۱۔ يُوْسُفُ لَا تَتَكَلَّمْ. ۲۔ يَا لَرَسُوْلِ اللّٰهِ لِلْغُرَبَاءِ. ۳۔ يَا خَالُ اُسْكُتْ.

۴۔ رَبَّنَا اِرْحَمْنَا. ۵۔ أَيَا فَاطِمَ اِقْرَئِي الْكِتَابَ. ۶۔ يَا عِبَادَ اللّٰهِ أَعِيْنُوْنِي.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔ يَا غُلَا (غلام) أَطِعْ سَيِّدَكَ. ۲۔ أَيَا زَيُ (زيد) اَدِّ حُقُوْقَكَ.

۳۔ هَيَا مُسْلِمِيْنَ. ۴۔ يَا جَعُ (جعفرٌ). ۵۔ يَا عَبْدُ اللّٰهِ. ۶۔ يَا لُلْأَمِيْرِ لَلْفَقِيْرِ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثالث والستون

قسم اور جوابِ قسم کا بیان

جس جملے میں قسم کھائی گئی ہو اُسے **قسم** کہتے ہیں، جس حرف یا فعل کے ذریعے قسم کھائی گئی ہو اُسے **اَداۃِ قسم** کہتے ہیں، جس کی قسم کھائی گئی ہو اُسے **مُقسَم بہ** کہتے ہیں اور جس بات پر قسم کھائی گئی ہو اُسے **جوابِ قسم** کہتے ہیں: وَاللّٰہِ لَنْ أَکْذِبَ، أُقْسِمُ بِاللّٰہِ مَا جَاءَ زَیْدٌ.

قواعد وفوائد:

1. قسم کے لیے یہ حروف آتے ہیں: بِ، وَ، تَ، لِ (۱۸) اور کبھی فعل آتا ہے۔

2. جوابِ قسم' جملہ اسمیہ مثبتہ ہو تو شروع میں اِنَّ یا لامِ مفتوح کا ہونا ضروری ہے: وَاللّٰہِ اِنَّ زَیْدًا عَالِمٌ، وَاللّٰہِ لَزَیْدٌ عَالِمٌ.

اور جملہ اسمیہ منفیہ ہو تو شروع میں مَا مُشابِہ بِلَیْسَ، لائے نفی جنس یا اِنْ نافیہ کا ہونا ضروری ہے: تَاللّٰہِ مَا زَیْدٌ کَاتِبًا، بِاللّٰہِ لَارَیْبَ فِیْہِ، لِلّٰہِ اِنْ ھٰذَا اِفْکًا.

3. جوابِ قسم' جملہ فعلیہ مثبتہ ہو تو ماضی میں لفظ لَقَدْ اور مضارع میں لامِ تاکید اور نونِ تاکید آتا ہے: وَاللّٰہِ لَقَدْ فَازَ الْمُؤْمِنُ، وَاللّٰہِ لَأَذْھَبَنَّ.

اور جملہ فعلیہ منفیہ ہو تو ماضی میں مَا اور مضارع میں لَا یا لَنْ آتا ہے: وَاللّٰہِ مَا وَعَدَ بَکْرٌ، وَاللّٰہِ لَاأُکَلِّمُ فَاسِقًا، وَاللّٰہِ لَنْ یَّکْذِبَ زَیْدٌ.

4. لَئِنْ، لَقَدْ اور مضارع با نون ولام تاکید سے پہلے قسم محذوف ہوتی ہے: لَئِنْ ضَرَبْتَنِي لَا أَضْرِبُکَ، لَقَدْ فُزْتُ، لَأَعْمَلَنَّ الْخَیْرَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. قسم، اداۃِ قسم، مقسم بہ اور جواب قسم کسے کہتے ہیں؟ س:2. قسم کے لیے کون کونسے حروف آتے ہیں؟ س:3. جواب قسم جملہ فعلیہ یا جملہ اسمیہ ہو تو کس طرح آئے گا؟ تفصیلاً بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جس چیز کی قسم کھائی گئی ہو اُسے مُقسَم بہ کہتے ہیں۔ 2. جوابِ قسم جملہ اسمیہ ہو تو اس میں اِنَّ یا لامِ مفتوح کا ہونا ضروری ہے۔ 3. جواب قسم جملہ فعلیہ ہو تو اس میں لَا یا لَنْ آتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں اداۃِ قسم، مُقسَم بہ اور جوابِ قسم کی شناخت کیجیے۔

۱۔لِلّٰهِ لَا يُؤَخَّرُ الْاَجَلُ. ۲۔أُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَا سُرُوْرَ دَائِمٌ. ۳۔لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ. ۴۔قَالُوْا تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ. ۵۔وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ. ۶۔قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا. ۷۔أَحْلِفُ بِاللّٰهِ لَنْ تَفْنِيَ الْجَنَّةُ وَلَا نَعِيْمُهَا. ۸۔وَالْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔بِاللّٰهِ فَازَ مَنْ أَخْلَصَ الْعَمَلَ. ۲۔أَحْلِفُ بِاللّٰهِ الصَّحَابَةُ عَدْلٌ. ۳۔وَاللّٰهِ لَمْ يَنْجَحِ الْكَسْلَانُ. ۴۔أُقْسِمُ بِاللّٰهِ مَا الْجَاهِلُ حَيٌّ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الرابع والستون

تنازُعِ فِعلَین

کبھی دو فعلوں کے بعد ایک اسم ظاہر آتا ہے اور اِن دونوں میں سے ہر ایک فعل اُس اسم ظاہر کو اپنا معمول بنانا چاہتا ہے اِسی کو تنازُعِ فِعلَین کہا جاتا ہے۔

تنازُع فعلین کی چار صورتیں ہیں:

۱۔ ہر فعل اسم ظاہر کو فاعل بنانا چاہے: نَصَرَنِي وَأَكْرَمَنِي زَيْدٌ.

۲۔ ہر فعل اسم ظاہر کو مفعول بنانا چاہے: نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدًا.

۳۔ پہلا فعل فاعل اور دوسرا فعل مفعول بنانا چاہے: نَصَرَنِي وَأَكْرَمْتُ زَيْدًا.

۴۔ پہلا فعل مفعول اور دوسرا فعل فاعل بنانا چاہے: نَصَرْتُ وَأَكْرَمَنِي زَيْدٌ.

ان صورتوں میں اگر دوسرے فعل کو عمل دیں تو وہ واحد ہی رہے گا اور اسم ظاہر اس کے مطابق (مرفوع یا منصوب) ہوگا اور اس صورت میں پہلا فعل اگر فاعل چاہتا ہو (جیسے ۱ اور ۳ میں) تو وہ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث ہونے میں اسم ظاہر کے مطابق آئے گا اور اس کا فاعل ضمیر متصل ہوگی۔ جیسے:

نَصَرَنِي وَأَكْرَمَنِي زَيْدٌ   نَصَرَانِي وَأَكْرَمَنِي زَيْدَانِ   نَصَرُونِي وَأَكْرَمَنِي زَيْدُونَ

نَصَرَنِي وَأَكْرَمْتُ زَيْدًا   نَصَرَانِي وَأَكْرَمْتُ زَيْدَيْنِ   نَصَرُونِي وَأَكْرَمْتُ زَيْدِينَ

اور پہلا فعل اگر مفعول چاہتا ہو (جیسے ۲ اور ۴ میں) تو وہ بھی واحد ہی رہے گا اور اُس کا مفعول محذوف مانیں گے جو اسم ظاہر ہی کی طرح ہوگا اور منصوب آئے گا۔ جیسے:

نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدًا   نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدَيْنِ   نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدِينَ

نَصَرْتُ وَأَكْرَمَنِي زَيْدٌ   نَصَرْتُ وَأَكْرَمَنِي زَيْدَانِ   نَصَرْتُ وَأَكْرَمَنِي زَيْدُونَ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اور اگر پہلے فعل کو عمل دیں تو وہ واحد ہی رہے گا اور اسم ظاہر اس کے مطابق (مرفوع یا منصوب) ہوگا، اس صورت میں اگر دوسرا فعل فاعل چاہتا ہو (جیسے ۱ اور ۴ میں) تو وہ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث ہونے میں اسم ظاہر کے مطابق ہوگا اور اس کا فاعل ضمیر متصل ہوگی:

نَصَرَنِيْ وَأَكْرَمَنِيْ زَيْدٌ نَصَرَنِيْ وَأَكْرَمَانِيْ زَيْدَانِ نَصَرَنِيْ وَأَكْرَمُوْنِيْ زَيْدُوْنَ

نَصَرْتُ وَأَكْرَمَنِيْ زَيْدًا نَصَرْتُ وَأَكْرَمَانِيْ زَيْدَيْنِ نَصَرْتُ وَأَكْرَمُوْنِيْ زَيْدِيْنَ

اور مفعول چاہتا ہو (جیسے ۲ اور ۳ میں) تو وہ بھی واحد ہی رہے گا اور اس کا مفعول بہ محذوف مانیں گے جو اسم ظاہر ہی کی طرح ہوگا لیکن منصوب:

نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدًا نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدَيْنِ نَصَرْتُ وَأَكْرَمْتُ زَيْدِيْنَ

نَصَرَنِيْ وَأَكْرَمْتُ زَيْدٌ نَصَرَنِيْ وَأَكْرَمْتُ زَيْدَانِ نَصَرَنِيْ وَأَكْرَمْتُ زَيْدُوْنَ

تنبیہ:

تنازُع جس طرح دو فعلوں کا ہوتا ہے اِسی طرح دو شبہ فعل کا بھی ہوتا ہے: زَيْدٌ رَاكِبٌ وَذَاهِبٌ أَبُوْهُ.

اور جس طرح فاعل یا مفعول میں ہوتا ہے اسی طرح ظرف یا جار مجرور میں بھی ہوتا ہے: زَيْدٌ قَامَ وَصَلّٰى خَلْفَ الْإِمَامِ، بَكْرٌ جَلَسَ وَصَلّٰى عَلَى الْحَصِيْرِ.

تمرین (1)

س:1. تنازع فعلین کسے کہتے ہیں؟ س:2. تنازع فعلین کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ س:3. جب دوسرے فعل کو عمل دیں گے تو دوسرا فعل، پہلا

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فعل اور اسمِ ظاہر کس طرح آئیں گے؟ س:4. اگر پہلے فعل کو عمل دیں گے تو پہلا فعل، دوسرا فعل اور اسمِ ظاہر کس طرح آئیں گے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. تنازُع صرف فعلوں میں ہوتا ہے۔ 2. دوسرے فعل کو عمل دیں گے تو پہلا فعل واحد ہی رہے گا۔ 3. تنازُع کی صرف دو صورتیں ہیں۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں غور کرکے بتایئے کہ اسم ظاہر میں پہلے فعل کو عمل دیا گیا ہے یا دوسرے فعل کو۔

۱۔طَلَبَ فَقِيْرٌ وَكَفَاهُ دِرْهَمًا. ۲۔نَصَرُوْنِيْ وَنَصَرْتُ الْقَوْمَ. ۳۔قَامَ وَصَلُّوا الْمُسْلِمُوْنَ. ۴۔يَزُوْرُوْنَنِي وَأَزُوْرُ الْمُعَلِّمِيْنَ. ۵۔ضَرَبَتْ وَأَكْرَمْنَ الْبَنَاتُ. ۶۔جَاءَا وَنَصَحَنِي رَجُلَانِ. ۷۔اِشْتَرَيْتُ وَقَرَأْتُ "خُلَاصَةَ النَحْوِ". ۸۔طَالَعْتُ وَسَرَّنِي الْكِتَابُ. ۹۔نَصَرَتَا وَأَكْرَمَتْ هِنْدَانِ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔ضَرَبْتُ خَالِدًا وَأَكْرَمْتُ خَالِدًا. ۲۔أَكْرَمَ وَأَحْسَنَ الزَّيْدَانِ. ۳۔نَصَرْتُ وَأَهَانُوْنِي الْقَوْمُ. ۴۔نَصَرَا وَأَكْرَمَا الزَّيْدَانِ. ۵۔عَلَّمَنِيْ وَعَظَّمْتُ الْمُعَلِّمِيْنَ. ۶۔سَمِعْنَ وَأَطَعْنَ الْمُسْلِمَاتُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net

الدرس الخامس والستون

مبتدا کی قسم ثانی کا بیان

جو صیغۂ صفت نفی یا استفہام کے بعد واقع ہو اور اسم ظاہر کو رفع دے وہ بھی مبتدا ہوتا ہے اِسی کو مبتدا کی قسم ثانی کہتے ہیں: هَلْ ذَاهِبٌ وَلَدَانِ، مَا مَوْجُوْدٌ رِجَالٌ.

قواعد وفوائد:

1. صفت کا صیغہ واحد اور اسم ظاہر تثنیہ یا جمع ہو تو صفت کا صیغہ مبتدا اور اسم ظاہر اس کا فاعل یا نائب فاعل قائم مقام خبر ہوگا: أَ حَزِيْنٌ غُلَامَانِ، أَ مَهْزُوْمٌ جُيُوْشٌ.

2. صفت کا صیغہ اور اسم ظاہر دونوں تثنیہ یا دونوں جمع ہوں تو صفت کا صیغہ خبر مقدم اور اسم ظاہر مبتدا مؤخر کہلائے گا: أَ مُجْتَهِدَانِ التِلْمِيْذَانِ، مَا مُكَرَّمُوْنَ الفَاسِقُوْنَ.

3. صفت کا صیغہ اور اسم ظاہر دونوں واحد ہوں تو اختیار ہے کہ صفت کے صیغے کو مبتدا بنائیں اور اسم ظاہر کو قائم مقام خبر یا صفت کے صیغے کو خبر مقدم قرار دیں اور اسم ظاہر کو مبتدا مؤخر: أَ مُسْتَنْصِرٌ ضَعِيْفٌ، مَا مَرْمِيٌّ حَجَرٌ.

تنبیہ:

ایسا نہیں ہوسکتا کہ اسم ظاہر واحد ہو اور صفت کا صیغہ تثنیہ یا جمع ہو یا اِن میں سے کوئی ایک تثنیہ ہو اور دوسرا جمع ہو۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. مبتدا کی قسم ثانی کسے کہتے ہیں؟ س:2. صیغہ صفت واحد اور اسم ظاہر تثنیہ یا جمع ہو تو کیا حکم ہے؟ س:3. صیغہ صفت اور اسم ظاہر دونوں تثنیہ یا دونوں جمع ہوں تو کیا حکم ہے؟ س:4. صیغہ صفت اور اسم ظاہر دونوں واحد ہوں تو کیا حکم ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو صیغہ صفت اسم ظاہر کو رفع دے وہ بھی مبتدا ہوتا ہے۔ 2. صفت کا صیغہ جس اسم ظاہر کو رفع دیتا ہے وہ اُس کا فاعل ہوتا ہے۔ 3. صفت کا صیغہ جہاں بھی ہوگا مبتدا یا خبر ہی بنے گا۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں مبتدا اور خبر الگ الگ کیجیے۔

۱۔أَ مُسَافِرٌ أَخَوَاکَ. ۲۔مَا صَائِمَانِ الْوَلَدَانِ. ۳۔أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ الِهَتِيْ يَآ اِبْرٰهِيْمُ. ۴۔مَا مَحْرُوْمٌ مُخْلِصُوْنَ. ۵۔هَلْ جَالِسُوْنَ مُسْلِمُوْنَ. ۶۔أَ حَسَنٌ غُلَامُ زَيْدٍ. ۷۔أَ مَعْصُوْمٌ الْأَنْبِيَاءُ عَنِ الْمَعَاصِيْ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمایئے۔

۱۔کَرِيْمٌ أَبَوَاکَ. ۲۔أَ قَائِمَانِ رَجُلٌ. ۳۔مَا نَاصِرِيْنَ أَعْدَائُکَ. ۴۔هَلْ صَائِمٌ أَحَدًا. ۵۔مَا ذَاهِبُوْنَ وَلَدٌ. ۶۔مُغْلَقٌ أَبْوَابٌ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السادس والستون

مبتدا وخبر اور فاعل ومفعول کی تقدیم وتاخیر

مبتدا اور خبر کی تقدیم وتاخیر:

مبتدا عموماً خبر سے پہلے آتا ہے اور خبر مبتدا کے بعد آتی ہے: زَيْدٌ قَائِمٌ. اور کبھی خبر مبتدا سے پہلے بھی آ جاتی ہے: قَائِمٌ زَيْدٌ.

لیکن چار صورتوں میں مبتدا کو مقدم اور خبر کو مؤخر لانا واجب ہے:

۱۔ مبتدا ایسے معنی پر مشتمل ہو جس کا شروع کلام میں ہونا ضروری ہے: مَنْ أَنْتَ.

۲۔ مبتدا اور خبر دونوں معرفہ ہوں اور کوئی ایسا قرینہ نہ ہو جس سے مبتدا اور خبر کی تعیین ہو سکے: زَيْدٌ الْمُنْطَلِقُ.

۳۔ مبتدا اور خبر دونوں نکرہ مخصوصہ ہوں: غُلَامُ رَجُلٍ وَلَدٌ صَالِحٌ.

۴۔ خبر، مبتدا کا فعل ہو یعنی خبر جملہ فعلیہ ہو اور اُس کی ضمیر مرفوع مبتدا کی طرف راجع ہو: زَيْدٌ قَامَ.

اور چار صورتوں میں خبر کو مقدم اور مبتدا کو مؤخر لانا ضروری ہے:

۱۔ خبر ایسے معنی پر مشتمل ہو جس کا شروع کلام میں ہونا ضروری ہے(۱۹): أَيْنَ زَيْدٌ.

۲۔ خبر کے مقدم ہونے کی وجہ سے مبتدا کا مبتدا واقع ہونا صحیح ہوتا ہو: فِي الدَّارِ رَجُلٌ.

۳۔ مبتدا میں ایسی ضمیر ہو جو خبر کے جز کی طرف لوٹ رہی ہو: فِي الدَّارِ صَاحِبُهَا.

۴۔ جب أَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر مبتدا واقع ہو: عِنْدِي أَنَّكَ عَالِمٌ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فاعل اور مفعول کی تقدیم وتاخیر:

عموماً فاعل، مفعول سے پہلے اور مفعول، فاعل کے بعد آتا ہے: نَصَرَ زَیْدٌ بَکْرًا. اور کبھی مفعول، فاعل سے پہلے بھی آجاتا ہے: نَصَرَ بَکْرًا زَیْدٌ.

لیکن چار صورتوں میں فاعل کو مقدم اور مفعول کو مؤخر لانا واجب ہے:

۱۔فاعل اور مفعول میں سے کسی میں بھی اعراب ظاہر نہ ہو اور نہ ایسا قرینہ ہو جس سے فاعل یا مفعول کی پہچان ہو سکے: نَصَرَ مُوْسٰی یَحْیٰی.

۲۔فاعل ضمیر متصل ہو اور مفعول فعل سے پہلے نہ ہو: أَعَنْتُ فَقِیْرًا.

۳۔مفعول إِلَّا کے بعد واقع ہو: مَا رَاٰی زَیْدٌ إِلَّا عَمْرًا.

۴۔مفعول معنیٰ إِلَّا کے بعد واقع ہو: إِنَّمَا نَصَرَ خَالِدٌ ضَعِیْفًا.

اور چار صورتوں میں مفعول کو مقدم اور فاعل کو مؤخر لانا ضروری ہے:

۱۔فاعل کے ساتھ مفعول کی ضمیر متصل ہو: أَعَانَ زَیْدًا ابْنُهٗ.

۲۔فاعل إِلَّا کے بعد واقع ہو: مَا اَتَی فَقِیْرًا إِلَّا بَکْرٌ.

۳۔فاعل معنیٰ إِلَّا کے بعد واقع ہو: إِنَّمَا رَاٰی وَلَدًا خَالِدٌ.

۴۔جب مفعول ضمیر متصل اور فاعل اسم ظاہر ہو: عَلَّمَهُ الْأُسْتَاذُ.

1."اطلق له العنان" کھلی چھوٹ دے دی، ڈھیل دے دی۔ اطلق زید العنان لاولاده تتصرف کیف تشاء، زید نے اپنی اولاد کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے کہ جو چاہیں کریں۔ (عربی محاورات، ص۹۷)

2."اغمض عینیه عن..." چشم پوشی کی، نظرانداز کیا۔ لا ینبغی ان نغمض اعیننا عن اخطاء نا، یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم اپنی غلطیوں کو نظرانداز کریں۔ (عربی محاورات، ص۹۸)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. کتنی اور کون کونسی صورتوں میں مبتدا کو مقدم اور خبر کو مؤخر لانا واجب ہے؟

س:2. کتنی اور کون کونسی صورتوں میں خبر کو مقدم اور مبتدا کو مؤخر لانا ضروری ہے؟

س:3. کتنی اور کون کونسی صورتوں میں فاعل کو مقدم اور مفعول کو مؤخر لانا واجب ہے؟

س:4. کتنی اور کون کونسی صورتوں میں مفعول کو مقدم اور فاعل کو مؤخر لانا ضروری ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. مبتدا ہمیشہ خبر سے پہلے آتا ہے۔ 2. فاعل ہمیشہ مفعول سے پہلے آتا ہے۔

3. جب مفعول، ضمیر متصل ہو تو اُسے فاعل سے مقدم لانا ضروری ہے۔

تمرین (3)

(الف) درج ذیل جملوں میں مبتدا، خبر، فاعل اور مفعول الگ الگ کیجیے۔

١۔بَنُوْنَا بَنُوْ أَبْنَائِنَا. ٢۔اِنَّمَا أَعَانَ فَقِيْرًا بَكْرٌ. ٣۔أَبُوْ حَنِيْفَةَ أَبُوْ يُوْسُفَ.

٤۔أَكَلَ الْكُمَّثْرٰى يَحْيٰى. ٥۔مَنْ جَاءَ؟ ٦۔نَصَرَ يَحْيٰى الضَّعِيْفَ مُوْسٰى.

٧۔أَكْرَمَ مُوْسٰى عِيْسٰى. ٨۔أَدَّبَ خَالِدًا أَبُوْهُ. ٩۔فِي الْغُرْفَةِ طِفْلٌ.

١٠۔نَصَرَهُ خَالِدٌ. ١١۔مَا فَازَ اِلَّا وَلَدٌ. ١٢۔ضَرَبَتْ مُوْسٰى عُظْمٰى.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

١۔زَيْدٌ أَيْنَ؟ ٢۔أَوْلَادٌ عَلَى السَّقْفِ. ٣۔أَكْرَمَ غُلَامُهُ زَيْدًا.

٤۔صَاحِبُهَا فِي الدَّارِ. ٥۔أَنَّكَ فَقِيْرٌ فِيْ ظَنِّيْ. ٦۔بِيَدِكَ مَا؟

٧۔أَخُوْكَ مَنْ؟ ٨۔أَدَّبَ أَبُوْهَا فَاطِمَةَ. ٩۔اَلرُّجُوْعُ مَتٰى؟

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السابع والستون

اِغراء اور تحذیر کا بیان

جو اسم، فعلِ محذوف اَلْزِمْ وغیرہ کا مفعول بہ ہو اُسے **اِغراء** کہتے ہیں: اَلصِّدْقَ (سچ کو لازم پکڑ)

اور جو اسم، فعلِ محذوف بَعِّدْ، اِتَّقِ وغیرہ کا مفعول بہ ہو اُسے **تحذیر** کہتے ہیں: اِیَّاکَ مِنَ الْأَسَدِ (خود کو شیر سے دور کر) اَلطَّرِیْقَ الطَّرِیْقَ (بیچ راستے سے بچ)

قواعد وفوائد:

1. اِغراء دراصل مُغْرٰی بِہٖ ہوتا ہے اور تحذیر کبھی مُحَذَّر اور کبھی مُحَذَّر مِنْہُ ہوتا ہے جیسے اوپر اَلصِّدْقَ مغریٰ بہ، اِیَّاکَ محذَّر اور اَلطَّرِیْقَ محذَّر منہ ہیں۔

2. اغراء اور تحذیر کے استعمال کی تین صورتیں ہیں:

۱۔ معطوف علیہ ہوں: اَلْعَمَلَ وَالْإِحْسَانَ، اَلْبَرْدَ وَالْحَرَّ۔ ۲۔ مکرَّر ہوں: اَلصَّبْرَ الصَّبْرَ، اَلشَّرَّ اَلشَّرَّ۔ ۳۔ مفرد ہوں: اَلْإِحْسَانَ، اَلظُّلْمَ۔

اِن میں سے پہلی دو صورتوں میں اِن کے فعل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے اور آخری صورت میں جائز ہے واجب نہیں۔

3. تحذیر کبھی ضمیر منصوب مخاطب ہوتی ہے اِسکے بعد محذر منہ تین طرح آتا ہے:

۱۔ واؤ کے ساتھ: اِیَّاکَ وَالْحَسَدَ۔ ۲۔ مِنْ کے ساتھ: اِیَّاکُمَا مِنَ الشَّرِّ۔

۳۔ مصدر مؤول: اِیَّاکُمْ أَنْ تَکْسَلُوْا۔

اِن تینوں صورتوں میں تحذیر کے فعل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے۔

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. اغراء اور تحذیر کسے کہتے ہیں؟ س:2. تحذیر اصل میں کیا ہوتا ہے؟ س:3. اغراء وتحذیر کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ س:4. تحذیر ضمیر مخاطب ہو تو محذر منہ کون کونسے طریقوں سے آتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جسے کسی کام پر ابھارا جائے اُسے اغراء کہتے ہیں۔ 2. جسے مابعد سے ڈرایا جائے اُسے تحذیر کہتے ہیں۔ 3. اغراء اور تحذیر کا فعل ناصب ہمیشہ محذوف ہوتا ہے۔ 4. اغراء یا تحذیر معطوف علیہ اور معطوف بھی ہوتا ہے۔

تمرین (3)

(الف) اغراء وتحذیر الگ کیجیے اور بتائیے کہ فعل کا حذف واجب ہے یا جائز۔

۱۔اَلْجِدَّ فَإِنَّهُ طَرِيْقُ الْفَلَاحِ. ۲۔اَلْخِيَانَةَ اَلْخِيَانَةَ. ۳۔اَلْفَرَائِضَ.
۴۔اَلْإِخْلَاصَ وَالْأَمَانَةَ. ۵۔إِيَّاكَ أَنْ تَغْتَابَ. ۶۔اَلْغِيْبَةَ وَالنَّمِيْمَةَ.
۷۔اَلْمُحَرَّمَاتِ. ۸۔اَلْعَمَلَ اَلْعَمَلَ. ۹۔إِيَّاكَ مِنَ الْكِذْبِ.
۱۰۔اَلتَّوَاضُعَ فَإِنَّهُ يَرْفَعُ الْإِنْسَانَ. ۱۱۔اَلْحَسَدَ فَإِنَّهُ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ.

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی فرمائیے۔

۱۔اِتَّقِ الشَّتْمَ الشَّتْمَ. ۲۔اَلْعِلْمُ وَالْوَقَارُ. ۳۔بَاعِدْ إِيَّاكَ مِنَ الْيَأْسِ.
۴۔أَلْزِمِ الْعَفْوَ وَالْكَرَمِ. ۵۔أُحَذِّرُ إِيَّاكَ مِنَ الضَّالِّ. ۶۔نَحُّوْا إِيَّاكُمْ أَنْ تُكْرِمُوا الْفَاسِقَ. ۷۔أُطْلُبِ الصَّدَاقَةَ الصَّدَاقَةَ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثامن والستون

نسبت کا بیان

کسی اسم کے آخر میں یائے نسبت (یاء مشدد ماقبل مکسور) لاحق کرنے کو **نسبت** کہتے ہیں اور جس اسم کو یائے نسبت لاحق ہوا سے **اسم منسوب** کہتے ہیں: يَمَنِيٌّ.

قواعد وفوائد:

1. اسم منسوب اسم مفعول کے حکم میں ہوتا ہے اور اپنے نائب فاعل کو رفع دیتا ہے: جَاءَ رَجُلٌ دِمَشْقِيٌّ، رَأَيْتُ رَجُلًا مِصْرِيًّا أَبُوْهُ.

2. اسم کے آخر میں گول تاء ہو تو وہ نسبت میں حذف ہو جائے گی: فَاطِمِيٌّ.

3. ثلاثی اسم کا لام کلمہ محذوف ہو تو نسبت میں اُسے لوٹائیں گے (۲۰) اور عین کلمے کو فتحہ دیں گے: أَبٌ، سَنَةٌ، دَمٌ، لُغَةٌ سے أَبَوِيٌّ، سَنَوِيٌّ، دَمَوِيٌّ، لُغَوِيٌّ.

4. الف مقصورہ تیسری جگہ ہو تو وہ واؤ سے بدل جائے گا: رَضَا سے رَضَوِيٌّ.

اور چوتھی یا پانچویں جگہ ہو تو اُسے واو سے بدلنا یا حذف کر دینا دونوں جائز ہیں: حُبْلٰى سے حُبْلِيٌّ یا حُبْلَوِيٌّ، مُصْطَفٰى سے مُصْطَفِيٌّ یا مُصْطَفَوِيٌّ.

5. اسم منقوص کی یاء چوتھی جگہ ہو تو اُسے حذف کر دینا یا واؤ ماقبل مفتوح سے بدل دینا دونوں جائز ہیں: اَلْقَاضِيُ سے اَلْقَاضِيٌّ یا اَلْقَاضَوِيٌّ.

6. الفِ ممدودہ واؤ سے بدل جائے گا: بَيْضَاءُ سے بَيْضَاوِيٌّ. اور اگر یہ واؤ یا یاء سے بدل کر آیا ہو تو اسے واؤ سے بدلنا اور باقی رکھنا دونوں جائز ہیں: كِسَاءٌ سے كِسَائِيٌّ یا كِسَاوِيٌّ، رِدَاءٌ سے رِدَائِيٌّ یا رِدَاوِيٌّ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

7. فَعِیلَۃٌ کی یاء حذف ہوجائے گی اور اُس کا ماقبل مفتوح ہوجائے گا جبکہ وہ معتل العین یا مضاعف نہ ہو ورنہ یاء باقی رہے گی: حَنِیفَةٌ، طَوِیلَةٌ، جَلِیلَةٌ سے حَنَفِيٌّ، طَوِیْلِيٌّ، جَلِیْلِيٌّ.

تنبیہ:

بہت سے اسمائے منسوبہ خلاف قیاس بھی آتے ہیں: رَيٌ سے رَازِيٌّ.

تمرین (1)

س:1. نسبت اور اسم منسوب کسے کہتے ہیں؟ س:2. اسم ممدود، اسم مقصور اور اسم منقوص کی طرف نسبت کے کیا اصول ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جس اسم کو یاء لاحق ہو وہ اسم منسوب ہوتا ہے۔ 2. اگر کوئی اسم فَعِیلَۃٌ کے وزن پر ہو تو نسبت میں اُس کی یاء اور تاء دونوں گر جائیں گی۔

تمرین (3)

قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل اسماء سے اسمائے منسوبہ بنائیے۔

۱۔هِجْرَةٌ. ۲۔نَحْوٌ. ۳۔مَوْلٰی. ۴۔مَدِيْنَةٌ. ۵۔اِيْمَانٌ. ۶۔خَضْرَاءُ.

۷۔عِيْسٰی. ۸۔دِهْلِيُ. ۹۔يَدٌ. ۱۰۔اِسْلَامٌ. ۱۱۔سَمَاءٌ. ۱۲۔شَرِيْعَةٌ.

۱۳۔عَطَّارٌ. ۱۴۔اَلْعَصٰی. ۱۵۔عَزِيْزَةٌ. ۱۶۔اَلْمُرْتَضٰی.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس التاسع والستون

تصغیر کا بیان

اسم کے پہلے حرف کو ضمہ اور دوسرے کو فتحہ دیکر اُس کے بعد یاء ساکن (یائے تصغیر) بڑھانے کو تصغیر کہتے ہیں اور تصغیر والے اسم کو مُصَغَّر کہتے ہیں: قَلَمٌ سے قُلَيْمٌ.

قواعد وفوائد:

1. تصغیر صرف اسم معرب کی ہوسکتی ہے، کسی فعل یا کسی اسم مبنی کی تصغیر جائز نہیں۔

2. کسی اسم کی تصغیر تقلیل، تحقیر، تقریب، محبت یا تصغیر پر دلالت کے لیے کی جاتی ہے: وُرَيْقَاتٌ (کچھ اوراق)، شُوَيْعِرٌ (گھٹیا شاعر)، قُبَيْلٌ (تھوڑا پہلے)، بُنَيٌّ (پیارا سا بیٹا)، طُفَيْلٌ (چھوٹا سا بچہ)

3. ثلاثی اسم کی تصغیر فُعَيْلٌ، رباعی کی فُعَيْعِلٌ اور خماسی کی فُعَيْعِيْلٌ کے وزن پر آتی ہے جبکہ خماسی میں چوتھا حرف علت ہو ورنہ حرفِ خامس کو گرا کر اُس کی تصغیر بھی فُعَيْعِلٌ کے وزن پر لائی جاتی ہے: حُسَيْنٌ، جُعَيْفِرٌ، عُصَيْفِيْرٌ، سُفَيْرِجٌ.

4. یائے تصغیر کا مابعد حرف مکسور ہوتا ہے، لیکن مابعد اگر ایک ہی حرف ہو یا آخر میں علامت تانیث یا الفِ جمع یا الف نون زائد ہوں تو وہ اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے: رَجُلٌ، تَمْرَةٌ، أَنْهَارٌ اور عِمْرَانُ سے رُجَيْلٌ، تُمَيْرَةٌ، أُنَيْهَارٌ اور عُمَيْرَانُ.

5. دوسرا حرف ہمزہ کے علاوہ کسی اور حرف سے بدل کر آیا ہو تو وہ اصل کی طرف لوٹ جائے گا: بَابٌ، نَابٌ اور دِيْنَارٌ سے بُوَيْبٌ، نُيَيْبٌ اور دُنَيْنِيْرٌ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اوراگر دوسرا حرف ہمزہ سے بدل کر آیا ہو یا مجہول الاصل ہو یا زائد ہو تو وہ واؤ سے بدل جائے گا: آصَالٌ (أَءْ صَالٌ) عَاجٌ اور نَاصِرٌ سے أُوَيْصَالٌ، عُوَيْجٌ اور نُوَيْصِرٌ.

6. تصغیر میں محذوف حرف لوٹ آتا ہے: أُبَـــيٌّ. اور ثلاثی مؤنث سماعی کے آخر میں تاء بھی آجاتی ہے: دَارٌ اور عَيْنٌ سے دُوَيْرَةٌ اور عُيَيْنَةٌ.

7. بہت سے اسماء کی تصغیر خلاف قیاس بھی آتی ہے: طَيٌّ سے طَائِيٌّ.

تمرین (1)

س:1. تصغیر، یائے تصغیر اور مصغر کسے کہتے ہیں؟ س:2. تصغیر کے شرائط ومقاصد بیان کیجیے؟ س:3. تصغیر کے کتنے اور کون کونسے اوزان ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. مؤنث سماعی کی تصغیر میں ۃ ظاہر ہو جاتی ہے۔ 2. دوسرا حرف کسی اور حرف سے بدل کر آیا ہو تو تصغیر میں وہ اصل کی طرف لوٹ جاتا ہے۔ 3. تصغیر ہمیشہ قاعدے کے مطابق ہوتی ہے۔ 4. یائے تصغیر کا مابعد حرف ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔

تمرین (3)

قواعد کا خیال رکھتے ہوئے درج ذیل اسماء سے اسمائے مصغرہ بنایئے۔

١۔مَكْتَبٌ. ٢۔وَلَدٌ. ٣۔ظُلْمَةٌ. ٤۔هِندٌ. ٥۔حَمْرَاءُ. ٦۔أَحْجَارٌ.
٧۔عِرْفَانٌ. ٨۔صُغْرٰى. ٩۔مِفْتَاحٌ. ١٠۔شَمْسٌ. ١١۔فَرَزْدَقٌ. ١٢۔أَخٌ.
١٣۔آمَالٌ. ١٤۔سَامِعٌ. ١٥۔قَدَمٌ. ١٦۔قِنْدِيلٌ. ١٧۔أُذُنٌ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس السبعون

صِلات کا بیان

جواسم بواسطہ حرف جر مفعول بہ بنے اُسے صلہ کہتے ہیں: غَضِبَ اللّٰہُ عَلَیْهِمْ .

اسی طرح سات حروفِ جارّہ (مِنْ، اِلٰی، عَنْ، عَلٰی، فِيْ، بَاء اور لَام) کوبھی صلہ کہتے ہیں مثلاً: یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ میں بَاء، یُؤْمِنُوْنَ کا صلہ ہے۔

عربی عبارت کے فہم کے لیے صلات کے معانی معلوم ہونا اور یہ معلوم ہونا کہ کونسا فعل کس صلے کے ساتھ کس معنی میں آتا ہے بہت ضروری ہے، لیکن یہاں صرف صلات کے بعض معانی کے بیان پر اکتفاء کیا جائے گا۔

1. مِنْ: ۱۔ابتداء: سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَی الْکُوْفَةِ. ۲۔تبعیض: أَخَذْتُ مِنَ الدَّرَاهِمِ. ۳۔تعلیل: مِمَّا خَطِیْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا .

2. اِلٰی: ۱۔انتہاء: وَصَلْتُ اِلَی الْمَدِیْنَةِ. ۲۔بمعنی مَعَ: لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓی اَمْوَالِكُمْ. ۳۔بمعنی فِيْ: لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ.

3. فِيْ: ۱۔ظرفیت: اَلْمَالُ فِي الْکِیْسِ. ۲۔بمعنی عَلٰی: لَاُوَصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ. ۳۔سببیت: أُخِذَتْ اِمْرَأَةٌ فِيْ هِرَّةٍ.

4. عَنْ: ۱۔مجاوزت: رَمَیْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ. ۲۔بمعنی باء: وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی. ۳۔تعلیل: وَمَا نَحْنُ بِتَارِكِیْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ .

5. عَلٰی: ۱۔استعلاء: زَیْدٌ عَلَی السَّطْحِ. ۲۔بمعنی باء: مَرَرْتُ عَلَیْهِ.
۳۔بمعنی فِيْ: اِنْ كُنْتُمْ عَلٰی سَفَرٍ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

6. باء: ا۔الصاق: مَرَرْتُ بِخَالِدٍ. ۲۔استعانت: كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ.

۳۔تعدیہ: ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ. ۴۔ظرفیت: زَيْدٌ بِالْبَلَدِ.

7. لام: ا۔اختصاص: اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ. ۲۔تعلیل: جِئْتُكَ لِاِكْرَامِكَ.

۳۔قسم: لِلّٰهِ لَا يُؤَخَّرُ الْاَجَلُ.

تمرین (1)

س:1. صلہ کس کس چیز کو کہا جاتا ہے؟ س:2. صلات کے معانی بیان کیجیے۔

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو اسم مفعول بہ واقع ہو اُسے صلہ کہا جاتا ہے۔ 2. صلہ کا اطلاق حروف جارہ پر بھی ہوتا ہے۔

تمرین (3)

صلات کے بارے میں بتائیے کہ کونسا صلہ کس معنی میں استعمال ہوا ہے۔

ا۔سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ. ۲۔فَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ. ۳۔عَلَيْهِ دَيْنٌ.

۴۔وَابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ. ۵۔رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ.

۶۔خَرَجْتُ لِمَخَافَتِكَ. ۷۔وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ. ۸۔فَذٰلِكُنَّ الَّذِیْ لُمْتُنَّنِیْ فِیْهِ. ۹۔فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ. ۱۰۔ذهبت من مكة الى المدينة.

۱۱۔لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. ۱۲۔مررت بزيد.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الحادي والسبعون

جملوں کا اعراب

جملہ محلاً کبھی مرفوع، کبھی منصوب، کبھی مجروراور کبھی مجزوم ہوتا ہےاور کبھی اس کا کوئی اعراب نہیں ہوتا۔

محلا مرفوع:

وہ جملہ جو مبتدا کی، یا حرف مشبہ بالفعل کی، یالائے نفی جنس کی خبر ہو، یا کسی مرفوع اسم کی صفت واقع ہو: زَيْدٌ يَذْهَبُ، اِنَّ زَيْدًا أَبُوْهُ عَالِمٌ، جاءَ رَجُلٌ يَسْعٰی.

محلا منصوب:

وہ جملہ جو فعل ناقص کی، یا فعل مقاربہ کی، یامَا یالَا مشابہ بلیس کی خبر ہو، یا حال ہو، یا مفعول بہ ہو(۲۱) یا کسی منصوب اسم کی صفت واقع ہو: كَانَ زَيْدٌ يُحِبُّ الْفُقَرَاءَ .

محلا مجرور:

وہ جملہ جو مضاف الیہ ہو، یا کسی مجروراسم کی صفت واقع ہو: هٰذَا يَوْمُ يُسَافِرُ زَيْدٌ، نَظَرْتُ اِلٰى رَجُلٍ أَتَمَّ عَمَلَهٗ .

محلا مجزوم:

وہ جملہ جو شرط جازم کا جواب ہو: مَنْ يَكْسَلْ يَنْدَمْ.

تنبيه:

جو جملہ جملے کا تابع ہو اس کا حکم متبوع کے مطابق ہوتا ہے: مُحَمَّدٌ يَقْرَأُ وَيَكْتُبُ، كَانَ الشَّمْسُ تَبْدُوْ وَتَخْفٰى.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

درج بالا تفصیل سے معلوم ہوا کہ سات قسم کے جملوں کا اعراب ہوتا ہے:

۱۔خبر ۲۔حال ۳۔مفعول بہ ۴۔مضاف الیہ ۵۔جواب شرط جازم

۶۔صفت ۷۔اعرابی جملے کا تابع۔

جن جملوں کا کوئی اعراب نہیں ہوتا اُن کی نو (9) قسمیں ہیں:

۱۔اِبتِدائِیّہ (وہ جملہ جو ابتدائے کلام میں ہو): اَللّٰہُ خَالِقٌ.

۲۔اِستِئنافِیّہ (وہ جملہ جس کا ماقبل سے کوئی اعرابی تعلق نہ ہو): یَقُوْلُ زَیْدٌ أَنَا عَالِمٌ، اِنَّهٗ جَاهِلٌ.

۳۔تَعلِیْلِیّہ (وہ جملہ جو ماقبل کی علت یا سبب بیان کرے): أَكْرَمْتُ بَكْرًا فَاِنَّهٗ عَالِمٌ.

۴۔مُعْتَرِضَہ (وہ جملہ جو دو متلازم چیزوں (۲۲) کے درمیان آجائے): اَللّٰہُ تَعَالٰی كَرِيْمٌ.

۵۔تفسِیرِیّہ (وہ جملہ جو ماقبل کی تفسیر واقع ہو): اِنْقَطَعَ رِزْقُهٗ أَيْ مَاتَ.

۶۔صِلَہ: قَدْ فَازَ مَنْ أَسْلَمَ.

۷۔جوابِ قسم: وَاللّٰہِ اِنَّهٗ حَقٌّ.

۸۔جوابِ شرط غیر جازم: لَوْلَا الصَّحَابَةُ لَضَلَلْنَا.

۹۔تابع (ایسے جملے کا جس کا کوئی محل اعراب نہ ہو): جَاءَ زَيْدٌ وَذَهَبَ أَخُوْهُ.

عربی کا محاورہ ہے: ”مات حتف انفه“ اہل زبان اس کا مجازی معنیٰ سمجھتے ہیں، یعنی بغیر کسی ظاہری سبب یا مرض کے اس کا انتقال ہو گیا (طبعی موت مر گیا)، لیکن اگر اس کا لفظی ترجمہ کر دیں تو یہ ہو گا کہ وہ اپنی ناک کی موت مر گیا، یہ اردو میں بالکل بے معنی ہے۔ (عربی محاورات، ص۶۴)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net

تمرین (1)

س:1. کون کونسے جملے محلًّا مرفوع یا منصوب یا مجرور یا مجزوم ہوتے ہیں مع امثلہ بیان کیجیے۔ س:2. کتنے اور کون کونسے جملوں کا کوئی اعراب نہیں ہوتا ہے؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. جو جملہ صفت واقع ہو وہ محلًّا مجرور ہوتا ہے۔ 2. جو جملہ کسی جملے کا تابع ہو اس کا کوئی اعراب نہیں ہوتا۔ 3. جو جملہ جوابِ شرط واقع ہو وہ محلًّا مجزوم ہوتا ہے۔ 4. جو جملہ خبر واقع ہو وہ محلًّا مرفوع ہوتا ہے۔

تمرین (3)

خط کشیدہ جملوں کا اعراب اور اُس کی وجہ بتائیے، اور جس جملے کا کوئی اعراب نہیں اُس کے بارے میں یہ بتائیے کہ وہ نو قسموں میں سے کونسی قسم ہے۔

۱۔ جَاءَ الَّذِيْ أَلَّفَ كِتَابًا فِي الْفِقْهِ. ۲۔ لَا تَحْتَرِمْ رَجُلًا يَبْتَدِعُ فِي الدِّيْنِ.

۳۔ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ. ۴۔ جَلَسْتُ حَيْثُ الْمَنْظَرُ جَمِيْلٌ.

۵۔ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ. ۶۔ تَمَسَّكْ بِالْفَضِيْلَةِ فَإِنَّهَا زِيْنَةُ الْعُقَلَاءِ. ۷۔ لَا سُرُوْرَ يَدُوْمُ هٰهُنَا. ۸۔ كَانَ بَكْرٌ يَعْمَلُ الْخَيْرَ وَيَجُوْدُ.

۹۔ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ. ۱۰۔ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الدرس الثاني والسبعون

قواعدِ ترکیب

1. پہلا اسم بظاہر نکرہ ہو اور دوسرا معرفہ ہو تو پہلا مضاف اور دوسرا مضاف اِلیہ بنتا ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی نِعْمَائِہٖ، وَالصَّلَاۃُ عَلٰی سَیِّدِ الْأَنْبِیَاءِ. اور مضاف کی صفت مضاف اِلیہ کے بعد آتی ہے: وَعَلٰی آلِہِ الْمُجْتَبٰی.

2. دو اسم تعریف، تنکیر اور اعراب وغیرہ میں برابر ہوں یا نکرہ اسم کے بعد جملہ آجائے تو پہلا اسم موصوف اور دوسرا اسم یا جملہ صفت بنتا ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، اَلنَّوْعُ الْأَوَّلُ حُرُوْفٌ تَجُرُّ الِاسْمَ وَتُسَمّٰی حُرُوْفًا جَارَّۃً.

3. معرفہ کے بعد نکرہ یا جملہ فعلیہ یا جملہ اسمیہ ہو تو معرفہ مبتدا اور بعد کا لفظ خبر بنتا ہے: زَیْدٌ مُنْطَلِقٌ، ھِيَ تَدْخُلُ عَلَی الْمُبْتَدَأِ وَالْخَبَرِ، کَأَنَّ ھِيَ لِلتَّشْبِیْہِ.

4. ضمیر منفصل مبتدا، خبر یا مفعول بنتی ہے: ھِيَ لِلتَّمَنِّيْ، زَیْدٌ ھُوَ، إِیَّاکَ نَعْبُدُ. اور ضمیر متصل فاعل، نائب فاعل، مفعول، مجرور بحرف جر، مضاف الیہ اور فعل ناقص یا حرف مشبہ بالفعل کا اسم بنتی ہے: إِنِّيْ کُنْتُ نَصَرْتُکَ بِمَالِيْ.

5. اسم اشارہ کے بعد معرف باللام اسم ہو تو وہ صفت، بدل یا خبر بنتا ہے، نکرہ یا مضاف ہو تو وہ خبر بنتا ہے: ھٰذَا الْقَلَمُ، ھٰذِہٖ قِطَّۃٌ، ھٰذَا کِتَابُکُمْ. مرکب اِضافی کے بعد اسم اشارہ ہو تو اسم اشارہ مضاف کی صفت بنتا ہے: کِتَابُکُمْ ھٰذَا.

6. اسم موصول (اَلَّذِيْ وغیرہ) اور موصول حرفی (أَنَّ، أَنْ، مَا) اپنے صلے کے ساتھ کلام کا جز (فاعل، مبتدا، خبر، مفعول، مضاف الیہ اور مجرور بحرف جر وغیرہ) بنتے ہیں: بَلَغَنِيْ أَنَّ زَیْدًا عَالِمٌ، قَدْ یَکُوْنُ مَا بَعْدَھَا دَاخِلًا فِیْمَا قَبْلَھَا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

7. ظرف اور جار مجرور اپنے متعلَّق محذوف کے اعتبار سے خبر، صفت اور حال وغیرہ بنتے ہیں: اَلسَّمَاءُ فَوْقَنَا، زَيْدٌ عَلَى السَّقْفِ، رَأَيْتُ نَهْرًا تَحْتَ الشَّجَرَةِ، رَأَيْتُ كَوْكَبًا فِي السَّمَاءِ، رَأَيْتُ الْقَمَرَ بَيْنَ السَّحَابِ، جَاءَ زَيْدٌ عَلَى الْفَرَسِ.

8. فعل مدح یا ذم میں یا تو فعل مع فاعل جملہ فعلیہ خبر مقدم اور مخصوص' مبتدا مؤخر، اور مبتدا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ بنتا ہے۔ یا فعل مع فاعل الگ جملہ فعلیہ بنتا ہے اور مخصوص' مبتدا محذوف هُوَ وغیرہ کی خبر، اور مبتدا خبر الگ جملہ اسمیہ بنتا ہے۔

9. مَا أَفْعَلَهُ میں مَا بمعنی أَيُّ شَيْءٍ مبتدا، أَفْعَلَهُ فعل با فاعل ومفعول جملہ فعلیہ ہو کر خبر اور مبتدا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ بنتا ہے۔ اور أَفْعِلْ بِهٖ میں أَفْعِلْ صیغہ امر بمعنی ماضی، اور بِهٖ میں باء زائدہ، ہاء فاعل، اور فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ بنتا ہے۔

10. فعل ناقص (مع اسم وخبر) جملہ فعلیہ خبریہ اور فعل مقاربہ' جملہ فعلیہ انشائیہ بنتا ہے اور اسم فعل مبتدا اپنے فاعل قائم مقام خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ بنتا ہے۔

11. شبہ فعل (اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہہ اور اسم تفضیل) کو ہمیشہ اُس کے مرفوع (ضمیر مستتر یا اسم ظاہر) کے ساتھ ملا کر ترکیب میں لیتے ہیں۔

12. لقب مُبدَل منہ اور علم بدل بنتا ہے اور علم کے بعد آنے والا لفظ اِبْـــن جو ایک اور علم کی طرف مضاف ہو اور آخر میں آنے والا اسم منسوب دونوں علم کی صفت بنتے ہیں: أَلَّفَهُ الشَّيْخُ عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُرْجَانِيُّ.

13. متعدد کے بعد اس کی تفصیل آرہی ہو تو تفصیل میں مذکور اشیاء کو تین طرح پڑھنا جائز ہوتا ہے: ۱۔ مبدل منہ کے مطابق۔ ۲۔ مبتدا محذوف کی خبر

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

ہونے کی بناء پر مرفوع ۔۳۔أَغْـنِـيْ فعل محذوف کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب: نَظَرْتُ اِلَى الرَّجُلَيْنِ زَيْدٍ وَبَكْرٍ.

14. قاعدہ وغیرہ سمجھانے کے لیے مِثْلُ، نَحْوُ وغیرہ سے مثال بیان کی جاتی ہے، اس میں نَحْوُ، مِثْلُ کو مضاف اور مبتدا محذوف (مِثَالُهُ) کی خبر، مبتدا خبر کو جملہ اسمیہ خبریہ اور مابعد پورے جملے کو مراد اللفظ کہہ کر مضاف الیہ بناتے ہیں۔

15. لفظ ایک حرف پر مشتمل ہو تو اُسے باسمہ تعبیر کریں گے ورنہ بلفظہ: مَا نَصَرْتُهُ میں: مَا حرفِ نفی، نَصَرَ فعل ماضی، تاء فاعل، ہاء مفعول (نہ کہ: تُ فاعل، هُ مفعول)

16. اسم استفہام یا شرط سے پہلے جار یا مضاف ہو تو یہ مجرور ہوگا: عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ، غُلَامُ مَنْ جَاءَ، بِمَنْ تَمُرَّ أَمُرَّ، غُلَامَ مَنْ تَشْتَرِ أَشْتَرِ.

17. اسم استفہام یا اسم شرط زمان یا مکان پر دلالت کرے تو مفعول فیہ بنے گا: مَتٰى تَرْجِعُ، أَيْنَ تَذْهَبُ، مَتٰى تُسَافِرْ أُسَافِرْ، أَيْنَ تَقُمْ أَقُمْ.

18. اسم استفہام کے بعد نکرہ واقع ہو تو یہ مبتدا اور معرفہ واقع ہو تو یہ خبر بنتا ہے: مَنْ صَدِيْقٌ لَكَ، مَنْ بَكْرٌ. (اسم شرط میں یہ صورت نہیں پائی جاتی)

19. اسم استفہام یا اسم شرط کے بعد فعل لازم ہو تو یہ مبتدا بنے گا: مَنْ قَامَ، مَنْ يَقُمْ أَقُمْ مَعَهُ. اور فعل متعدی ہو اور اِسی پر واقع ہو تو یہ مفعول بہ بنے گا: أَيَّ قَلَمٍ تَشْتَرِيْ؟، اَيًّامَّا تَدْعُوْا. اور اِس کی ضمیر یا اِس کے متعلّق پر واقع ہو تو دونوں امر جائز ہیں: مَنْ رَأَيْتَهُ، مَنْ رَأَيْتَ أَخَاهُ، مَنْ تَرَهُ أَرَهُ، مَنْ تَرَ أَخَاهُ أَرَ أَخَاهُ.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

تمرین (1)

س:1. فعل ناقص، فعل مقاربہ اور فعل مدح وذم اپنے اسم اور خبر یا اپنے فاعل وغیرہ سے مل کر کونسا جملہ بنتے ہیں؟ س:2. فعل تعجب اور اسم فعل اپنے فاعل اور مفعول وغیرہ سے مل کر کونسا جملہ بنتے ہیں؟ س:3. جار مجرور ترکیب میں کیا بنتے ہیں؟ س:4. اسم استفہام اور اسم شرط ترکیب میں کیا بنتے ہیں؟

تمرین (2)

غلطی کی نشاندہی کیجیے۔

1. ضمیر مرفوع متصل ہمیشہ فاعل بنتی ہے۔ 2. فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ بنتا ہے۔ 3. ضُرِبْتُ میں تُ نائب الفاعل ہے۔

تمرین (3)

درج ذیل جملوں کی ترکیبِ نحوی کیجیے۔

۱۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى نَعْمَائِهِ الشَّامِلَةِ وَآلَائِهِ الْكَامِلَةِ. ۲۔أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. ۳۔اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ حُرُوْفٌ تَنْصِبُ الْفِعْلَ الْمُضَارِعَ. ۴۔اَلتَّرَجِّيْ مَخْصُوْصٌ بِالْمُمْكِنَاتِ. ۵۔مَا وَلَا تَرْفَعَانِ الْاِسْمَ وَتَنْصِبَانِ الْخَبَرَ. ۶۔يَا هِيَ لِنَدَاءِ الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ. ۷۔مَنْ أَخَذَ الْكِتَابَ؟. ۸۔اِعْلَمْ أَنَّ الْعَوَامِلَ مِائَةُ عَامِلٍ. ۹۔وَجَدْتُ اللّٰهَ غَفُوْرًا. ۱۰۔حَبَّذَا زَيْدٌ رَاكِبًا. ۱۱۔نِعْمَتِ الْمَرْأَةُ زَيْنَبُ. ۱۲۔كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا.

بحمد اللّٰه تعالى وكرمه قد انتهى الجزء الثاني من كتاب "خلاصة النحو"

وبه تمّ الكتاب.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الحواشي المتعلقة بالجزء الثاني من "خلاصة النحو"

(١)......مگرخیال رہے کہ معدود کی تذکیر وتانیث مفرد میں دیکھیں گے مثلاً أَرْغِفَةٌ کا مفرد رَغِیفٌ ہے جو مذکر ہے لہذا اس کے اسم عدد میں تاء آئے گی: خَمْسَةُ أَرْغِفَةٍ. أَدْوُرٌ کا مفرد دَارٌ ہے جو مؤنث ہے لہذا اس کے اسم عدد میں تاء نہیں آئے گی: سِتُّ أَدْوُرٍ.

فائدہ:

تین سے دس تک اسم عدد کبھی معدود کی طرف مضاف ہو کر آتا ہے اور کبھی معدود کی صفت بن کر: سَبْعَةُ غِلْمَةٍ، غِلْمَةٌ سَبْعَةٌ. پہلی صورت میں اسم عدد کا اعراب عامل کے مطابق اور معدود مجرور ہوگا اور دوسری صورت میں معدود کا اعراب عامل کے مطابق اور اسم عدد اس کا تابع ہوگا۔

(٢)......خیال رہے کہ کَأَیِّنْ ذوالحال اور مابعد جار مجرور حال بنتا ہے پھر اگر اس کے بعد فعل لازم ہو یا ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول بھی موجود ہو: کَأَیِّنْ مِنْ قَرْیَةٍ مَرَرْتُ بِهَا، کَأَیِّنْ مِنْ کِتَابٍ قَرَأْتُهُ. تو کَأَیِّنْ مبتدا اور مابعد جملہ خبر بنے گا، اور اگر ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول موجود نہ ہو: کَأَیِّنْ مِنْ بَلَدٍ زُرْتُ. تو یہ مفعول بہ مقدم بنے گا اور اگر یہ مابعد فعل کے مرات پر دلالت کرے: کَأَیِّنْ مِنْ مَرَّةٍ سَافَرْتُ. تو یہ مفعول مطلق مقدم بنے گا۔

اسی طرح کَذَا مفعول بہ، مبتدا، فاعل اور مفعول مطلق بنتا ہے: قَبَضْتُ کَذَا قَلَمًا، کَذَا دِرْهَمًا عِنْدِي، جَاءَنَا کَذَا طَالِبًا، ذَهَبْتُ إِلَى الْحَدِیْقَةِ کَذَا مَرَّةً.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اور یونہی کَمْ مبتدا، خبر، مفعول بہ، مفعول فیہ اور مفعول مطلق بنتا ہے: کَمْ قَلَمًا عِنْدَهُ؟ كَمْ إِخْوَتُكَ؟ كَمْ كِتَابًا قَرَأْتَ؟ كَمْ سَاعَةً اشْتَغَلْتَ؟ كَمْ مَرَّةً سَافَرْتَ؟ كَمْ صَدِيقٍ لِيْ، كَمْ دَنَانِيْرَ مَالِيْ، كَمْ مِنْ بَلَدٍ زُرْتُ، كَمْ شَهْرٍ صُمْتُ، كَمْ مَرَّةٍ سَافَرْتُ.

(۳)......اگر ثلاثی مجرد فعل کے عین کلمے میں تعلیل ہوئی ہو تو اس کے اسم فاعل میں عین کلمہ ہمزہ سے بدل جائے گا: بَاعَ يَبِيْعُ، قَامَ يَقُوْمُ سے بَائِعٌ، قَائِمٌ. ورنہ اپنی حالت پر رہے گا: أَيِسَ يَأْيَسُ، عَوِرَ يَعْوَرُ سے آيِسٌ، عَاوِرٌ.

تنبیہ:

۱۔جو اسم فاعل باب افعال سے ماقبل آخر کے فتح کے ساتھ یا فاعل کے وزن پر آتے ہیں وہ شاذ ہیں: مُلْفَجٌ (مفلس) مُحْصَنٌ (شادی شدہ) سَيْلٌ مُفْعَمٌ (بھرا ہوا سیلاب) اسی طرح أَيْفَعَ الْغُلَامُ (سن بلوغت کو پہنچنا)، أَوْرَسَ الشَّجَرُ (پتوں کا سبز ہونا) اور أَبْقَلَ الْمَكَانُ (سبزی نکالنا) سے يَافِعٌ، وَارِسٌ اور بَاقِلٌ.

۲۔اسم فاعل جب عامل ہو تو اس کا ترجمہ حال یا مستقبل والا کریں گے: زَيْدٌ مُكْرِمٌ بَكْرًا (زید بکر کی عزت کرتا ہے، زید بکر کی عزت کرے گا) اسم مفعول کے ترجمے میں بھی اس چیز کا خیال رکھیئے۔

(۴)......چار اوزان ایسے ہیں جو "مفعول" کے معنی میں آتے ہیں:

۱۔فَعِيْلٌ: قَتِيْلٌ، ذَبِيْحٌ، كَحِيْلٌ، حَبِيْبٌ، أَسِيْرٌ اور طَرِيْحٌ وغیرہ۔

۲۔فِعْلٌ: ذِبْحٌ، طِحْنٌ اور طِرْحٌ وغیرہ۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

۳۔فَعَلٌ: عَدَدٌ، سَلَبٌ اور جَلَبٌ وغیرہ۔

۴۔فُعْلَةٌ: أُكْلَةٌ، مُضْغَةٌ اور طُعْمَةٌ وغیرہ۔(ان اوزان میں مذکر اور مؤنث مساوی ہوتے ہیں: رَجُلٌ قَتِيلٌ، ذِبْحٌ، عَدَدٌ، أُكْلَةٌ، اِمْرَأَةٌ قَتِيلٌ الخ)

(۵)......کسی معنی کے ثبوتی طور پر ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ معنی کبھی ذات سے جدا نہ ہو سکے ایسا ثبوت تو دنیا میں خود ذات حادث کو حاصل نہیں تو اس کے معنی کو کہاں سے ملے! بلکہ یہاں ثبوت بمقابلہ حدوث ہے اور حدوث کا معنی یہ ہے کہ ذات کے اتصاف بالمعنی میں کسی زمانے کا اعتبار ہو جیسے: زَيْدٌ ضَارِبٌ جہاں یہ جملہ بولا جائے گا وہاں تین میں سے کسی ایک معنی کے لیے ہوگا:

۱۔بمعنی ماضی یعنی زید نے مارا۔

۲۔بمعنی حال یعنی زید مارتا ہے یا مار رہا ہے۔

۳۔بمعنی استقبال یعنی زید مارے گا۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہاں زید کے معنی ضرب سے متصف ہونے میں کسی نہ کسی زمانے کا اعتبار ہے لہذا ہم کہیں گے کہ ضَارِبٌ اُس ذات پر دلالت کر رہا ہے جو معنی مصدری سے حدوثی طور پر متصف ہے۔

اور ثبوت جبکہ حدوث کے مقابل ہے تو اس کا معنی یہ ہوگا کہ اتصاف بالمعنی میں کسی زمانے کا اعتبار نہ ہو۔ ولا یخفی أن عدم الاعتبار لیس باعتبار العدم فلا تغفل. نہ یہ کہ وہ معنی اُس سے کبھی جدا ہی نہ ہو سکے جیسے زَيْدٌ كَرِيْمٌ کا معنی ہے: زید سخی ہے لیکن یہاں اس پر دلالت نہیں کہ زید نے سخاوت کی یا وہ سخاوت کرتا ہے

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

یا وہ سخاوت کرے گا بلکہ قطع نظر عن الزمان صرف زید کے اتصاف بالکرم کا بیان ہے۔ ہاں! اتنا ہے کہ صفت مشبہہ جس معنی پر دلالت کرتی ہے وہ عادی اور جبلی ہوتا ہے اور تادیر موصوف کے ساتھ قائم رہتا ہے لیکن صفت مشبہہ کے مدلول ثبوت ودوام کی تفسیر اس سے کرنا درست نہیں۔ھذا ما ظھر لي والعلم بالحقّ عند ربي وھو تعالی أعلم وعلمه جلّ مجده أتمّ وأحکم.

(۶)......کبھی دو چیزوں کے درمیان دو مختلف صفتوں میں تفضیل جاری ہوتی ہے یعنی اِس چیز میں اِس کی صفت اُس چیز میں موجود اُس کی صفت سے بڑھ کر ہے: اَلْعَسَلُ أَحْلٰی مِنَ الْخَلِّ (شہد کی مٹھاس سرکے کی ترشی سے بڑھ کر ہے) اَلصَّیْفُ أَحَرُّ مِنَ الشِّتَاءِ (موسم گرما کی گرمی جاڑے کی سردی سے سخت تر ہے)

اور کبھی اسم تفضیل معنی تفضیل سے خالی بھی استعمال ہوتا ہے: أَکْرَمْتُ الْقَوْمَ أَصْغَرَھُمْ وَأَکْبَرَھُمْ (میں نے قوم کے سبھی چھوٹوں بڑوں کا اکرام کیا) رَبُّکُمْ أَعْلَمُ بِکُمْ،وَھُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُہٗ وَھُوَ اَھْوَنُ عَلَیْہِ. (یہاں أَعْلَمُ اور أَھْوَنُ عَالِمٌ اور ھَیِّنٌ کے معنی میں ہیں کیونکہ اللہ تعالی کے علم میں نہ کوئی شریک ہے اور نہ مقدورات اس کی قدرت کے اعتبار سے مختلف ہیں کہ بعض ہلکے اور بعض زیادہ ہلکے ہوں)

(۷)......اضافت کی ایک چوتھی قسم بھی ہے اضافت بمعنی کاف جسے اضافت تشبیہیہ بھی کہہ سکتے ہیں یعنی وہ اضافت جس میں مضاف مشبہ بہ اور مضاف الیہ مشبہ ہو: أَمْطَرَتْ لُؤْلُؤَ الدَّمْعِ عَلٰی وَرْدِ الْخَدِّ، جَرٰی ذَھَبُ الْأَصِیْلِ عَلٰی لُجَیْنِ الْمَاءِ. ان مثالوں میں مضاف (لؤلؤ، ورد، ذھب، لجین) مشبہ بہ اور

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

مضاف الیہ(الدمع، الخد، الأصیل، الماء)مشبہ ہیں۔

(۸)......لہٰذا اس صورت میں اگر مضاف کو معرفہ لانا مقصود ہو تو اس پر الف لام لے آتے ہیں۔

فائدہ:

بعض اوقات مضاف، مضاف الیہ سے تذکیر یا تانیث بھی حاصل کرتا ہے: يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ، شَمْسُ الْعَقْلِ يَنْكَسِفُ بِطَوْعِ الْهَوٰى.

قال الشاعر:

أَمُرُّ عَلَى الدِّيَارِ دِيَارِ لَيْلٰى ☆ أُقَبِّلُ ذَا الْجِدَارَ وَذَا الْجِدَارَ

وَمَا حُبُّ الدِّيَارِ شَغَفْنَ قَلْبِيْ ☆ وَلٰكِنْ حُبُّ مَنْ سَكَنَ الدِّيَارَ

(میں دیارِ لیلیٰ پر گذرتا ہوں تو کبھی اِس دیوار کو چومتا ہوں اور کبھی اُس دیوار کو، اِن گھروں کی محبت نے میرے دل میں گھر نہیں کیا بلکہ ان میں رہنے والے کی محبت نے)

لیکن اس کے لیے ضروری یہ ہے کہ مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کی جگہ رکھنا درست ہو ورنہ خود مضاف ہی کی تذکیر یا تانیث کی رعایت لازم ہوگی: جَاءَ غُلَامُ فَاطِمَةَ، سَافَرَتْ أَمَةُ زَيْدٍ. (یہاں جَاءَ تْ غُلَامُ فَاطِمَةَ یاسَافَرَ أَمَةُ زَيْدٍ نہیں کہہ سکتے کیونکہ مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام بنانا درست نہیں لفساد المعنی)

(۹)......خیال رہے کہ دَرٰی، أَلْفَى (بمعنی عَلِمَ)، تَعَلَّمْ (بمعنی اِعْلَمْ) جَعَلَ، عَدَّ، حَجَا (بمعنی ظَنَّ)، هَبْ (بمعنی ظُنَّ) افعالِ قلوب سے مُلحق ہیں: وَجَعَلُوا

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

الْمَلٰٓئِکَةَ الَّذِیْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا، تَعَلَّمُوْا أَنَّ رَبَّکُمْ لَیْسَ بِأَعْوَرَ، أَلْفَیْتُ قَوْلَکَ صَوَابًا.

قال الشاعر:

فَقُلْتُ أَجِرْنِي أَبَا خَالِدٍ ☆ وَإِلَّا فَهَبْنِي امْرَءًا هَالِکًا

(میں نے کہا اے ابوخالد! مجھے پناہ دے ورنہ سمجھ لے کہ میں ہلاک ہوگیا)

تنبیہ:

افعالِ قلوب کے دونوں یا کسی ایک مفعول کو اقتصارًا (بلاقرینہ) حذف کر دینا جائز نہیں اختصارًا (مع قرینہ) حذف کرنا جائز ہے: اَیْنَ شُرَکَآؤُکُمُ الَّذِیْنَ کُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ یعنی تَزْعُمُوْنَهُمْ شُرَکَائِيْ، مَنْ یَسْمَعْ یَخَلْ یعنی یَخَلْ مَا یَسْمَعُهُ حَقًّا، اِسی طرح اگر کوئی پوچھے: هَلْ تَظُنُّ أَحَدًا مُسَافِرًا؟ اور جواب میں کہا جائے: أَظُنُّ خَالِدًا یعنی أَظُنُّ خَالِدًا مُسَافِرًا.

فائدہ:

سات افعال اور ہیں جنہیں افعالِ تصییر یا افعالِ تحویل کہا جاتا ہے: صَیَّرَ، رَدَّ، تَرَکَ، تَخِذَ، اِتَّخَذَ، جَعَلَ اور وَهَبَ.

یہ افعال بھی افعالِ قلوب کی طرح دو ایسے مفعولوں کو نصب دیتے ہیں جو اصل میں مبتدا اور خبر ہوتے ہیں: وَدَّ کَثِیْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْکِتٰبِ لَوْ یَرُدُّوْنَکُمْ مِّنْ بَعْدِ اِیْمَانِکُمْ کُفَّارًا، وَتَرَکْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ، وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِیْمَ خَلِیْلًا، وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا، تَخِذْتُکَ صَدِیْقًا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(۱۰)......قرینہ پائے جانے کی صورت میں اس مخصوص کو حذف کردینا بھی جائز ہے: نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ، وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ. یعنی نِعْمَ الْعَبْدُ أَیُّوبُ، نِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ نَحْنُ.

فائدہ:

مخصوص کا حق یہ ہے کہ وہ فاعل کا ہم جنس ہو یعنی فاعل معنی ہو تو مخصوص بھی معنی ہو اور فاعل ذات ہو تو مخصوص بھی ذات ہو: نِعْمَ الْعَمَلُ الْاِقْتِصَادُ، بِئْسَ الرَّجُلُ الْكَافِرُ.

لہذا اگر کہیں مخصوص بظاہر فاعل کا ہم جنس نہ ہو تو وہاں عبارت بحذف مضاف ہوگی: نِعْمَ صِدْقًا الصِّدِّيْقُ یہ اصل میں نِعْمَ صِدْقًا صِدْقُ الصِّدِّيْقِ ہوگا۔ اسی طرح فرمان باری تعالیٰ: سَآءَ مَثَلَاْ الْقَوْمُ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا اس کی تقدیر یہ ہوگی: سَاءَ مَثَلًا مَثَلُ الْقَوْمِ... الخ

(۱۱)......یاد رہے کہ ثلاثی مجرد فعل بروزن فَعُلَ (بضم العین) انشاء مدح وذم میں نِعْمَ اور بِئْسَ کے ساتھ ملحق ہے: كَرُمَ الْفَتَى بَكْرٌ، لَؤُمَ الْخَائِنُ زَيْدٌ، فَهُمَ التِّلْمِيْذُ بِلَالٌ، جَهُلَ الرَّجُلُ زَهِيْرٌ.

لیکن یہ مدح یا ذم کے ساتھ ساتھ تعجب کا معنی بھی دیتا ہے لہذا یہ فعل تعجب کے ساتھ بھی ملحق ہے یہی وجہ ہے کہ اس پر بعض احکام اُس کے اور بعض احکام اِس کے جاری ہوتے ہیں مثلاً:

فَعُلَ کا فاعل نِعْمَ اور بِئْسَ کے فاعل کی طرح یا تو اسم ظاہر معرف باللام ہوگا:

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

عَقُلَ الْفَتَی عَلِيٌّ. یا ضمیر مستتر ہوگا جس کی تمیز نکرہ منصوبہ سے آئے گی: ھٰذُوَ رَجُلًا خَالِدٌ. (البتہ اس کے فاعل کا الف لام سے خالی ہونا بھی جائز ہے: خَطُبَ بَکْرٌ حالانکہ نِعْمَ اور بِئْسَ کے فاعل میں یہ جائز نہیں)

اور جس طرح أَفْعِلْ بِہٖ میں فاعل باء زائدہ کی وجہ سے لفظاً مجرور ہوتا ہے اسی طرح فَعُلَ کا فاعل بھی باء زائدہ کی وجہ سے لفظاً مجرور آسکتا ہے: شَجُعَ بِخَالِدٍ.

(۱۲)......خیال رہے کہ جو علَم الف لام کے ساتھ موضوع نہ ہو لیکن اصل میں وہ صفت یا مصدر یا ایسا اسم ہو جس کے معنیٔ جنسی سے مدح یا ذم کا قصد کیا جاتا ہے تو اس پر الف لام لانا جائز ہے: اَلْحَسَنُ، اَلْفَضلُ، اَلْأَسَدُ، اَلْکَلْبُ وغیرہ (لکنہ غیر مطرد إذ لا یصح دخول اللام علی محمّد وعليّ) اور اس طرح کے علَم سے الف لام کا جدا ہونا بھی جائز ہے۔

اور جو علَم الف لام کے ساتھ موضوع ہو: اَلثُّرَیَّا (ثور یعنی بیل کی شکل میں ستاروں کا مجموعہ) اَلدَّبَرَانُ (قمر کی اٹھائیس منازل میں سے ایک منزل کا نام یا ثریا اور جوزاء کے درمیان کا ستارہ) اَلْعَیُّوْقُ (ثریا کے پیچھے نکلنے والا ستارہ جو جوزاء سے قبل طلوع ہوتا ہے) اس سے الف لام جدا نہیں ہوسکتا کیونکہ یہ ایک ہی کلمے کے بعض حروف کی طرح ہے۔

(۱۳)......یاد رہے کہ معرفہ اور نکرہ میں فرق کرنے کے لیے مبنی پر تنوین تنکیر آسکتی ہے: صَهْ (ابھی خاموش رہ) صَهٍ (کبھی خاموش رہ) مَهْ (ابھی چھوڑ) مَهٍ (کبھی چھوڑ) اس کے علاوہ باقی تنوینات اربعہ مبنی پر نہیں آسکتیں۔ واللہ سبحانہ وتعالٰی أعلم وعلمہ جلّ مجدہ أتمّ وأحکم.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(۱۴)......یہ اس صورت میں ہے جبکہ اس کے بعد اسم ہو۔اور اگر اس کے بعد فعل ہو تو یہ واجب الاہمال ہوگا: وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ.

فائدہ:

۱۔إن مخففہ کے بعد اگر فعل ہو تو وہ افعال ناسخہ (افعال ناقصہ، افعال مقاربہ، افعال قلوب) ہی میں سے ہوگا اور غالب طور پر یہ فعل ماضی ہوگا: وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ، قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ، وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ. اور بعض اوقات فعل مضارع بھی ہوتا ہے: وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ .

۲۔أن مخففہ سے پہلے اگر فعل ہو تو وہ یقین یا ظنِ غالب پر دال ہوگا: عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ، وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ.

(۱۵)......خیال رہے کہ ''شرط وجزاء کا مضارع ہونا'' یہ خود اِن کے مجزوم ہونے کی علت نہیں ہے بلکہ اس کی علت ''کلمۂ شرط جازمہ کا ہونا'' ہے لہذا یہ دونوں اسی وقت مجزوم ہوں گے جبکہ اس کی علت بھی پائی جائے ورنہ نہیں، یہ ایسا ہی ہے جیسے کہا جائے ''غیر منصرف پر الف لام آجائے یا اسے مضاف کردیا جائے تو اس پر کسرہ آجائے گا'' ظاہر ہے کہ غیر منصرف پر ''الف لام کا آنا'' یا اس کا ''مضاف ہونا'' یہ خود اس پر کسرہ آنے کی علت نہیں ورنہ ''مَسَاجِدُكُمْ فَسِيْحَةٌ'' میں ''مَسَاجِدُ'' پر کسرہ آجانا چاہیے واذ لیس فلیس.

(۱۶)...... یہاں چار کا ذکر حصر کے لیے نہیں ہے کیونکہ ان چار صورتوں کے علاوہ بھی جزاء پر وجوبا ف آتی ہے مثلاً:

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(الف) جب جزاء فعل جامد ہو: اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّیْۤ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ.

(ب) جب جزاء منفی بذریعہ مَا ہو: فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ.

(ج) جب جزاء کے شروع میں کَأَنَّمَا ہو: اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا.

(د) جب جزاء کے شروع میں اداۃ شرط آجائے: وَ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَیْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِیَ نَفَقًا فِی الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِی السَّمَآءِ فَتَاْتِیَهُمْ بِاٰیَةٍ.

(ہ) جب جزاء کے شروع میں رُبَّ ہو: اِنْ تَجِئْ فَرُبَمَا أَجِیْئُ.

تنبیہ:

خیال رہے کہ جب اِنْ یا اِذَا کا جواب جملہ اسمیہ ہو تو اس پر فاء جزائیہ کے بجائے اِذَا فجائیہ بھی آجاتا ہے: اِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ اِذَا هُمْ یَقْنَطُوْنَ، فَاِذَاۤ اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ.

(۱۷)......خیال رہے کہ ضمیر غیبت وتکلم کی نداء بالاتفاق ناجائز ہے اور ضمیر مخاطب کی نداء کلام عرب میں شاذ اور نادر الوقوع ہے، ابن عصفور نے اسے صرف شعر میں مقصور کیا اور ابوحیان نے بالکل اِبا اختیار کیا۔

اور علی سبیل الشذوذ جب ضمیر مخاطب کو نداء دی جائے تو ضمیر رفع اور ضمیر نصب دونوں لانا جائز ہیں: یَا أَنْتَ، یَا إِیَّاکَ. یہ ضمیر مبنی بر ضمہ تقدیری اور محل نصب میں کہلائے گی جیسے یا هٰذَا.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

فائدہ:

عرب کے ہاں نداء کا ایک اسلوب ہے جس میں نداء مقصود نہیں ہوتی بلکہ صرف اختصاص مقصود ہوتا ہے: أَنَا أَفْعَلُ كَذَا أَيُّهَا الرَّجُلُ یہاں أَيُّهَا الرَّجُلُ سے کسی شخص کو نداء دینا مقصود نہیں بلکہ اپنے آپ کو خاص کرنا مقصود ہے مطلب یہ ہے کہ مردوں میں خاص طور پر میں ایسا کروں گا، اسی طرح عرب کا قول ہے: نَحْنُ نَفْعَلُ كَذَا أَيُّهَا الْقَوْمُ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا أَيَّتُهَا الْعِصَابَةُ.

(۱۸)......ان حروف جارہ میں سے تَ اور وَ صرف قسم کے لیے آتے ہیں اور ان کا فعل ہمیشہ محذوف ہوتا ہے، بَ اور لِ قسم کے علاوہ دیگر معانی کے لیے بھی آتے ہیں اور ان سے پہلے فعل قسم ذکر کرنا جائز ہے۔

(۱۹)......خیال رہے کہ جو معنی کلام کی ایک نوع کو بدل کر اسے دوسری نوع بنا دے جیسے: استفہام، قسم، تمنی، ترجی، شرط، تعجب، ضمیر شان اور لام ابتداء وغیرہ اس کے لیے صدر کلام ہے یعنی اس کا شروع کلام میں ہونا ضروری ہے۔

لہذا جب مبتدا اِن معانی میں سے کسی معنی پر مشتمل ہوگا تو اس مبتدا کی تقدیم واجب ہو جائے گی اور جب خبر ایسے کسی معنی پر مشتمل ہوگی تو اس خبر کی تقدیم واجب ہو جائے گی۔

(۲۰)......خیال رہے کہ اگر یہ لام کلمہ تثنیہ یا جمع کے صیغے میں لوٹایا جاتا ہو تو نسبت میں اسے لوٹانا واجب ہے ورنہ واجب نہیں جیسے أَبٌ کے تثنیہ أَبَوَانِ اور سَنَةٌ کی جمع سَنَوَاتٌ میں لام کلمہ لوٹایا گیا ہے لہذا نسبت میں اسے لوٹانا واجب ہے اور دَمٌ کے تثنیہ دَمَانِ اور لُغَةٌ کی جمع لُغَاتٌ میں لام نہیں لوٹایا گیا ہے لہذا

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

نسبت میں اسے لوٹانا واجب نہیں: دَمِيٌّ، لُغِيٌّ. وللإشارة إلى هذا أوردت في الكتاب مثالين مما يجب فيه ردّ اللام المحذوفة عند النسبة ومثالين مما لا يجب فيه ذلك.

(۲۱)......خیال رہے کہ تین مقامات پر جملہ بھی مفعول بہ واقع ہوتا ہے:

۱۔ وہ جملہ جو قَالَ اور اس کے مشتقات کے بعد واقع ہو جبکہ یہ نَطَقَ اور تَلَفَّظَ کے معنی میں ہوں: قَالَ الْمُعَلِّمُ فَازَ سَعِيْدٌ، يَقُوْلُ الْأَمِيْرُ اَلْمُجْتَهِدُ فَائِزٌ. (یہاں فَازَ سَعِيْدٌ اور اَلْمُجْتَهِدُ فَائِزٌ 'قَالَ اور يَقُوْلُ کا مقول اور مفعول بہ ہونے کی وجہ سے محل نصب میں ہیں)

۲۔ وہ جملہ جو افعال قلوب کے مفعول بہ اول کے بعد واقع ہو: ظَنَّ سَعِيْدٌ خَالِدًا يُسَافِرُ، حَسِبَ سَعِيْدٌ الْأَشْجَارَ أَوْرَاقُهَا تَسَاقَطُ. (یہاں يُسَافِرُ اور أَوْرَاقُهَا تَسَاقَطُ 'ظَنَّ اور حَسِبَ کا مفعول بہ ثانی ہونے کی وجہ سے محل نصب میں ہیں)

۳۔ وہ جملہ جو باب أَعْلَمَ کے مفعول بہ ثانی کے بعد واقع ہو: أَنْبَأْتُ زَيْدًا بَكْرًا وَالِدُهٗ أَدِيْبٌ. (یہاں وَالِدُهٗ أَدِيْبٌ 'أَنْبَأْتُ کا مفعول بہ ثالث ہونے کی وجہ سے محل نصب میں ہے)

فائدہ:

قَالَ سے فعل مضارع اگر ظنّ کے معنی میں ہو، ضمیر خطاب کی طرف مسند ہو اور اس سے پہلے استفہام بھی ہو تو یہ افعال قلوب کی طرح دو مفعولوں کو بھی نصب دیتا ہے: أَتَقُوْلُ خَالِدًا نَاجِحًا؟

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(۲۲)......دو متلازم چیزوں سے مراد مبتدا و خبر، فعل اور اس کا مرفوع، فعل اور اس کا منصوب، شرط و جزاء، قسم و جواب قسم، حال و ذوالحال، موصوف و صفت، موصول وصلہ، مضاف و مضاف الیہ، حرف جر اور اس کا متعلَّق، حرف تسویف و فعل، قَدْ اور فعل اور حرف نفی و منفی ہیں: زَيْدٌ أَنَا أَعْلَمُ شَاعِرٌ، جَاءَ أَظُنُّ الْغَائِبُ، كُتِبَتْ أَعْتَقِدُ الْوَظِيفَةُ، أَكْرِمْ أَسْعَدَكَ اللّٰهُ ضَيْفَكَ، فَإِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ، وَاللّٰهِ وَمَا الْقَسَمُ بِاللّٰهِ هَيِّنٌ لَيُفْلِحَنَّ الْمُؤْمِنُ، حَجَجْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ مَاشِيًا، وَإِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ، لَقِيتُ الَّذِي أَعْتَقِدُ فَازَ بِالْجَائِزَةِ، هٰذَا قَلَمُ أَظُنُّ خَالِدٍ، اِعْتَصِمْ أَصْلَحَكَ اللّٰهُ بِالتَّقْوٰى، سَوْفَ أُوْقِنُ يَنْجَحُ الْمُجْتَهِدُ، قَدْ أُوْقِنُ نَجَحَ مَنْ صَمَتَ، مَا ظَنَنْتُ أَفْلَحَ الْكَسْلَانُ.

محاورہ خواہ کسی زبان کا ہو اس سے ہمیشہ حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی مراد ہوتا ہے، اہل زبان تو اپنے محاورات کے مجازی معنی خوب سمجھتے ہیں مگر غیر زبان والے کو اس کا معنی سمجھنا دشوار ہوتا ہے، یہ معنی کبھی سیاق وسباق سے سمجھ میں آجاتا ہے اور بعض وقت سیاق وسباق بھی اس مجازی معنی کے فہم میں غیر معاون ثابت ہوتا ہے، اردو کے محاورے میں ہم کہتے ہیں: ''اس کا دل باغ باغ ہوگیا'' اس کا معنی ہم سمجھتے ہیں کہ یہ فرحت وانبساط میں مبالغہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، یعنی ''وہ بہت خوش ہوا'' اگر آپ اس کا عربی میں لفظی ترجمہ کردیں تو یہ ہوگا کہ ''اصبح قلبه حديقة حديقة'' ظاہر ہے کہ عربی کا بڑے سے بڑا ادیب بھی اس کا معنی سمجھنے سے قاصر رہے گا۔ (عربی محاورات، ص۶۴)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk www.dawateislami.net

''کچھ'' کتاب کے بارے میں

''صاحب البيت أدری بما فيه'' کے انیس حروف کی نسبت سے کتابِ ہٰذا کے متعلق انیس مدنی پھول:

(1)......کتاب ''خلاصۃ النحو'' (حصہ اول ودوم) بہتّر (72) دروس پر مشتمل ہے جن میں چار سو (400) سے زائد اصطلاحات، قواعد وفوائد اور تنبیہات ہیں اور ان اسباق کی ترتیب وترکیب میں فنی تحقیقات وتدقیقات سے صرفِ نظر کرتے ہوئے بموجب ''کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ'' مبتدی طلبہ کرام کی ذہنی سطح کی رعایت رکھی گئی ہے لہٰذا جن اسباق کا اِدراک واِفہام سہل ہے اُنہیں بالترتیب مقدم کیا گیا ہے اور ایک حد تک حل عبارت کے لیے ضروری قواعد وفوائد پر اکتفاء کیا گیا ہے اور مفاہیم کو بلا وجہ بگاڑا نہیں گیا بلکہ فہمِ مبتدی کے قریب رکھتے ہوئے ممکنہ حد تک فنی چیزوں کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے، کتاب کے شروع میں ایک مقدمہ ہے جس میں علم الاعراب کے متعلق ضروری اور مفید معلومات دی گئی ہیں تاکہ دورانِ تحصیل کارآمد ہوں۔

(2)...... اِس کتاب میں لغوی اَبحاث سے قطع نظر کرتے ہوئے صرف اصطلاحی معانی کے بیان پر اقتصار کیا گیا ہے کیونکہ شارع فی الفن کا مقصودِ اوّلیں اصطلاحاتِ فن اور اُن کے اصطلاحی مفاہیم کی معرفت حاصل کرنا ہوتا ہے نہ کہ اُن کے معانی لغویہ کی تحقیق بلکہ بسا اوقات اِن معانی کا بیان اُس کے لیے مشوش خاطر اور اُس کے ذہن پر ایک زائد بوجھ بن جاتا ہے جو حفظِ مقصود میں مخل ہوتا ہے۔

(3)......کتاب ہٰذا میں ہر اصطلاح کی تعریف کے لیے الگ سرخی قائم نہیں کی گئی بلکہ سادہ، آسان، مختصر اور ضمنی انداز میں ان کو بیان کیا گیا ہے تاکہ اس کے اخذ وحفظ میں سہولت رہے، خواہ مخواہ بات کو طول دینا قرین حکمت نہیں کہ اس سے پڑھنے والا نفسیاتی طور پر اکتاہٹ کا شکار ہو کر اسے ثقیل محسوس کرتا ہے اور یہ چیز ثمرات مطلوبہ کے حصول میں حائل ہوتی ہے۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(4)......کتاب ہذا میں مبحوث عنہا اصطلاحات نحویہ کو سرخ روشنائی سے ملون کیا گیا ہے تا کہ مصطلحات بحیثیتھا ممتاز ہو کر مرکزی نقطہ بحث متعلّم کے ذہن میں اپنا مرکزی مقام حاصل کرلے۔

(5)......بعض مفاہیم کے لیے ایک سے زائد اسماء موضوع ہوتے ہیں جنہیں مترادفات کہا جاتا ہے ایسی صورت میں اگر آدمی کو کسی مفہوم کا ایک ہی اسم معلوم ہو تو اسے خجالت کا سامنا اس وقت ہوتا ہے جبکہ اسی مفہوم کی تعبیر کسی دوسرے اسم سے کر دی جائے مثلاً ''علم النحو'' کی تعریف جاننے والے سے ''علم الاعراب'' کی تعریف پوچھی جائے تو وہ حیران ہوگا کہ یہ کیا ہوتا ہے حالانکہ اُسے اس کا مفہوم معلوم ہے! کتاب ہذا میں متعدد مقامات پر مرادف اصطلاحات بھی ذکر کی گئی ہیں تا کہ ایک حد تک وہ اس حوالے سے قلق واضطراب کا شکار نہ ہو۔

(6)......کتاب ہذا کے مشمولات معتمد کتب نحویہ سے ماخوذ ہیں اور اطمینانِ خاطر کی خاطر مآخذ ومراجع کی فہرست کتاب کے آخر میں دیدی گئی ہے، لیکن اربابِ علم وفن اور اصحاب فہم وبصیرت سے مخفی نہیں کہ امثالِ مقام میں نقل واصل کا لفظ بلفظ متحد ہونا لازم نہیں بلکہ امر واجب اللحاظ اتحاد فی المضمون والمفہوم اور عدم فساد معنی ہے۔

(7)......کتاب ہذا میں تعریفات وغیرہ کو حیثیات سے مقید نہیں کیا گیا ہے مثلاً علم نحو کی تعریف میں ہے: ''ایسے قواعد کا علم جن کے ذریعے اسم، فعل اور حرف کے آخر کے احوال اور ان کو آپس میں ملانے کا طریقہ معلوم ہو'' یہاں احوال سے مراد احوال بحیثیت اِعراب وبناء ہیں۔

عدم تقیید کی وجہ اولاً تو یہ ہے کہ امور مختلفہ بالاعتبار میں قیدِ حیثیت از خود معتبر ہوتی ہے اگرچہ اس کی تصریح نہ کی جائے **کما صرح به العلامة عبد الحكيم في حاشيته على عبد الغفور**. اور ثانیاً وہی کہ اس طرح کی قیودات مبتدی کے لیے باعثِ تشویش واضطراب بنتی ہیں جبکہ ان کے عدم ذکر میں کوئی حرج بھی نہیں كما عرفت.

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(8)......کتاب ہذا میں اس بات کا التزام رکھا گیا ہے کہ جہاں تلفظ کی غلطی کی جاتی ہے یا اِس کا احتمال ہے وہاں حرکات وسکنات لگا کر درست تلفظ کی نشاندہی کر دی جائے ورنہ طلبہ عموماً بہت سی اصطلاحات کے صحیح تلفظ سے غفلت اور لاابالی پن کا مظاہرہ کرتے ہیں لفظ اِسْم کو اِسَم، حَرْف کو حَرَف، حُروف کو حَرُوف، اَصْل کو اَصَل، اُصول کو اَصول، خَبَر کو خبْر، صِفَت کو صفْت، وَصْف کو وصَف کہہ رہے ہوتے ہیں، اس طرح کے الفاظ کو جمع کیا جائے تو ایک مستقل رسالہ یا کم از کم رُسَیلیہ تو بن ہی جائے، ابتداءً اس غلط روش کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ فارغ ہو جانے کے بعد بھی وہ اِن کلمات کا غلط تلفظ کر رہے ہوتے ہیں اور یوں اُن کا علمی وقار بھی مجروح ہوتا ہے۔

(9)......کتاب ہذا میں قواعد وفوائد نمبروار بیان کیے گئے ہیں جس کی حکمت یہ ہے کہ امور معدودہ محصورہ کا ازبر کرنا نفسیاتی طور پر سہل ہو جاتا ہے کہ اس طرح کے مقامات میں نظر اس طرف ہوتی ہے کہ ''بس اتنی چیزیں ہیں یہ یاد کر لو'' نہ اس طرف کہ کتاب کامل کے جمیع اعداد کو جوڑ کر اس کے مستحیل الحفظ ہونے کا تأثر لے۔

(10)......کتاب ہذا میں تعدد مثال و مُمثَّل لہ کی صورت میں نظر بنکتہ سہولت لف ونشر مرتب کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے تاہم کسی اور نکتہ الطف کے مدنظر اسے غیر مرتب بھی لایا گیا ہے۔ فعليک بالتدبر في كل مقام.

(11)......اسباق کی طوالت کو دیکھ کر مبتدی طالبِ علم نفسیاتی طور پر پریشان سا ہو جاتا ہے اور اس کی توجہ منتشر ہو جاتی ہے جس کا منفی اثر یہ مرتب ہوتا ہے کہ وہ سبق پڑھنے، سمجھنے اور اسے یاد کرنے میں دقت محسوس کرتا ہے اور سست ہو جاتا ہے، اِس کتاب میں بحکم حدیث ''يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا'' کوشش کی گئی ہے کہ کوئی سبق دو صفحے سے تجاوز نہ کرے تاکہ مذکورہ امور میں دشواری کا احساس نہ ہو، البتہ بعض اسباق ضرورۃً حد محدود سے متجاوز ہیں لکن القليل كالمعدوم على أن الضرورات تبيح المحظورات.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(12)......کتاب ہذا میں چونکہ اختصار، سہولت اور ضرورت ملحوظ ہے لہذا بعض اسباق میں کچھ امور کا احصاء نہیں کیا گیا ہے مثلاً خواص اسم، اوزان جمع تکسیر اور مؤنثات معنویہ وغیرہ مگر چونکہ یہ چیزیں کثیر الدور اور مفید بھی ہیں اس لیے ان کو ضمنی اسلوب کے تحت مختلف مقامات پر ڈبوں (boxes) میں بیان کر دیا گیا ہے تا کہ نفسیاتی طور پر یہ بوجھ بھی محسوس نہ ہوں اور فوائد بھی فوت نہ ہوں۔

(13)......ہر سبق کے بعد تمارین کی صورت میں تین زاویوں سے اس کی دہرائی کروائی گئی ہے جس کا مقصد درس میں مذکور قواعد وفوائد اور مفاہیم کو طلبہ کے ذہنوں میں راسخ کرنا اور اُن کے نفوس میں مضمر فنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا نیز قوائے معدومہ کو تخلیق کرنا ہے، اس مقصدِ جلیل کے لیے ایک اسلوب بدیع اختیار کیا گیا ہے اور وہ بفحوائے "اَلْاَشْیَاءُ تُعْرَفُ بِأَضْدَادِھَا" کسی چیز کے صحیح اور غلط دونوں پہلوؤں کو سامنے رکھنا ہے تا کہ معرفت صحت وفساد کا ملکہ ابتداء ہی سے ذہن مبتدی کے نہاں خانوں میں اپنی ضوءفشانیوں سے دستک دیتا رہے۔

(14)......اِس کتاب کی امثلہ وتمارین میں بجائے تذکرہ ضرب وقتلِ زید وبکر زیادہ تر جملِ علم وحکم کو ترجیح دی گئی ہے بلکہ بِحَمْدِهٖ تَعَالٰی وَکَرَمِهٖ متعدد سحائب آیات شریفہ واحادیث کریمہ کشت زار فقیر میں ممطر انوار وتجلیات، منبت محاسن ومنجیات اور قالع رذائل ومہلکات ہیں، ابتدائی کتاب میں اگر چہ اس طرح کی امثلہ وغیرہ کے اہتمام سے عموماً زیادتِ الفاظ علی المقصود کی بناء پر اخذ مطلوب میں کچھ دشواری پیدا ہو جاتی ہے لیکن کوشش کی گئی ہے کہ اس سلسلے میں آسان اور مختصر عبارات کا انتخاب کیا جائے پھر بھی اگر فوائد جلیلہ وجزیلہ کے حصول کی خاطر "کچھ" مشقت اٹھانی پڑے تو اسے گوارا کر لینا چاہیے فان ترک الخیر الکثیر لشر قلیل شر کثیر کما صرح به العلامة القاضي البیضاوي في التفسیر.

(15)......کتاب ہذا میں امثلہ وتمارین کے تراجم سے کف قلم کیا گیا ہے اولاً اس لیے کہ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

ضرورۃً ترجمہ کے لیے استاد صاحب موجود ہیں اور ثانیًا اس لیے کہ متعلّم کو صرفِ قوت کا موقع میسر ہو اور اُس میں فہمِ معنی کا تجسس پیدا ہو ورنہ اگر وہ کتاب ہی سے ترجمہ پانے کا عادی ہوگا اور یہی چیز اس کی طبیعت میں رسوخ پائے گی تو اپنی صلاحیت کو بروئے کار لائے بغیر ہر عربی عبارت کے ساتھ ترجمے کا متلاشی ہوگا اور یوں اُس کی بلا واسطہ اخذِ مفہوم کی صلاحیت متأثر ہوگی۔

(16)......اصولی طور پر علمِ تصریف کے بعد علم الاعراب پڑھنا چاہیے تاکہ اولاً مفردات، ان کی بناوٹ اور ابواب وغیرہ بنیادی اشیاء کی معرفت حاصل ہوجائے پھر ثانیًا ان کے اعرابی و بنائی احوال اور طرق ترکیب معلوم کیے جائیں، مگر چونکہ اب مدارس عربیہ میں بالعموم یہ دونوں فن (اور دیگر فنون مزید برآں) ایک ساتھ ہی پڑھائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے متعلّم امثلہ، شواہد اور تمارین وغیرہ کو کما حقہ سمجھ نہیں پاتا کیونکہ ان میں مختلف ابواب سے تعلق رکھنے والے ایسے افعال وغیرہ استعمال ہوتے ہیں جو ابھی اس نے پڑھے نہیں ہوتے، کتاب ہذا میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ امثلہ وتمارین میں کم سے کم بیس دروس تک غیر ثلاثی مجرد فعل استعمال نہ ہو تاکہ طالبِ علم ایک حد تک ملال سے محفوظ رہے۔ وشيء خير من لا شيء.

(17)......منصرف اور غیر منصرف کے بیان میں مبتدی طالب علم کو اسبابِ منعِ صرف اور ان کے شرائط میں الجھائے بغیر صرف غیر منصرف اسماء کی انواع بیان کردی گئی ہیں جنہیں ازبر کر لینے کے بعد اسے (سوائے چند جزئیات کے) غیر منصرف کی معرفت حاصل ہوجائے گی۔

(18)......بعض فنی خرابیاں طلبہ میں ابتدا سے ہی اس طرح رسوخ پا لیتی ہیں کہ جامی شریف پڑھ لینے بلکہ فارغ ہوجانے بلکہ مسندِ تدریس پر براجمان ہوجانے کے بعد بھی وہ جوں کی توں رہتی ہیں اور متعدی ہوتی ہیں مثلاً جمع مؤنث سالم کو حالتِ نصبی میں لفظاً مجرور اور تقدیراً منصوب سمجھتے ہیں حالانکہ یہ بداھۃً باطل ہے۔

اولاً: اس لیے کہ جمع مؤنث سالم اس حیثیت سے کہ وہ جمع مؤنث سالم ہے ان اسماء میں

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

سے ہے ہی نہیں جن کا اعراب کسی حالت میں تقدیری ہوتا ہے کیونکہ تقدیراً اعراب کی صرف دو وجوہ ہوتی ہیں: ۱۔تعذر ظہور اعراب اور ۲۔استثقال ظہور اعراب۔پہلی وجہ اسم مقصور اور اسم مضاف الی الیاء میں متحقق ہوتی ہے اور دوسری وجہ اسم منقوص (بحالتِ رفع وجر)، جمع مذکر سالم مضاف الی یاءِ المتکلم (بحالتِ رفع) اور ہر اس اسم میں پائی جاتی ہے جس میں محل اعراب ساقط عن التلفظ ہو۔اور پر ظاہر کہ جمع مؤنث سالم ان میں سے کسی میں بھی داخل نہیں پھر اسے ''تقدیراً منصوب'' کہنا چہ معنی دارد۔

ثانیًا: بایں وجہ کہ رفع، نصب اور جر خواہ لفظاً ہوں یا تقدیراً آثار ہیں اور رافع، ناصب اور جار بالترتیب مؤثرات ہیں اور اثر بغیر مؤثر کے نہیں پایا جاسکتا ورنہ تخلف بین الاثر والمؤثر لازم آئے گا وهو باطل. اب سوال یہ ہے کہ مثلاً ''اِشْتَرَيْتُ كُرَّاسَاتٍ'' میں ''كُرَّاسَاتٍ'' اگر لفظاً مجرور ہے تو اس کا مؤثر (جار) کہاں ہے؟

درحقیقت منشأ غلط اولاً عدم تمییز بین الجر والکسرہ ہے کہ جہاں کسرہ دیکھا جر سمجھ لیا حالانکہ ہر کسرہ جر نہیں نہ ہر جر کسرہ بلکہ ان میں نسبت عموم خصوص من وجہ ہے لاجتماعهما في مثل ''نَظَرْتُ اِلٰى الْكَعْبَةِ'' وافتراقهما في نحو ''نَظَرْتُ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ'' و''جِئْتُ أَمْسِ''.

اسی طرح غیر منصرف کو حالت جری میں لفظاً منصوب اور تقدیراً مجرور سمجھتے ہیں حالانکہ یہ بھی باطل محض ہے لعین ماذكرناه.

یونہی رفع وضمہ اور نصب وفتحہ میں عدم تفریق کی وجہ سے بہت سے مقامات پر مضموم غیر مرفوع کو مرفوع اور مفتوح غیر منصوب کو منصوب قرار دیدیتے ہیں۔

ثانیًا عدم تمییز بین الاعراب اللفظی والتقدیری کہ ان کے بارے میں تصور یہ ہوتا ہے کہ جو اعراب لکھنے یا دیکھنے میں آئے وہ لفظی اور جو ایسا نہ ہو وہ تقدیری ہے لہذا جمع مؤنث سالم میں بحالت نصب ''فتحہ'' نظر نہ آیا تو اسے تقدیراً منصوب کہہ دیا اور غیر منصرف پر بحالت جر ''کسرہ'' نہ دیکھا تو اسے تقدیراً مجرور قرار دیدیا۔

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

یونہی موصوف اور صفت کو پورا مرکب توصیفی بنا کر اور مضاف اور مضاف الیہ کو پورا مرکب اضافی بنا کر فاعل، نائب الفاعل، مفعول بہ وغیرہ بناتے ہیں حالانکہ یہ بھی تسامح پر مبنی ہے اور حقیقۃً فاسد ہے کیونکہ فاعل، نائب الفاعل اور مفعول بہ وغیرہ از قسم اسماء ہیں اور اسماء از قسم کلمہ ہیں اور مرکب کا کلمہ ہونا بداہۃً باطل ہے۔

تراکیب کی کتب معتبرہ مثلاً فوائد شافیہ وغیرہ میں اس نوعیت کی تراکیب کہیں نہیں ملتیں اور کتب عربیہ میں محشین، شارحین اور مفسرین وغیرہم جہاں جہاں ضمناً تراکیب فرماتے ہیں وہ بھی ایسی نہیں ہوتیں غرض ارباب فن کی تو وہ راہ اور ہمارے طلبہ پتا نہیں کس راہ فاہ واہ ثم اہ.

امام النحو علامہ غلام جیلانی میرٹھی رَحمَۃُ اللّٰہ نے البشیر، بشیر الکامل اور بشیر الناجیہ میں جو اِس نوعیت کی تراکیب کی ہیں وہ محض بزعم تسہیل علی المبتدی ہے اور حقیقۃً وہ خود اسے صحیح قرار نہیں دیتے اس طرح کی ترکیب میں ''البشیر'' صفحہ ۲۴۲ پر خود انہی کا عندیہ ملاحظہ فرمالیں:

''سوال: ترکیب میں یہ کہنا صحیح ہے کہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔ جواب: ہرگز صحیح نہیں اس لیے کہ مضاف مضاف الیہ کا مجموعہ مرکب ہے اور فاعل مرکب نہیں ہوتا، فاعل اسم ہوتا ہے جیسا کہ اس کی تعریف میں گذرا، اور اسم کلمہ کی قسم ہے اور کلمہ کی تعریف میں اِفراد ماخوذ ہے نظر برآں فاعل مفرد ہوگا نہ مرکب، اسی طرح مفعول بہ، مفعول مطلق، مفعول فیہ، مفعول معہ، مفعول لہ، تمیز، مستثنیٰ، حال، نائب فاعل وغیرہ معمولات جواز قبیل اسماء ہیں۔''

مزید فرماتے ہیں: ''الفوائد الشافیہ میں کافیہ کی ترکیب کا انداز بنظر حقیقت ہے اس اعتبار سے ترکیب یوں کی جائے گی: غُلَامُ مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً فاعل، زیـــد مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف الیہ، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، یہ ترکیب ان حضرات کے نزدیک ہے جو صرف مسند اور مسند الیہ کو کلام قرار دیتے ہیں باقی متعلقات کو کلام سے خارج۔ یہ حضرات ان متعلقات کا اعراب بیان فرمادیتے ہیں لیکن ان کو ملا کر جملہ قرار نہیں دیتے بلکہ مسند اور مسند الیہ کو جملہ قرار دیتے ہیں جیسے الفوائد الشافیہ کے مصنف عَلَیْہِ الرَّحْمَۃ، اور جو

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

حضرات متعلقات کو کلام میں داخل قرار دیتے ہیں وہ متعلقات کو ملا کر جملہ قرار دیتے ہیں چنانچہ ان کے نزدیک مثال مذکور میں یوں کہا جائے گا: فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔ اسی طرح غُلامُ زَیْدٍ میں صرف غُلامُ کو مفعول بہ قرار دیا جائے گا اور ضَرْبًا شَدِیْدًا میں صرف ضَرْبًا کو مفعول مطلق نوعی اور یَوْمَ الْجُمُعَةِ میں صرف یَوْمَ کو مفعول فیہ وَھَلُمَّ جَرًّا۔'' (البشیر شرح نحو میر، ص:۲۴۳)

خبر کی تعریف پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''سوال: تعریف جامع نہیں اس لیے کہ ھٰذَا غُلَامُ زَیْدٍ میں غُلَامُ زَیْدٍ اور زَیْدٌ رَجُلٌ عَالِمٌ میں رَجُلٌ عَالِمٌ خبر ہیں حالانکہ اسم نہیں کیونکہ اسم مفرد ہوتا ہے کہ قسمِ کلمہ ہے اور کلمہ میں اِفراد معتبر اور یہ دونوں مرکب ہیں، اول مرکب اضافی، دوم مرکب توصیفی۔

جواب: خبر جزء اول ہے نہ مجموعہ اور شک نہیں کہ جزء اول مفرد ہے۔'' (بشیر الناجیہ، ص:۹۸)

ہاں بعض مرکبات میں دو کلموں کو ملا کر کلمہ واحدہ بنا دیا گیا ہوتا ہے جیسے مرکب مزجی، مرکب تعدادی، اسی طرح اسم موصول کہ یہ صلے سے ملے بغیر جزء کلام نہیں بنتا تو ان کو بلا شبہ ملا کر ہی ترکیب میں لیا جائے گا کہ یہ حکماً مفرد ہیں، چنانچہ یہی امام النحو مزید فرماتے ہیں:

''سوال: تعریف پھر بھی جامع نہیں اس لیے کہ ھٰذَا خَمْسَةَ عَشَرَ میں خَمْسَةَ عَشَرَ خبر ہے حالانکہ اسم نہیں کیونکہ مرکب ہے اور مرکب اسم نہیں ہوتا، اسی طرح اَلْحَیُّ لَا جَمَادٌ میں لَا جَمَادٌ خبر ہے حالانکہ اسم نہیں کہ مرکب ہے۔

جواب: اسم عام ہے کہ حقیقۃً ہو یا حکماً اور اسم حکمی سے مراد وہ لفظ جو واحد شمار کیا جاتا ہو اور اس کی تعبیر اسم حقیقی سے کر سکیں چنانچہ خَمْسَةَ عَشَرَ شمار میں بوجہ شدتِ امتزاج لفظ واحد ہے اور اسم حقیقی سے اس کی تعبیر درست جیسے عَدَدٌ بَیْنَ أَرْبَعَةَ عَشَرَ وَسِتَّةَ عَشَرَ. اسی طرح لَا جَمَادٌ بوجہ شدتِ امتزاج لفظ واحد ہے اور اسمِ حقیقی سے اس کی تعبیر بھی درست جیسے

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

شَـيْءٌ غَيْرُ جَمَادٍ. دونوں تعبیریں ازقبیل مرکب توصیفی ہیں جس میں جزءاول خبرہے اوروہ اسم حقیقی۔ چونکہ خَمْسَةَ عَشَرَاور لَا جَمَادٌ شمار میں لفظ واحد ہے اسی واسطے معرب باعراب واحد کہ اول بتامہ مرفوع محلا اور ثانی بتامہ مرفوع لفظا بخلاف مرکب اضافی اور توصیفی کہ ان دونوں کے دونوں جزء کا اعراب علیحدہ علیحدہ ہوتا ہے۔'' (بشیرالناجیہ،ص:۹۸)

اصحاب متون وشروح وغیرہم اگر بعض اوقات ضمنی اور جزوی تراکیب میں مرکبات توصیفیہ واضافیہ کو فاعل وغیرہ قرار دیدیتے ہیں تو وہ کسی کو غلط فہمی یا خوش فہمی میں مبتلا نہ کردے کیونکہ وہ بناءعلی ظہور المراد تسامح فی العبارۃ پر محمول ہے۔

بالجملہ اس قسم کے دیگر امور بھی طالب توجہ اور محتاج اصلاح ہیں، کتاب ہذا میں کوشش کی گئی ہے کہ طلبہ حتی الامکان اس طرح کے مفاسد اور فنی خرابیوں سے بھی محفوظ رہیں۔

(19)......توضیح مسائل، تکمیل قواعد اور تکثیر فوائد کی خاطر چیدہ چیدہ مقامات پر مفید اور اہم حواشی کا اہتمام بھی کیا گیا ہے جو کتاب کے آخر میں ملحق ہیں۔ وبحمد اللّٰہ تعالی قد أودعت في الكتاب من الإشارات واللطائف ما لا يخفى على المتأمل.

اپنے رب کریم کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مولائے کریم اپنی رحمت سے ہمیں اپنے مقاصد حسنہ میں کامیابی وکامرانی نصیب فرمائے، ہمارے اعمال واقوال وافعال میں خلوص اور للّٰہیت عطافرمائے اور ہماری خستہ وشکستہ مساعی حقیرہ کو اور جنہوں نے اس سلسلے میں ہمیں اپنے بےلوث مفید مشوروں سے نوازا سب کو اپنی جناب عالی میں شرف قبولیت سے بہرہ مند فرمائے کہ اصل المقاصد تو یہی ہے یہ ہو تو سب کچھ ہے اگرچہ کچھ نہ ہو اور اگر یہی نہ ہو تو کچھ نہیں اگرچہ سب کچھ ہو۔ اللّٰهم اغفر لي ولوالدي ولأساتذتي ومشائخي وللمؤمنين والمؤمنات ولكل من له حق علي. وصل على خير خلقك محمد النبي الأمي الحبيب العالي القدر العظيم الجاه وعلى آله وصحبه أجمعين وبارك وسلم.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

بسم الله الرحمن الرحیم

طریقہ تدریس (ہدایات واہداف)

(1)......طلبہ کوابتداءً مقدمہ اور اصطلاحات یاد کروادیجیے۔درس اول میں لفظ اوراس کی اقسام وامثلہ کتاب میں پڑھانے سے قبل کتاب کی روشنی میں زبانی یا بذریعہ بورڈ سمجھا دیں اس کے بعد کتاب سے پڑھائیں۔خیال رہے کہ زبانی تقریر جس قدر کتابی الفاظ ومعانی کے قریب ہوگی اسی قدر کتاب پڑھانے اور اسے منطبق کرنے میں سہولت رہے گی، یہ مدنی پھول دیگر کتب کی تدریس میں بھی عطر بیز ثابت ہوگا۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ.

(2)......اس درس میں اقسام مرکب کا بیان محض تعارفی اور تمہیداً ہے لہٰذا اسے اسی انداز پر رکھیے ان کا تفصیلی بیان آئندہ دروس میں آئے گا۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ.

(3)......طلبہ کواس بات کا پابند کیا جائے کہ تمام تمارین اپنی کاپی یا رجسٹر پر لازمی لازمی اور لازمی طور پر حل کرکے آئیں مگر اولاً چند اسباق تک انہیں حل کرنے کا طریقہ بھی سمجھایا جائے کہ تمرین نمبر1 سے پہلا سوال اپنی کاپی پر اتاریں پھر اس کا جواب کتاب کی روشنی میں لکھیں، اسی طرح تمام سوالات حل فرمائیں۔تمرین نمبر 2 سے ہر جملہ ''غلط'' کے کالم میں اتاریں اور اسے درست کرکے ''صحیح'' کے کالم میں لکھیں۔تمرین 3 (الف) سے مفردات کو ''مفرد'' کے اور مرکبات کو ''مرکب'' کے کالم میں لکھیں۔ اور (ب) سے مرکبات ناقصہ کو ''مرکب ناقص'' اور مرکبات تامہ کو ''مرکب تام'' کے کالم میں اتاریں۔

درس ثانی سے آخر تک تمام دروس میں پہلے نمبر پر بتایا گیا اسلوب برقرار رکھیے۔اور ہر درس کی ہر تمرین کے لیے مذکورہ بالا طریقہ پر حسب مطلوب کالمز بنوا کر تمارین کروائیے اور باقاعدہ اس کی تفتیش کرتے رہیے۔

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

(4)......خیال رہے کہ سبق نمبر 12 میں اسم معرب اور اسم مبنی کی تعریف ذکر کی گئی ہے اس لیے اس میں ''اسم'' ماخوذ ہے، جبکہ سبق نمبر 3 1 میں مطلق معرب اور مبنی کی اقسام بیان کی گئی ہیں جو اسم، فعل اور حرف بلکہ جملے کو بھی شامل ہے اسی لیے ان کی تعریف میں ''لفظ'' لیا گیا ہے۔

(5)......خلاصۃ النحو میں چونکہ تقریبًا وہ تمام ہی بنیادی امور ذکر کر دیے گئے ہیں جو عبارت پڑھنے اور سمجھنے کے لیے ضروری اور ایک حد تک کافی ہیں مثلاً معارف ونکرات، مذکرات ومؤنثات، واحدات ومثنات ومجموعات، مرفوعات، منصوبات، مجرورات، معربات ومبنیات، مرکبات ناقصہ، جمل اسمیہ وفعلیہ، جمل خبریہ وانشائیہ، اقسام اعراب اسماء وافعال وغیرہ، لہٰذا امر واجب الالتزام یہ ہے کہ ہر سبق کے بعد اس کا بھرپور اجراء جاری رکھا جائے اور جوں جوں سبق آگے بڑھے اسے سلک اجراء میں نظم کیا جاتا رہے، اللہ کریم کی رحمت سے امید واثق ہے کہ اس طرح متعلّم بہت جلد اپنا گوہر مقصود پانے میں کامیاب ہو جائے گا۔

(6)......اس کے علاوہ محترم استاد صاحب اپنی صواب دید پر سبق سے متعلق جو مناسب اور بہتر کام طلبہ کو دیں فبہا بلکہ لائق صد آفرین ہے۔

(7)......موقع کی مناسبت سے طلبہ کو درج ذیل طریقوں سے ترجمہ کرنا بھی سکھائیں:

مرکب اضافی کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

(الف)......پہلے مضاف الیہ کا پھر مضاف کا ترجمہ کرتے ہیں اور درمیان میں عموماً ''کا، کی، کے، را، ری، رے'' وغیرہ لاتے ہیں: صِیَامُكُمْ (تمہارا روزہ رکھنا)، مَاءُ الْبَحْرِ (سمندر کا پانی)۔(ب)......مضاف اسم تفضیل ہو تو دونوں کے درمیان ''میں سے'' لاتے ہیں: خِيَارُكُمْ (تم میں سے بہتر)۔(ج)......صفت کا صیغہ مفعول کی طرف مضاف ہو تو درمیان

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

میں کبھی لفظ ''کو'' لاتے ہیں: ضَارِبُ بَکْرٍ (بکر کو مارنیوالا) آکِلُ خُبْزٍ (روٹی کھانے والا)، فاعل کی طرف مضاف ہو تو پہلے مضاف پھر مضاف الیہ کا ترجمہ کر کے آخر میں ''والا'' لاتے ہیں: حَسَنُ الْوَجْهِ (حسین چہرے والا)۔(د)......مضاف اسم عدد ہو تو پہلے عدد کا پھر معدود کا ترجمہ کرتے ہیں اور درمیان میں کا، کی، کے وغیرہ نہیں آتا: خَمْسَةُ مِیَاهٍ (پانچ پانی)۔

مرکب توصیفی کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

(الف)......صفت مفرد ہو تو پہلے صفت کا پھر موصوف کا ترجمہ کرتے ہیں: رَجُلٌ صَالِحٌ (نیک مرد) اس صورت میں اگر صفت کا فاعل، مفعول، ظرف یا جار مجرور وغیرہ بھی کلام میں موجود ہو تو اس کا ترجمہ صفت کے ترجمہ کے ساتھ کرتے ہیں: رَجُلٌ صَالِحٌ غُلَامُهُ (نیک غلام والا مرد) رَجُلٌ ضَارِبٌ زَیْدًا (زید کو مارنے والا مرد) رَجُلٌ جَالِسٌ فِي الْبَیْتِ (گھر میں بیٹھا مرد)۔(ب)......صفت جملہ ہو تو موصوف سے پہلے ''وہ، اس، ایسا'' وغیرہ اور صفت سے پہلے ''جو، جس نے، جس کو'' وغیرہ کا اضافہ کرتے ہیں: رَجُلٌ یَعْلَمُ الْفِقْهَ (وہ مرد جو فقہ جانتا ہے)(ج)......جب کوئی اسم مضاف اور موصوف ہو تو مضاف الیہ پھر صفت اور پھر مضاف موصوف کا ترجمہ کرتے ہیں: کِتَابُ خَالِدٍ الْمُفِیْدُ (خالد کی مفید کتاب) (د)......اسم اشارہ مشار الیہ بھی موصوف صفت ہوتے ہیں لیکن اس میں پہلے موصوف (اسم اشارہ) کا پھر صفت (مشار الیہ) کا ترجمہ کرتے ہیں: ذٰلِکَ الْکِتَابُ (وہ کتاب)(ہ)......اگر صفتیں ایک سے زائد ہوں تو آخری صفت سے پہلے ''اور'' کا اضافہ کرتے ہیں: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝۲ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ (تمام تعریفیں عالمین کے رب، رحمٰن، رحیم اور یوم جزا کے مالک اللہ کے لیے ہیں)

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

جملہ فعلیہ کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

پہلے فاعل پھر مفعول پھر متعلقات اور آخر میں فعل کا ترجمہ کرتے ہیں: ضرب زید بکرا في الدار بالعصا (زید نے بکر کو گھر میں لاٹھی سے مارا)

جملہ اسمیہ کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

پہلے، مبتدا کا پھر خبر کا ترجمہ کرتے ہیں اور آخر میں ''ہے، ہیں، ہو'' وغیرہ کا اضافہ کرتے ہیں: اَللّٰهُ رَحِيْمٌ (اللہ رحیم ہے) هُمْ عَالِمُوْنَ (وہ عالم ہیں) أَنْتَ صَادِقٌ (تم سچے ہو) أَنَا مُسْلِمٌ (میں مسلمان ہوں)۔

جار مجرور کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

(الف)...... پہلے جار مجرور کا ترجمہ کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی اس کے متعلَّق کا ترجمہ کرتے ہیں: ضَرَبَ زَيْدٌ بِالْعَصَا (زید نے لاٹھی سے مارا)

(ب)...... جار مجرور جن افعال واسماء عامہ (ثابت، موجود، کائن، ثبت وغیرہ) کے متعلّق ہوتے ہیں ان کا ترجمہ نہیں کیا جاتا: زَيْدٌ فِي الدَّارِ (زید گھر میں ہے)۔

اسم موصول اور صلہ کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

اسم موصول کا ترجمہ ''وہ، اسے، ایسا'' وغیرہ کرتے ہیں اور صلہ کے ساتھ ''جو، جس نے، جس کو'' وغیرہ لا کر اسے جملہ کے شروع یا آخر میں لاتے ہیں: الَّذِيْ ضَرَبَ عَالِمٌ (جس نے مارا وہ عالم ہے) هٰذَا الَّذِيْ جَاءَ (یہ وہ ہے جو آیا) اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ (کیا تم نے اسے دیکھا جو دین کو جھٹلاتا ہے)

اَنّ اور اَنْ کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

ان کا ترجمہ ''کہ'' ہے مگر کبھی محاورۃً اس سے پہلے ''یہ ہے، یہ بات، یہ خبر'' وغیرہ کا اضافہ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

کردیتے ہیں: عَلِمْتُ أَنَّ زَيْدًا عَالِمٌ (میں نے جان لیا کہ زید عالم ہے) اَلْعَجَبُ اَنَّ الْجَرْحَ شَدِيْدٌ (تعجب یہ ہے کہ زخم شدید ہے) یا ان کو مابعد کے ساتھ ملا کر مصدری ترجمہ کرتے ہیں: اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ (تمہارا روزہ رکھنا تمہارے لیے بہتر ہے)۔

مفعول مطلق کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

مفعول مطلق جس غرض کے لیے استعمال ہوگا اس کے مطابق ترجمہ کیا جائے گا مصدری ترجمہ نہیں ہوگا: ضَرَبْتُ ضَرْبًا (میں نے ضرور مارا) جَلَسْتُ جَلْسَةً (میں ایک مرتبہ بیٹھا) جَلَسْتُ جِلْسَةَ الْقَارِيِ (میں قاری کی طرح بیٹھا)۔

حال کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

حال کا ترجمہ ''ہوکر، اس حال میں کہ، کرتے ہوئے، ہوتے ہوئے'' وغیرہ کرتے ہیں: اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا (تم سجدہ کرتے ہوئے دروازے میں داخل ہوجاؤ)۔

تاکید کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

پہلے مؤکد کا پھر تاکید کا ترجمہ ''تمام، سب، خوب، خود'' وغیرہ کرتے ہیں: كَلَّمَنِي الْوَزِيْرُ نَفْسُهٗ (وزیر نے خود مجھ سے بات کی)۔

تمییز کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

(الف)...... تمییز نسبت ہو تو کبھی اس کے بعد ''سے'' لاتے ہیں: اِمْتَلَأَ الْاِنَاءُ مَاءً (برتن پانی سے بھر گیا) اور کبھی تمییز کو موقع کے مناسب فاعل یا مفعول یا مبتدا کا مضاف تصور کر کے ترجمہ کیا جاتا ہے: حَسُنَ زَيْدٌ وَجْهًا (زید کا چہرہ خوبصورت ہے) فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا (ہم نے زمین میں چشمے پھاڑے) أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا (میرا مال تجھ سے زیادہ ہے)۔

(ب)...... تمییز مفرد ہو تو پہلے ممیّز کا پھر بلا اضافہ تمییز کا ترجمہ کیا جاتا ہے: مَنَوَانِ

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

سَمْنًا (دومن گھی)۔

بدل کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

(الف)......بدل کل ہوتو کبھی دونوں کا ترجمہ بالترتیب کر دیا جاتا ہے اور کبھی ان کے درمیان ''یعنی'' بھی لایا جاتا ہے: جَاءَ أَخُوكَ زَيْدٌ (تیرا بھائی زید آیا) زُرْتُ عَالِمًا أُسْتَاذَكَ (میں نے ایک عالم یعنی تمہارے استاد سے ملاقات کی)

(ب)......بدل بعض یا بدل اشتمال ہو تو مبدل منہ کو ضمیر کی جگہ پر تصور کر کے ترجمہ کرتے ہیں: حَفِظْتُ الْقُرْآنَ رُبُعَهُ (میں نے قرآن کا چوتھائی حصہ حفظ کیا) اَعْجَبَنِي الرَّجُلُ عِلْمُهُ (مجھے آدمی کے علم نے تعجب میں ڈالا)

(ج)......بدل غلط میں مبدل منہ کا ترجمہ کر کے سکتہ کرتے ہیں اور پھر بدل کا ترجمہ کرتے ہیں: اَكَلْتُ التُفَّاحَ اَلرُّمَّانَ (میں نے سیب... انار کھایا)

مستثنیٰ کا ترجمہ کرنے کا طریقہ:

مستثنیٰ سے پہلے ''صرف، سوائے، علاوہ'' وغیرہ کا اضافہ کرتے ہیں: مَا رَأَيْتُ اِلَّا زَيْدًا (میں نے صرف زید کو دیکھا) سَجَدَ الْمَلٰئِكَةُ اِلَّا اِبْلِيْسَ (سوائے ابلیس کے تمام فرشتوں نے سجدہ کیا) جَاءَ الْقَوْمُ لَيْسَ زَيْدًا (زید کے علاوہ ساری قوم آئی)۔

تنبیہ:

مذکورہ بالا تمام طرق تراجم تقریبی ہیں جن سے ایک حد تک استفادہ کیا جاسکتا ہے، تمام درجات میں بالعموم اور درجہ اولی میں بالخصوص صیغہ، اعراب، وجہ اعراب اور ترجمہ وغیرہ سکھانے کے خاص اہتمام کی حاجت ہوتی ہے لہذا کسی حال میں ان امور سے صرف نظر نہ کیا جائے۔ وباللہ التوفیق.

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

مصادر ومراجع

شمار	کتاب کا نام	مصنف/مؤلف	مطبوعہ
1	مفصل	محمود بن عمر زمخشری، متوفی ۵۳۸ھ	دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۲۲ھ
2	کافیہ	جمال الدین عثمان بن عمر، متوفی ۶۴۶ھ	مکتبۃ المدینہ کراچی ۱۴۳۴ھ
3	ہدایۃ النحو	سراج الدین عثمان، متوفی ۷۵۸ھ	مکتبۃ المدینہ کراچی ۱۴۳۳ھ
4	شرح مفصل	قاسم بن حسین خوارزمی، متوفی ۶۱۷ھ	مکتبۃ العبیکان، ریاض، ۱۴۲۱ھ
5	شرح مفصل	یعیش بن علی موصلی، متوفی ۶۴۳ھ	دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۲۲ھ
6	شرح رضی	محمد بن حسن الاستراباذی، متوفی ۶۸۶ھ	باب المدینہ کراچی
7	شرح شذور الذہب	عبد اللّٰہ بن ہشام انصاری، متوفی ۷۶۱ھ	باب المدینہ کراچی
8	قطر الندی وبل الصدی	عبد اللّٰہ بن ہشام انصاری، متوفی ۷۶۱ھ	دار المنار
9	شرح قطر الندی	عبد اللّٰہ بن ہشام انصاری، متوفی ۷۶۱ھ	دار المنار
10	شرح ابن عقیل	عبد اللّٰہ بن عبد الرحمٰن قرشی، متوفی ۷۶۹ھ	باب المدینہ کراچی
11	غایۃ التحقیق	صفی الدین بن نصیر الدین، متوفی ۸۹۰ھ	کوئٹہ
12	شرح جامی مع الفرح النامی	علامہ عبد الرحمٰن جامی، متوفی ۸۹۸ھ	مکتبۃ المدینہ ۱۴۳۵ھ
13	شرح مائۃ عامل مع الفرح الکامل	علامہ عبد الرحمٰن جامی، متوفی ۸۹۸ھ	مکتبۃ المدینہ ۱۴۳۳ھ
14	العقد النامی	محمد رحمی بن عبد اللّٰہ حنفی، متوفی ۱۳۲۷ھ	مکتبۃ الامام ابی حنیفۃ، کوئٹہ
15	درایۃ النحو	----------------	باب المدینہ کراچی
16	نحو میر (مترجم)	سید شریف جرجانی، متوفی ۸۱۶ھ	مکتبۃ المدینہ ۱۴۲۹ھ
17	التحفۃ السنیہ	محمد محی الدین عبد الحمید، متوفی ۱۳۹۳ھ	مکتبۃ دار الفجر ۲۰۰۲ء
18	بشیر الکامل	علامہ غلام جیلانی، متوفی ۱۳۹۸ھ	سکندر علی بہادر علی تاجران کتب کراچی
19	البشیر شرح نحو میر	علامہ غلام جیلانی، متوفی ۱۳۹۸ھ	ادارہ ضیاء السنہ
20	بشیر الناجیہ شرح کافیہ	علامہ غلام جیلانی، متوفی ۱۳۹۸ھ	محمد علی کارخانہ اسلامی کتب، کراچی
21	مذکرات النحو والصرف	الدکتور احمد ہاشم وغیرہ	دار المنار
22	بدایۃ النحو	مفتی محمد افضل حسین مونگیری، متوفی ۱۴۰۲ھ	----------
23	دراسۃ النحو	مفتی محمد افضل حسین مونگیری، متوفی ۱۴۰۲ھ	----------
24	تبصیر شرح نحو میر	سردار احمد حسن سعیدی	مکتبہ احمد رضا
25	رد المحتار	علامہ محمد امین شامی، متوفی ۱۲۵۲ھ	دار المعرفۃ، ۱۴۲۰ھ
26	جامع الدروس العربیہ	شیخ مصطفی الغلایینی	المکتبۃ العصریہ، بیروت ۱۴۱۴ھ
27	الواضح فی القواعد والاعراب	محمد زرقان الفرخ	قزازین، دمشق
28	حاشیہ خضری علی شرح ابن عقیل	شیخ محمد الخضری الشافعی	دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۱۹ھ
29	صلات الافعال	مولانا رضوان احمد نوری	انوار الاسلام

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk



DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk



DarseNizami.MadinaAcademy.Pk
www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

DarseNizami.MadinaAcademy.Pk



www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نیک نمازی بننے کیلئے

ہر جُمعرات بعد نمازِ مغرب آپ کے یہاں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کیلئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمائیے ۞ سنّتوں کی تربیت کے لئے مَدَنی قافلے میں عاشقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ تین دن سفر اور ۞ روزانہ ''فکرِ مدینہ'' کے ذریعے مَدَنی اِنعامات کا رسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذِمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے۔

میرا مَدَنی مقصد: ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔'' اِنْ شَآءَاللّٰہ عزوجل۔ اپنی اصلاح کے لیے ''مَدَنی اِنعامات'' پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے ''مَدَنی قافلوں'' میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عزوجل

ISBN 978-969-631-787-6
0126232
MC 1286

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net

www.dawateislami.net
DarseNizami.MadinaAcademy.Pk